سیر المصنفین

(جلد اوّل)

از

محمد یحییٰ تنہابی۔ اے (علیگ)

بار اوّل

(بجملہ حقوق بحق مصنف محفوظ)

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	دیباچہ	۲
۲	تمہید	۷
	اُردو ہندوستان کی مشترکہ زبان ہے	〃
	رسم الخط	۲۲
	نثر بیجر	۲۵
۳	اُردو کی پیدائش	۳۵
	نثر مرزا رفیع	۴۴
۴	اُردو کا عالمِ طفولیت	۴۶
۵	پہلا دور	۴۹
۶	میر محمد عطا حسین خاں تحسین	۵۱
۷	ڈاکٹر جان گلکرائسٹ	〃
۸	سید حیدر بخش حیدری	۵۴
	نمونہ آرائشِ محفل (پہلا قصہ)	۵۶
۹	میر غلام علی لطف	۶۰
	انتخاب از گلشنِ ہند	۶۲
	آتشفتہ	〃
	حسن	۶۴
۱۰	میر بہادر علی حسینی	۷۰
۱۱	میر امن دہلوی	۷۱
	سید دوسرے دربار میں کی	۷۴
۱۲	مولوی شیخ حفیظ الدین احمد	۷۹
۱۳	میر شیر علی افسوس	〃
	انتخاب از ترجمۂ گلستاں	۸۱
	پہلا دیباچہ	۸۲
۱۴	سید انشاء اللہ خاں انشا	۸۷
	تصانیف	۸۹
	مختلف زبانیں جانتے تھے	۹۰
	لطائف	۹۸
	انجام اچھا نہ ہوا	۹۹
۱۵	مولوی شاہ رفیع الدین	۱۰۴
۱۶	مولوی شاہ عبدالقادر	۱۰۶
	مولوی نذیر احمد کی رائے ترجمۃ القرآن پر	۱۰۷
۱۷	مولوی اسمٰعیل دہلوی	۱۱۰
	انتخاب از تقویۃ الایمان	۱۱۲
۱۸	نہال چند لاہوری	۱۱۷

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
	نمونہ از مذہب عشق	۱۱۸
۱۹	میرزا کاظم علی جوان	۱۱۹
۲۰	سری للولال کوی	۱۲۰
۲۱	مولوی اکرام علی	۱۲۱
	نمونہ از اخوان الصفا	۱۲۲
۲۲	مظہر علی ولا	۱۳۳
	نمونہ از بیتال پچیسی	۱۳۴
۲۳	مولوی امانت اللہ	۱۳۵
۲۴	منشی بینی نرائن	۱۳۶
۲۵	میرزا جان تپش	″
۲۶	محمد خلیل اللہ خاں اشک	″
۲۷	خاتمہ	″
۲۸	دوسرا دوقر	۱۳۸
۲۹	فقیر محمد خاں گویا	۱۴۵
	بستان بکت کا نمونہ	۱۶۰
۳۰	مرزا رجب علی بیگ سرور	۱۶۹
	طوطا خریدنا جانا خانم کا	۱۷۱
	گلزار سرور	۱۷۰
	نمونہ از شمشیر خانی	۱۵۴
۳۱	مرزا اسد اللہ خاں غالب	۱۵۵

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
	تقریظ لکھنے کا ڈھنگ	۱۷۴
	نثر اردو	۱۸۱
	تصنیفات نثر اردو	۱۸۲
	مولانا خاکی کی رائے مرزا کی طرز تحریر پر	″
	دیباچہ سراج المعرفت	۱۸۶
	مولانا نذیر احمد کی رائے مرزا کی اردو شاعری پر	۱۸۸
	اور اس کا جواب ڈاکٹر صہبائی کی طرف سے	۱۸۹
۳۲	منشی رام چند	۱۹۲
	حال اقلیدس مشہور مہندس یونانی کا	۱۹۳
	حال والمیکی جی مہاراج	۱۹۵
۳۳	مولانا غلام امام شہید	۱۹۰
	رقعہ تہنیت و تعزیت آمیز	۱۹۸
	تاج گنج کے روضہ کی تعریف	۱۹۹
۳۴	خان بہادر منشی غلام غوث بیخبر	۲۰۴
۳۵	منشی عبد الکریم	۲۱۴
۳۶	منشی امیر احمد مینائی	۲۱۶
۳۷	خاتمہ	۲۲۳

سیر المصنفین (جلد اوّل)

جس میں

شعرانِ اُردو کے حالات زندگی اور اُردو زبان کی عہد بعہد کی ترقی و تبدیلی

کا ذکر کیا گیا ہے

از

جناب مولوی محمد یحییٰ صاحب تنہا بی۔ اے (علیگ)

مترجم شاعرانہ خیالات و تاریخ مغربی یورپ

جس کو

مینیجر دارالاشاعت غازی آباد

نے

محبوب المطابع دہلی میں چھپوا کر شایع کیا

بار اوّل ۱۹۲۴ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

OF HYDERABAD

دیباچہ

آج سے دس برس قبل بھی شاگرد ہونے کے زمانہ میں جب کہ میں علوم مشرقیہ کی تحصیل میں مصروف تھا یہ خیال پیدا ہوا کہ آبِ حیات کے مانند ایک جامع تاریخ نظم اردو کی مبسوط کتاب ہے نثر اردو کی تاریخ بھی ہو جائے۔ یا بالفاظ دیگر شاعران پاکمال کا تذکرہ تحریر کیا جائے۔ چنانچہ مصنفین اردو کے [illegible] گو کہ [illegible] مشغول ہوئی۔ لیکن اُسی زمانہ کے قریب قریب [illegible] چھڑ گئی اور سب لوگوں کی توجہ لڑائی کی خبروں کی طرف منعطف ہو گئی کسی چیز کی جانب نہ وہ التفات رہا اور نہ وہ سرگرمی۔ بلکہ شب و روز جنگی خبروں کے معلوم کرنے میں وہ انہماک ہو گیا کہ تصنیف و تالیف سے بھی مطلق دلچسپی نہ رہی۔ یہ حال نہ صرف میرا تھا بلکہ گرد و پیش کے سب لوگوں کو اسی مرض میں مبتلا دیکھا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ دنوں تک اس قسم کی تصنیف کا خیال رہا اور پھر ایسا فراموش ہو گیا کہ ۱۹۲۳ء تک بھولکر بھی یاد نہ آیا۔ آخر کار جون ۱۹۲۳ء میں پھر خیال رفتہ نے دل میں چٹکی لی اور اس مرتبہ مصمم قصد کر لیا کہ جو کچھ ہو اور جس طرح ہو اپنے پرانے خیال کو عملی جامہ پہناؤں، اگر حسب خواہش حالات بہم نہ پہنچیں یا کتابیں دستیاب نہ ہوں تو جس قدر حالات فراہم ہو سکیں اور جس قدر کتابیں مل سکیں اور اُن سے جیسی کچھ کتاب مرتب

ہو سکے پبلک کی خدمت میں پیش کر دوں۔

ظاہر ہے کہ ایسی کتاب کے لیے ایک بڑے کتب خانہ کی ضرورت ہے غازی آباد جیسے مقام میں وہ کہاں؟ تاہم دلی کی قربت نے میری مشکل کو کسی قدر آسان کر دیا اور مجھے بہت سا مواد وہاں سے مل گیا۔ پھر بھی دل کی آرزو دل میں ہی رہی یعنی جن جن کتابوں کے دیکھنے کو جی ترستا تھا وہ دستیاب نہ ہوئیں۔ ناچار جو کچھ میسر ہوا اُس پر قناعت کی گئی۔ پس کتاب موجودہ شکل میں ہدیۂ ناظرین ہے۔

خدا کا شکر ہے کہ اب اُردو جو کسمپرسی کی حالت میں تھی، اہلِ ملک کی چہیتی اور پیاری زبان ہوتی جاتی ہے۔ جسے انگریزی تعلیم یافتہ اُردو میں لکھنا یا پڑھنا خلافِ شان سمجھتے تھے اور اُردو رسائل و اخبارات پر ایک نظر ڈالنا گناہ جانتے تھے لیکن اب وہ حال نہیں رہا۔ نئی نئی کتابیں لکھنے اور پڑھنے کا شوق پیدا ہو گیا ہے اور ہم اپنی زبان کو جہاں تک ہم کر سکتے ہیں مالا مال دیکھنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ اس مقصد کو پیشِ نظر رکھکر اس کتاب میں اہلِ ملک کے سامنے اپنی زبان کی عہد بعہد کی ترقی و تبدیلی کا ایک خاکہ کھینچا گیا ہے۔ اگرچہ اس سے ضمناً تاریخ اُردو کی تکمیل بھی مقصود ہے جو ابتک نامکمل چلی آتی تھی اور کسی اہل نے ہنوز اس طرف توجہ نہ کی تھی ؎

آسماں بارِ امانت نتوانست کشید　　قرعۂ فال بنامِ منِ دیوانہ زدند

اس کتاب میں تین دور قائم کیے گئے ہیں۔ پہلا دور ۱۷۹۸ء سے ۱۸۳۶ء تک، دوسرا دور ۱۸۳۶ء سے ۱۸۵۷ء تک اور تیسرا دور ۱۸۵۷ء سے ۱۹۱۴ء تک ہے۔ چوتھا دور ۱۹۱۴ء سے شروع ہو جاتا ہے لیکن ابھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کب ختم ہوگا۔ یہ دور دورِ حاضرہ ہے اور اس دور کے مصنفین کس درجہ اور

کس پایہ کے ہونگے، زمانہ آگے چلکر بتائیگا۔ ابھی ان مصنفین کی ابتدا ہے اور خدا بہتر جانتا ہے کہ ان لوگوں کی انتہا کیسی ہوگی۔ فی الحال یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان مصنفین کے حالات سے قطع نظر کی جائے۔ اس بارے میں مولوی عبدالحق بی۔ اے سکرٹری انجمن ترقی اُردو اور مولوی عبدالرزاق مصنف البرامکہ و نظام الملک طوسی میرے ہمخیال ہیں۔ اگرچہ بعض دوستوں کا یہ بھی اصرار ہے کہ دورِ حاضرہ کے مصنفین کے حالات ضرور داخلِ کتاب ہوں، راقم کو افسوس ہے کہ وہ اس مشورہ سے فائدہ نہ اُٹھا سکا اور اُن کے حالات قلمبند کرنے سے قاصر رہا۔ نہ اس وجہ سے کہ ان کے حالات میسر نہ آسکے بلکہ اس لحاظ سے کہ موجودہ مصنفین کو اپنی تصنیفات پر تنقیدی نظر شاید ناگوارِ خاطر ہو اور اُن کے ہواخواہان و مدح خواں بے لطفی و بدمزگی پیدا کریں۔

پہلے اور دوسرے دور کے مصنفین کے حالات زندگی امتدادِ زمانہ نے ہماری دسترس سے باہر کردیے ہیں، اس لیے نہایت مختصر اور نہایت قلیل حالات درج ہوسکے جس کا بیحد افسوس ہے، تاہم امید ہے کہ اس کتاب کی اشاعت پر ہمارے ناظرین میں تحقیق و تفتیش کی تحریک پیدا ہوجائیگی اور وہ اس کمی کو دور کرنے کی سعی بلیغ فرمائیں گے۔ اور اُن کی توجہ سے کامل یقین ہے کہ ہم آئندہ نہ صرف موجودہ مصنفین کے حالاتِ زندگی بالتفصیل زیبِ قرطاس دیکھیں گے بلکہ توقع کی جاتی ہے کہ آئندہ ان دونوں دوروں کے مصنفین کی تعداد میں بھی اضافہ ہوجائیگا۔

تیسرے دور کے مصنفین کے حالات حتی الامکان جس قدر فراہم ہوسکے تحریر کیے گئے ہیں۔ چونکہ یہ سب اصحاب اب سے تیس برس پیشتر زندہ تھے اور بعضوں کے انتقال کو تو صرف دس سال ہی ہوئے ہیں اور

اُن میں حضرت "شرر" اب تک خدا کے فضل سے زندہ اور صحیح وسلامت ہیں۔ لہٰذا ان حضرات کے حالاتِ زندگی معلوم کرنا یا بہم پہنچانا دشوار نہ ہوا البتہ "سرشار" کے حالاتِ زندگی بہت دقت اور مشکل سے دستیاب ہوئے اور وہ بھی حسبِ منشا، نہ ملے۔

مجھے اس کتاب کے لکھنے میں جو مشکلات پیش آئیں اُن کو میرا دل ہی خوب جانتا ہے۔ ہم میں بعض اصحاب عنایت ایزدی سے ایسے سعید ہیں جنھوں نے اپنے باپ کے بھی حالاتِ زندگی فراہم کرنے میں دریغ کیا اور اس قدر تکلیف گوارا نہ کی کہ اپنے باپ کے سوانح تحریر فرما کر خاکسار کو روانہ کر دیتے۔ راقم کو بلطائف الحیل ٹال دیا بعض اصحاب نے دوسرے بزرگوں کے حالات جن سے وہ واقف تھے قلمبند کرنے میں کوتاہی فرمائی اور جواب لکھنا کسرِ شان سمجھا۔ ہمارے ملک میں گو علمی مذاق روز بروز زیادہ ہوتا جاتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم ابھی ایک صدی تک اس قابل نہ ہوں گے جو مہذب ممالک کے اہلِ علم کی ہمسری تو کیا اُن کی کامل تقلید ہی کر سکیں مجھکو شرم آتی ہے کہ میں اپنے ہموطن بھائیوں کی علمی عدم توجہی کی شکایت کر رہا ہوں لیکن واقعات مجبور کرتے ہیں کہ میں اس شکایت کو زبان پر لاؤں اور اُس کرم گستری اور توجہ کا شکریہ ادا کروں جو میرے عزیز ہموطنوں کے برعکس ایک شریف امریکن نے مجھ پر مبذول کی۔ وہ ہو ہذا:-

راقم نے "سٹرر ایمنسن" کی "تاریخ مغربی یورپ" کا ترجمہ اُردو میں کیا تھا لیکن کتاب مذکور کا ترجمہ قانوناً بلا اجازت اصل مصنف شائع نہیں کیا جا سکتا تھا چنانچہ صاحب موصوف کو ایک خط بغرض حصول اجازت امریکہ بھیجا اور نیز اُن کے حالاتِ زندگی اُن سے طلب کیے اور فلسفۂ تاریخ کے متعلق کتابوں کے نام اور ملنے کا پتہ دریافت کیا۔ "مسٹر رابنسن" نے نہ صرف اجازتِ اشاعت ترجمہ فراخدلی سے دی اور اپنے

حالاتِ زندگی بھیجکر مجھے شکرگزار کیا بلکہ "فلسفۂ تاریخ" پر اور نیز "تاریخ یورپ" پر چار پانچ ضخیم کتابیں اپنی تصنیف شدہ عنایت فرمائیں۔ افسوس ہے کہ تاریخ مغربی یورپ ابھی طبع نہیں ہوسکی تاہم یہ واقعہ بآوازِ بلند کہہ رہا ہے کہ ہمارے عزیز ہموطن توسیع زباں و اشاعتِ علم سے کہاں تک گریز کرتے ہیں، اور متمدن ممالک کے اہلِ علم اپنے علمی مذاق کو وسعت دینے میں کہاں تک غیر ملکیوں کی بھی امداد کرتے ہیں ؎

چراغِ مردہ کجا شمعِ آفتاب کجا
ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا

شکایت کے دوش بدوش مجھے اپنے اُن احباب کا شکریہ بھی ادا کرنا چاہیے جنہوں نے اس کتاب کی تالیف و تدوین میں میری امداد فرمائی۔ سب سے زیادہ لائقِ تحسین و تشکر شیخ محمد اسمٰعیل صاحب حمدی پانی پتی ہیں جنہوں نے تیسرے دَور کے اکثر مصنفین کے حالاتِ زندگی مطبوعہ و غیر مطبوعہ کا بہت سا مواد مجھے بہم پہنچایا۔ مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے سکرٹری انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد دکن، مولوی ظفر الملک ایڈیٹر الناظر لکھنؤ، مولوی بشیر الدین احمد صاحب دہلوی اور بابو رام دیال صاحب فنانشل سکرٹری ریاستِ جاورہ بھی میرے دلی شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے مجھے کتابیں بہم پہنچائیں یا اُن کے دستیاب ہونے کے وسائل بتائے یا ضروری مضامین نقل کرا کر روانہ کیے +

غازی آباد
۲۱ ستمبر ۲۴ء

محمد یحییٰ تنہا بی۔ اے (علیگ)

تمہید

اُردو ہندوستان کی مشترکہ زبان ہے[1]

ایک مکمل زبان کے لیے کیا کیا چیزیں ضروری ہیں؟ ذرا غور کرنے سے معلوم ہوجائیگا کہ ایسی زبان کے الفاظ میں صوری حیثیت سے حسب ذیل باتیں ہونی چاہئیں:-

(۱) اُن کا تلفظ آسان ہو (۲) اُن کے مشتقات آسانی سے بن سکیں

(۳) وہ دوسرے الفاظ کے ساتھ آسانی سے ملائے جاسکیں۔

معنوی حیثیت سے جیسا کہ "مل" نے کہا ہے، اس نظام مدلل میں دو باتیں ضروری ہیں:-

(۱) ہر اسم کرہ کے اپنی جگہ پر مستقل و متعین معنی ہونے چاہئیں۔

(۲) حسب ضرورت ہر مفہوم کے لیے ایک نام مخصوص ہو یعنی ہر خیال، ہر جذبہ ہر حالت غرض ہر چھوٹی سے چھوٹی کیفیت کے لیے جسے دماغ محسوس کرسکے ایک نام ہو

یہ صاف ظاہر ہے کہ مذکورۂ بالا شرطیں صرف ترقی یافتہ ہی زبان سے پوری ہوسکتی ہیں۔ اور زبان کی ترقی اُس قوم کی جو اُسے بولتی ہے، دماغی ترقی کے متناسب ہوتی ہے، اُن قوموں کی زبان جو تمدن کے اعلیٰ مدارج پر ہیں، بالزام اُن قوموں کی زبانوں سے زیادہ ترقی یافتہ ہوتی ہے جو تمدن کے اُس زینہ پر نہیں ہیں۔

---

[1] یہ مضمون رسالہ معارف اعظم گڑھ ۱۹۲۱ء اور رسالہ آئینہ الٰہ آباد ۱۹۲۳ء سے ماخوذ ہے۔ تمنا

مؤخرالذکر قوموں کی زبانیں قدرتاً ناقص اور کم مایہ ہوتی ہیں، اُن کا سرمایۂ الفاظ اس قدر وسیع نہیں ہوتا کہ متمدن قومیں اپنے اعلیٰ خیالات وجذبات کا اظہار اُسکے ذریعہ کرسکیں۔ غور کرو کہ دنیا کی غیر مہذب اور نیم متمدن قوموں کی زبانوں کی کم مائگی کا کیا حال ہے؟

اب دیکھو کہ اُردو زبان میں ان امور کی کیا حیثیت ہے؟ **ہندی** کی اصل کا تاریخ میں کوئی قطعی پتہ نہیں، تاہم ماہرین زبان کے اجماع عام کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہندی دراصل شمالی ہند کی متعدد ابتدائی زبانوں کا ایک مجموعی نام تھا تاکہ وہ مشرقی و مغربی پراکرت زبانوں سے متمائز رہ سکے۔ یہ ایک قابل لحاظ امر ہے کہ وہ زبان جسے آج **ہندی** کہتے ہیں وہ سنسکرت کی ایک شاخ نہیں بلکہ ہندوستان کے قدیم دیہاتی باشندوں کی زبان ہے حقیقت میں وہ سنسکرت سے بہت پہلے موجود تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ رہی اور اس کے بعد تک باقی رہی۔ "**مسٹر بیمز**" جنہوں نے ہندوستانی زبانوں کا خاص طور پر مطالعہ کیا ہے۔ کہتے ہیں:-

"سنسکرت عام لوگوں کے لیے نہ تھی۔ وہ مگدھ اور دیگر عامی زبانیں بولی جاتی تھیں جو سنسکرت سے قبل تھیں، اُس کے ساتھ ہم رہیں اور بعد تک باقی رہیں"

مشہور فرہنگ نویس **ڈاکٹر فیلن** نے اپنی لغت کے دیباچہ میں لکھا ہے:-

"یہ بالکل ممکن ہے کہ آجکل دیہاتی ہندی زبان کم و بیش تغیر و تبدل کے ساتھ موجودہ ناخواندہ باشندوں کے ناخواندہ اسلاف کی دیہاتی ہندی ہو"

لسانیاتی تجربات بتاتے ہیں کہ رفتہ رفتہ اس پراکرت یا ہندی نے

جو ملک کے باشندوں کی سب سے قدیم زبان تھی دو صورتیں اختیار کریں۔ ایک صورت ہندوستان میں متعدد آئی ہوئی زبانوں کے باہمی اختلاط سے پیدا ہوئی۔ انگریزوں کے آنے سے قبل ہندوستان میں بہت سی قومیں آئیں مثلاً "ترکی" "یونانی" "سیتھین" "عرب" "مغل" اور "افغان" یہ سب اپنے ساتھ اپنی اپنی زبانیں لائیں۔ لیکن ان میں سے کوئی زبان بھی اتنی قوت نہ رکھتی تھی کہ ملک کی مروجہ زبان کو مٹا سکتی۔ قدرتی طور پر یہ ہوا کہ باہمی اختلاط شروع ہو گیا۔ ہر ایک دوسرے سے متاثر پذیر ہونے لگی ایک زبان دوسری میں مخلوط ہوتی گئی۔ اس طرح پراکرت کی یہ صورت سنسکرت "ترکی" "یونانی" "سیتھین" "عربی" اور فارسی زبانوں کے ذریعی اثرات کو جذب کرتی رہی۔ ان میں سے ہر زبان کے محدود اثرات مرتب ہوئے تک محدود تھے جو اس قوم کے زیر اثر ہوتا تھا۔ چنانچہ اسلامی اثرات میں سب سے زیادہ نمایاں اور صحیح تھا۔ پراکرت کی یہ صورت جو بارہ بولیوں پر مشتمل ہندوستانی یا اردو کے نام سے موسوم ہے۔

پراکرت کی دوسری صورت ادبیات میں محدود رہی اور اس لیے اسے بیگانہ اثرات سے آلودہ ہونے کے بہت کم مواقع ملے۔ ہاں بدھ مت نے اس کو بہت کم قبول کیا اور تھوڑا بہت جو کچھ کیا وہ بھی سنسکرت تک محدود رہا۔ پراکرت کی یہ خالص صورت موجودہ ہندی کے نام سے پکاری جاتی ہے۔

اصل میں اردو اور ہندی دو مختلف زبانیں نہیں ہیں بلکہ ایک ہی ماں کی دو بیٹیاں ہیں اردو اپنی زندگی کی ابتدا سے ہی مختلف خارجی اثرات کے ساتھ ساتھ اپنی اصلی روایات کے لیے اور ہندی مسلمانوں کے ماحول سے اپنی غذا حاصل کرنے کے لیے جیتی رہی برعکس اس کے ہندی ان اثرات سے پاک و بے آمیز رہی۔ سچ یہ ہے کہ کوئی زبان خارجی اثرات سے بالکل پاک نہیں رہ سکتی تاہم بلا کسی تامل کے یہ کہا جا سکتا ہے کہ سنسکرت

یونانی، ایرانی، عربی، ترکی اور ہندی اثرات کی آمیزش و اختلاط سے جو بولی پیدا ہوئی اسی رفتہ رفتہ کی اردو ایک قلم ہے اور جو ہندی صرف سنسکرت کی آمیزش کے ساتھ شمالی ہند کی قدیم اور خالص زبانوں کی ایک یادگار ہے۔

صفحہ پر کوشاں ذیل زبانوں کا ذکر ہیں:-

(۱) ان میں قدیم سنسکرت سے آریں ہند ستان میں تعدد بار میں مروج تھیں جنکا عام نام پراکرت تھا۔

(۲) سنسکرت پراکرت کی وہ صورت تھی جو مختلف علاقہ ہائے ہند میں رائج تھی۔

(۳) اپبھرنش۔ مختلف پراکرتوں سے جو زبانیں بگڑ کر بنیں وہ اپبھرنش کہلاتی ہیں۔ یہ بھی مختلف علاقوں میں مختلف ہوتی تھیں۔ مختلف اپبھرنشوں سے مختلف زبانیں پیدا ہوئی تھیں۔ مثلاً مہاراشٹری اپبھرنش سے مراٹھی، شورسینی اپبھرنش سے مغربی ہندی اور مگدھی اپبھرنش سے مشرقی ہندی کی زبانیں پیدا ہوئیں۔

(۴) شمالی ہند کی اس ہندی زبان نے مختلف علاقوں میں مختلف صورتیں اختیار کیں۔ کہیں خالص اور سادہ آمیزش سے دوسری نے عربی فارسی سے خارجی اثرات کو جذب کیا اور دوسری زبان سے اختلاط قبول کیا۔

(۵) اول الذکر صورت کو محمد عوفی نے ہندی ہی قرار دیا۔ مولوی عبدالحق نے اردو کے لقب سے موسوم کیا۔

نتیجہ اب بالکل صاف ہے۔ اردو نہ تو سنسکرت سے مشتق ہے نہ عربی فارسی کا مرکب بلکہ یہ ہے مختلف آریائی اور سامی زبانوں کا عطر ہے ذریعہ تعلیم کے لیے نہایت موزوں ہے اور ملک کی دیگر زبانوں کی بہ نسبت علمی خیالات کے افہام و تفہیم کی خدمت بجا لانے کے لیے زیادہ مناسب و بہتر ہے۔

اردو زبان کا ذخیرہ بھی کثیر ہے۔ ایرانی، یونانی، فارسی، ترکی، عربی اور زمانہ

حال میں) انگریزی زبانوں کے مشتقات بے شمار ہیں جو سنسکرت اور قدیم زبان کے الفاظ سے خلط ملط ہو گئے ہیں۔ اس سے جدید مضامین کے ذخیرے میں بڑی آسانیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ جدید مغربی علوم کا اردو مصنف نہایت آسانی سے عربی و سنسکرت، فارسی و انگریزی کے وسیع ذخائر سے کام لے سکتا ہے۔ بغیر اس کے کہ کسی خاص زبان کے حسن و خوبی کے پہلو کو نظر انداز کرے۔

ہندوستانی کی بڑی خوبی اس کا عالمگیر ہونا ہے جس کا مقابلہ ہندوستان کی کوئی دوسری زبان نہیں کر سکتی۔ مرہٹی گجراتی بنگالی اور تامل اور تلگو میں بھی اجنبی معلوم ہونگی جیسی کہ فرنچ یا جرمن۔ جس کا یہ مطلب ہے کہ ہندوستانی ہی ایک ایسی زبان ہے جس کا تجربہ کیا جا سکتا ہے ہندوستان کے ہر حصہ میں اور ہر حصہ میں ہندو مسلمان کے کثیر تعداد میں بولنے والے ہیں۔ ہندی سنسکرت الفاظ کی بھرمار سے ہندوستانی کی دوسری زبانیں، عدالتی زبان جیسے بنگالی یا مراٹھی کی طرح نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ صوبہ وار زبانیں ہیں۔ ہندوستانی ہی ایک ایسی زبان ہے جو ہر صوبہ میں بولی اور سمجھی جا سکتی ہے۔ ہندوستانی زبان کا ایک لفظ جو حصہ ہندوستان کی ہر زبان میں شامل ہے۔ ایک ایسے ہندوستانی کے لئے جو ہندوستان کے کسی حصہ میں جہاں ہندوستانی عام صورت میں نہیں بولی جاتی۔ کام کرتا ہے کسی بھی زبان سے زیادہ مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

یہاں ہندوستانی زبان سے مطلب ایک ایسی یورپین شخص کے خیالات کا پیش کرنا ہے جو ہندوستان میں رہتا ہے اور ہندوستانی کی تعلیم پر توجہ دینی پڑے گی۔ جارج کیمبل مصنف انڈیا پر ریمارک کی ہے ہندوستان کی مشترک تعلیمی زبان کے بارہ میں ایک طویل مضمون لکھا ہے۔

ہندوستانی کی تعلیم کے [illegible] ہندوستان میں [illegible] اور اس سے زیادہ اہم [illegible] ہندوستان میں آنے

اور جنہوں نے اپنی تحریری زبان کو ایک حد تک فارسی رکھا، بول چال میں عام طور پر ہندوستانی ہی کو استعمال کرتے تھے۔ البتہ اُنہوں نے اس میں بیرونی الفاظ کی ایک کثیر تعداد داخل کر دی ہے جیسا کہ ہم کو بھی وقتاً فوقتاً انگریزی الفاظ کی آمیزش کرنی پڑتی ہے اور آئندہ کرنی پڑیگی"

"ان لوگوں کے لیے بھی جو ہندوستانی کو اچھی طرح نہیں سمجھتے ایک دیسی زبان کا انتخاب کر لینا جس کو ان کے گرد و پیش کے لوگ عموماً بولتے ہوں اور جس کا ایک بڑا حصہ ہندوستان کی تمام زبانوں میں شامل ہے انگریزی زبان کو کہیں زیادہ آسان ہے جو بہ نسبت اس کے کہ وہ ایک دیسی زبان سیکھیں جو بالکل ہی بیگانہ اور اجنبی ہو۔

میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ تمام اعلیٰ مدارس میں ہندوستانی ہی عام زبان قرار پائے اور زبانیں بھی جہاں تک ضرورت ہو سکھائی جائیں۔ [illegible] کسی عام تشکر کے زبان کے کرنی محال ہے۔ اگر جیسا کہ یہ تجویز ہے انگریزی کو عام زبان قرار دیا جائے تو ہندوستانی ہی جہاں تک تعلیم یافتہ طبقہ کا تعلق ہے بڑا مقصد پورا کر سکتی ہے اور ہندوستانی کے ساتھ ہی اس صوبہ میں ہندوں کی یہ خاص زبان ہے دیوناگری لکھا جا سکتا ہے۔ لیکن درحقیقت ہندوستانی تمام طبقوں میں [illegible] کے لئے کافی ہے۔ اس کے مقابلہ میں [illegible] میرے خیال میں مناسب نہ ہوگا۔"

ایک دوسرے موقع پر اسی مصنف نے لکھا ہے:-

"ہندوستانی، جیسا کہ میں نے کہا ہے ہندوستان کی مشترکہ زبان ہے۔ اس حیثیت سے تمام اعلیٰ طبقوں میں بلکہ میں یہ کہوں گا کہ تمام درمیانے طبقوں میں بھی (سپاہی، ملازم وغیرہ) تمام مسلمانوں اور ہندوستان میں بسنے والے تمام یورپینوں میں عام طور پر بولی جاتی ہے اور اس میں قبول الفاظ کی ایک ایسی عجیب خصوصیت ہے کہ میں نے کسی اور زبان میں نہیں دیکھا۔ اگر کسی لفظ کا بہ آسانی معقول ترجمہ ہندوستانی میں نہ ہو سکے تو اس کی بجائے کسی

طویل فہرست کی ضرورت نہیں۔ فوراً ہی وہ لفظ ہندوستانی میں شامل کر لیا جاتا ہے خواہ وہ فارسی، عربی، پرتگالی، یا انگریزی ہی کیوں نہ ہو۔ اس طریقہ کی سہولت اور سودمندی حیرت انگیز ہے۔ ہم ہندوستانی کو ہر ضرورت کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔"

میسو گریسن ڈی ٹسی، مشہور فرانسیسی عالم نے ۹ دسمبر ۱۸۶۹ء کو امپیریل انسٹیٹیوٹ آف اورینٹیل لنگویجز پیرس میں ہندوستانی زبان پر جو لکچر دیا تھا اس کے متعلق تاثرات ذیل میں درج کرتے ہیں:

"اردو نے ہندوستان میں وہی مرتبہ حاصل کیا ہے جو فرانسیسی زبان نے یورپ میں۔ یہ وہ زبان ہے جو بہ سرعت سلطنت کی زبان بنتی جا رہی ہے۔ یہ عدالت اور گھروں میں معمول ہے۔ اہل علم اپنی تصنیفات اور تحقیقات کے لیے اسی زبان کو اختیار کرتے ہیں۔ یورپین سے گفتگو [illegible] یہی زبان ہے۔ [illegible] ہم اس کو ہندوستانی زبان کہتے ہیں۔ [illegible] ہندوستان کی تمام [illegible] زبانوں کو [illegible] ہے۔ [illegible] اردو ہندوستان کے ہر گوشہ و کنار میں سمجھی جاتی ہے۔ [illegible] زبانیں بولی جاتی ہیں، اعلیٰ طبقہ کی معاشرت کی زبان ہے۔ یہ صرف ہندوستان کے اندر ہی محدود نہیں ہے بلکہ بیرونی اور غیر ممالک میں بھی سمجھی جاتی ہے۔ یہ اہم مشنری معلمین کی زبان ہے۔ یہ ہندوستان کی بین الاقوامی زبان ہے۔"

جے بیمز سوسائٹی انڈین فلالوجی کا حسب ذیل بیان ہندوستانی زبانوں کے عمیق مطالعہ کا نتیجہ ہے:

"میں اس کو (اردو) مختلف گروہوں کی بڑی اور وسیع زبان کی نہایت ہی ترقی یافتہ اور آسان صورت خیال کرتا ہوں۔ صرف یہی نہیں کہ یہ ایک فصیح زبان ہے اور وسیع زبان ہے

جلد اس میں وادیٔ گنگا کی بسنے والی قوموں کی زبان کی اصلی ترقی ظاہر ہو سکتی ہے (رسالہ
ٹرنگال ایشیاٹک سوسائٹی جلد ۵ سنہ ۱۸۳۶ء صفحہ ۱۰)

ایسے زمانہ میں جبکہ ہندو مسلمان متحد اور ہندوستانی قوموں کے باہمی میل جول کا نمونہ
پیدا ہو رہا ہے یہ دور کہنا بیجا ہوگا کہ اردو اسلامی حکومت کی یادگار نہیں بلکہ ہندو مسلم یکجہتی
کی علامت ہے۔ ایک طرف تو ہندی و فارسی کے درمیان اور دوسری جانب سنسکرت
و پراکرت کے مابین یہ ایک مشترک رابطہ ہے۔ ہر زبان سے الفاظ میں خاص اجزاء ضرور
لیے ہوتے ہیں۔ اسماء اور افعال بقیہ چیزیں تو لی اور ضمنی ہوتی ہیں۔ اب اگر دیکھا جائے
تو اردو کے تمام اسماء اور افعال یا تو ہندی ہیں یا فارسی اور تمام افعال سنسکرت یا پراکرت اصل سے
ہیں۔ جیسے جانا، چلنا، ہونا، مارنا، رکھنا، دینا، لینا، کھانا، پینا، بیٹھنا، اٹھنا وغیرہ۔ ایسے
الفاظ میں سے کوئی بھی نہیں نکالا جا سکتا۔ بلکہ اس کے غیر زبان کے الفاظ
مثلاً عربی میں سے ان کے مکان، حال، کاغذ، نشان، سال، دروازہ، سرکار، تنکار، چاقو
ایسے الفاظ ہیں جن کے استعمال کے بغیر جملہ کے جملہ بھی بولنا یا لکھنا ہی محال ہے۔
حقیقت یہ ہے کہ یہ تعلق و یگانگت کی وہ رسم تھی جس نے ہندو اور مسلمان دونوں کو ایک غیر ملک
کی بولی زبان میں تبدیل کر دیا اختیار کر لیا جو اصل میں ہندو مسلمان دونوں کی نہ تھی
تاریخی اور لسانی پہلو سے یہ بات اور بھی اہم ہو جاتی ہے کہ اس کا علمی تجزیہ کیا جائے وہ
دونوں کے ساتھ اس رویہ کو ظاہر کر رہی ہے۔

اگرچہ بظاہر یہ نظر آتا ہے کہ اردو اور ہندی دراصل ایک ہی بولی کے دو نام ہیں
یہ دو الگ الگ زبانیں نہیں ہیں تاہم بالتفصیل ہم اس امر کا پتہ لگا سکتے ہیں۔
دونوں کی صرف و نحو میں کوئی خاص فرق نہیں ہے۔ مسلمہ دونوں میں ایک ہیں
اختلاف کے تو صرف کچھ ایسے ہیں جن میں دونوں کی ترتیب یکساں ہے اگرچہ وہ ضمیر وغیرہ
کے استعمال میں اختلاف نہیں بلکہ ہر ایک میں الفاظ ایسے ہیں جو اردو میں بھی ہیں اور

ہندی میں بھی۔ ہندی کے حمایتی کہتے ہیں کہ عربی فارسی ملی ہوئی ہندی اُردو ہے، اُردو کے طرفداروں کا قول ہے کہ سنسکرت ملی ہوئی اُردو کو ہندی کہتے ہیں۔ ان دعووں سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ حقیقت میں اُردو اور ہندی ایک ہیں صرف نام کا اختلاف ہے۔ یورپین لوگوں کی تیز نگاہیں پہلے ہی اس راز تک پہنچ گئی تھیں، اُنھوں نے دونوں کا نام "ہندوستانی" رکھکر یہ جھگڑا چکا دیا تھا مگر نام بدلنے سے کام نہ چلا۔

اوّل یہ بتا دینا ضروری ہے کہ اُردو کے لکھنے والے سب سے پہلے شمالی ہندوستان میں برج بھاشا کا راج تھا۔ اور تلسی داس کی سب سے عمدہ کتاب "رام چرت مانس" جو دنیا میں رامائن کے نام سے مشہور ہے اسی زبان میں ہے۔ یہ کتاب اکبری عہد میں لکھی گئی تھی مگر آج بھی شاعری سے مذاق رکھنے والوں کے لئے وہ عقیدت سے پڑھتے ہیں۔ اس مقدس کتاب سے کچھ چوپائیاں سنتا ہوں اور سرزنش جانا یا نہ دکھانا ہیں سیتا جی کے باپ راجہ جنک نے عہد کیا تھا کہ میں کسی سے شکست نہ کھاؤں گا۔ وہ سیتا جی کی کمان پر چڑھا دے اس کے ساتھ اپنی بیٹی کا بیاہ رچا میں گے۔ سو یہ کیا گیا۔ دور دور سے راجہ لوگ آئے اور اپنی قسمت آزمائی کے لیے تلے مگر کوئی اس کمان کو اپنی جگہ سے سرکا بھی نہ سکا۔ یہ دیکھکر راجہ جنک نے ان سب کو خاصب کرکے کہا۔

کہو کو کاہے کو بل بھاکھو نہ بھاؤ	لابھو نہ لاگی کر جب چوڑھا نہ چڑھاؤ
کہو کسی جو یہ پن نہ جا یا	کرسی[1] کرو کی کمان چڑھائی
رہا چڑھاب تو رہا بھائی	تل بھر بھومی نہ سکیو چھڑائی
رہا چڑھاتا تو پر نا بھائی	تل بھر زمین نہ سکے بڑھائی
لکھو سکل سنسار اپکیرتی	لکھا نہ بدھی جیسے یہی ہیت[2] بدھ
جیتو آس اپنے اپنے گھر جاؤ	لکھا نہ دھنو اسے ہیت[3] یہی کاؤ

[1] کرسی جی کا دوسرا نام ہے۔ [2] ہیت یہی سیتا جی کا دوسرا نام ہے۔

دو بیٹیوں بن بھٹ بھی بھائی	تو پرن کر کر تیجو نہ ہتائی
جو جاتا میں بہادر زمین کو بھائی	تو عہد کر کے کرتا میں نہ بھنی
جنگ بچن مت سن ترناری	دیکھ جانگی[1] بھئے دکھاری
بنگ دیکھ ہاتھ سن کے مُنہ آپ	دیکھ کے بھوجی کو ہوئے تپ

یہ تھی ہماری بھاشا یا ہندی۔ مگر یہ ہے کہ جیل کے شریف ہندو ہوں یا مسلمان اس زبان سے پرہیز نہیں کرتے ہیں اور ہماری سوچ یہی ہے کہ اس زبان کو تمام ہندوستان کی زبان بنانا چاہیے۔ [illegible] ہندی [illegible] کھڑی بولی کہتے ہیں۔ ہندو ہیں کہ ہندی کا مطلب کھڑی بولی ہے۔ مگر اردو ہندی ہے۔ جیل کی ہندی کا نمونہ دیکھیے۔ اس وقت ہم [illegible] کا ایک خط نقل کرتا ہوں۔ مشکل لفظوں کے معنی ان کے سامنے بریکٹ میں لکھ دیتا ہوں۔

(۱) کانپور کے بازار میں جو دوکانیں ہیں ہے [illegible] کی کوئی خبر نہیں [illegible] پیچھے [illegible] کاشت کرتے ہیں [illegible] کانپور [illegible] ایسی ہی ایک درخواست بھیجتے ہیں۔

(۲) [illegible] کے [illegible] کرکے [illegible] پر [illegible] [illegible] [illegible]

والا ہوگا ..... اس بل میں ایک اور دوش (نقص) ہے، اور وہ یہ ہے کہ اُسکے تینوں ممبروں کو تنخواہ سرکار دیگی، سرکار سے تنخواہ پانے والے آدمی سے اُس بات کا بسواس (یقین) رکھنا کہ وہ اُس موقع پر بھی سکھوں کی بھلائی کریگا جس سمے (وقت) گورنمنٹ کے تئے (خوف) اور سکھوں کے فائدے کا پرشن (سوال) اُپستھت (پیش) ہوگا سراسر نِرمول (فضول) ہے۔ ہم سراسر دیکھتے ہیں کہ سرکار سے تنخواہ پانے یا منسٹر بننے کے بعد لوگوں کو ماٹو ریٹ (Moderate) سبھاؤں تک سے استعفا دینا پڑا ہے ..... کیسے آشا (امید) کریں کہ اتنی زبردست ہار اور اپنے دھارمک (مذہبی) ستدھانتوں (اصول) کے سامنے پرانوں (جانوں) کو بھی کچھ نہ سمجھنے والی جاتی (ذات) کے فائدے کے مقابلہ میں وے (وہ) اپنی تنخواہ تتھا (اور) سرکار کے رعب داب کی تنک (ذرا) بھی پروا نہ کرینگے "

اس پرچے میں سیتلا پرشاد ویشنوی کی ایک نظم بھی چھپی ہے۔ اس کے ابتدائی دو شعر لکھتا ہوں "

ابرو میں خم ہے آنکھ نہیں حرکت ذرا کی ہے ۔۔۔ کیا جانے موت آئی ہے کس ادا کی ہے
حب وطن کی موت ہوں میں مست ہوں ۔۔۔ حاجت مجھے نہیں شراب طہورا کی

اسی اخبار کے ۱۸ اکتوبر کے پرچے میں راجہ رام جیسوال کی ایک نظم ہے اس کے بھی دو شعر سُن لیجیے :-

بچے ستیہ کی آجکل ہو رہی ہے ۔۔۔ انہیو گ (ہار) پر جیت ہو رہی ہے
اکالی تو ڈرتے نہیں کال سے بھی ۔۔۔ گورنمنٹ کیوں بے عقل ہو رہی ہے

اب اُردو ہندی کا فرق سمجھ میں آگیا ہوگا حقیقت میں دونوں زبانیں بالکل ایک ہیں اگر کچھ فرق ہے تو یہ کہ :-

(۱) اُردو میں فارسی عربی کے لفظ زیادہ ہیں، سنسکرت لفظ کم ہیں، اور جو

ہیں بھی ان کی صورت کچھ نہ کچھ بدل گئی ہے۔ ہندی میں اس کا اُلٹا ہے۔ فارسی عربی کے لفظ کم اور سنسکرت کے زیادہ ہیں اور ان میں سے اکثر اپنی اصل شکل میں ہیں (اُن لفظوں کا ذکر نہیں جو دونوں زبانوں میں مشترک ہیں)

(۲) محاورے، کہاوتیں، بتشبیہیں وغیرہ اُردو میں زیادہ تر فارسی اور کچھ عربی سے ترجمہ ہو کر آئیں اور ہندی میں زیادہ سنسکرت سے۔

(۳) اُردو لکھنے والوں کو جب کسی خیال کے لیے بول چال کی زبان میں کوئی لفظ نہیں ملتا تو وہ فارسی یا عربی لفظ لکھ دیتے ہیں۔ ہندی لکھنے والے ایسے موقعوں پر سنسکرت لفظوں سے کام چلاتے ہیں۔

(۴) اُردو میں علمی اصطلاحیں عربی فارسی سے لیتے ہیں اور ہندی میں سنسکرت سے

(۵) اُردو میں جب عبارت کو جدت تازہ رکھنا یا اپنی قابلیت دکھانا چاہتے ہیں تو عربی لفظ فارسی ترکیبیں اور عربی فارسی کے شعر اور کہاوتیں وغیرہ نقل کرتے ہیں اور ہندی میں سنسکرت سے مدد لیتے ہیں۔

(۶) اُردو میں استعارے، بتشبیہیں، تلمیحیں وغیرہ عربی اور فارسی ادبیات سے لی گئی ہیں اور ہندی میں سنسکرت لٹریچر سے۔

(۷) اُردو شاعری میں فارسی کا عروض مستعمل ہے اور ہندی شاعری میں سنسکرت کا۔

(۸) اُردو فارسی حرفوں میں لکھی جاتی ہے اور ہندی ناگری حرفوں میں۔ یہی سب سے زیادہ کھلا ہوا فرق ہے۔

ان اختلافات کے دور کرنے کے لیے ترتیب ذیل تدبیریں پیش کی جاتی ہیں۔ اگر ان پر عمل کیا جائے تو رفتہ رفتہ ایک مدت کے بعد وہ دن بھی آ جائیگا کہ یہ دونوں زبانیں ملکر ایک ہو جائیں گی۔

(۱) جب ایک ہی بات کے لیے دو لفظ ہیں تو اُسے ترجیح دی جائے جسے زیادہ

آدمی بغیر سمجھائے ہوئے سمجھ سکتے ہوں۔ اس کا ذرا بھی خیال نہ کیا جائے کہ وہ لفظ عربی ہے یا فارسی، سنسکرت ہے یا پراکرت۔ دوسرے اگر لوگ عام طور پر کسی لفظ کا غلط تلفظ کرنے لگے ہوں تو اس کو صحیح کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ میری مراد ایسے لفظوں سے ہے جیسے کھیت، برات، بھاگن، توج، تباہ، ستار، چاند، لالٹین، اردلی، کہ اصل میں کشتیر، برپاترا، بھاگنہ (نون غنہ) بھوڈ، نرباہ، ستور نرتا کار (نون غنہ) چندرکر، لینٹرن، آرڈرلی ہیں۔ اسی طرح اگر لوگ عام طور پر کسی لفظ سے وہ معنی مراد لینے لگیں گے جس کے لیے وہ لفظ بنایا نہیں گیا تھا تو ہم کو وہی عام فہم معنی مراد لینا چاہیے۔ مثلاً ٹکرار کے معنی جھگڑا، روزگار کے معنی نوکری یا پیشہ، تعلیف کے معنی شرمندہ، غرور کے معنی گھمنڈ، لفظ کے معنی بات، اعتبار کے معنی دوا فروش، حجام کے معنی نائی ہی لینا چاہیے۔ گو کہ عربی اور فارسی میں ان لفظوں کے معنی کچھ اور ہیں۔

(۲) جو محاورے، مثلیں، کہاوتیں لوگوں کی زبانوں پر چڑھ گئی ہیں انہیں سب لوگ استعمال کریں اور ان محاوروں وغیرہ سے پرہیز کریں جن کا سمجھنے والا کوئی نہ ہو۔

(۳) نئے خیال کی نئی چیزیں دیکھنے یا نئی زبان سیکھنے سے پیدا ہوئے ہیں۔ اگر کسی خیال کے لیے ہمارے پاس لفظ نہ ہوں تو ہمیں نہ سنسکرت کی طرف دوڑنا چاہیے نہ عربی فارسی کی طرف۔ چاہیے ہندوستان کی دوسری زبانوں کو ٹٹولنا چاہیے اور جہاں کہیں ہمارے کام کا لفظ ملے اُسے لے لینا چاہیے۔ اس ذریعہ سے اُردو ہندی اور ان کی دوسری بہنوں میں میل جول بھی بڑھتا رہیگا اور ہماری زبان کو تمام ہندوستان کی زبان بننے میں زیادہ آسانی ہوگی۔ اگر ہندوستانی زبانوں کا خزانہ اس لفظ سے خالی ہو تو جس ملک سے وہ نئی چیز آئی ہے یا جس زبان نے وہ نیا خیال ہمارے دل

میں پیدا کیا ہے اُسی سے ہم لفظ بھی لے لیں۔ اب اگر ایک بات کے لیے کئی کئی لفظ آجائیں تو کچھ دن کے بعد دیکھنا چاہیے کہ کونسا لفظ سب سے زیادہ رواج پا گیا ہے اور اُس کو اختیار کر لینا چاہیے۔ ایک صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ نئی چیز ہمیں نے بنائی ہو یا وہ نیا خیال ہمارے ہی دل میں پیدا ہوا ہو۔ ایسی حالت میں ہم کو ایک نیا لفظ بھی گھڑ لینا چاہیے۔ یہ اس سے بدرجہا بہتر ہے کہ ہم عربی یا سنسکرت کا ایک نہایت مشکل لفظ ڈھونڈ نکالیں اور اُسے کسی خاص مفہوم کے لیے استعمال کرنے لگیں مگر کسی دوسری زبان سے لفظ لیتے یا نیا لفظ گھڑتے میں یہ خیال ضرور رکھنا چاہیے کہ اُس کی آواز ہماری زبان کے الفاظ سے ملتی جلتی ہوئی ہو۔ اور ضرورت ہو تو اُس کی صورت میں ایسی تبدیلی کر دیں کہ جب وہ ہمارے لفظوں کی صف میں بیٹھے تو اجنبی نہ معلوم ہو۔

(۴) اس اختلاف کو مٹانے کی وہی تدبیر ہے جو ہم نے ابھی بیان کی، ہماری غرض یہ ہے کہ نہ اُردو لکھنے والے صرف عربی و فارسی ہی سے ہمیشہ مدد لیں اور نہ ہندی لکھنے والے صرف سنسکرت ہی سے۔ نہ اُنہیں سنسکرت سے "اسپیچ" کرنا چاہیے اور نہ انہیں عربی و فارسی سے "ترک موالات"۔

(۵) جو لوگ صحیح ذوق رکھتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ مشکل لفظوں اور مشکل ترکیبوں کی بھرمار سے نہ عبارت کی شان بڑھتی ہے نہ لکھنے والے کی قابلیت ظاہر ہوتی ہے عربی فارسی یا سنسکرت کے لفظ اور فقرے لکھ دینے سے اُردو یا ہندی کی واقفیت کیسے ثابت ہوگی۔ جن لوگوں کو عربی، فارسی یا سنسکرت میں قابلیت کا دعوے ہو وہ انہی زبانوں میں اپنا زورِ قلم دکھائیں۔ بیچاری اُردو یا ہندی کو کیوں تکلیف دیتے ہیں۔ زبان کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آسان سے آسان لفظوں میں مشکل سے مشکل اور نازک سے نازک مطلب ادا کر دیا جائے۔ اب رہا اپنی زبان میں دوسری زبانوں کی کہاوتیں مثلیں اور اشعار وغیرہ نقل کرنا تو جیسی عربی ویسی فارسی، جیسی سنسکرت ویسی پراکرت بلکہ

آپ کا جی چاہے تو انگریزی و فرانسیسی، لاطینی و جرمنی، عبرانی و سُریانی، چینی و جاپانی عبارت بھی نقل کیجیے بمطلب صرف وہی سمجھیں گے جو ان زبانوں سے واقف ہیں۔ ہاں یہاں میں یہ کہوں گا کہ اُردو کے لیے عربی و فارسی اور ہندی کے لیے سنسکرت کو مخصوص کر دینا ٹھیک نہیں۔ اُردو میں سنسکرت کے قول نقل کیجیے اور ہندی میں عربی و فارسی کے۔

(۶) استعارہ، تشبیہ، تلمیح وغیرہ زبان کے زیور ہیں۔ اس طرح کا سامان جتنا زیادہ ہوگا اتنی ہی زبان میں خوبصورتی، لوچ، اختصار اور ادائے مطلب کی قابلیت بڑھ جائیگی۔ اس لیے میری رائے ہے کہ جو تشبیہیں اور استعارے وغیرہ اب تک اُردو سے مخصوص ہیں، ہندی والے بھی اپنے یہاں رواج دیں اور جو ہندی سے مخصوص ہیں وہ اُردو میں لائے جائیں۔ اس طرح دونوں زبانوں میں کچھ خوبیاں بڑھ جائینگی اور یہ اختلاف بھی رفتہ رفتہ دور ہو جائیگا۔

(۷) شعر و سخن کے متعلق اُردو اور ہندی نظموں کے مطالعہ سے ایک بات سمجھ میں آتی ہے اور وہ یہ ہے کہ اُردو میں ہندی کی وہ بحریں لانا چاہیے جن میں روانی کے ساتھ شعر موزوں ہو سکتے ہوں، اور ہندی گویوں کو اُردو کی بحروں سے یہ ہیز نہ کرنا چاہیے۔ بلکہ میرا تو خیال ہے کہ کھڑی بولی کی شاعری کے لیے اُردو کی بحریں پُرانی ہندی بحروں سے زیادہ موزوں ہیں۔ میرے اس بیان کا ثبوت یہ ہے کہ آجکل کھڑی بولی کی جو نظمیں پُرانی ہندی بحروں میں کہی گئی ہیں وہ کتنی بے مزہ اور روکھی پھیکی ہیں۔ تعقید کا عیب اُن میں قدم قدم پر موجود ہے اور روانی اور خوشنامی کو نہیں ہے۔ ہندی کے بعض شاعروں نے یہ راز سمجھ لیا ہے اور اپنی روش بدل دی ہے۔

خلاصہ اس تحریر کا یہ ہے کہ اُردو لکھو تو کوشش کرو کہ تمہارا مطلب ہندی جاننے والے بھی سمجھ سکیں اور ہندی لکھو تو وہ زبان اختیار کرو جو اُردو جاننے والوں کے لیے بھی مشکل نہ ہو۔ اُردو ہندی کے ملکر ایک ہو جانے کی سب سے بہتر تدبیر یہی ہے۔ یہ نکتہ بھی یاد رکھو کہ جو بولتے ہو وہی لکھو، کسی مصنوعی زبان کو رواج دینا فطرت سے لڑنا ہے۔

رسم الخط

(۸) حروف کا فرق جس میں سب سے بڑا فرق ہے، میں خود فارسی حروف پسند کرتا ہوں اس لیے اردو کی موجودہ تحریر پر جو اعتراض کیے گئے ہیں اُن پر ایک نظر ڈالنا چاہتا ہوں۔ ناگری حرفوں کے طرفدار فارسی تحریر میں یہ نقص نکالتے ہیں کہ اس میں ایک ہی لفظ کو کئی طرح پڑھ سکتے ہیں، بظاہر میں یہ اعتراض بہت وزنی معلوم ہوتا ہے لیکن اس کا وزن بہت گھٹ جاتا ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ حقیقت میں یہ دقت بہت کم پیش آتی ہے، اتنی کمی کہ استعداد کا معمولی درجہ کا علم بھی کہتی ہے۔ ممکن ہے کہ اگر تنہا ایک لفظ یا ایک فقرہ کہیں لکھا ہو تو اس کے پڑھنے میں کبھی غلطی ہو جائے مگر بالعموم لفظ کسی جملہ میں اور فقرہ کسی عبارت میں ہوتا ہے اور اس لفظ کے یا دو تین کے لفظ اور اس فقرہ کے آس پاس کے فقرے اس کے پڑھنے میں مدد دیتے ہیں۔ ایک بات اور بھی ہے میں ایک مثال دیکر سمجھاؤنگا۔ فرض کیجیے کہ کہیں لفظ "خط" لکھا ہوا ہے۔ اسے تین طرح پڑھ سکتے ہیں "خط" "خُط" "خِط" مگر خط اور خُط سے ہماری زبان میں کوئی لفظ نہیں ہے جو اس شکل میں لکھا جاتا ہو اس لیے ہماری زبان میں موجود ہے جہاں کہیں ہم "خط" لکھا ہوا دیکھیں گے اسے ہمارا ذہن "خِط" پڑھیں گے۔ اگر کبھی ہمارا ذہن بھٹک کر "خط" یا "خُط" کی طرف چلا جاتا ہے تو یہ خیال کہ ہماری زبان میں "خط" یا "خُط" کوئی لفظ نہیں ہے اُسے سیدھے راستے پر لگا دیتا ہے۔ اگر لفظوں پر نقطے اور اعراب لگا دیے جائیں تو لگ الگ لفظوں کے پڑھنے میں بھی کبھی غلطی نہیں ہو سکتی، اب یہ خط شکست وہ ناگری تحریر میں بھی اتنا ہی مشکل ہے جتنا فارسی تحریر میں اس کے پڑھنے کے لیے دونوں جماعتوں میں کافی مشق اور مہارت کی ضرورت ہے۔ (۱) اس کے علاوہ میرا تو خیال ہے کہ اردو کی اس تحریر کا جس پر اعراب نہ لگے ہوں ناگری سے نہیں کسی سے مقابلہ کرنا چاہیے کیونکہ کسی اس میں بے اعراب کی ناگری تحریر ہے جس طرح

عجلت کے خیال سے کیتھی میں پائی اور ماترا وغیرہ نہیں لگاتے ہیں اسی طرح اُردو میں زیر زبر پیش وغیرہ نہیں دیتے۔ اور جس طرح کیتھی کو بغیر پائی اور ماترے کے صرف قرینے سے صحیح پڑھ سکتے ہیں اسی طرح اُردو کو بغیر اعراب کے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ تعلیق کا استعمال کیتھی میں اُردو سے کہیں زیادہ ہے۔ اگر بغیر اعراب کے اُردو میں ایک لفظ پانچ طرح پر پڑھا جا سکتا ہے تو کیتھی میں دس طرح پر۔

اُردو کی تحریر پر دوسرا اعتراض یہ ہے کہ اس کا سیکھنا مشکل ہے۔ یہ سچ ہے کہ ہندی لکھنا اُردو لکھنے سے جلد آجاتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ معمولی آدمی ہندی لکھنا تین دن میں اور اُردو لکھنا ایک ہفتے میں سیکھ سکتا ہے۔ لیکن ذرا اس بات پر یوں نظر کرو کہ اگر ایک آدمی بیس برس تک ہندی حرفوں میں لکھتا رہے اور دوسرا ہندی حرفوں میں تو کون لکھنا زیادہ لکھ ڈالے گا۔ سچ تو یہ ہے کہ ابتدا میں جو چار دن کا نقصان ہوا تھا اس کے بدلے میں لکھنا نفع ہوگا۔ رہے یہ کہ اُردو میں لکھنے کا وہ ڈھنگ اختیار کیا گیا ہے جو مختصر نویسی کا ایک عملی نمونہ ہے۔ اس کی اہمیت بڑی خوبی یہ ہے کہ لکھنے میں وقت بھی کم لگتا ہے اور کاغذ بھی اور کون عقلمند ہوگا جو اس عجلت پسندی اور اقتصادی کشمکش کے زمانہ میں وقت اور کاغذ کی بچت نظر انداز کر دیگا۔ اس مقام پر مجھے یہ بھی بتا دینا چاہیے کہ آجکل کچھ لوگ اُردو رسم الخط میں ایسی اصلاحیں سوچ رہے ہیں کہ اعراب کی ضرورت ہی باقی نہ رہے یا اگر رہے تو بہت کم اور جو لکھا گیا ہے اس کے سوا کچھ اور نہ پڑھا جا سکے۔ بس وقت یہ اصلاحیں مکمل ہو جائیں گی اُس وقت شاید کسی زبان کی تحریر اُردو کی تحریر کا مقابلہ نہ کر سکے گی۔

حقیقت میں اُردو کی تحریر میں اگر کوئی دقت ہے تو یہ کہ بعض آوازوں کے لیے کئی کئی حرف استعمال کیے جاتے ہیں۔ ا + ع، ت + ط، س + ث + ص، ز + ذ + ض + ظ + ح۔ ان میں سے ہر مجموعے کے حروف اُردو میں ایک ہی آواز ظاہر کرتے ہیں (ہ) کا ذکر نہیں) ان آوازوں کے لیے ث، ح، ذ، ص، ض، ط، ظ، ع یہ آٹھ حروف

ایجاد کیے گئے ہیں وہ ہماری زبان میں موجود نہیں ہیں، اس لیے بظاہر یہ فیصلہ بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے کہ یہ حرف اُردو کے حروف تہجی سے خارج کر دیے جائیں، مگر جہاں تحریر کی آسانی انہیں نکالنا چاہتی ہے وہاں بعض وجہیں اُن کی سفارش بھی کرتی ہیں۔ اوّل تو جن لفظوں میں یہ حرف آجاتے ہیں وہ اپنی اصل کا پتہ دیتے ہیں۔ اور یہ اتنی بڑی خوبی ہے کہ کوئی علم اللسان کا ماہر اس کے مقابلے میں تحریر کی آسانی کی کچھ بھی پروا نہ کرے گا۔ اُردو کے بعض لفظوں کا املا اُن کے تلفظ کے مطابق نہیں ہے مثلاً "بالکل" "خواہش" مگر ان میں بھی یہ خوبی موجود ہے۔ انگریزی الفاظ میں بھی بعض حروف محض اصل کا پتہ دینے کے لیے قائم رکھے گئے ہیں ورنہ تلفظ کے لحاظ سے اُن حروف کی املا میں کچھ ضرورت نہ تھی دوسرے بہت سے لفظ جو تلفظ میں یکساں اور معنی میں مختلف ہیں جب لکھ دیے جاتے ہیں تو اپنے معنی آپ بتاتے ہیں۔ جیسے ثواب ۔ صواب۔ ناں ۔ نہ۔ نذیر ۔ نظیر وغیرہ یہ بھی ایسی خوبی ہے کہ نظر انداز نہیں کی جا سکتی۔

یہ بات بھی غور کرنے کے قابل ہے کہ اُردو کا موجودہ طرزِ تحریر وہ ہے جو بہت خفیف سے تغیر کے ساتھ ایشیا کے کئی ملکوں یورپ کے بعض خطوں اور افریقہ کے زیادہ حصے میں رائج ہے۔ اس لیے اگر ملک کی مشترکہ زبان کے لیے ہم اسی کو اختیار کریں تو جہاں اُردو زبان ہندوستان کی مختلف قوموں کو ایک رشتہ میں باندھ سکتی ہے وہاں اُردو کی تحریر بھی مختلف ملکوں سے اتحاد پیدا کرنے کا ایک ذریعہ بن سکتی ہے۔ یہ ایسی صفت ہے جو ہندوستانی زبانوں میں اُردو کے سوا کسی کو نصیب نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ اتحاد ہی نے اُردو کا بیج بویا اتحاد ہی نے اسے سینچا، اتحاد ہی کی ہوا میں یہ پودا پھیلا، پھولا، پھلا اور ایک چھتنار درخت ہو گیا۔ اس کے سائے میں اتحاد کی کیفیت ہے۔ اس کی ہوا میں اتحاد کا اثر ہے، اور اب بھی اُسے سرسبز رکھنے کے لیے اتحاد ہی کی آبیاری کی ضرورت ہے۔

رسم الخط پر اب ہم محققانہ نظر ڈالتے ہیں کیونکہ اب تک جو کچھ لکھا گیا تھا وہ سطحی

طور پر جو خیالات ذہن میں آگئے تھے تحریر کر دیے گئے تھے۔ لیکن عالم علم اللسان اس مضمون کو کس نظر سے دیکھے گا وہ بھی ہم ذیل میں درج کرتے ہیں اور بعض جگہ اگر ہم اپنے کسی خیال کا دیگر الفاظ میں اعادہ کر دیں تو قابل معافی تصور کیے جائیں۔

کسی رسم خط کے محاسن و معائب دو طریقے سے پرکھے جا سکتے ہیں:

(۱) بلحاظ خواندگی۔ (۲) بلحاظ کتابت

ہم ان دونوں پہلوؤں پر علیحدہ علیحدہ غور کرتے ہیں۔

ماہرین لسانیات (فلالوجسٹ) کا گروہ کا اتفاق ہے کہ ہر مکمل نظام تہجی میں (۱) ہر علیحدہ مفرد آواز کو ادا کرنے کے لیے ایک علیحدہ مستقل حرف (یا کثر) ہونا چاہیے اور مفرد اصوات کے علاوہ اور کسی آواز کو علیحدہ مستقل حرف سے نہ ادا ہونا چاہیے۔ (۲) جو اصوات مفردہ اصلاً ایک ہوں، ان کے طول و اختصار، بستی و بلندی و دیگر تغیرات حالت کے ادا کرنے کے لیے مستقل حروف نہیں ہونے چاہئیں مختلف حرکات یا اعراب ہونے چاہئیں۔

ہر ابجد یا نظام تہجی کے تمام حروف ان آوازوں کے جو بولنے میں پیدا ہوتی ہیں مرئی نشانات ہوتے ہیں۔ یہ حروف تحریری زبان سے متعلق ہوتے ہیں، اور آوازیں تقریری زبان سے۔ حروف ہجائیہ کی خاص غرض یہ ہوتی ہے کہ تقریری زبان کو آنکھوں کے سامنے موزوں علامات کے ذریعہ سے لے آئیں۔ اس لیے حروف ہجائیہ کی خوبیوں کا معیار صرف یہ ہے کہ وہ کس صحت و احتیاط کے ساتھ اصوات کی ترجمانی و نمایندگی کرتے ہیں۔ غیر ضروری حروف کی افراط اور مرکب حروف علت یا مرکب و مرکب حروف کا صحیح ہونا کسی ابجد کے حسن و خوبی کی دلیل نہیں ہو سکتی بلکہ اس کے قبح و نقص کے شواہد ہے۔

اس معیار پر پرکھنے کے بعد اردو نظام تہجی اپنے حریفوں سے نہایت آسانی سے بازی لیجاتا ہے۔ اس میں تمام بڑی چھوٹی، مفرد آوازوں کو ادا کرنے کے لیے مفرد حروف علت و مفرد حروف صحیحہ کی صورت میں حروف و نشانات موجود ہیں۔ لیکن ساتھ ہی

ساتھ مرکب حرف علت اور مرکب حروف صحیح کی آوازوں کے ظاہر کرنے کے لیے کوئی حرف نہیں ہے۔ ناگری نظام تہجی کے مرکب حرف علت اور مرکب حروف صحیحہ کی آوازوں کو ظاہر کرنے کے لیے پیچیدہ اور غیر ضروری حروف ایجاد کر کے اردو نظام تہجی کو خواہ مخواہ دشوار نہیں بنایا گیا ہے۔ نہ دو قسم کے حروف یعنی ابتدائی و ثانوی قرار دے کر اسے غیر ضروری بار ڈالا گیا ہے۔

اُردو نظام ہجائیہ میں حسب ذیل دس آوازیں ہیں:-

(۱) تین اصلی حروف علت ہیں جو کسی علیحدہ حرف سے نہیں بلکہ نشانات سے ظاہر ہوتے ہیں۔ ان نشانات کے نام فتحہ، ضمہ، و کسرہ ہیں۔ (۲) تین ویسے ہی کھینچکر پڑھے جانیوالے حروف علت ہیں جو ماقبل آہستہ پڑھے جانے والے حروف علت کے ابعد ہی آتے ہیں۔ مثلاً الف ساکن ماقبل مفتوح سے لمبی آواز پیدا ہوتی ہے جیسے چال، رسال میں۔ اسی طرح واؤ ساکن ماقبل مضموم سے ایسی آواز پیدا ہوتی ہے جیسے نور اور طور میں۔ اسی طرح یائے ساکن ماقبل مکسور سے ایسی آواز پیدا ہوتی ہے جیسے نیل اور فیل میں۔

(۳) دو ملے ہوئے حروف علت، واؤ ساکن ماقبل مفتوح سے ایسی آواز پیدا ہوگی جیسے غور اور جور میں۔ اسی طرح یائے ساکن ماقبل مفتوح سے ایسی آواز پیدا ہوگی جیسے بیضہ میں۔

(۴) دو فارسی کے حروف ہیں جو مجہول کہلاتے ہیں۔ (۱) واؤ مجہول جیسے شور میں (۲) یائے مجہول جیسے تیل میں۔

اصل میں اُردو نظام تہجی کا ماخذ عربی ہے لیکن گھچپنی یا اخاذی کا ملکہ جو اُردو زبان کی سرشت میں داخل ہے رسم الخط کے سلسلہ میں بھی ظاہر ہوا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُردو نظام تہجی عربی، فارسی اور سنسکرت نظامات ابجدی کا گلدستہ بن گیا اور علاوہ اس کے بہت سے غیر عربی النسل حرف بھی شامل ہو گئے۔ جیسے پ، ٹ، چ، ڈ، گ، اور ہائے دوچشمی۔

ان محاسن ترکیبی کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ اردو نظام تہجی صوتی حیثیت سے اتنا مکمل بن گیا جتنا کسی انسانی زبان کے لیے ابتک ممکن تھا۔ عربی حرف تہجی پر بحث کرتے ہوئے پروفیسر جانسن نے کہا ہے کہ مکمل زبان وہ ہے جس میں ہر وہ خیال جو انسانی دماغ میں آسکتا ہے، نہایت صفائی اور زور کے ساتھ ایک مخصوص لفظ کے ذریعہ سے ظاہر کیا جا سکے۔ خیالات اگر سادہ ہوں تو الفاظ بھی سادہ اور اگر خیالات مرکب ہوں تو وہ بھی مرکب۔ اسی اصول کی بنا پر مکمل نظام خط وہ ہے جس میں اُسی زبان کی ہر آواز کے لیے ایک مخصوص نشان ہو۔ اس لحاظ سے قدیم فارسی درجہ کمال کے قریب تر ہے لیکن جدید فارسی نظام تہجی جسے تمام اسلامی قوموں نے اختیار کیا ہے، اس کے لیے اس درجہ مکمل ہے کہ ایک حرف بھی بغیر شوار کی محسوس کیے ہوئے گھٹایا بڑھایا نہیں جا سکتا۔

مسٹر موصوف کے یہ خیالات اردو نظام تہجی پر بھی حرف بحرف چسپاں ہوتے ہیں۔

اب اس مسئلہ کو کتابت کے نقطۂ نظر سے دیکھو۔ ایک ضروری امر جسے دیگر نظامات ابجد میں نظر انداز کر دیا جاتا ہے یہ ہے کہ تحریری نشانات دو قسم کے ہوتے ہیں۔ حروف علت اور حروف صحیح۔ حروف علت تمام قسم کی آوازوں کی بنیاد ہیں، اور حروف صحیحہ کے آثار پڑھاؤ کو بتاتے ہیں حروف صحیح اصوات طبعی کی نیابت کرتے اور ان کے باہمی تغیرات کو ظاہر کرتے ہیں۔ حروف علت کوئی اپنی مستقل آواز نہیں رکھتا بلکہ اس کا کام حروف صحیح کے تلفظ میں مدد دینا ہے اور بس۔ دیگر زبانوں نے ان دونوں قسم کے حرفوں کے درمیان اس امتیاز کو نظر انداز کر دیا ہے لیکن اُردو نے حرف علت کو کوئی مستقل حرف یہ تسلیم کرکے اس امتیاز کو قائم رکھا ہے، اس لحاظ سے کوئی زبان اسکی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ اس میں حروف علت حرفوں سے نہیں بلکہ صرف اعراب سے ظاہر ہوتے ہیں۔ حروف علت بذات خود مستقل آوازیں نہیں ہیں بلکہ محض اصوات کے لب و لہجہ اُتار چڑھاؤ میں مدد دیتے ہیں۔ اُردو کتابت حروف علت کو بحیثیت حروف کے کوئی جگہ نہیں دیتی بلکہ صرف نشانات سے اُنکو ظاہر کرتی

ہے اور یہ بالکل بجا ہے۔

یہ اعتراض کہ معمولی تحریر میں نشانات نہ ہونے سے ایک ہی لفظ مختلف طریقوں سے پڑھا جا سکتا ہے بالکل بے بنیاد ہے، جیسا کہ ایک مشہور عالم نے کہا ہے کہ ان نشانات کے حذف کر دینے سے پڑھنے والے میں اس قدر ملکہ و مہارت ہو جاتی ہے کہ وہ نشانات کی مدد بغیر پڑھ سکے یہ نشانات اس غرض سے نہیں حذف کیے جاتے کہ مبتدی یا وہ لوگ جو زبان سے ناآشنا ہیں بھٹک جائیں۔ اردو طرز تحریر میں ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ پڑھنے اور لکھنے میں کم سے کم صرف ہو۔ اردو طالب علم کی ذہنی تعلیم کا یہ ایک جزو ہے کہ وہ بلا نشانات کے بھی صحیح لکھ پڑھ سکے اور اس میں شبہ نہیں کہ مبتدی وہ ایسا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ لیکن ہندی کا طریقہ تحریر کوئی ایسی تعلیم نہیں دیتا۔ ہندی عبارت سے کوئی مفترہ (نشان) ہٹا دو اور بیچارہ ہندی کا طالب علم اندھے کی طرح بے بس و لاچار ہو جاتا ہے۔

یہ خیال کہ اردو خط شکستہ اس قدر مشکل اور بے قاعدہ ہے کہ پڑھنا دشوار ہے بالکل طفلانہ ہے۔ ہر زبان کے روزمرہ کی طرح یہ طرز تحریر کی ایک رواں اور شکستہ صورت بھی ہے۔ اردو میں یہ کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔ اس کا فائدہ اس کے رواں ہونے ہی میں ہے۔ اور اس کا استعمال صرف اُن کے لیے ہے جو اردو زبان سے بخوبی واقف ہیں۔

اُردو کتابت ایک طرح کی مختصر نویسی ہے۔ ہر حرف کی پوری شکل کے علاوہ ایک مختصر صورت بھی ہوتی ہے اور یہ انہی مختصر صورتوں کو جوڑ کر لفظ بنانے کا طریقہ ہی ہے جس نے اُردو لکھنا اس قدر سہل کر دیا ہے۔ اس سے حسب ذیل فوائد ہیں:-

(۱) جگہ کی کفایت (۲) وقت کی کفایت (۳) لکھنے والے اور پڑھنے والے دونوں کے لیے قوت (انرجی) کی کفایت۔

اردو رسم خط تھوڑے تغیر کے ساتھ تمام اسلامی ممالک میں رائج ہے۔ بنگال کے

مشرقی سرے سے لیکر مغرب میں طرابلس اور مراکش تک استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک ایسے رسم الخط کے استعمال کرنے میں جو نہ صرف ہندوستان بلکہ افغانستان، بوچستان اسلامی ترکستان، ایران، عراق، عرب، شام فلسطین، ترکی، مصر اور افریقہ کی بعض دیگر ریاستوں میں بھی رائج ہے جو بین الاقوامی فوائد ہیں وہ ایسے کم نہیں کہ نظر انداز کیے جاسکیں۔

لٹریچر

غیر اُردو داں طبقہ کا عام خیال ہے کہ اُردو زبان کوئی قابل ذکر لٹریچر نہیں رکھتی۔ اُردو زبان کے بعض بڑے بڑے مبصرین مثلاً سر چارلس لائل اور سر چارلس گریسن بھی اس خیال سے صاف اور پرزور طریقہ اختلاف نہیں ظاہر کرتے۔ یہ یقین گو اس قدر عام ہے لیکن حقیقت و اصلیت سے کوسوں دور ہے۔

یہ سچ ہے کہ ترقی یافتہ مغربی زبانوں کے مقابلہ میں اُردو کوئی وسیع علم و ادب نہیں رکھتی لیکن ہندوستان کی ملکی زبانوں کے لحاظ سے اُردو کو بڑھا یہ کہا جائے تو یہ دعویٰ نہایت آسانی کے ساتھ غلط ثابت کیا جاسکتا ہے۔ لٹریچر کی وسعت کوئی مستقل بالذات شے نہیں ہے بلکہ اضافی شے ہے جسکا اندازہ اور زبانوں کی نسبت سے ہی ہوسکتا ہے۔ اس بنا پر دنیا کی کوئی زبان قطعی طور پر وسیع و سرمایہ دار نہیں کہی جاسکتی۔

سرمایۂ ادب کو دو حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ (۱) اصل (۲) نقل۔ اصل سے مُراد مجتہدانہ مضامین ہیں۔ نقل میں وہ ذخیرہ شامل ہے جو دوسرے لٹریچر سے ترجمہ، تالیف و تلخیص کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے۔ اب اُردو لٹریچر پر ان دونوں پہلوؤں سے غور کرو۔

پہلے نقل کو لو۔ نظم و ڈراما میں دنیا کی بہت سی زبانوں نے اُردو میں جگہ پائی ہے۔ ہومر کی ایلیڈ، مہابھارت، رامائن (مصنفۂ والمیکی اور تلسی داس) کالیداس کی شکنتلا، پیک ایر (سیگہ دوت) اور دوسری تصنیفیں، ملٹن کی فردوس گم گشتہ (پیراڈائز لاسٹ) اور ٹیگور

کی گیتا نجلی، چترا، نیز ویگر تصانیف اُردو داں حضرات کی نظر سے بآسانی گزر سکتی ہیں۔
شیکسپیئر کو غالباً ان میں سب سے زیادہ مقبولیت کا درجہ حاصل ہے۔ اس کے بہت سے ناٹکوں کا ترجمہ ہو چکا ہے جو اسٹیجوں پر کھیلے جاتے ہیں اتھیلو، خونِ ناحق (ہیملٹ) شہید خون (کنگ لیر) (دی ٹیمپیسٹ) بزم فانی (رومیو اور جولیٹ) انگشتری (سمبلائن) دلفروش (دی مرچنٹ آف وینس) مریدشک (اونٹر ٹیلس) شہید ناز (سیزر فار شیزر) ہوائی بیلاں (دی کامیڈی اوف ایرر) اور ازیو لائک اٹ وغیرہ اُردو میں موجود ہیں شیریڈن کے بھی ناٹک مثلاً اسیریس (ٹپ یرد) سوفوکلس، سیفو، وینیٹی اور گیٹے، لانگ فیلو، ورساؤدی، شیلے، ورباٹرن، ورڈس ورتھ، ورٹینی سن کی اکثر چیدہ نظمیں اُردو میں آگئی ہیں۔

ناول یا فسانہ نگاری میں رینالڈ کے بعد جس کی تصنیفوں میں ہندوستانی نوجوانوں کے لیے جادو بھرا ہے، اسکاٹ میری کریلی اور کانن ڈائل مقبول ترین مصنفین میں سے ہیں ان کی بہت سی تصنیفات کے اُردو ترجمے وادی گنگا میں کہیں زیادہ قبول کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں، بہ نسبت اسکے کہ ان کے خاص وطن سواحل ٹیمز پر پڑھی جاتی ہیں بنکم چندر کی تقریباً تمام تصنیفیں اور ٹیگور کے اکثر قصے بھی اُردو میں ترجمہ ہو چکے ہیں۔ آر۔ ایل اسٹیونسن رائڈر ہیگرڈ، اسکروا کلڈ، برنرڈ شا اور ایچ۔ جی ویلز بھی مقبول ہو رہے ہیں۔

نثر لکھنے والوں میں میکالے، کارلائل، ماکملز اور لیوبک اُردو داں طبقہ میں روشناس ہو چکے ہیں۔

فلسفہ اور علم النفس میں افلاطون کے متعدد مکالمے، ارسطو کی تصانیف اور چانکیہ کے نصائح کے انتخابات، سینیکا کے خیالات (فلکشنز) برکلے کے مبادی و مکالمات، لیبان کی روح الاجتماع (دی کراؤڈ) اور فلسفہ انقلاب لامم (سائیکالوجی آف دی ایوولوشن آف پیوپلز) نیز بیکن، ہیوم، کینٹ، مل، اسپنسر جیمس اور اسٹاوٹ

کی تصانیف کے حصے اُردو میں ہیں۔

تاریخ و سیر میں پلوٹارک کی مشاہیر یونان و روما (لائیوز آف ایمینٹ گریکس اینڈ رومنز) تھیکرا اور شویل کی تاریخ یورپ (جنرل ہسٹری آف یورپ) ڈوزی کی مسلمانِ اسپین، ولیس کی تاریخ روس (رشیا) ایبٹ کی نپولین اعظم (نپولین دی گریٹ) ہسٹری آف دی انگلش پیپل، ونسنٹ اسمتھ ہند قدیم (ایرلی ہسٹری آف انڈیا) الفنسٹن کی تاریخ ہندوستان (ہسٹری آف انڈیا) میلکم کی تاریخ ایران (ہسٹری آف پرشیا) اور گبن کی رومن امپائر کے حصے قابل ذکر ہیں جن سے اسی بنا پر مرتبہ کی اور اضافہ کی تشریح ہو سکتی ہے۔

سیاسیات و اقتصادیات کے میدان میں ذیل کے نام کافی ہونگے:۔

ارسطو کی پالیٹکس، مل کی آزادی (لبرٹی) علم سیاست (پرنسپلز آف پولیٹیکل گورنمنٹ) اور سیاست مدن (پولیٹیکل اکانمی) بل کی قوانین وحدت (لاز آف تھاٹ) مارلے کی علم سیاست (مکیاولی) اور مینی سینز ٹکرزن کی پرشیا، میسٹری کی ڈویلپمنٹ آف مین، شوستر کی اسٹرینگلنگ آف پرشیا، بلنٹ کی فیوچر آف اسلام، وینبری کی مستقبل اسلام (فیوچر آف اسلام) نیز سیلے ویلپٹلی، ولسن وپولک، بجوگ وجیونز، مارشل و مارکسین کے بعض حصے۔

علم سیاست (پولیٹیکل سائنس) کے ساتھ ساتھ فلسفیانہ تاریخ کا شعبہ بھی ہے اور اس شعبہ میں بکل کی تاریخ تمدن، ہسٹری آف سیولیزیشن، گیوزٹ کی تمدن انگلستان، سویلیزیشن ان انگلینڈ لی بان کی تمدن عرب (سویلیزیشن آف دی عرب) تمدن ہند سویلیزیشن آف انڈیا) کیکی کی تاریخ اخلاق یورپ (یورپین مارلز) ڈریپر کی انگلیوں ڈویلپمنٹ آف یورپ اور دت کی تہذیب قدیم ہندوستان (اینشنٹ انڈین سویلیزیشن) کے ترجمے بتائے جا سکتے ہیں۔

تعلیم میں ٹاڈ وغیرہ کی چھوٹی چھوٹی کتابوں کے علاوہ اُردو۔ اسپنسر، بین، سر پسٹلاٹلزلی۔ ہربرٹ، اور مانٹی سوری کی تصانیف نئے آشنا نہیں ہے۔

سائنس میں ڈریپر کی معرکۂ مذہب وسائنس (کانفلکٹ بٹوین ریلیجن اینڈ سائنس) جیسے عام طرز کے کئی مقبول رسالوں کے علاوہ اُردو داں طبقہ ڈارون اور ولیمین ہکل اور ہکسلے، لائل اور لیکی، ٹنڈال اور ہوس، کلون اور میکسول، کروکس اور لاج کے انکشافات وتصنیفات سے معقول حد تک آشنا ہے۔

قانون، فقہ، اور طبی کتابوں کے تراجم کا ذکر کرنا بے سود ہے۔ کیونکہ ان مضامین کی بہت سی کتابیں مقتضائے ضرورت اُردو میں منتقل ہوکر آگئی ہیں۔

یہ واضح رہے کہ فہرست بالا میں جامعیت واستقصار کا خیال بالکل نہیں رکھا گیا ہے جو نام جس قدر یاد آسکے لکھدیے گئے ہیں تاکہ ناظرین کے ذہن میں ایک خاکہ قائم ہو جائے کہ اُردو لٹریچر غیر زبانوں کے خزانے سے کس قدر بہرہ یاب ہے۔ ان کی مکمل فہرست تیار کرنے کے لیے سینکڑوں صفحے چاہئیں۔

ایک دوسرا امر قابل لحاظ یہ ہے کہ فہرست بالا صرف مغربی لٹریچر تک محدود ہے اس کے علاوہ مسلمانوں کے لٹریچر کا سارا عربی وفارسی خزانہ اور ہندوؤں کی سنسکرت وہندی کا خزانہ ایک حد تک اُردو میں آگیا ہے۔ قرآن شریف، گیتا، پران، مہابھارت اور رامائن میں سے ہر ایک کے اُردو میں متعدد ترجمے ہیں، پیغمبر اسلام، حضرت مسیح، سری کرشن، سری رامچندر، گوتم بودھ، گرونانک اور کبیر داس کی سوانح وتعلیمات، ہندو سنیاسی اور جوگیوں مثلاً وششٹھ، اہل معرفت وصوفی شعرا مثلاً مولانا رومی اور حافظ، علم اخلاق والٰہیات مثلاً سعدی وغزالی۔ رزمیہ شعراء مثلاً فردوسی، فلسفی مثلاً ابن سینا، مورخین مثلاً ابن خلدون، ابن خلکان اور فرشتہ کی تصانیف اُردو لٹریچر کے خزانہ میں بعض بہترین جواہرات میں سے ہیں۔

کی آ مجتہدانہ وطبعزاد تصنیف پر طویل گفتگو کی ضرورت نہیں۔ ان کے لیے کوئی ایسا مادی معیار قائم نہیں کیا جاسکتا، جس پر مختلف مصنفین کی خوبیاں پرکھی جاسکیں صرف مذاق سلیم ہی اس کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ شعراء کے طبقہ میں میر و درد، غالب و حالی، انیس و دبیر، آتش و داغ اپنے اپنے رنگ میں روح شاعری کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ حالی ہی میں اکبر الہ آبادی کو نام سے زیادہ نمایاں حیثیت ملتی ہے۔ ان کے کلام میں وسعت نظر اور گہرا مگر تلخ طنز کے ساتھ ظرافت و شوخی کا امتزاج دنیائے شاعری کا ایک بے مثل معجزہ ہے۔ ان کے بعد اقبال کا نمبر آتا ہے جو ایک عرصہ سے جگت گیتا کے اندر پنپنے پر قوت فلسفۂ عمل دنیا کے سامنے حیرت انگیز بلند خیالی و تڑپ کے ساتھ پیش کر رہے ہیں۔ ان کی بعض فارسی نظموں کا ترجمہ کیمبرج کے فاضل پروفیسر نکولسن نے انگریزی میں کیا ہے۔ ان کے بعد حسرت و ریاض ہیں جن کی رومانی زبان کے شعر سے مفر نہیں رکھے جاسکتے۔

ناول یا افسانہ نگاری میں مولوی نذیر احمد، مرزا رسوا، عبدالحلیم شرر، رتن ناتھ سرشار، راشد الخیری، خواجہ حسن نظامی، پریم چند کی کتابیں پڑھنے ہی سے تعلق رکھتی ہیں۔ پرانے قصے کہانی کی کتابوں کا تو کچھ ذکر ہی نہیں۔ ان میں سے بہت سی کتابوں کا انگریزی اور ہندی میں ترجمہ ہوگیا ہے۔

سنجیدہ نثر نویسوں میں اردو سرسید احمد، مولوی نذیر احمد، محمد حسین آزاد، راغ علی، حالی، شبلی، کرامت حسین، سید سلیمان اور ابوالکلام آزاد پر بجا فخر کرسکتی ہے۔ محمد حسین آزاد کی شاعرانہ نثر اور نازکخیالی اعجاز سے کم نہیں۔ نذیر احمد اردو، فارسی، و عربی زبان پر ایک حیرت انگیز قدرت حاصل تھی۔ شبلی ایک بلند پایہ رخ تھے لیکن بحیثیت ایک ادیب اور نقاد کے ان کی عظمت کا پایہ اور بھی بلند تھا۔ سیرۃ نبوی (چھ جلدوں میں) ان کے علمی فضل و کمال کی بجائے خود ایک ناقابل انکار

شہادت ہے۔ شعر العجم (جو تین حصوں میں چھپی ہے) ایک وسیع تصنیف ہے مشہور مستشرق پروفیسر براؤن کو ان کا گرویدہ بنا دیا ہے۔ پروفیسر موصوف نے اپنی کتاب لٹریری ہسٹری آف پرشیا (تاریخ ادبیات ایران) کی تیسری جلد میں اس سے بہت سے اقتباسات نقل کیے ہیں۔ کرامت حسین (رفیع الدولہ آباد) ایکٹریس ہائی نیات اور علم المعاشرت کے متعلق علامہ سید سلیمان اشرف کے تاریخی علمی ترکہ کے وارث ہوئے ہیں اور نہایت سرگرمی کے ساتھ اپنے پیشرو کے نقش قدم پر چل رہے ہیں جہاں تک مذہب، فلسفہ اور تصوف کا تعلق ہے اردو لٹریچر کا دامن تہی نظر آتا ہے۔

پچھلے چند سال کے اندر اردو لٹریچر کی ترقیات و تبلیغ کے لیے تین مرکز قائم ہوئے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا ادارہ انجمن عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن ہے جہاں تمام مفید مضامین مثلاً تاریخ، علم معیشت، منطق، فلسفیات، نفسیات، مابعد الطبیعیات، اتصالیات، ریاضیات، علم ہیات، طبعیات، علم کیمیا وغیرہ کی انگریزی کتابوں کے تالیف و ترجمہ کا کام نہایت تیزی کے ساتھ ہو رہا ہے۔ دوسرا مرکز انجمن ترقی اردو ہے جس کا صدر دفتر اورنگ آباد دکن ہے۔ اس انجمن نے اب تک کئی درجن کتابیں بالخصوص سائنٹفی علوم و فنون مثلاً علم الحیوانات، علم طبقات الارض، علم النفس، علم نباتات اور علم المعاشرت کے متعلق شائع کی ہیں۔ ان کے علاوہ ایک تیسرا مرکز مجلس المصنفین شبلی اکاڈیمی ہے جو اپنے بانی کے نام سے موسوم ہے اور جسکا دفتر اعظم گڑھ (صوبہ متحدہ) میں ہے۔ اس کا تعلق زیادہ تر مشرقی علوم و فنون سے ہے، تاہم اس نے پہلی فلاسفہ و علمائے نفسیات تالیف کرکے اور لیبان کے متعلق بھی چند کتابیں شائع کی ہیں۔

غرض ان واقعات و مشاہدات کا مطالعہ تمام غیر متعصب ناظرین کو یہ سمجھا دینے کیلیے کافی ہے کہ اردو لٹریچر گو غیر معمولی طور پر وسیع اور مکمل نہو، تاہم اس قدر مفلس اور بے مایہ بھی نہیں ہے جتنا عموماً خیال کیا جاتا ہے اور ہندوستان کی دیگر زبانوں کے مقابلہ میں تو یقیناً وہ برتری رکھنے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔

سیر المصنفین

اردو کی پیدائش

جب دو صاحب زبان قومیں ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں اور آپس میں رشتۂ اتحاد و ربط قائم ہوتا ہے تو قانونِ فطرت کے مطابق تعلقات اور میل جول کے طریقوں اور آداب رہن سہن اور بول چال میں ایک دوسرے کا اثر معلوم ہونے لگتا ہے اور رفتہ رفتہ تو کچھ دنوں میں ایک صورت اختیار کر لیتی ہے جسے کوئی قوم قائم کر سکتی ہے اور نہ مٹا سکتی ہے۔ اس قاعدہ کلیہ میں دنیا کی تمام قومیں جن دنوں سے تاریخ قائم کا سلسلہ شروع ہوا ہے اس کی تصدیق کرتی ہیں اور یہ حالت ہے کہ جو قوم جتنی زیادہ مہذب اور شائستہ ہوتی ہے اسی قدر دوسری قوموں کی زبان پر اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے کیونکہ علم و ادب کے لحاظ سے جو قوم دوسری قوموں سے فائق ہوتی ہے اس کی زبان کا لفظ لفظ دوسری قوموں کے لئے سند ہوتا ہے اور جب تک اس قوم کی زبان کا لفظ لفظ دوسری قوموں کی زبان میں داخل نہ ہو جائے اس وقت تک وہ قوم اپنے کو مہذب نہیں سمجھتی۔ اسی طریقہ سے دونوں قوموں کی زبان ایک دوسرے سے ملتی ہے اور ایک زبان کے بہت سے الفاظ دوسری زبان کے اصلی الفاظ بن جاتے ہیں۔

اگر ہندی زبان جو آجکل [illegible] اردو سے بدلا ہوا ہے یعنی [illegible] اردو زبان لکھنے کے لئے [illegible] اس کی

وجہ یہ بھی ہے کہ انگریزوں کو دنیا کی تمام قوموں سے خوب ملنے جلنے کا واسطہ رہا ہے اس لیے ان قوموں کی زبانوں کے بہت سے الفاظ بجنسہٖ اُن کی زبان میں داخل ہو گئے ہیں اور ہوتے جاتے ہیں۔ بس ہماری زبان کی ابتدا اُسی وقت سے ہو گئی تھی جب سے کہ مسلمان اس ملک میں داخل ہونے شروع ہو گئے تھے۔ یہ صحیح ہے کہ وہ زبان جو اُس وقت ہندو اور مسلمان بغرض ادائے مطالب بولتے تھے اُردو نہیں کہلائی جا سکتی تاہم اختلاط الفاظ کی بنیاد پڑ چکی تھی اور یہی اختلاط الفاظ آگے چلکر ہماری زبان کی پیدائش کا باعث ہوا۔

ابو ریحان بیرونی نے جو ۱۰۳۰ء میں فوت ہوا اور جسکا شمار دربار غزنوی کے افاضل و اکابر میں ہے ہندوؤں کی قدیم علمی تاریخوں میں عالمانہ بحث کر کے سنسکرت حاصل کی اور ہندوؤں کے علوم عربی میں ترجمہ کیے۔ اُن کے علم سنسکرت سے یہ منقول کیے اور یہ اُن کتابوں میں سے ہیں جنکو جہاں اسلام کا نام و نشان بھی نہ تھا یونانی کی وجہ سے دنیا نے سیکھیں۔ اسی عہد سے وابستہ فارسی کا مشہور شاعر مسعود سعد سلمان ہے جسکی نسبت تذکرہ نویس متفق الفظ ہیں کہ اُس نے دیوان ہوند تازی، ہندی، پارسی اور ہندوی لکھے تھے۔ تمام تذکرے متفق الفظ ہیں کہ ہندی زبان میں اُس نے ایک دیوان لکھا تھا۔ یہ غزنویوں کے عہد اقبال میں کا ایک نامور مسلمان شاعر تھا وہ لاہور میں پیدا ہوا تھا اگرچہ خاندانی تھا لیکن تاہم اُس نے اپنے وطن و ولادت کی زبان میں بھی ایک دیوان مرتب کر ڈالا۔

۱۱۹۲ء میں جبکہ شہاب الدین غوری نے راے پتھورا پر فتح پائی تو چاند کوی ایک نامی شاعر تھا پرتھی راج راسو کہ اس کتاب کے ہر صفحہ میں فارسی عربی کے کئی کئی لفظ نظر آتے ہیں۔ اگر محمود غزنوی کے وقت کی نظم یا نثر مل جائے تو اُس میں بھی عربی فارسی کے الفاظ پائے جائیں۔

کشمیر کے حکمران سلطان زین العابدین نے جو فارسی کے علاوہ ہندی اور تبتی زبانوں پر بھی پورا دخل رکھتا تھا۔ فارسی کتابوں کا ترجمہ ہندی میں اور بہت سی ہندی کتابوں کا ترجمہ

فارسی میں کرایا۔ اور سب سے پہلے اُسی کے حکم سے مہابھارت اور راج ترنگنی (قدیم تاریخ کشمیر) کا ترجمہ فارسی میں ہوا۔ اسی عہد کے قریب قریب امیر خسرو نے جو ۷۱۸ھ میں فوت ہوئے خالق باری تصنیف کی۔ یہ کتاب بازار میں عام طور پر فروخت ہوتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سبب تصنیف یہ ہے کہ جو طلبا فارسی سیکھنے کا شوق رکھتے ہوں اس کو پڑھیں کیونکہ اس میں اکثر فارسی، عربی الفاظ کا ترجمہ ہندی کی اُس وقت کی عام اور مروجہ زبان میں کیا گیا ہے، نمونہ کے طور پر ایک شعر کافی ہے ؎

بیا برادر آؤ رے بھائی　　بنشیں با در بیٹھ ری مائی

اُس وقت سے لیکر انیسویں صدی عیسوی کے اختتام تک یہ کتاب مبتدی طلبا کا وظیفہ درس رہی ہے۔ البتہ بیسویں صدی کے آغاز سے اس کی کساد بازاری ہوگئی ہے اور وجہ صرف یہ ہے کہ اب فارسی زبان حاصل کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہی۔

امیر خسرو آنکھوں کا ایک مجرب نسخہ درجہ ذیل کی بحر میں اس طرح لکھتے ہیں کہ:۔

لودھ، پھٹکری، مُردہ سنگ　　ہلدی، زیرہ، ایک ایک ٹنگ

افیون چنا بھر مر چیں چار　　ڈبیا پر تھوتا ڈار

پوست کے پانی پوتلی کرے　　ترت پیڑ نینوں کی ہرے

ظاہر ہے کہ اس عہد میں مسلمانوں کی زبان ہی آپس کے تعلقات کی بنا پر ضرور مروج ہوگئی ہوگی جبکہ وہ آدھی اپنی اور آدھی اُن کی ملا کر ٹوٹی پھوٹی بولتے ہونگے۔ اس زبانوں کی کوئی نثر تصنیف نہیں ملتی۔ البتہ امیر خسرو کی ایک غزل جس کا مطلع ہے ؎

زحال مسکیں مکن تغافل، دورائے نیناں بنائے بتیاں

کہ تاب ہجراں ندارم ای جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں

اور پہیلیاں، مکرنیاں اور گیت پتہ دیتے ہیں کہ صدہا ہجری میں یہاں کے مسلمان فارسی بولتے ہونگے۔ علاوہ اس سے یہ بھی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ مسلمان بھی اُس وقت یہیں کی

زبان کو اپنی زبان سمجھنے لگے تھے اور اس زبان کو کس شوق اور محبت سے بولتے تھے بیشک ہندوؤں کی نسبت اُن کی زبان پر فارسی عربی الفاظ زیادہ آجاتے ہونگے لیکن جتنا یہاں رہنا سہنا اور استقلال زیادہ ہوتا گیا اتنا ہی روز بروز فارسی ترکی نے ضعف اور یہاں کی زبان نے زور پکڑا ہوگا۔

بارھویں صدی ہجری میں جبکہ سکندر لودی سریر آرائے سلطنت حکومت کا تخت فارسی پر سکہ شاہی دفتر میں رائج ہوا اور فارسی کے الفاظ ہندی کی زبان پر بکثرت گئے تھے اور سکندر لودی کے زمانہ میں کبیر شاعر ہوئے ہیں جنکے دوہے مشہور ہیں اُن دوہوں کی زبان سے اُس زمانہ کی زبان کا حال معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ میں کیا زبان تھی اور کیا بولتے تھے کبیر کے دوہوں کا مستند نسخہ ابھی تک دستیاب نہیں ہوا ہے اور جو نسخے ہیں اُن میں بہت کچھ الفاظ کے ہیئت بدل گئی ہے مثلاً

دین کو لیو اُن سے روٹھ بیٹھا ۔۔۔ چل کبیرا ہم تمہارے ساتھ چلیں ہے

کہتے ہیں کہ کبیر کے ساتھ سو شاگرد تھے دین اچارج ساتھ کا وہ بہت ہوں رہا

گرو نانک کی تصنیفات میں بھی اس زمانہ کی زبان کا پتہ ملتا ہے اُن کی زبان کے ساتھ ہے

اس میں سب ہیں ۔۔۔ ہے ۔۔۔ ہے

جو چیزیں ضرورت کے ہیں اُن کا ذکر ہے اور اُن کے نام ہیں جو چیز اُس زمانہ میں نہیں تھی اُس کا نام نہیں ہے

سولھویں صدی عیسوی میں کہ شیر شاہی سلطنت سے عہد میں ملک محمد جائسی نے پدماوت کی داستان نظم کی ہے اُس زمانہ کی زبان کا پتہ ملتا ہے اُس زمانہ میں ہندی کی زبان میں فارسی کے الفاظ بہت آگئے تھے اور اُس زمانہ کی زبان کا پتہ ملتا ہے اُس زمانہ میں ہندی کی زبان میں فارسی کے الفاظ بہت آگئے تھے

یہ تو ثابت ہو چکی کہ مسند و مشہ فاضلہ راجہ مہاراجہ ایرانی لباس پہنکر درباری پوکر فخر کرنے لگے تھے کہ انگریزی ہوتے ہیں انگریزی لباس پہننے پر فخر کیا جاتا ہے۔

ستہ ستھوں صدی عیسوی میں بابا تلسی داس برہمن نے جو ضلع بانده کے رہنے والے تھے اور پنڈت اور شاعر اور فقیر تھے رامائن کو بھاشا میں نظم کرکے ایک ایسی کتاب مطبوع خاص و عام ہوئی۔ ان کے دوہروں میں بہت سے کتاب مذکور میں کہیں کہیں کہیں عربی کے الفاظ موجود ہیں۔

سنسکرت سیوں کہی ہے [illegible]

[illegible]

اسی زمانہ میں سورداس جی نے مہری کرشن جی کے ذکر سے کلام کو مقبول خاص و عام کیا۔ ان کی تصنیف میں شاید کوئی شعر ہوگا جو فارسی و عربی لفظ سے خالی ہوگا۔ بس اس سے تو یہی کہا جا سکتا ہے کہ اب یہ زبان [illegible] فارسی لفظوں جاتے تھے۔ فقط میں عوام [illegible] سورداس جی کہتے ہیں۔

دیکھ [illegible] سنت بھی جانت ہوں [illegible]

کہیت [illegible] دیکھ [illegible]

[illegible] سورکوں [illegible]

رفتہ رفتہ تاجہاں کے زمانہ میں شہر [illegible] تعمیر ہوکر دلی دار السلطنت ہوئی۔ بادشاہ اور [illegible] دولت زیادہ تر وہاں رہنے لگے۔ اہل سیف اہل قلم، اہل حرفہ اور تجار و خدمہ ملک ملک اور شہر کے آدمی ایک جگہ جمع ہوئے۔ ترکی میں اردو باز لشکر کو کہتے ہیں اردوئے شاہی اور دربار میں سے مجلے الفاظ زیادہ بولے جاتے تھے۔ وہاں کی بولی کا نام اردو ہوگیا۔

زبان خاص و عام میں تاجہاں کے اُردو کی طرف منسوب و مشہور ہوگئی۔

سنا جاتا ہے کہ ہماری زبان کو ریختہ بھی کہتے ہیں، یہ لفظ ہمارے کانوں کو خیر مانوس اور اجنبی معلوم ہوتا ہے تاہم متقدمین اور متاخرین شعرا نے اُردو کی بجائے لفظ ریختہ اشعار میں لکھا ہے۔ میر تقی میر فرماتے ہیں ؎

خوگر نہیں کچھ یوں ہی ہم ریختہ گو ہی کے — معشوق جو تھا اپنا باشندہ دکن کا تھا

اُن کے ہمعصر قائم بھی کہتے ہیں:۔ ؎

قائم میں غزل طور کیا ریختہ ورنہ — اک بات کچھری ہی زبان دکنی تھی

متاخرین میں مرزا غالب کا ارشاد ہے:۔ ؎

ریختے کے تمھی اُستاد نہیں ہو غالب — کہتے ہیں اگلے زمانہ میں کوئی میر بھی تھا

یا یہ جو کہے کہ ریختہ کیونکر ہو رشکِ فارسی — گفتۂ غالب ایک بار پڑھ کے اُسے سنا کہ یوں

نواب مرزا داغ اور اُن کے ہمعصروں کے یہاں ریختہ متروک ہوگیا اور ہماری زبان کا نام صرف "اُردو" رہ گیا۔ چنانچہ داغ نے ایک جگہ فخریہ کہا ہے:۔ ؎

اُردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغ — ہندوستاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

ایک اور شعر ہے ؎

نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہدو — کہ آتی ہے اُردو زباں آتے آتے

نسیم دہلوی شاگرد حکیم مومن خاں یوں نغمہ سرا ہیں:۔ ؎

نسیم دہلوی ہم موجدِ بلاغت ہیں — کوئی اُردو کو کیا جانے کہ جیسا ہم سمجھتے ہیں

اُردو کو پہلے ریختہ اس وجہ سے کہتے تھے کہ مختلف زبانوں نے اسے ریختہ کیا ہے۔ جیسے دیوار کو اینٹ مٹی، پتھر، سفیدی وغیرہ ریختہ کرتے ہیں، یا یہ کہ ریختہ کے معنی ہیں گری پڑی پراگندہ چیز، چونکہ اس میں الفاظ پراگندہ جمع ہیں اس لیے اسے ریختہ کہتے تھے اور یہی سبب ہے کہ اس میں عربی، فارسی، ترکی وغیرہ کئی زبانوں کے الفاظ شامل ہیں اور اب

انگریزی بھی داخل ہوتی جاتی ہے، اور ایک وقت ہوگا کہ عربی فارسی کی طرح انگریزی زبان بھی قابض ہوجائیگی اور شاید وہ وقت بسرعت تمام قریب آرہا ہے۔

اُردو کی ابتدائی تصنیفات نظم سے شروع ہوئیں اگرچہ فطرت بھی اسی کی مقتضی رہی ہے کہ ادب اور علم کی ابتدا ہمیشہ نظم سے ہوتی آئی ہے کیونکہ ایک وحشی قوم جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتی ہمیشہ اپنے بزرگوں کی روایات، رسم ورواج اور اُن کی شجاعت وبسالت کو جس کو اُس قوم کی تاریخ سمجھنا چاہیے اپنی قوم کے بھاٹ اور کبیشر کے ذریعہ گیتوں اور رگھنیوں میں محفوظ رکھتی آئی ہے چنانچہ یہی بھاٹ اور کبیشر تھے جنھوں نے نہ صرف یونانیوں، عبرانیوں، عربوں، ترکوں، تاتاریوں اور اسی طرح ہندو، سندھ، ہزپیشیا مغربی ایشیا، جزائر بحر الکاہل، مغربی افریقہ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ اور جزائر بحر الکاہل کے مصنوع وسیلوں افسانہ ہائے قدیم کو محفوظ رکھا۔ اسی تمدن کی سیڑھی پر ہمیشہ شاعری اور کثرت ادخات قافیہ بندی سے پڑتی ہے۔ ایک وحشی کے کانوں کے لئے یہ الفاظ کی زیر وبم ترتیب پیدا کرنی اور خوش آئند معلوم ہوتی ہے۔ لیکن یہ حالات ہماری زبان پر منطبق نہیں ہوتے کیونکہ اس کے بولنے والے ان پڑھ اور وحشی نہ تھے بلکہ ایک طرف سنسکرت اور بھاشا کے خزانوں کی بھی باگیں ہاتھ میں لیے ہوئے تھے اور دوسری طرف عربی، فارسی کے گنجینوں کو سینوں میں لئے رکھتے تھے۔ یہ ہم پیچھے ہی بیان آمد ہوا کہ اُردو کی تصنیفات کی ابتدا نظم سے ہوئی اس سے نزدیک اس کی وجہ یہ ہے کہ طالب ضروری کی سب کارروائی فارسی میں ہوتی تھی اُردو شعر کی طرف کسی کو اصلا توجہ نہ تھی اور اُردو کے اس وقت اہل زبان جو ذی استعداد ہوتے تھے وہ اُردو کی شاعری کو بھی فخر نہ سمجھتے تھے۔ کچھ کہنا ہوتا تھا تو فارسی میں کہتے تھے۔ البتہ عوام الناس موزوں طبع دل کی ہوس پوری کرنے کو جو منھ میں آتا تھا کہے جاتے تھے اور اس طرح ابتدا شعر وشاعری سے ہوگئی۔

تو از نام ایک مصنف نے فرخ سیر کے عہد میں شکنتلا کا ترجمہ بھاشا میں کیا اور اُردو کو محروم رکھا۔ لہذا یہ بات قابلِ افسوس ہے کہ سنسکرت اور بھاشا سے باوجود قدرت کوئی فائدہ ہندو اور مسلمانوں نے اپنی مشترکہ زبان کو نہیں پہنچایا اور وہ اسلوب بیاں اور وہ طریقہ شاعری کے مناظر جن سے سنسکرت اور بھاشا کی نظمیں مالا مال ہیں اُن سے اُردو مفلس نظر آتی ہے۔ البتہ فارس کی انشا پردازی کے گلزار جا بجا کھلے ہوئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ نظم اُردو کے آغاز میں سنسکرت کی تقلید ضرور کی گئی۔ سنسکرت میں ایک لفظ کے کئی معنی ہیں جس کی وجہ سے اس میں اور برج بھاشا اس کی شاخ میں ذو معنیین الفاظ اور ایہام پر دوہے جس کی بنیاد ہوتی تھی، فارسی میں یہ صنعت ہے مگر کم۔ اُردو میں پہلے پہلے شعر کی بنا اسی پر رکھی گئی اور دورِ اول کے شعرا میں یہی قانون جاری رہا۔ اس عہد کے چند اشعار بطور نمونہ پیشکش ہیں ؎

لام استعلیق کا ہے اُس بتِ خوشخط کی زُلف ۔۔۔ ہم تو کافر ہوں اگر بندے نہوں اسلام کے

کیوں نہ ہم سے وہ صنم باتیں ۔۔۔ بندہ ہوں کالی کی مانند

تو جو دریا کے پار جاتا ہے ۔۔۔ دل مرا وار وار جاتا ہے

تو جو یا نہ دیکھو ہم کو سلام کرنا ۔۔۔ یہ تو قدیم ہی سے سر پہ ہمارے کرہی

ہیں خاص زیور کا جیسے خوبی خدا دیو ۔۔۔ کہ آخر بنا گنتا ہے دیکھو چاند کو گہنا

لیکن جس چیز کی اُردو میں نقل کرنی چاہیے تھی اُس سے قطعۂ اعراض کیا گیا۔ ولی نے عالمگیر کے عہد میں نظم اُردو کی ابتدا کی اور محمد شاہ رنگیلے کے زمانہ میں جبکہ عیش و عشرت کی بہار تھی، اُردو شاعری کا ستارہ چمک رہا تھا فارسی کا تتبع اختیار کیا اور غزل میں ردیف کا التزام شروع کیا۔ اکثر شاعروں نے بھی اُس کی دیکھا دیکھی فارسی کے خاکے اُردو میں اُتار کر غزل خوانیاں شروع کر دیں اور قصیدے لکھنے لگے، چنانچہ ہمارے یہاں نئے نئے اسلوب بیاں، عمدہ عمدہ تراکیب الفاظ، تشبیہ و استعارات بکثرت موجود ہیں لیکن

مصطلحات علمی سے ہماری زبان ناآشنا رہی کیونکہ اُس عہد میں علوم وفنون، تاریخ وفلسفہ وریاضی وغیرہ کا چرچا نہ تھا۔ الغرض یہی سلسلہ اب تک جاری رہا اور کسی کو یہ خیال نہ آیا کہ اس پک ڈنڈی کو چھوڑ کر ایک دوسری شاہراہ اختیار کریں اور آنکھ بند کیے اگلی بھیڑ کے پیچھے چلتے رہے۔ آخر کار انگریزی علم وادب نے ہماری آنکھیں کھولیں اور آزاد و حالی نے ایک علیحدہ روش اختیار کی جس پر آجکل ہمارے نوجوان شعرا جادہ پیمائی کر رہے ہیں اور نئے نئے مصطلحات علمی بہم پہنچا رہے ہیں۔

اُردو زبان کی طبیعت ایسی ملنسار واقع ہوئی ہے کہ ہر زبان سے مل جل جاتی ہے سنسکرت آئی اُس سے مل گئی عربی فارسی آئی اُسے بسم اللہ خیر مقدم کہا اب انگریزی الفاظ کو اس طرح جگہ دے رہی ہے گویا اُس کے انتظار میں بیٹھی تھی، اس کی اس ملنساری اور آسانی کی وجہ سے یہ ملکی زبان ہوگئی ہے کشمیر سے راس کماری تک اور بنگال سے بمبئی تک اُردو بولی یا سمجھی جاتی ہے۔ اس قلیل عرصہ میں جب سے کہ ولی نے اپنی پہلی غزل اُردو میں تصنیف کی جس کو سوا دو سو برس کا زمانہ گزرا۔ آجتک جو کچھ ہوا وہ کسی تحریک یا ارادہ سے نہیں ہوا تاہم اُردو کی ترقی نمایاں اور روز افزوں ہے، بلاشبہ یہ فقرہ دوسری ترقی یافتہ زبانوں کے مقابلہ میں نسبتاً ہیچ معلوم ہوتا ہے لیکن یہ اس کے ابتدائی مدارج ہیں اور دوسری زبانیں اپنی ترقی مکمل کر چکی ہیں۔ انگریزی زبان نے اپنا موجودہ علم وادب چودھویں صدی سے شروع کیا، صدی کی یعنی ایک ہزار چھ سو برس میں پیدا کیا ہے، جبکہ کل قوم اور حکومت انگلشیہ ہمارے اس کی ترقی کے لیے کوشاں رہی ہیں، تو کیا یہ تعجب خیز امر نہیں ہے کہ اُردو نے بغیر کسی امداد اور وسیلہ کے اس قدر جلد ایک معتدبہ علم وادب بہم پہنچا لیا۔

[illegible] کی نظم اُردو [illegible] کی بدولت نہیں ہوئی [illegible]

[illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] ہے [

محمد شاہ کے عہد میں فضلی تخلص ایک بزرگ نے ۱۱۴۵ھ ہجری میں وہ مجلس لکھی اس کے دیباچہ میں وہ سبب تالیف لکھتے ہیں اور غالباً یہی نثر اُردو کی پہلی تصنیف ہے۔ "پھر دل میں گزرا کہ ایسے کام کو عقل چاہیے کامل اور مدد کسو طرف کی ہوئے شامل کیونکہ بے تائید صمدی اور بے مدد جناب احمدی یہ مشکل صورت پذیر نہ ہووے اور گوہر مُراد رشتۂ امید میں نہ آوے لہذا کوئی اس صنعت کا نہیں ہوا مخترع اور اب تک ترجمہ فارسی یا ہیات ہندی نثر نہیں ہوا مستمع۔ میں اس اندیشۂ عمیق میں غوطہ کھایا اور بیابان تامل و تدبر میں سرگشتہ ہوا یقین راہ مقصود کی نہ پائی۔ ناگاہ نسیم عنایت الٰہی دل افگار پر ہوتے ہوئی۔ یہ بات آئینۂ خاطر میں منجلہ دکھلائی۔"

یہ کتاب مثنوی شعلۂ عشق کے مضمون کو بھی مرزا رفیع سودا نے نثر میں لکھا ہے جو نکلتا ہے ۱۱۹۵ھ ہجری سے ۱۱۹۶ھ تک ہے اس کا انداز بالکل یہی ہے جو سودا کی کلیات کے دیباچہ کا ہے۔

نثر مرزا رفیع "ضمیر پیر آئینہ دار ان معنی کے یہ بیان موتہ محض عنایت حق تعالیٰ کی ہے جو طوطی ناطقہ شیریں سخن ہو پس یہ چند مصرع کہ رقمطراز کلکۂ رنجۂ خامہ دو زبان اپنی سے صفحۂ کاغذ پر تحریر پائے۔ لازم ہے کہ تحریر سخن سامعۂ سخن داں روزگار کروں۔ تا زبانی ان الشخاص کی ہمیشہ مورد تحسین و آفرین رہوں ؎

قیمت قند شناسا ہی سے پہچانے ہے ہم ورنہ دنیا میں خذف بھی نہیں گوہر سے کم

مضمون سینہ میں بیش از مرغ اسیر نہیں۔ کہ ہو بیچ قفس کے جس وقت زبان پر آیا فریاد بلبل ہے واسطے گوش داد رس کے۔ غرض جبل اہل سخن کا ذرہ منصفی زینت لب ہے سررشتۂ حسن معانی کا اس کلام کے۔ اس سے انصاف طلب ہے۔ اگر حق تعالےٰ نے صبح کاذب سفید کی مانند شام سیاہ کرنے کو یہ نسخہ خلق کیا ہے تو ہم اس کے فانوس دماغ میں چراغ ہوش روشن رہے۔ چاہیے کہ دیکھ کر خط عیبی کرے۔ نہ کہ نکتہ چینی کرے۔ نہ ہم آلودہ ہے اجمل کاہے کو ہے۔"

اس تصنیف سے تخمیناً تیس برس کے بعد جب میر انشا اللہ خاں اور مرزا جانجاناں مظہر کی دلی میں ملاقات ہوئی ہے۔ اُس گفتگو کے چند نکتے بھی قابلِ غور ہیں۔ سید انشا مرزا جانجاناں سے فرماتے ہیں:۔

"ابتدائے سنِ صباسے تا اوائلِ ربیعاں اور اوائلِ ربیعاں سے الی الآن۔ اشتیاق مالایطاق تقبیلِ عتبہ عالیہ نہ بجدے تھا کہ سبک تحریر و تقریر میں منظم ہو سکے۔ لہٰذا بے واسطہ وسیلہ حاضر ہوا ہوں"

مرزا صاحب جواب میں فرماتے ہیں:۔

"اپنے تئیں کوں ہی بد وطنی سے تئیں رہنے اشخاص کے ساتھ موانست اور مجالست رکھی ہے"

یہ وہ زمانہ ہے جبکہ بزمِ شعرا کے تین در ختم ہو چکے ہیں۔ اگرچہ میر تقی میر اور مرزا رفیع السودا چراغ سحری ہیں لیکن اُن کی گرم نفسی اور وسیع بیانی ہر صحبت اور ہر جلسے کو گرما رہی ہے۔ اور چوتھے دَور کے شعرا کے قہقہوں کی آواز دور سے پیہم سنائی دے رہی ہے کہ اب آئے اور اب آئے۔

بایں ہمہ اُردو میں اس وقت نثر کی کوئی قابلِ ذکر کتاب ایسی نہیں لکھی گئی جس سے زبان کی تبدیلیوں کا سلسلہ معلوم ہوتا، کیونکہ اُردو کی انشا پردازی اور ترقی اور وسعت فقط شعرا کی زبان پر تھی اور عرصہ تک یہی حال رہا۔ آخر تیرھویں صدی ہجری کے شروع میں کئی قدرتی سامان جمع ہو گئے اور سب سے مقدم سبب اسکی عام فہمی تھی۔ چونکہ ہر شخص سمجھتا تھا۔ اس لیے نثر لکھنے والوں کو بھی اسی میں داد و واہ لینے کا شوق ہوا۔

اُردو کا عالمِ طفولیت

ادھر تو یہ چہ پخال لڑکا شرار کے جلسوں میں اور اُمراد کے درباروں میں اپنے بچپنے کی شوخیوں سے سب کے دل بہلا رہا تھا، اُدھر دانائے فرنگ جو کلکتہ میں فورٹ ولیم کے قلعہ پر دوربین لگائے بیٹھا تھا اُس نے دیکھا۔ نظر باز تاڑ گیا کہ لڑکا ہونہار ہے مگر تربیت چاہتا ہے۔ بجز یہ ہوئی کہ جس ملک پر حکمرانی کرتے ہیں اُس کی زبان سیکھنی واجب ہے۔

(آبِ حیات)

تیرھویں صدی ہجری اور تقریباً انیسویں صدی عیسوی کے آغاز سے نثرِ اُردو کی درحقیقت ابتدا ہوئی ہے جبکہ میر محمد عطا حسین خاں تحسین نے نوطرزِ مرصع نام رکھا۔ شجاع الدولہ کے عہد میں تصنیف شروع ہوئی ۱۲۱۰ھ/۱۷۹۵ء نواب آصف الدولہ کے عہد میں ختم ہوئی۔ اسی زمانہ میں بعہد لارڈ ولزلی گورنر جنرل ڈاکٹر جان گلکرائسٹ کے ماتحت فورٹ ولیم کے مدرسہ میں اُردو کتابوں کی تصنیف اور تالیف کا سلسلہ قائم کیا گیا۔ اور اُردو کی تربیت کا سہرا صاحبانِ ذی شان ہی کے سر رہا صاحب تذکرہ کلشنِ ہند نے میر تقی میر کے حال میں جبکہ شعبۂ تصنیف و تالیف کے اہتمام کے لیے کسی لائق اہلِ زباں کی ضرورت تھی الفاظ ذیل میں یوں تصویر کھینچی ہے:-

"جن ایام میں کہ درخواست صاحب عالیشان کی، زبان دانانِ ریختہ کے مقدمے میں کلکتے سے لکھنؤ گئی تو پہلے کرنیل اسکاٹ صاحب کے روبرو تقریب میر کی ہوئی لیکن علتِ پیری سے یہ بیچارے مہموں کے محمول ہوئے اور نوجوان نوشق، مرثی گری سے قوتِ بدنی کے، مقبول ہوئے، زمانہ خوش طبعوں سے نہیں خالی ہے، اکثر اہلِ لکھنؤ پکارتے تھے کہ

لہ میر شیر علی افسوس کی طرف اشارہ ہے، جو اسفار میں نواب سعادت علی خاں کے ہمراہ تھے اور نواب آصف الدولہ کے اس جگہ پر مامور کیے گئے تھے۔

کلکتے میں شاعری کی جادر خواست حمائی ہے، کس واسطے کہ یہ جانتے سب اہلِ تمیز ہیں کہ آج بھی بوڑھے کے ساتھ نوجوان غوطے میں موتی ہیں۔ اب بھی جو جوہرِ تمکنتِ معنی کا جز ثقیلِ طبع سے ترازو کرکے وہ دکھاتا ہے جوان اگر کوہ بوتمیں ہے تو تحمل سے اُس کے کمر جُڑاتا ہے۔"

بہر حال اس جگہ کے لیے میر شیر علی افسوس کا انتخاب ہوا اور افسوس ہے کہ میر صاحب ہماری بدقسمتی سے منتخب نہ ہوئے۔ ورنہ کیا عجب ہے کہ وہ نثر میں کوئی ایسی یادگار چھوڑ جاتے جو اُن کی نظم کی طرح مقبولِ خاص و عام ہوتی۔ اور اہلِ زبان اُسے سر اور آنکھوں پر رکھتے۔ فورٹ ولیم کے شعبۂ تصنیف و تالیف کی طرف سے میر شیر علی افسوس نے ۱۷۹۹ء/۱۲۱۴ھ میں باغ اُردو اور ۱۸۰۲ء/۱۲۱۷ھ میں آرائشِ محفل لکھی۔ میر امّن دہلوی نے ۱۸۰۲ء/۱۲۱۷ھ میں باغ و بہار آراستہ کیا اور انہی دنوں میں اخلاقِ محسنی کا ترجمہ کھا در بیتال پچیسی جو محمد شاہ کے زمانہ میں سنسکرت سے بھاشا میں آئی تھی۔ اب عام فہم اُردو ہو کر ناگری میں لکھی گئی اور ۱۸۰۳ء میں مظہر علی ولا نے اُردو میں لکھی لیکن بقول آزاد اس نقارۂ فخر کی آواز مولوی رجا نہیں سکتا کہ میر صاحب سے پہلے شخص ہیں جنہوں نے ۱۸۰۵ء میں قواعدِ اُردو بھلا ایجاد کی تھی میں حقیقت کے چھوں کھلا لے۔

زبانِ اُردو کی عام فہمی دیکھکر مذہب نے بھی اپنی برکت کا ہاتھ اسکے سر پر رکھا یعنی ۱۸۱۸ء/۱۲۳۳ھ میں مولوی شاہ عبدالقادر صاحب نے قرآن شریف کا ترجمہ اُردو میں کیا۔ اس کے بعد مولوی اسمٰعیل صاحب نے بعض رسالے عام اہلِ اسلام کی فہمائش کے لیے اُردو میں لکھے الغرض اپنی آسانی کے وصف سے اُردو نے آہستہ آہستہ فارسی کو پیچھے ہٹانا اور اپنا قدم آگے بڑھانا شروع کیا۔ چنانچہ ۱۸۳۵ء سے سرکاری دفتر بھی اُردو ہونے شروع ہوئے چند سال کے بعد کل دفتروں میں اُردو زبان ہوگئی۔ اسی سنہ میں اخباروں کو آزادی حاصل ہوئی۔ ۱۸۳۶ء میں اُردو کا اخبار دلی میں جاری ہوا اور یہ اس زبان میں پہلا اخبار تھا۔ جو

آزاد کے والد مولوی محمد باقر کے قلم سے نکلا۔ اور دورِ اوّل اپنی اس کارگزاری کے بعد ختم ہوگیا۔

اس کے بعد دوسرے دور کا آغاز ہوا اور ۱۸۳۲ء کے قریب فقیر محمد خاں گویا نے انوارِ سہیلی کا ترجمہ اُردو میں کیا جس کا نام بستانِ حکمت رکھا۔ بعد ازاں ۱۸۴۵ء میں میرزا رجب علی سرور نے فسانہ عجائب تحریر فرمایا اور چند اور قصے لکھے۔ مرزا غالب مرحوم نے باوجود اس کے کہ فارسی زبان کے دلدادہ تھے اور اپنی تمام عمر فارسی میں قادر الکلام ہونے پر صرف کی تھی۔ زمانہ کی نبض دیکھکر خطوط اُردو میں لکھے جو طریقہ ایجاد کیا جس کا تتبع بھی آجتک کما حقہ کسی سے نہیں ہوا اور جس سے القاب و آداب کی جگہ نہایت مختصر القاب و آداب کی بنیاد ڈالی۔ ان کے خطوط میں وہ لطف اور چستی ہے کہ عمدہ سے عمدہ افسانے اور ناول اُن پر قربان ہیں۔ حالانکہ روزمرہ کی باتیں ہیں مگر اندازِ تحریر اس قدر دلچسپ ہے کہ برابر ہی جی چاہتا ہے کہ انہیں پڑھے جاؤ طبیعت کو سیری نہیں ہوتی۔ یہ خطوط کتاب کی شکل میں جمع ہو کر اوّل خود بلدہ ہی کے نام سے اور بعد خطوط اُردوئے معلّٰی کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ اسی زمانہ میں مولانا علامہ امام تمہید نے انشائے ہمایونی اور خان بہادر منشی غلام غوث بے خبر نے جو غالب مرحوم سے دوستانہ تعلقات رکھتے تھے خوشنما یہ جگر اور فغانِ بے خبر دو کتابیں تصنیف فرمائیں اور اس طرح دوسرے دور کا بھی خاتمہ ہوگیا۔ زبان کے ابتدائی مراحل کے لحاظ سے جو کچھ ہوا غنیمت ہوا اور نہ دو چار کتابوں کی تصنیف کسی دَور کے لیے ضرور باعثِ ننگ و شرم ہے۔ اگر غور سے نظر ڈالی جائے تو دوسرے دور سے پہلا دور بہت بہتر تھا۔ پہلے دَور کا خاتمہ یقین دلاتا تھا کہ دوسرا دَور ضرور دیرپا ہوگا لیکن ردِّ عمل کا قانون جو دنیا کی تمام اشیاء پر جاری و ساری ہے یہاں بھی اپنا اثر ظاہر کیے بغیر نہ رہ سکا اور اُردو اپنے عالمِ طفلیت سے ایک قدم آگے نہ بڑھ سکی۔ البتہ دوسرے دَور کی کمی کو تیسرے دَور نے باحسن وجوہ پورا کر دیا اور اُردو کا عالمِ طفلیت ختم ہو کر عنفوانِ شباب کے آثار ظاہر کرنے لگا جس کا ذکر ہم آئندہ چلکر کریں گے +

ے یہ الگ سوچ دوسرے دور کے لکھنے سے ظاہر ہوتی ہے اس دور میں بھی غدر کا کیا کم ہاتھ ہے۔ دوسرے دور کے قائم ہونے کا سنہ فصل ذکر ہوگا

پہلا دور

(سنہ ۱۶۹۸ء سے سنہ ۱۸۳۶ء تک)

آج نثر اُردو کے یکمال اصحاب کا پہلا جلسہ منعقد ہوتا ہے۔ نظم اُردو کا میسرا دور ختم ہو چکا ہے اور اُستادانِ فن اپنی شیریں کلامی اور سخن سنجی سے سب کو اپنا گرویدہ کر چکے ہیں، چوتھے دور کے بادہ خوار میخانۂ اُردو میں اپنی اپنی جگہ آن بیٹھے ہیں اور غزل و قصیدہ کی مشراب ارغوانی کے خم کے خم لنڈھا رہے ہیں اور سامعین کو اپنے دل آویز نغموں سے مست الست بنا رہے ہیں۔ ان اصحاب کی زمزمہ پردازیوں، طرافت اور شستہ بیانیوں سے یک عالم کو مسخر کر لیا ہے اور ایک شخص بھی ایسا نظر نہیں آتا جو ان کا شریف پیرو اور فقیر خوانِ نشاط کی طرف کسی کو مطلق توجہ نہیں۔ جس کو دیکھیے نظم میں کوس لمن الملک بجا رہا ہے اور ہمہ دانی کا دعویٰ کر رہا ہے۔ سید انشاء اللہ خاں انشا کہ جن کی طبیعت ہمہ گیر واقع ہوئی ہے اور لاف و گزاف اُن اصحاب سے سننے کی متحمل نہیں ہے جو زبان اور اہل زبان سے اگلے دور میں اُن کی نمائش اور اُن کی غلطیوں کو طشت از بام کرنے کے لیے دریائے لطافت بود اہل تو اعدا اُردو ہے فارسی زبان میں تحریر کرتے ہیں۔ اور ایک دستان اُردو میں لکھتے ہیں جس میں عربی فارسی کا ایک لفظ بھی استعمال نہیں کیا۔ اور مہر استون خلعت میں بیچارگی صاف اور شستہ زبان میں وہ دلچسپ قصہ تحریر کرتے ہیں جو باغ و بہار کے نام سے مشہور ہے اور جس کی ادنیٰ صفت یہ ہے کہ زبان کے اس قدر تغیر و تبدل کے باوجود اب بھی اُس سے بہتر زبان میں اُس قصہ کا لکھا جانا ممکن نہیں ہے۔ اس پہلے دور میں یہ دو اصحاب یکمال نظر آتے ہیں۔ اگرچہ بلحاظ زمانہ تصنیف میر شیر علی افسوس کے سرخ حاشیہ کا تاج نظر آتا ہے اور چار درویش کا قصہ موسوم بہ نوطرز مرصع سنہ ۱۲۱۳ ہجری میں تصنیف ہو کر

نشر و نما پاتا ہے تاہم باغ و بہار جو ۱۸۰۱ء میں آراستہ ہوئی مقبولیت کے پھولوں کا
بار بار پتے ہوئے ہے۔ مصرع قبول خاطر و لطف سخن خداداد است۔

فورٹ ولیم کالج کلکتہ کے ماہر منشی راجی ایتی کوششوں کے حافظ شکریہ
مستحق ہیں۔ اردو نثر کے ایوان عظیم الشان کی بنیاد رکھنے میں جس قدر روڑے اور پتھر یزوں
کی ضرورت ہے وہ اُن کا قلم آج مہیا کر رہا ہے۔ یہ شریر سے عمارت کی بنیاد پختہ کرنے
کیلئے آج جو اہر یزوں سے زیادہ قیمتی ہیں بعد ضرورت تکمیل عمارت کے بعد محض زیب
و آرائش کے لیے ہوگی۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا خاندان جس ہونہار بچے کے سر پر اپنا دست شفقت
رکھتا ہے اور مذہبی تقدس کے ساتھ اسے بھی یگانہ روزگار کی دعا دیتا ہے، خدا کرے یہ بچہ
خاندان پر پھولے پھلے اور پھلے۔ آمین یارب العالمین۔

نوٹ: بہت سے گزشتہ علمائے اہل حدیث کی سوانح عمری لکھتے ہوئے ہمیں یہ بھی دریافت ہوا ہے کہ بعض
ہندو ساہوکار بھی اردو زبان کی ترقی میں حصہ لیتے رہے ہیں۔ اگر کسی صاحب کے پاس
موجود ہوں تو براہ کرم راقم آثم کو اطلاع دیں۔ اس کتاب کے آئندہ ایڈیشن میں ان کے حالات بھی
درج کیے جائیں گے۔ عوام میں جو کتابیں مذہبی نقطہ نظر سے قابل اعتراض ہوں ان کی بھی فہرست
دی جائے گی۔

کتب نجوم و ہیئت

۱۔ مقنن الادراک۔ از عبد السلام کلکتہ
۱۸۳۰ء صفحات ۲۰۰

۲۔ نظام سماوی و انگریزی ہیئت کا ترجمہ ہندوستانی
کلکتہ ۱۸۳۰ء

۳۔ علم ہیئت مذہب بطلیموس و حل الکواکب
۱۸۳۰ء

جغرافیہ

۱۔ خلاصۃ علم الاماکن (ترجمہ انگریزی) کلکتہ ۱۸۲۴ء

۲۔ ترجمہ تاریخ ایم کلکتہ ۱۸۳۰ء صفحات ۱۸۰

علم المعاشرت

۱۔ اقبال فرنگ، بیان عادات و آداب
و احوال فرنگ۔ از نواب اقبال الدولہ بہادر
کلکتہ ۱۸۳۶ء۔

میر محمد عطا حسین خاں تحسین

آپ کا نام میر محمد عطا حسین خاں ہے اور تحسین تخلص ہے۔ لیکن آپ مشہور شاعر نہیں معلوم ہوتے کیونکہ میر زا علی لطف نے اپنے تذکرہ گلشن ہند میں آپ کا کوئی ذکر نہیں کیا جن کے آپ ہمعصر تھے۔ اور اب تک جس قدر تذکرے اردو شعراء کے حال میں لکھے گئے ہیں کہیں آپ کا نام نامی نظر نہیں آتا۔ گلخانۂ جاوید میں بھی آپ کا ذکر خیر نہیں بعالانکہ اس میں ایک آدھ شعر کا لکھنے والا بھی مہمل شعراء میں داخل ہے۔ آبحیات میں آزاد مرحوم مولوی محمد حسین آزاد نے آپ کو نثر اردو لکھنے والوں میں شمار کیا ہے۔ مگر شاید ان کو اردو میں بھی آپ کسی درجہ اعلیٰ پر نہیں پہنچے۔ آپ اکثر اوقات دہلی رہتے تھے۔ لیکن سو سوا سو برس پہلے دلی اور لکھنؤ کی زبان کا جو چرچا تھا اس سے آپ کو کون خاطر میں لاتا ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ گو آپ امیر خسرو کی تتبع میں چہار درویش کو آپ نے ۱۲۱۳ھ میں ترجمہ کرکے نو طرز مرصع اردو نام رکھا تھا مقبول عام نہ ہوا۔ اور میر امتن نے ۱۲۱۷ھ میں اسی کتاب کو دلی کی اعلیٰ زبان میں تحریر کیا اور فارسی کی اصل کتاب سے خود ترجمہ کیا۔ اس کا نام باغ و بہار رکھا گیا۔ آج کل بازار میں یہی کتاب فروخت ہوتی ہے اور نو طرز مرصع کا کہیں پتہ نہیں۔ کتاب سبک ہے اس لئے آپ کے نام نامی سے بھی لوگ بے خبر ہو جاتے اس لیے چند سطر حوالہ قلم کی ہیں کہ اور کچھ آپ کی یادگاروں کے دلوں میں رہے زیادہ حالات معلوم نہ ہوئے دوبارہ تحریر کیے جائیں گے۔

ڈاکٹر جان گلکرائسٹ

یہ عجیب بات ہے کہ فارسی جو مسلمان فاتحوں کی بھی زبان تھی ان کے دور سلطنت میں سرکاری دفاتر میں ایک ہندو یا ایرانی کی کوشش سے داخل ہوئی اور دوسرے

دور میں یعنی مسلمانوں کے عہد تنزل میں اُردو نے ایک انگریز کی وساطت سے دربار سرکار میں رسائی پائی وہ کون؟ ڈاکٹر جان گلکرائسٹ جس نے اُس وقت کے قابل قابل لوگ بہم پہنچائے اور مختلف کتابیں لکھوانا شروع کیں حقیقت یہ ہے کہ اُردو نثر کا لکھنا اُسی وقت سے شروع ہوا اور یہ کہنا بجا ہیں ہے کہ نظم اُردو پر جو احسان ولی نے کیا اُس سے زیادہ نثر اُردو پر جان گلکرائسٹ نے کیا ہے کیونکہ اُس نے نہ صرف زبان اردو کی تو امداد لغت تحریر کی بلکہ اور لوگوں سے بھی مختلف کتابیں لکھوائیں۔ ہم نے اس حسن اردو کو مصنفین اُردو میں شمار کیا ہے۔

آپ کی تالیفات کا سلسلہ ۱۷۹۸ء سے شروع ہو جاتا ہے، آپ نے اُردو زبان پر بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن میں سے حسب ذیل زیادہ مشہور ہیں۔

(۱) انگریزی ہندوستانی لغت کلکتہ ۱۷۹۸ء

(۲) ہندوستانی علم اللسان جس میں انگریزی، ہندوستانی اور ہندوستانی انگریزی کی فرہنگ ہے اور شروع میں صرف و نحو پر مقدمہ بھی ہے جو دوسرے ایڈیشن میں مع اضافہ و ترمیم شائع ہوا۔ اڈنبرا ۱۸۱۰ء۔

(۳) ہندوستانی کی صرف و نحو کلکتہ ۱۷۹۶ء

(۴) قواعد زبان یعنی ہندوستانی کی مقبول زبان کا آسان مقدمہ جس میں زبان کے ابتدائی مسائل اور انگریزی ہندوستانی اور ہندوستانی انگریزی لغت بھی شامل ہے کلکتہ ۱۷۹۸ء۔

(۵) کتاب مذکورہ بالا کا اضافہ بعض اضافوں کے ساتھ۔ کلکتہ ۱۸۰۰ء۔

(۶) فارسی نحو کا مجدد یہ نظر یہ ہندوستانی طلبا کے لئے۔ کلکتہ ۱۸۰۱ء۔

(۷) ہندوستان کی سب سے بڑی اور قبول زبان ہندوستانی کا رہنما (اجنبیوں کیلئے) کلکتہ ۱۸۰۲ء

(۸) تالیوں ہندوی یعنی فارسی طلبا کے لیے ہندوستانی کی تحصیل کا آسان رستہ، یہ کتاب کالج کے

شعبۂ ہندوستانی کے علماء نے ڈاکٹر گلکرائسٹ کی ہدایت و نگرانی میں ترجمہ اور مرتب کی۔ کلکتہ ۱۸۰۳ء۔

(۹) ہندی عربی آئینہ۔ یعنی ایسے عربی الفاظ کی جدولیں جن کا ہندوستانی زبان سے خاص تعلق ہے۔ کلکتہ ۱۸۰۵ء۔

(۱۰) مکالمہ (انگریزی و ہندوستانی) یہ کتاب یورپین لوگوں کے لیے تھی تاکہ عام مضامین پر بول چال میں انہیں مہارت حاصل ہو اور وہ ہندوستان کے باشندوں کے ساتھ گفتگو کر سکیں۔ لندن ۱۸۰۵ء۔

(۱۱) قصص مشرقی۔ اس میں حکایات لقمان اور قدیم حکایات و قصص کا ترجمہ انگریزی سے ہندوستانی اور فارسی وغیرہ میں کیا گیا ہے۔ کلکتہ ۱۸۰۳ء وغیرہ۔

ڈاکٹر صاحب نے ایک حصہ انگریزی ہندوستانی لغت کا تیار کر کے ۱۷۹۸ء میں طبع کرایا۔ مگر دوسری جلد ہندوستانی انگریزی لغت ختم نہ کر سکے۔ علاوہ اُن تمام دقتوں کے جن سے وہ گھبرا گئے تھے۔ ایک دقت یہ بھی تھی کہ خریدار ہم نہ پہنچے۔ صرف ۷۰ صاحبوں نے خریداری منظور کی حالانکہ خرچ کا اندازہ کم سے کم چالیس ہزار روپے کا کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کام کو نہایت حسرت کے ساتھ خیرباد کہا۔

ڈاکٹر صاحب نے انیسویں صدی کے شروع میں بمقام فورٹ ولیم کلکتہ اُردو کا ایک محکمہ قائم کیا جس کا ابتدائی اور اصلی مقصد یہ تھا کہ جو انگریز یہاں ملازمت اختیار کرتے ہیں اُن کی تعلیم کے لیے اُردو کی مناسب اور مفید کتابیں تالیف کرائی جائیں۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب ہی کی اس دلچسپی کا نتیجہ تھا کہ اُردو میں بہت سی کتابیں تالیف یا ترجمہ ہوئیں۔ اور ڈاکٹر صاحب ہی کے اہتمام سے چھپیں۔

خدا کرے کہ یہ شجرۂ اُردو دلی کی آبیاری سے ہوئے ڈاکٹر جان گلکرائسٹ نے کی تھی خوب پھولے اور پھلے اور ہزارہا سال کے آئندہ زمانے میں اس کی شاخیں اقصائے عالم

عبارت بھی میرامنؔ دہلوی جیسی صاف شستہ اور بامحاورہ ہے۔ شاہ عبدالقادر صاحبؒ کے دیباچہ یا ترجمہ جیسی نہیں بمطلب سمجھنے میں کسی قسم کی دقت یا رکاوٹ کا کیا ذکر بلکہ زبان آجکل کے مذاق کے مطابق ہے، بشرطیکہ دو چار جگہ تھوڑی سی تبدیلی کردی جائے۔

پہلا قصّہ:- "سنا ہے کہ خراسان کے ملک میں ایک بادشاہ تھا کہ لاکھوں سوار و پیادے اُس کے جلوس میں ہمیشہ ساتھ رہا کرتے تھے، اور عدل و انصاف میں ایسا تھا کہ شیر و بکری کو ایک گھاٹ پر پانی پلاتا تھا بلکہ اپنے بیٹے کا بھی پاس نہ کرتا تھا، اُس کے وقت میں ہر زرخ سوداگر نہایت مالدار تھا۔ اپنے گماشتوں کو ہر ایک ملک میں سوداگری کا مال و اسباب دیکر بھیجا کرتا تھا اور آپ اُس ملک میں دیکھی سے رہتا تھا۔ بادشاہ سے بھی اُس نے بہت سی رسوخیت بہم پہنچائی تھی اور بادشاہ کی بھی اُس پر کمال مہربانی تھی۔ ایک مدت بعد قریب المرگ پہنچا، اُس کی زندگی کا پیالہ بھرنے لگا۔ وہ حسن بانو کے سوا بیٹا بیٹی کوئی نہ رکھتا تھا، چنانچہ وہ مال اُسی لڑکی کو ملا۔ اُس وقت وہ بارہ برس کی تھی۔ آخر اس کو اس نے اپنے گھر کا وارث کیا اور اُس کو بادشاہ کے سپرد کرکے آپ مُلکِ عدم کا رستہ لیا۔ بادشاہ نے اُسکو بھی اپنی لڑکیوں کی طرح رکھا اور اُس کے زر و جواہر کا کچھ لالچ نہ کیا۔ بلکہ وہ سب اسباب اُسی کو سونپا۔ چند روز بعد جب وہ لڑکی سیانی ہوئی تو اپنے ذہن کی رسائی اور نیک بختی کے باعث سے دائی سے کہا کہ اے مادر مہربان دنیا مانند حباب ہے، اس کا مٹنا کچھ بڑی بات نہیں، اس قدر دولت تنہا لیکر میں کیا کروں گی۔ مصلحت یہی ہے کہ اس کو خدا کی راہ میں لٹا دوں اور آپ کو آلائشِ دنیاوی سے پاک رکھوں اور شادی نہ کروں بلکہ یادِ خدا میں مصروف رہوں، اس واسطے تم سے پوچھتی ہوں کہ اس سے کس طرح چھٹکارا پاؤں۔ جو مناسب جانو کہو۔ دائی نے کہا۔ اے جانِ پدر تو ان سات سوالوں کا اشتہار لکھکر دروازہ پر چپکا دے اور یہ کہہ کہ جو کوئی میرے سوالوں سوال پورے کریگا میں اُسکو قبول کرونگی اور وہ سوال یہ ہیں۔ پہلا سوال یہ ہے کہ وہ کیا ہے جو ایک بار دیکھا دوسری بار دیکھنے کی ہوس ہے۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ نیکی کر اور دریا میں ڈال

تیسرا سوال یہ ہے کہ کسی سے بدی نہ کرا گر کرے گا تو وہی پائیگا۔ چوتھا سوال یہ ہے کہ سچ کہنے والے کو ہمیشہ راحت ہے۔ پانچواں سوال یہ ہے کہ کوہ ندا کی خبر لاوے۔ چھٹا سوال یہ ہے کہ وہ موتی جو مرغابی کے انڈے کی برابر بالفعل موجود ہے اُس کی جوڑی پیدا کرے۔ ساتواں سوال یہ ہے کہ تمام باد گرد کی خبر لاوے۔ حسن بانو نے دانائی کی اس بات کو پسند کیا اور خوش ہو کر دل میں کہا وہ ایسا کون ہے جو ان ساتوں سوالوں کو ہم پہنچائیگا۔ انہی گمان پر وہ ہر وقت روزہ نماز میں مشغول رہتی۔ ایک روز کوٹھے پر سے بازار کا تماشا دیکھ رہی تھی کہ اتنے میں ایک فقیر بزرگ صورت مع چالیس خادموں کے اس کی طرف سے گزرا۔ وہ بادوں زمین پر نہ رکھتا تھا۔ چنانچہ اُس کے ساتھی سونے چاندی کی اشرفیں لٹاتے اور وہ ان پر قدم رکھتا چلا جاتا تھا۔ حسن بانو نے یہ حال دیکھ دائی سے کہا کہ سچ ہے یہ فقیر بڑا صاحب کمال معلوم ہوتا ہے جو اس شان و شوکت سے راہ چلتا ہے۔ اس نے کہا یہ بادشاہ کا پیر ہے۔ ہر مہینہ میں بادشاہ دو چار بار اس کے پاس جاتا ہے اور کبھی یہ بھی بادشاہ کے پاس آتا ہے۔ اس کی برابر یہاں کوئی درویش نہیں کیونکہ یہ نہایت پرہیزگار ہے۔ حسن بانو نے کہا کہ تم پرسوں کی دعوت میں فقیر کی مہمانی کرو اور گڑی ہوئی بدگر تعریف کرو۔ اور اپنی آنکھیں اُسکے قدموں پر ملو۔ دائی نے کہا یہ کام تو شوق سے کرونگی مشہور ہے آنکھوں کو میچے مٹھ تک۔ غرض اُس نے اُس فقیر سے کہلا بھیجا کہ کسی دن میرے غریب خانہ کو اپنے قدم مبارک سے روشن کرو تو یہ کمترین دونوں جہان کی دولت حاصل کرے اور اپنے دامن مراد کو گوہر مقصد سے بھرے۔ غرض ایک شخص نے اُس فقیر سے جاکر کہا کہ بزرگوں کو لازم ہے کہ خوردوں پر مہربانی کرکے اُنکے دہن تمنا کو گل مراد سے بھریں۔ یہ اس نے قبول کیا اور کہا ضرور آؤنگا کیونکہ یہ سنت نبوی ہے۔ جو اس سے پہلے وہ قعر جہنم میں گرے۔ مگر آج مجھے کام ہے۔ کل ضرور آؤنگا۔ یہ خبر حسن بانو کو پہنچی کہ کل دو چار گھڑی دن چڑھے شاہ صاحب مع چالیسوں آدمیوں کے رونق افزا ہونگے۔ یہ سنکر اُس نے بہتیرے کھانے پکوائے اور کئی خوان میوے و مٹھائی کے تیار کیے۔ اور لائی شمعیان روحوا

کی بھی شاہ صاحب کی نذر کے لیے رکھیں، اس امید پر کہ کل شاہ صاحب آئیں گے تو اُن کی نذر یہ کروں گی۔ اسی انتظار میں تھی کہ صبح کو وہ درویش مع چالیس فقیروں کے سونے چاندی کی اینٹوں پر قدم رکھتا ہوا حسن بانو کے گھر تک آیا۔

کروں صف اسکا میں بیان کیسے کیسے — وہ ظاہر میں انسان ہے مسخرا
جو باطن پہ اُسکے کروں میں نظر — تو شیطاں سے بھی ہے وہ ابلیس تر
نہ بالے کا خطرہ نہ بوڑھے کا غم — وہ بے قتل کرنے میں تیغ دو دم

اور حسن بانو نے دروازہ سے نشستگاہ تک زرین فرش بچھوا رکھا تھا۔ وہ اُس کو روندتا ہوا مسند شاہانہ پر آ بیٹھا۔ خواجہ سرا زرد جواہر کی کشتیاں روبرو لائے۔ اُس نے قبول نہ کیا اور کہا یہ اسباب میرے کس کام کا ہے۔ اس کے بعد ایک دستر خوان لطیف اور پاکیزہ بچھا کر اُس پر سونے چاندی کے خوان میوے سے بھرے ہوئے رکھے۔ اُس میں ہر قسم کے کھانے بھی تھے اور فرش شاہانہ بچھا تھا اور پردے زربفت کے کلابتون کی ڈوریوں سے دروں پر بندھے تھے۔ اور ایک مغنیہ ماہ لقا اُس کے آگے جھجھکا رہا تھا اور خوبصورت لباس زرّیں پہنے، سونے چاندی کی چھڑیاں ہاتھ میں لیے اور ہاتھ دھلوا کر ہاتھ جوڑے مؤدب کھڑے عرض کرنے لگے کہ ہماری بڑی اس بات کی آرزو مند ہے کہ خداوند کچھ تناول کریں۔ یہ بات سنکر وہ مکار کھانا کھانے لگا۔ اور سونے چاندی کے اسباب کو بھانپنے لگا اور یہ خیال پر اپنے جی میں کہتا تھا کہ یہ زرِ خالص سودا کر کر مالدار ہوتا جاتا ہے اسباب بادشاہوں کی طرح چھوڑ گیا۔ آج ہی رات کو یہ سب اپنے گھر پر بھجوا دینا چاہیے۔ اسی سوچ میں اُس نے تھوڑا بہت کھانا کھا کر ہاتھ دھو کر کہا کہ پھر خاصہ جڑاؤ عطا دان لائے۔ اُس نے وہ عطا اپنی ڈاڑھی اور پوشاک میں ملا اور ظروف مینا کار کر آنکھ اور سر پر لگا کر، ماماں، خیر خصت، حسن بانو کے کوٹھے پر اُس کی ضیافت کے کاروبار میں تمام رات کو بے اختیار ہو کر سوتے رہے۔ نہ اُنہوں نے کہ بھوں سے دروازے بند کیے، نہ زر و جواہر کو سنبھالنے سے رکھا۔ یہ رات گئے وہ نکمت انسان جھومتا

شیطان خصلت اپنے چالیسوں چوروں کے ساتھ اُس کی حویلی میں آیا اور تمام زر و جواہر غارت کرنے لگا۔ اس عرصہ میں تھوڑے لوگ جاگ اُٹھے، وہ ان ظالموں کے ہاتھ سے زخمی ہوئے اور کچھ مارے گئے۔ حسن بانو کنڑکی سے جھانک رہی تھی اور سب کو پہچانتی تھی کہ افسوس یہ ہوا تو وہی خانہ خراب فقیر اور اُس کے ساتھی ہیں۔ اس کا علاج کوئی کیا کرے۔ غرض رات اسی ہیچ مچاؤ میں کاٹی۔ صبح کو مقتولوں اور زخمیوں کو پیادہ پا لے کر بادشاہ کے حضور میں لگی اور فریادیوں کی طرح آواز بلند دہائی دینے لگی کہ میں لٹ گئی۔ بادشاہ نے پوچھا کون ہے اور کس کے ظلم سے تجھ پر یہ بیقراری ہے۔ خیر خواہوں نے عرض کی کہ ترنج سوداگر کی لڑکی چار پایوں پر لٹی زخمی اور مُردے لائی ہے۔ اور رو رو کر فریاد کرتی ہے کہ اگر جہاں پناہ نزدیک بلا میں تو یہ لونڈی کچھ اپنی مصیبت کا حضور میں بیان کرے۔ یہ سُنکر بادشاہ نے نزدیک بُلا کر پوچھا۔ اُس نے مجرا دیکر کہا۔ عصمۃ وہوات خداوند کی پڑے اور مہر انصاف سے جہاں ہستی پر تا قیامت جلوہ گر رہے۔ کل دن کو لونڈی نے فقیر کی دعوت کی تھی، اُس نے یہ غضب جھیرا کیا کہ پہر رات گئے اپنے چالیسوں ساتھیوں سمیت آ کر میرے گھر کو لوٹا۔ اس میں کو زخمی کیا اور چار کو مار ڈالا اور گیارہ بارہ لاکھ روپے کا زر و جواہر لے گیا۔ خدا اُس کا ستیاناس کرے۔ اس ظلم و ستم اُس نے مجھ پر کیا۔ یہ سُنکر بادشاہ غصہ ہو کر کہنے لگا اے بے وقوف تجھے کچھ بھی شعور ہے جو ایسے ولی کو تہمت لگاتی ہے، وہ تمام جہان کی چیزوں سے نفرت رکھتا ہے۔ حسن بانو نے جھٹ کہا کہ اے حضرت ایسے کافر کو ولی نہ کہیے، یہ تو شیطان سے بھی زیادہ ہے۔ آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں ؎

اس کو کس طرح سے کہیں انساں ۔۔۔ ہے یہ ملعون زادہ شیطاں

اس بات کو سُنکر وہ اور بھی غضبناک ہوا اور تاؤ پیچ کھا کر کہنے لگا کہ ارے کوئی ہے جو اس کمبخت لڑکی کو میرے سامنے ہی سنگسار کرے کہ یہ اپنی سزا کو پہنچے تاکہ اوروں کو عبرت ہو اور پھر کوئی یہ حرکت نہ کرے کہ ایسے بزرگ کو یہ بات کہے۔ اسے میں ایک وزیر

نیکچوپنی جگت سے اٹھا اور پایۂ تخت شاہی پر کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا کہ جہاں پناہ! یہ وہی برنج سوداگر کی بیٹی ہے کہ جس کے سر پر حضور دست شفقت اس کے باپ کی زندگی میں پھیرتے تھے اور پیار کر کے پاس بٹھاتے تھے۔ آج اسکو شگون کرتے ہو۔ اس کو مارو گے تو ان غلاموں کے دلوں سے خداوند کی مہربانی اور بندہ پروری کا اعتماد اپنے فرزندوں کے حق میں اٹھ جائیگا اور ہر ایک اس اندیشہ سے ہلاک ہوگا کہ جہاں پناہ ہمارے فرزندوں کے ساتھ بھی یہی سلوک کرینگے جو آج اس لڑکی کے ساتھ کرتے ہیں اور اس کا خیال کر کے کنارہ کش ہونگے۔ اغلب ہے کہ غصہ سے جامہ میں اور حضور سے دشمنی کریں۔ یہ واجب تھا عرض کیا۔ آگے جو مرضی خداوندی کی بادشاہ نے کہا کہ میں نے تیری سفارش اور برنج سوداگر کی روح کی خاطر سے اس کی جان بخشی کی۔ مگر یہ یہاں سے چلی جائے اس شہر سے نکلجاوے بلکہ حضور عالی کے لوگ اس کو نکالدیوے آگرہ سے لیکر جہاز دکا تک اس کا توشہ خانہ میں داخل کریں۔

میر زا علی لطف

آپ کا نام میر زا علی ہے اور لطف تخلص ہے۔ آپکے والد ماجد حکیم بیگ خاں اسفرا باد کے رہنے والے تھے۔ ۱۱۵۵ھ ہجری میں نادر شاہ کے ساتھ ہندوستان میں آباد ہوئے اور ابو المنصور خاں صفدر جنگ کی وساطت سے دربار شاہی میں رسوخ پایا۔ فارسی کے شاعر تھے اور صبحی تخلص کرتے تھے۔ ہندی میں میر زا علی لطف باپ ہی کے شاگرد تھے۔ لطف اپنے تذکرہ گلشن ہند کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:۔ "میرا ارادہ سیر جنید رآباد کا تھا۔ مگر چونکہ شیفتہ اخلاق نے بڑے اخلاق اور تپاک کے ساتھ مجھ سے اس تذکرہ کے لکھنے کی خواہش کی لہذا میں نے اسے بسر و چشم قبول کیا" اس کے بعد نواب سعادت علی خاں اور مارکوئس آف ولزلی کا ذکر کرتے ہیں اور پھر لکھتے ہیں کہ "موافق حکم اس صاحب والا مناقب

کے گمنام نامی اور اسم گرامی اُس کا اوپر مذکور ہوا ہے۔ اس میخمدان نے یہ تذکرہ لکھا۔ تذکرہ گلشن ہند مؤلفہ لطف نے ۱۲۰۱ھ میں ترتیب دیا۔ لطف ایک معمولی شاعر ہیں۔ غزل و قصیدہ و مثنوی سب کچھ لکھا ہے۔ مگر کلام میں لطف نہیں۔ البتہ یہ تذکرہ ایک ایسا کارنامہ ہے جو اردو دان میں تاریخ یاد گار رہے۔ زبان صاف اور سادہ ہے تاہم قافیے کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ بعض باتیں اس تذکرہ میں ایسی درج ہیں جن کا ذکر کسی اور جگہ نہیں پایا جاتا۔ تاریخی حالات بھی خوب درج کیے ہیں۔ خود شیعہ ہیں اور بعض اہل سنت کا ذکر تعصب کے ساتھ کرتے ہیں یہاں تک کہ بعض باتیں ایسی لکھ جاتے ہیں جو سنی سنائے پر بیان کر جاتے ہیں مثلاً شاہ ولی اللہ صاحب کی نسبت لکھا ہے کہ "ترجمہ بعض فی بعض شہادت حسنین اور حضرت العالیہ فی مناقب معاویہ" ان کی تصانیف سے ہیں۔ حالانکہ ان مباحث میں کوئی تصنیف نہیں ہے۔ نہ شہادت حسنین کا ابطال کیا ہے۔ نہ مناقب معاویہ میں کوئی کتاب لکھی ہے۔ اس کے بعد یہ لکھا کہ "یہ والد ہیں شاہ عبدالعزیز کے" خوب ہجو ملیح کی ہے۔ یا تا شاہ کے حالات میں لطف نے لکھا کہ "شاہ کی نسبت یوں گہر افشانی فرمائی ہے کہ خلد مکاں نے استیصال بادشاہان دکن کا جو اس دولت سے کیا اور مکہ مسجد کو کھدوا کے وہاں پر مظلہ اپنی گردن پر لیا خدا جانے اس حرکت کا کیا مفاد ہے" مکہ مسجد کا کھدوانا بالکل صریح جھوٹ ہے۔ تعجب ہے کہ مؤلف نے جو خود حیدرآباد میں رہا ہے اس کذب کا لکھنا کیونکر گوارا کیا۔ ہمیں شاید ناظرین کو یہ یقین دلانے کی ضرورت نہیں کہ مکہ مسجد موجود ہے اور اب تک نظر سے محفوظ ہے۔

لیکن باوجود ان سب باتوں کے میرزا لطف بعض اوقات سچ کہنے میں بھی تامل نہیں کرتے اور بے کم و کاست بیان کر جاتے ہیں۔ مثلاً نواب آصف الدولہ کے حالات میں اُن کی داد و دہش اور مروت کی بے انتہا تعریف کی ہے مگر آخر میں صاف لکھ دیا ہے:۔

"افسوس یہ ہے کہ فوج اور ملک کی طرف سے غفلت تھی۔ نائبوں کے ہاتھ میں اصالتاً

نیکو اپنی جگہ سے اٹھا اور پایۂ تخت شاہی پر مکرر عرض کرنے لگا کہ جہاں پناہ! یہ وہی برزخ سوداگر کی بیٹی ہے کہ جس کے سر پر حضور دست شفقت اس کے باپ کی زندگی میں پھیرتے تھے اور پیار کر کے پاس بٹھاتے تھے۔ آج اسکو سنگسار کرتے ہو۔ اس کو مارو گے تو ان غلاموں کے دلوں سے خداوندکی مہربانی اور بندہ پروری کا اعتماد اپنے فرزندوں کے حق میں اٹھ جائیگا اور ہر ایک اس اندیشہ سے ہلاک ہوگا کہ جہاں پناہ ہمارے فرزندوں کے ساتھ بھی یہی سلوک کرینگے جو آج اس لڑکی کے ساتھ کرتے ہیں اور اس کا خیال کر کے کنارہ کش ہونگے، اطاعت سے گریز کرینگے اور حضور سے دشمنی کریں۔ واجب تھا عرض کیا۔ آگے جو مرضی خداوندکی۔ بادشاہ نے کہا کہ میں نے تیری سفارش اور برزخ سوداگر کی روح کی خاطر سے اس کی جان بخشی کی۔ اگر تیرا بھلا چاہتی ہے تو اس شہر سے نکل جا دے مکہ حضور عالی کے لوگ اس کو نکالا دے آئیں۔ اور زرد جواہر سے لیکر جھاڑ دکا تر کا تک اس کا توشہ خانہ میں داخل کریں۔

میرزا علی لطف

آپ کا نام میرزا علی ہے اور لطف تخلص ہے۔ آپکے والد ناظم بیگ خاں اسفراباد کے رہنے والے تھے۔ ۱۱۵۵ھ میں نادر شاہ کے ساتھ ہندوستان آباد آتشریف لائے اور ابوالمنصور خاں صفدر جنگ کی وساطت سے دربار شاہی میں رسوخ پایا۔ فارسی کے شاعر تھے اور ہجری تخلص کرتے تھے۔ فارسی میں **میرزا علی لطف** باپ ہی کے شاگرد تھے۔ لطف نے گلشن ہند کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:۔ "میرزا ارادہ سیر حیدرآباد کا تھا۔ مگر چونکہ شکر اللہ نے بڑے اخلاق اور تپاک کے ساتھ مجھ سے اس تذکرہ کے لکھنے کی خواہش کی لہذا میں نے اسے بسر و چشم قبول کیا" اس کے بعد نواب سعادت علیخاں اور مارکوئس آف ولزلی کا ذکر کرتے ہیں اور پھر لکھتے ہیں کہ موافق حکم اس صاحب والا مناقب

کے گمنام نامی اور اسم گرامی اُس کا اوپر مذکور ہوا ہے۔ اس ہیچمدان نے یہ تذکرہ لکھا "
تذکرہ گلشن ہند مؤلفہ نے ۱۸۰۱ء میں ترتیب دیا۔ لطف ایک معمولی شاعر ہیں۔ غزل
و قصیدہ و مثنوی سب کچھ لکھا ہے۔ مگر کلام میں لطف نہیں۔ البتہ یہ تذکرہ ایک ایسا کارنامہ ہے
جو اردو زبان میں قابل یادگار ہے۔ زبان صاف اور سادہ ہے تاہم قافیے کو ہاتھ سے جانے
نہیں دیتے۔ بعض باتیں اس تذکرہ میں ایسی درج ہیں جن کا ذکر کسی اور جگہ نہیں پایا جاتا۔
تاریخی حالات بھی خوب درج کیے ہیں۔ خود شیعہ ہیں اور بعض اہل سنت کا ذکر تعصب
کے ساتھ کرتے ہیں یہاں تک کہ جھوٹی باتیں بالکل الٹی اور کذب سے پُر بیان کر جاتے ہیں
مثلاً شاہ ولی اللہ صاحب کی نسبت لکھا ہے کہ "ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ فی ابطال شہادت حسنین اور
حجتہ العالیہ فی مناقب معاویہ ان کی تصنیف سے ہیں" حالانکہ ان مباحث میں کوئی
کوئی تصنیف نہیں ہے۔ نہ شہادت حسنین کا ابطال کیا ہے۔ نہ مناقب معاویہ میں
کوئی کتاب لکھی ہے۔ اس کے بعد یہ لکھا کہ "یہ والد ہیں شاہ عبدالعزیز کے" خوب صحیح
کی ہے۔ یا تاریخ شاہ کے حالات میں لطف نے صاحب لگیر کی نسبت یوں گہر افشانی فرمائی ہے کہ
"خطہ مکاں نے استیصال بادشاہان دکن کا جو اس سنت سے کیا" اور "مکہ مسجد کو کھدوا
دہ کیچہ مظلمہ اپنی گردن پر لیا" خدا جانے اس حرکت کا کیا مفاد ہے" مکہ مسجد کا کھدوانا نرا بہتان اور
صریح جھوٹ ہے۔ تعجب ہے کہ لطف نے جو خود حیدرآباد میں رہا ہے اس کذب کا لکھنا
کیونکر گوارا کیا۔ ہمیں شاید ناظرین کو یہ یقین دلانے کی ضرورت نہیں کہ مکہ مسجد موجود ہے
اور اب تک نظر بد سے محفوظ ہے۔

لیکن باوجود ان سب باتوں کے میرزا لطف بعض اوقات سچ کہنے میں بھی تامل
نہیں کرتے اور بے کم و کاست بیان کر جاتے ہیں۔ مثلاً نواب آصف الدولہ کے حالات میں
اُن کی داد و دہش اور مروت کی بے انتہا تعریف کی ہے مگر آخر میں صاف لکھ دیا ہے۔
"افسوس یہ ہے کہ فوج اور ملک کی طرف سے غفلت تھی۔ نائبوں کے ہاتھ میں اصالتاً

تک کا سرانجام رکھا، آپ سیر و شکار سے کام رکھا، مشیر کوئی لائق اور کام کا نہ پایا، اس واسطے ساتھ عزم کے رتبہ نام کا نہ پایا۔"

اس تذکرہ کی چند خصوصیات مولوی عبدالحق صاحب کے مقدمہ سے انتخاب کرکے لکھی جاتی ہیں:-

(۱) اول تو شوق سے برس پہلے کی زبان ہے جس سے زبان کے متعلق بہت کچھ پتہ لگ سکتا ہے اور محقق علم اللسان کو اور نیز ان لوگوں کو جنھیں زبان کا چسکا ہے بہت کچھ نئی باتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔ دکن کی زبان میں جو الفاظ جو روزمرہ بول چال میں آتے ہیں اور جو لوگوں کو جنبی معلوم ہوتے ہیں وہ حقیقت پر ان کی زبان کی یادگار ہیں۔ مثلاً "کرکے" کا خاص استعمال جو دکن میں اور مرہٹہ مستعمل ہے اس تذکرہ میں بھی جا بجا موجود ہے۔ جیسے:-

"شورش تخلص مستعفی عظیم آباد کے شہر میں رہا کرکے تھے۔"

فعل کے بعض استعمال بھی جو ہمیں رر آباد میں کثرت سے سننے میں آتے ہیں اس کتاب میں پائے جاتے ہیں۔ مثلاً فعل متعدی میں فعل بلحاظ مفعول کے آتا ہے مگر اس کتاب میں بعض جگہ فاعل کے لحاظ سے آیا ہے۔ دکن میں عموماً اسی طرح بولتے ہیں صفیا کے حال میں لکھا ہے:-

"دلی سے جب لکھنؤ میں آئے تو نظر سکونت کا وہیں ٹھیرائے۔" فقیر کے تذکرے میں لکھتے ہیں:- "بیشتر دکن بطرف سیاحت کے گئے دیکھے، اور اکثر مقاموں میں سیر کی رضع پر چھوڑے۔"

(۲) اس سے علاوہ اسکے کہ مؤلف ایسے زمانے میں تھا جبکہ نظم اردو عروج پر تھی اور بڑے بڑے استاد زندہ تھے اور مولف اُن کا ہمعصر تھا اور ان میں سے اکثر سے شناسائی اور دوستی تھی، اس لیے جس وثوق اور صحت کے ساتھ اُن کے حالات یہ لکھ سکتا ہے دوسرا نہیں لکھ سکتا۔ اور بعض حالات تو ایسے لکھے ہیں جو کہیں دوسری جگہ دیکھنے میں نہیں

آئے سٹلارز پریذنٹ لکھنؤ کا میر تقی کو فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں زبان ریختہ کی تالیف و تصنیف کے لیے طلب کرنا اور بوجہ پیرانہ سالی اُن کا منتخب نہ ہونا۔

(۳) میرے صاحب تذکرہ نے ایک یہ کام بھی بہت اچھا کیا ہے کہ زبان ہندوؤں کی تھوڑی بہت یا کسی قدر تعلق سلطنت سے رہا ہے اُن کے تذکرے میں تاریخی حالات بھی خوب خوب لکھے ہیں۔ چنانچہ شاہ عالم متخلص بہ آفتاب کے حال میں اُن کا بڑا بیٹا ولیعہد عمادالملک کے خوف سے دلی چھوڑنا، باپ کا دھوکے سے فیروز شاہ کے ٹیلے میں قتل ہونا اور اکبر ثانی کا ۱۲۱۱ھ میں تخت نشین ہونا، امرا ترابین سے جنگ، دلیر خاں کی دلیری اور جہاں نما کی فتح و نصرت کا حاصل ہونا وغیرہ وغیرہ بتفصیل لکھا ہے۔ مرزا محمد رضا امید کے حالات میں کثر تاریخی واقعات اور قصص لکھے ہیں خصوصاً میر مرزا محمد رضا امید کے تذکرے میں امیر الامرا حسین علی خاں امیر کے جہاں کے حالات بڑی خوبی سے تحریر کیے ہیں۔

(۴) چوتھے اس کتاب سے زمانے کی سوسائٹی پر بھی روشنی پڑتی ہے اور یہ بات نہ صاف صاف نظر آتی ہے کہ ہمارے شاعروں کا گروہ عجیب بے فکرا تھا۔ دنیا و مافیہا کی کچھ خبر نہ تھی۔ آخر میں جب ہمارے بادشاہ، نواب اور امرا اس طرف سے چکے تو وہ بھی ایسے ہی ہو گئے۔ ان لوگوں نے رہا سہا نہیں اور کھو دیا، ملک گیری اور ملک داری کبھی کی جا چکی تھی۔ اس لیے اولوالعزمی اور ہمت بھی اسکے ساتھ ہی رخصت ہو گئی جسمانی اور دماغی قوتیں میں انحطاط پیدا ہو گیا تھا۔ ایسی حالت میں حقیقی مسرت کہاں؟ البتہ عارضی خوشحالی اور مجبوری زندہ دلی ہو چکی تھی۔ شعرو شاعری نے اس کا سامان اور مہیا کر دیا۔ دیوانہ را ہوئے بس است۔ شاعروں کی بن آئی۔ وہ تو اس شغل میں رہے اور یہاں کام تمام ہو گیا۔

علاوہ اس عام حالت کے تذکرے میں جو بعض باتیں ضمناً بیان کر دی ہیں وہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہیں۔ ایک اتفاقیہ یہ ہے کہ نواب وزیر اودھ اس زمانے میں جبکہ ان کا عروج قبال تھا اور بادشاہ نام کے بادشاہ رہ گئے تھے۔ جب ہی شاہان دہلی اور ان کے گھرانے کی

بے انتہا تعظیم و تکریم کرتے تھے، اور تعظیم بھی ایسی کہ آجکل کے نوجوانوں کے خیال میں بھی نہیں آسکتی چنانچہ میرزا جواں بخت جہاندار شاہ کے حال میں لکھا ہے کہ وہ ۱۱۲۵ھ ہجری میں دلی سے لکھنؤ چلے آئے تھے۔

"نواب آصف الدولہ مرحوم نے جو مراتب آداب و خدمت گزاری کے تھے سب ادا کیے۔ خاص میں بیٹھنے کے سوا گرد و پیش ہاتھ باندھے سامنے کھڑے رہے۔ باوصف اس ناز پروری کے کہ کبھی پیادہ قدم کا ہے کو چلے تھے، پانچوں ہتھیار باندھے ہوئے ایک الائچی اور گلوری کی بخشش پر دس دس مرتبہ بارگاہ پر سے جا کر آداب بجا لاتے تھے۔

(۵) پانچویں بعض ایسے لوگوں کا بھی حال دیا ہے جن کی نسبت اردو کی شاعری کا گمان بھی نہیں ہو سکتا مثلاً کوئی کہہ سکتا ہے کہ شاہ ولی اللہ اردو کے شاعر تھے، اور ان کا تخلص اشتیاقی تھا۔ یا عبدالقادر بیدل بھی اردو میں شعر کہتے تھے یا نامانوس سے بھی یک قلم معدوم ہیں۔ بعض ایسے شعرا کا بھی کلام درج ہے کہ جن کا نام تو بہت مشہور ہے مگر کلام دستیاب نہیں ہوتا۔

یہ تذکرہ حقیقت علی ابراہیم خاں نے فارسی میں لکھا تھا اور اسکا نام گلزار ابراہیم رکھا تھا کوئی بارہ برس کی محنت میں ۱۱۹۵ھ ہجری مطابق ۱۷۸۰ء میں جا کر ختم ہوا۔ میرزا علی لطف نے اس کتاب کو اردو میں لکھا، لیکن یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ ترجمہ ہے بلکہ ترجمہ نے اس میں بہت کچھ اضافہ کیا ہے۔ حالات میں بھی اور کلام میں بھی بس سے بالکل نئی صورت پیدا ہو گئی ہے۔ اور اس کو تالیف سمجھنا چاہیئے۔

حکیم رضا قلی خاں آشفتہ اور میر غلام حسن کے حالات گلشن ہند سے اقتباس کر کے درج کیے جاتے ہیں۔

آشفتہ

"آشفتہ تخلص حکیم رضا قلی خاں ہمدانی کے حکیم محمد شفیع محمد خاں مرحوم تھے، متوطن اکبر آباد کے۔ بڑے بھائی ان کے میرزا محمد صاحب خدا مغفرت کرے [illegible]

تخلص کرتے تھے بعجب ولولہ اور ذوق شوق کے ساتھ کربلائے معلی گئے، اور وہیں خاک ہوئے۔ روبرو حضرت سید الشہدا علیہ السلام کے دفن ہیں۔ حق سبحانہ تعالیٰ حشر بھی ان کا اور جمیع مومنین کا جناب سید الشہدا علیہ السلام کے ساتھ کرے۔ دوسرے بھائی ان کے میر رضی صاحب وہ بھی ان سے بڑے ہیں۔ بالفعل لکھنؤ میں داد طبابت اور معالجے کی دے رہے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ جو اختراعات فن طبابت میں انہوں نے کیے دیکھنے کا کیا دخل ہے کسی نے نہیں سنے حذاقت اور لیاقت ان کے خاندان کی نہیں ہے ممتاز تشریح اور بیان کی۔ ہمیشہ بزرگ ان کے معالج سلاطین نامدار رہے ہیں اور امیروں سے بلکہ وزیروں سے سدا نذر و انعام لیا کیے ہیں۔ غرض حکیم رضا قلی خاں تخلص بہ آتش اقدم آتم کے دوستان قدیم سے ہیں۔ جوان آزاد وضع اور خوش اختلاط و راست مزاج اور مایۂ ارتباط میں محبت اور یکرنگی میں طاق تھے۔ اور آشنائیوں کے بہت نباہنے والے۔ سخن پرستی میں خوبصورتی و شیرینی کی تصویر اور عشق و ہری میں تیس۔ مظفر باد کے پیرو ہیں۔ شعر و سخن کا انہوں سے بہت چرچا ہوا ہے۔ لیکن شاگردوں میں ان کے آتش کا نام نہیں ہوا ہے۔ میر صاحب مذکور کے طرز و ادا میں انہوں نے یگانگی کچھ اور بھی زیادہ کی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ زمین داد کی داد دی ہے۔ چندے انہوں نے رفاقت میرزا محمد تقی خاں کی کی، جو کہ پوتے میر آصف کے تھے۔ اس سبب سے دو اڑھائی برس ہاؤ ہو ان کی صحبت میں ہوئی تھی۔ دگرنہ پرورش انہوں نے لکھنؤ میں پائی ہے۔ کیفیت زندگی کی وہیں اٹھائی ہے۔ سنہ ۱۲۱۲ھ میں لکھنؤ سے مرشد آباد میں آئے۔ نواب مبارک الدولہ مرحوم مبتلا بہ بیگانہ مرض الموت میں گرفتار تھے۔ اگرچہ معالجہ میں انہوں نے رنگ مسیحائی کے دکھائے۔ لیکن قضا و قدر سے لاچار تھے۔ بعد نواب مبارک الدولہ کی وفات کے خلف الصدق سے ان کے یعنی نواب عضد الدولہ ناصر الملک سید میر علیخاں بہادر ولیہ جنگ سے۔ نہایت موافقت آئی۔ اور صحبت نے یہ شدت یک رنگی پائی۔ چنانچہ سات برس کامل ان کی خدمت میں رہے

اور قریب لاکھ روپئے کے بنگالہ میں پیدا کیے۔ لیکن خرچ کرنے والے بھی ایسے ہی بلائے روزگار تھے۔ کہ جس دن مرشد آباد سے نکلے تو قرضدار تھے۔ غرہ ذی الحجہ کو ۱۲۱۳ھ ہجری میں اپنے ہی مزاج نازک سے اناحق روز گار چھوڑ کلکتے میں چلے آئے۔ اور زمانے کی بے رنگی کو مطلق خیال میں نہ لائے۔ بالفعل کہ ۱۲۱۵ھ ہجری ہیں۔ بعزت تمام کلکتے میں اوقات بسر کرتے ہیں۔ اور اک رنگ کی صحبتوں میں دن رات بسر کرتے ہیں۔ طبیعت ان کی موسیقی کی طرف لگی ہوئی ہے۔ اور ایک مناسبت بھی بھلی چنگی ان کو اس فن سے ہے۔ اپنی آشفتہ مزاجی میں غزلوں کو انتظام نہیں دیا ہے۔ اگرچہ مدت سے ایک دیوان کا سامان ہو چکا ہے۔ یہ اشعار ان کے نتائج افکار سے ہیں:۔

نقطۂ خال ہی تم آن دیکھتے جاؤ — ادھر اک حشر ہے جہان دیکھتے جاؤ
تیر جی تڑپ کو بولا نے حوصلہ دو آج — ہمارا دل ہے پریشان دیکھتے جاؤ
رہے تسلف نکلتے ہیں بار بار اجبر — منہ سے تو میں تمہارا ارمان دیکھتے جاؤ
کیا سید لیخا نے مصر میں یوسف — جنسِ عشق کی قدر دان دیکھتے جاؤ

یہ خزاں بھی بڑی مجھ پہ ترسے جلنے سے — چھا بھی ڈرنے لگی اب مرے پرنے سے
کس طرح قید کروں یہ تو ٹھہرتی نہیں — لوں پر آتے ہیں جلا اس دل دیوانے سے
یہ جگہ ہوں اٹھ جا کے نہیں ٹلنے کا — نامہ کیا ہے جلا جھوٹے تم کھانے سے
شعلۂ جوالہ کو آتا نہ جلاتا مجھے — آج تو آگ ہوا خود مرے بھڑکانے سے
دیکھتے ہی اُسے کل میرے یہ دو سان لگے — بنے بگڑے وہاں چلنے تھے سے چلنے لگے
اپنے کہتے ہوئے جلنے کو نصیحت تو نہ کر — ہم بھی کی رکھتے ہیں پیارے ترے قربان گئے
تجھ کو اجمالاً ہو مجھ کو بھی اجالا لگے — منہ سے تو بولا ہے تھے آگ لگے
یہ سمک کو سے چلتا تو کہنے مجھے — ہیں کہیں تو بھی جو کھا لوتھے آگ لگے

حسنؔ

حسنؔ تخلص میر غلام حسن نام شاہجہان آبادی۔ بیٹا میر غلام حسین ضاحکؔ تخلص کا۔ اولاد سے میر امامی ہروی کے۔ دلی کے پرانے شہر میں بود و باش رکھتے تھے۔ صغر سن سے دار و گیر میں ہوئے۔ نواب سالار جنگ۔ خلعت ان کے میر فرزش علی خاں مصور جنگ کی رفاقت میں وقوت نفس نے ساتھ خدمت اور غربت کے بسر کی ہے اور اصلاح سخن کی میر ضیاء الدین ضیاؔ تخلص سے لی ہے۔ اقسام علم سے توجیح علوم میں انہیں دو اچھی سند۔ ہاں شعر کہتے ہیں ان کے البتہ ایک صفائی اور روانی ہے۔ قریب آمد بہ بیت کے۔ انواع نظم میں دیوان ان کا ہے۔ اور ایک تذکرہ بھی ہندی گویوں کا زبان ریختہ میں لکھا ہے۔ بے نظیر و مدرمنیر کے حال میں کیا خوب مثنوی لکھی ہے اور سنہ ۱۲۰۰ ہجری میں سیر و صید رضوان کی کی ہے۔ یہ اشعار منتخب دیوان ان کلوکردار کے ہیں:۔

گر کیجے رقم کچھ تری وحدت کے بیاں کا — آجائے خامہ بھی تو سے ایک زباں کا
دامن صحرا سے اٹھنے کا حسنؔ کا ہی نہیں — پاؤں دیوانے نے پھیلایا بیابان بھیکر
آنکھ کھولے دہر میں جو جیسے ہم — شمع ساں پچھتائیں آپ ہی دیکھے ہم
اس کی جب بزم سے ہم ہو کے جنگ آتے ہیں — اپنے سا آپ ہی کرتے ہوئے جنگ آتے ہیں
نہیں ہی یہ ترا ستم جور کچھ نہیں — تین تیرا ہی ایک سے یہ ہور کچھ نہیں
روٹھا کرے وہ کیوں نہ کسی پر سے حسنؔ — یہ سب بگاڑ چاہ کا ہے اور کچھ نہیں
تیرے ہنام کو جب کوئی پکارتا ہے کہیں — جی دھڑک جاتا ہے میرا کہ کہیں تو ہی نہ ہو
گریباں چاک اور خاموش مجلد دیکھ کہتا ہے — کہ ہے بات اس سے یہ تو کچھ دیوانہ در سا ہے
رہنے نہ دیگا اس بن یہ دل تو یک دم بھی — کیوں نہ مگر ہم اپنا کھوویں عیش جہ دم بھی

لطف نے انتخاب کرتے ہوئے اور بہت سے اشعار درج کیے ہیں لیکن ہم نے بخیال طوالت اُن کو نظر انداز کر دیا ہے۔ ذیل میں صرف اُس مثنوی کے اشعار درج کرتے ہیں جو لکھنؤ کی ہجو میں کہی ہے اور آزاد کو اُس کے اشعار دستیاب نہیں ہوئے۔ چنانچہ آبِ حیات میں لکھتے ہیں کہ:-

"ایک موقع پر میر حسن مرحوم کا سفر شاہ مدار کی چھڑیوں کے ساتھ مطابق پڑا۔ چنانچہ سفر مذکور کا حال ایک مثنوی کے قالب میں ڈھالا ہے۔ اس میں فیض آباد کی تعریف اور لکھنؤ کی ہجو کی ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت عورتوں کی پوشاک وہاں کیا تھی اور چھڑیوں والوں کے جزئیات رسوم کیا کیا تھے۔ میں نے یہ مثنوی دلی کی تباہی سے پہلے دیکھی تھی، اب نہیں ملتی۔ لوگ بہت تعریف لکھتے ہیں۔"

مثنوی در ہجو لکھنؤ و تعریف فیض آباد

نہیں یہ لکھنؤ ہے یہ زمانا — زمانے پہ ہمیشہ رکھنا بھانا
زمیں یہ ملک ہے چپٹا یہ بستا — کہیں اونچا کہیں نیچا ہے رستا
کسی کا آسماں پر گھر ہوا ہے — کسی کا چھونپڑا تحت الثریٰ میں
زمیں گنجان ہے یہ شہر ایسا — سما سکتا نہیں ہے غیر کا دم
سیہ کل سے کلی یوں تر رہے ہے — جسے جس طرح زنگی کی بچے ہے
فراغت سے یہاں کس کا مکاں ہے — ہر اک گھر حبس کا سا دل یہاں ہے
کنواں بھی یوں ہے پھر اس تنگ گھر میں — پڑے پتلی کا تل جیسے نظر میں
کنواں کہنا اسے ہے عقل سے دور — کہ ہے اس گھر کی چھاتی کا وہ ناسور
کہوں کیا میں قدامت اس مکاں کی — پڑی بنیاد بعد اس کے جہاں کی
ہزاروں راہ آمیں پیچ در پیچ — ولیکن مثل زلفِ زشت رو ہیچ
جو اس کے زیر سایہ آن نکلے — ٹھکے دم، اور اسکی جان نکلے

جو کوئی رات کو بھولے یہاں گھر — پھرے گلیوں میں ٹکراتا وہ در در
نہیں امکاں جو گھر اپنا وہ پاوے — بُلا خورشید کو جب تک نہ لاوے
زبس کہ فنے سے یہ شہر ہم حد ہے — اگر شیعہ کہے نیک اسکو بد ہے
چڑھے ہے گو ہتی جب گرد آ کر — حباب آسا ہے چھاتے ہیں سب گھر
رکھے ہے پار ہو سکنا ب امکاں — چڑھے جب آدمی پر آدمی یہاں
سوائے قند یہاں دیکھا نہ کچھ اور — سو ہے روپوش وہ بھی دیکھ یہ طور
چلا میں یہ سنے دل اپنا اُٹھا کر — لہ کیجے سیر فیض آباد جا کر
عجب معمورہ آباد پایا — بشاش گل ہر اک دل شاد پایا
کھلا بازار اور رستہ کشادہ — بیاض صبح دلی جیسے ہو سادہ
دو رستہ رستے میں اتنا رستا — کسی نے آج تک دیکھا ہے سستا
وہ جی ہے شہر کا تمر پولیا یوں — کہ جیسے تین دھیں جسم میں ہوں
ادھر کو جوہری ادھر کو بزاز — ادھر صراف اور ادھر طلا ساز
روپے اور اشرفی دیکھے برستے — دیے تختوں پہ جوں نرگس کے دستے
یہ فرخی اور فراوانی کا عالم — کہے تو چاند اوتارے ہیں باہم
ملا شربت میں جو اُس کو بتاوے — شب مہ کا سما پانی میں پاوے
طرف دودھ کی دیکھو تو گویا — اُسی میں مال حلوائی نے کھویا
بغل دی پر ہے حلوائی کی دکاں — ستارے گرد ہیں جیسے چراغاں
دھری ہیں گولیاں اور یوں اندرسے — کہ گویا چاند اوتارے ہیں برسے
مٹھائی کی کروں تعریف تا چند — قلم کی ہو گئی اب تو زباں بند
ہزاروں خانگی اور کسبی آ کر — کریں ہیں سیر لا لہ لال لگا کر

---

۵ یعنی فرخی۔

بہ مک دامن کی دکھلا یوں چلے وہ	کہ بجلی اپنے ہاتھوں کو ملے ہے
وہ سبزہ کان میں زیب بناگوش	کہ جسکو دیکھ طوطی کے اڑیں ہوش
شعاع اسکی یہ اور منھ کا پسینا	ہے گویا پھول پر شبنم کا مینا
لونی کرتی ہین جانی کی سادہ	گریباں کرکے چھاتی تک کشادہ
کیا اس دام میں تمکنہ کو صید	سحر کے جوں گریباں میں ہو خورشید
سنا قرا اس طرف جو آن نکلے	نہ نکلے وہاں سے پھر جان نکلے

زمانہ کیا کیا رنگ بدلتا ہے؟ آج لکھنؤ کو دیکھو تو فردوس بریں کا نمونہ نظر آتا ہے ممالک متحدہ کی گورنمنٹ بھی اپنا جاے اقامت الہ آباد کے بجائے لکھنؤ کو قرار دینا چاہتی ہے اور رفتہ رفتہ لکھنؤ کو متمول ہو رہی ہے حضرات شیعہ لکھنؤ کو بہت پسند کرتے ہیں اور فی الواقع یہ مقام اُن کا مرکز بھی ہے لیکن میر حسن اسکو کوفہ کا ہمعدد بتاتے ہیں حالانکہ خود شیعہ ہیں۔ اب ایک سنی المذہب لکھنؤ کی تعریف میں یوں زمزمہ سنج ہے:۔

کہاں ہونگی امیہ ایسی اداہیں حور و غلماں میں
رہیگا خلد میں بھی یاد ہم کو لکھنؤ برسوں

میر بہادر علی حسینی

آپ کے حالات کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ صرف اس قدر معلوم ہے کہ فورٹ ولیم کالج کلکتہ کے شعبۂ تصنیف و تالیف میں آپ بھی دوسرے اصحاب کی طرح کتاب نویسی کی خدمت پر مامور تھے اور ہیڈ منشی تھے چنانچہ آپ نے میر حسن دہلوی کی مشہور و معروف مثنوی سحر البیان (قصۂ بدر منیر و بے نظیر) کو اردو نثر میں لکھا، اور اس کا نام نثر بے نظیر رکھا۔ آپ نے ایک اور کتاب اخلاق ہندی کے نام سے لکھی ہے، اس کتاب کا

ناخذ فارسی کتاب **مفرح القلوب** ہے جو ہل میں سنسکرت تصنیف ہتوپادیشا سے لیگئی ہے۔ یہ دونوں کتابیں ۱۸۰۱ء میں لکھی گئی تھیں۔ افسوس ہے ان کتابوں کا کوئی نسخہ ہمیں دستیاب نہ ہوا، ورنہ اُن کا مطالعہ بدیہ ناظرین کیا جاتا۔ اور شاید مصنف کے مزید حالات بھی معلوم ہو جاتے۔ ع آنچہ ما در کار داریم اکثرے در کار نیست۔

ان کتابوں کے علاوہ آپ نے ڈاکٹر گلکرائسٹ کی کتاب کا صرف و نحو کا خلاصہ **گلکرائسٹ** اُردو رسالہ کے نام سے کیا جو کلکتہ میں ۱۸۱۵ء میں شائع ہوا ہے

میر امّن دہلوی

آپ کا اصل نام میر امّن تھا اور امّن تخلص ہے۔ اگرچہ کہیں کہیں اشعار میں اپنا تخلص لطف بھی ظاہر کیا ہے۔ جیسے نامور مرتا ندی تھی گزرے ہیں جن تھے میں ہی سے اصلاح لیتے تھے اپنی طبیعت کی موزونی سے آپ ہی آپ شاعر بن گئے۔ بقول مسٹر **فیلن** میر امّن خود فرمایا کرتے تھے کہ شاعری میرا پیشہ نہیں ہے۔ نہ میں کسی شاعر کا چیلا ہوں۔ میری اُردو گھسیاری اُردو ہے کیونکہ میں دلی اور جہان آباد کا رہنے والا ہوں اور یہیں کا پرورش یافتہ ہوں۔

آپ نے اپنے بزرگوں کا حال حسب ذیل الفاظ میں بیان کیا ہے اور کچھ باتیں اپنے متعلق بھی کہہ گئے ہیں:۔

"پہلے اپنا حال اور حاصل میر امّن دلی والا بیان کرتا ہے۔ میرے بزرگ ہمایوں بادشاہ کے عہد سے جو ایک بادشاہ کی رکاب میں پشت بہ پشت جانفشانی بجا لاتے رہے اور وہ بھی پرورش کی نظر سے قدردانی جتنی چاہیے فرماتے رہے۔ جاگیر، منصب اور خدمات کی عنایت سے مالا مال اور نہال کر دیا۔ اور خانہ زاد سرکاری اور منصب دار قدیمی زبان مبارک سے فرمایا چنانچہ یہ لقب بادشاہی دفتر میں داخل ہوا جب ایسے گھر کی کہ سلسلے کہ اسکے سبب آبا تے

یہ نوبت پہنچی۔ ظاہر ہے اعیال و حیہ بیال۔ تب **سورج مل جاٹ** نے جاگیر کو ضبط کرلیا اور احمد شاہ درانی نے گھر بار تاراج کیا۔ ایسی تباہی اٹھا کر ایسے شہر سے کہ جہم جہم میرا ہے اور آنول نال وہیں گڑا ہے، جلاوطن ہوا اور ایسا جہاز کہ جس کا ناخدا، خدا تھا غارت ہوا، میں بیکسی کے سمندر میں غوطے کھانے لگا۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہوتا ہے۔ کئی برس بلدۂ عظیم آباد میں دم لیا۔ کچھ بنی کچھ بگڑی، آخر وہاں سے بھی پاؤں اکھڑے۔ روزگار نے موافقت نکی عیال و اطفال کو چھوڑ کر تن تنہا کشتی پر سوار ہوا۔ اشرف البلاد کلکتہ میں آب و دانہ کے مزے آپہنچا۔ چندے بیکاری میں گزری۔ اتفاقاً نواب **ولاور جنگ** نے بلوا کر اپنے چھوٹے بھائی میر محمد کاظم خاں کی اتالیقی کے لیے مقرر کیا۔ قریب دو سال کے وہاں رہا۔ جب وہاں اپنا نباہ نہ دیکھا۔ تب **منشی میر بہادر علی** کے وسیلے سے حضور جان **گلڈرائسٹ** صاحب بہادر سے رسائی ہوئی۔ بارے طالع کی مدد سے ایسے جوانمرد و کدا من ہاتھ آیا ہے۔ چاہیے کہ دن کچھ بھلے آویں۔ میں تو یہی غنیمت ہے کہ ایک مرا کھکرا پاؤں پھیلا کر سو رہتا ہوں۔ گھر میں دس آدمی بڑے، چھوٹے پرورش پاکر دعا اس قدر ان کو کرتے ہیں۔ خدا قبول کرے۔"

آپ نے چار درویش کا قصہ اردو میں ترجمہ کیا اور **باغ و بہار** نام رکھا۔ یہ ترجمہ اس قدر مقبول ہوا ہے کہ صدہا نسخہ مختلف مطبعوں میں چھپ چکا ہے۔ اور اب تک چھپے جاتا ہے۔ اس زمانہ کے مذاق کے لحاظ سے یہ قصہ نہایت دلچسپ ہے اور سب کو مرغوب ہے۔ اس کی زبان نہایت صاف، شستہ اور بامحاورہ ہے۔ دو چار جملہ سے قطع نظر کرکے تمام کتاب آجکل کے روزمرہ کے موافق ہے۔ اس کی اردو فصیح اور مستند ہے۔ **باغ و بہار** کی تالیف ۱۲۱۳ھ ہجری میں شروع ہوئی اور ۱۲۱۵ھ ہجری میں ختم ہوئی اور یہ اس کتاب کا تاریخی نام ہے۔ ان کی نثر کو میر تقی میر کی نظم کے ہم پلہ مانا گیا ہے۔ سرسید نے بھی **آثار الصنادید** میں یہی رائے ظاہر کی ہے۔

آپ نے **باغ و بہار** کے علاوہ **اخلاق محسنی** کا بھی اردو میں آزاد ترجمہ کیا جو ایک قابل قدر

کتاب ہے لیکن کمیاب ہے اور گنج خوبی کے نام سے مشہور ہے۔ ۱۸۰۱ء میں لکھی گئی تھی میر امن نے باغ و بہار کے ترجمہ کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ:۔

"یہ قصہ چہار درویش ابتدا میں امیر خسرو دہلوی نے اس تقریب سے کہا کہ حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ جو اُن کے پیر تھے اور درگاہ اُن کی دہلی میں قلعہ سے تین کوس لال دروازہ کے باہر مٹیا برج دروازہ کے آگے لال بنگلہ کے پاس ہے۔ اُن کی طبیعت ماندی ہوئی۔ تب مرشد کامل کا دل بہلانے کے واسطے امیر خسرو یہ قصہ ہیشہ کہتے اور تیمارداری میں حاضر رہتے۔ اللہ نے چند روز میں شفا دی۔ تب اُنھوں نے غسل صحت کے دن یہ دعا دی کہ جو کوئی اس قصہ کو سنے گا خدا کے فضل سے تندرست رہیگا۔ جب سے یہ قصہ فارسی میں مروج ہوا۔ سب خاص و عام نعمت، صاحب مرتبہ، نجیبوں کے قدموں جان گلکرسٹ صاحب نے کہ ہمیشہ اقبال اُن کا زیادہ رہے۔ جب ملک لنگا جیتا ہے لطف سے فرمایا کہ اس قصہ کو اُردو زبان میں جو ہندوستان کے لوگ ہندو، مسلمان، عورت، مرد، لڑکے بالے خاص و عام آپس میں بولتے چالتے ہیں ترجمہ کرو۔ موافق حکم حضور کے میں نے بھی اسی محاورہ سے لکھنا شروع کیا جیسے کوئی باتیں کرتا ہے۔"

کن لوگوں کی زبان مستند ہے؟ آپ اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ:۔

"جو شخص دلی کا روڑا ہو کر، اور دس پانچ پشتیں اسی شہر میں گزریں، اور اُس نے دربار، اُمرا کے دیکھے، اور میلے ٹھیلے، عرس، چھڑیاں، سیر و تماشا اور کوچہ گردی اُس شہر کی کی ہوگی۔ وہ دلی سے نکلنے کے بعد اپنی زبان کو لحاظ میں رکھا ہوگا، اُس کا بولنا البتہ ٹھیک ہے۔"

افسوس تقریباً ۷۰ سال کے بعد مرزا غالب اپنے ایک خط میں اہل دہلی کی زباندانی کے متعلق میر مہدی مجروح کو لکھتے ہیں:۔

"اے میر مہدی! تجھے شرم نہیں آتی۔ سیالکوٹ یا اہل دہلی کی زبان ہے، ارے

اب اہل دہلی سنو دہیں۔ اہل حرفہ میں یا خاکی ہیں یا پنجابی یا گورے ہیں، ان میں سے تو کس کی زبان کی تعریف کرتا ہے۔ لکھنؤ کی آبادی میں کچھ فرق نہیں آیا۔ ریاست تو جاتی رہی باقی سر فن کے کامل لوگ موجود ہیں۔ ..... اللہ اللہ دلی والے اب تک یہاں کی زبان کو اچھا کہے جاتے ہیں۔ واہ رے حسن اعتقاد۔ ارے بندہ خدا اُردو بازار نہ رہا، اُردو کہاں دلی کہاں، واللہ اب شہر نہیں ہے کیمپ ہے، چھاؤنی ہے، نہ قلعہ نہ شہر نہ بازار نہ نہر ....."

باغ و بہار میں سے ذیل کی عبارت بطور نمونہ نقل کی جاتی ہے:-

سیر دوسرے درویش کی

"جب دوسرے درویش کے کہنے کی باری آئی وہ دوزانو ہو بیٹھا اور بولا ؎

اے یارو اس فقیر کا کچھ ماجرا سنو — میں ابتدا سے کہتا ہوں تم انتہا سنو
جس کا علاج کر نہیں سکتا کوئی حکیم — ہوگا ہمارا درد نیٹ لادوا سنو

اے دلق پوشو! یہ عاجز بادشاہزادہ ملک فارس کا ہے، ہر فن کے آدمی وہاں پیدا ہوتے ہیں۔ چنانچہ اصفہان نصف جہان مشہور ہے ہفت اقلیم میں اُس اقلیم کے برابر کوئی ولایت نہیں کہ وہاں کا ستارہ آفتاب ہے اور وہ ساتوں کواکب میں یہ عظمہ ہے۔ آب و ہوا وہاں کی خوش اور لوگ روشن طبع اور صاحب سلیقہ ہوتے ہیں۔ میرے تعلیم گاہ نے جو بادشاہ اُس ملک کے تھے، ہر فن کے قاعدے اور قانون سلطنت کے مرتب کرنے کے واسطے بڑے بڑے دانا استاد، ہر ایک علم و کسب کے جُدا جُدا میری تعلیم کے واسطے مقرر کیے تھے تا تعلیم کامل ہر ایک فن کی پاکر قابل ہوں۔ خدا کے فضل سے چودہ برس کے سن سال میں سب علم سے ماہر ہوا۔ گفتگو معقول، نشست و برخاست پسندیدہ اور جو کچھ بادشاہوں کو لایق و درکار ہے سب حاصل کیا اور یہی شوق شب و روز تھا کہ قابلوں کی صحبت میں قصے ہر ایک ملک کے اور احوال و لوازم بادشاہوں اور نام آوروں کا سنا کروں۔ ایک روز

ایک مصاحب نے کہ خوب تواریخ داں اور جہاں دیدہ تھا مذکور کیا کہ اگرچہ آدمی کی زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں لیکن اکثر وصف ایسے ہیں کہ ان کے سبب سے انسان کا نام قیامت تک بخوبی زبانوں پر چلا جاویگا۔ میں نے کہا اگر تھوڑا سا احوال اُس کا مفصل بیان کرو تو میں بھی سُنوں اور اُس پر عمل کروں۔ تب وہ شخص حاتم طائی کا ماجرا اس طرح سے بیان کرنے لگا۔

قصہ حاتم طائی کا

حاتم طائی۔ دوست میں ایک بار شاہ عرب کا نوفل نام خفا اُسکو حاتم کے ساتھ بسبب نام آوری کے دشمنی کامل ہوئی بہت سی فوج و لشکر جمع کرکے لڑائی کی خاطر چلا آیا حاتم تو خدا ترس اور نیک مرد تھا۔ یہ سمجھا کہ اگر میں بھی جنگ کی تیاری کروں تو خدا کے بندے مارے جاوینگے اور بڑی خونریزی ہوگی اس کا عذاب میرے نام لکھا جاویگا۔ یہ سوچکر تن تنہا اپنی جان لیکر ایک پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپا۔ جب حاتم کے غائب ہونے کی خبر نوفل کو معلوم ہوئی۔ حاتم کا سب اسباب قرق کیا اور منادی کرادی کہ جو کوئی حاتم کو پکڑ لاوے۔ پانسو اشرفی انعام پاوے۔ یہ سنکر سب کو لالچ آیا اور جستجو حاتم طائی کی کرنے لگے۔ ایک روز ایک بڑھیا اور اُس کا بوڑھا دو تین بچے ساتھ لیے ہوئے لکڑیاں توڑنے کے لیے اُس غار میں جہاں حاتم پوشیدہ تھا پہنچے اور لکڑیاں چننے لگے۔ بڑھیا بولی کہ اگر ہمارے دن بھلے آتے تو حاتم کو کہیں دیکھ پاتے اور اُسکو نوفل پاس لیجاتے۔ وہ پانسو اشرفیاں دیتا تو آرام سے کھاتے اور روکھے دھندے سے چھوٹ جاتے۔ بوڑھے نے کہا کیا بڑبڑ کرتی ہے، ہمارے طالع میں یہی لکھا ہے کہ روز لکڑیاں توڑیں اور سر پر دھر کر بازار میں بیچیں، تب روٹی میسر آوے ..... لے اپنا کام کر، حاتم ہمارے ہاتھ کا ہے کو آویگا نہ بادشاہ سے اتنے روپے دلا دیگا عورت ٹھنڈا سانس بھر کر چپ ہو رہی، ان دونوں کی باتیں حاتم نے سُنیں، مردی اور مروت سے بعید جانا کہ آپ کو چھپائے اور جان کو بچائے، اور ان بیچاروں کو مطلب تک نہ پہنچاوے سچ ہے جس آدمی میں رحم نہیں وہ انسان نہیں قصائی ہے

8610

ورد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ طاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

غرضکہ حاتم نے قبول نہ کیا کہ اپنے کانوں سے سنکر چپکا ہو رہے۔ وہیں باصرار کر بوڑھے سے کہا کہ اے عزیز حاتم میں ہی ہوں مجھکو **نوفل** پاس لے چل۔ وہ مجھکو دیکھکر جو کچھ روپیہ دینے کا اقرار کیا ہے تجھے دیگا، بڈھے نے کہا سچ ہے۔ اس صورت میں بھلائی اور بہبودی میری البتہ ہے لیکن نہ معلوم وہ تیرے ساتھ کیا سلوک کرے۔ اگر مار ڈالے تو میں کیا کروں۔ یہ مجھسے ہرگز نہ ہوگا کہ تجھسے انسان کو اپنی خاطر جمع کے لیے دشمن کے حوالے کروں۔ وہ مال کتنے دن کھاؤنگا اور کتنے دن جیونگا آخر مروں گا تو خدا کو کیا جواب دونگا۔ حاتم نے بہ یہ منت کی کہ تجھے لے چل میں خوشی سے کہتا ہوں و ہمیشہ اسی آرزو میں رہتا ہوں کہ میری جان و مال کسی کے کام آئے تو بہتر ہے لیکن وہ بڈھا کسی طرح حاتم کو لیجانے پر راضی نہ ہوا۔ آخر ناچار ہوکر حاتم نے کہا کہ اگر تو مجھے نہیں لیجاتا تو میں خود ہی بادشاہ روس جاکر کہتا ہوں کہ اس بوڑھے نے مجھکو پہاڑ کی کھوہ میں چھپا رکھا تھا وہ بوڑھا ہنسکر بولا کہ اگر بھلائی کے بدلے برائی ملے تو یا نصیب۔ اس سوال و جواب میں اور آدمی بھی آگئے انہوں نے معلوم کیا کہ حاتم یہی ہے۔ حاتم کو ترت پکڑ لیا اور لے چلے، وہ بوڑھا بھی ساتھ ہو لیا۔ جب **نوفل** کے پاس لے گئے تو اس نے پوچھا کہ ان کو کون پکڑ کر لایا ہے ایک بدذات بولا کہ یہ کام سوائے میرے اور کون کر سکتا ہے؟ یہ فتح ہمارے نام ہے اور ہم نے جھنڈا عرش پر گاڑا ہے۔ ایک نسترانی والا ڈینگ مار کر بولا کہ میں کئی دن سے دوڑ دھوپ کر کے جنگل سے پکڑ لایا ہوں۔ میری محنت پر نظر کیجیے۔ اسی طرح شرفوں کے لائق سے ہر کوئی کہتا تھا کہ یہ کام مجھ سے ہوا، وہ بوڑھا چپکا کھڑا سب کی شیخیاں سن رہا تھا، اور حاتم کی خاطر کھڑا رو رہا تھا۔ جب اپنی اپنی مروائی سب بگھار چکے تو حاتم نے کہا کہ سچ بات یہ ہے کہ وہ بوڑھا جو سب سے الگ کھڑا ہے تجھے لایا ہے۔ اگر قیافہ سے جاننا چاہتے ہو تو دریافت کر لو۔ میرے پکڑے جانے کی خاطر جو قول کیا ہے وہ اگر وہ سارے ذلیل میں زبان حلال ہے ہر ایک کو چاہیے کہ جو کہے سوکرے۔ یوں تو بھیجہ حیوان کو بھی خدا نے دیا ہے، پھر انسان اور حیوان میں کیا تفاوت ہے

نوفل نے اُس بوڑھے کو پاس بُلا کر پوچھا کہ سچ کہہ، اصل کیا ہے؟ حاتم کو کون پکڑ لایا ہے؟ اُس نے تمام حال کہہ سنایا اور کہا حاتم میری خاطر آپ ہی چلا آیا ہے۔ نوفل، حاتم کی یہ ہمت سُن کر تعجب ہوا کہ بل بے تیری سخاوت۔ اپنی جان کا خطرہ نہ کیا۔ جتنے لوگ جھوٹے دعوے حاتم کے چڑھ آنے کے کرتے تھے حکم دیا کہ ان کے پانسو شرفی کے موض پانسو جوتیاں اُنکے سروں پر لگا کر اُنکو نکال دیجیو۔ وہیں تڑ تڑ جوتیاں پڑنے لگیں۔ ایک دم میں اُنکے سر گنجے ہو گئے۔ سچ ہے جھوٹ بولنا ایسا ہی گناہ ہے کہ کوئی مذہب میں سچ سکھاتا ہے سب کو اس بلا سے محفوظ رکھے اور جھوٹ بولنے کا چسکا نہ دے۔ بہت لوگ جھوٹ موٹ بکے جاتے ہیں لیکن آزمائش کے وقت سزا پاتے ہیں۔ نوفل ان سب کو موافق اُن کے انعام دیکر نوفل نے اپنے دل میں خیال کیا کہ حاتم سے شخص سے فیض پہنچتا ہے۔ مخلوق کی خاطر اپنی جان تک سے دریغ نہیں کرتا اور خدا کی راہ میں سر تا پا علاقہ ہے۔ ہمدردی رکھتی اور اُس کا مدعی ہونا، آدمیت اور انسانیت سے بعید ہے۔ تو اصفع اتعظیم کر کے پاس بٹھایا اور حاتم کا ملک و مال و اسباب جو کچھ ضبط کیا تھا وہیں بھیج دیا۔ اُسے سے سواری تبیلہ طے کی دے دی۔ اُس بوڑھے کو پانسو اشرفیاں اپنے خزانہ سے دلوا دیں۔ وہ دعائیں دیتا ہوا چلا گیا۔

جب یہ ماجرا حاتم کا میں نے سُنا تو میں خیرت آئی اور یہ خیال گزرا کہ حاتم اپنی قوم کا فقط رئیس تھا جس نے ایک سخاوت کے باعث یہ نام پیدا کیا کہ تا بتک مشہور ہے۔ میں خدا کے حکم سے بادشاہ تمام ایران کا ہوں۔ اگر اس نعمت سے محروم رہوں تو بڑا افسوس ہے۔ دنیا میں دو وہ پیشہ سے بڑا کوئی کام نہیں۔ اس واسطے کہ آدمی جو کچھ دیتا ہے اُسکا عوض عاقبت میں لیتا ہے۔ اگر کوئی ایک دانہ بوتا ہے تو اُس سے کتنا کچھ پیدا ہوتا ہے۔ یہ دل میں ٹھان کر میر عمارت کو بلوا کر حکم دیا کہ ایک عالیشان عمارت جس کے چالیس دروازے بلند اور مہت کشادہ ہوں باہر تہر کے جلد بنوا کر اطلاع دے۔ تھوڑے عرصہ میں جیسی جمع عمارت جیسا کہ دل چاہتا تھا

بنکر تیار ہوئی اور اُس مکان میں ہر روز ہر وقت فجر سے شام تک متمنّا اور بیکسوں کو روپیہ اشرفیاں دیتا اور جو کوئی جس چیز کو چاہتا اُسے مالا مال کر دیتا۔ غرض چالیسوں دروازوں سے حاجتمند آتے اور جو چاہتے سو لیجاتے۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ ایک فقیر نے سرائے کے دروازہ پر آکر سوال کیا میں نے اُسے ایک اشرفی دی۔ پھر وہی دوسرے دروازہ پر آیا اور دو اشرفیاں مانگیں۔ میں نے پہچانکر درگزر کی اور وہیں سے اسی طرح اُس نے ہر ایک دروازہ سے آآ اور ایک ایک اشرفی بڑھاتا شروع کیا اور میں بھی جان بوجھکر نچان ہوا اور اُسکے سوال کے موافق دیا۔ آخر چالیسویں دروازہ کی راہ سے آکر چالیس اشرفیاں مانگیں۔ وہ بھی میں نے دلوادیں۔ اتنا کچھ لیکر وہ درویش پھر پہلے دروازہ سے گھس آیا اور سوال کیا۔ مجھے بہت برا معلوم ہوا اور کہا اے لالچی تو کیسا فقیر ہے کہ فقر کے تینوں حرفوں سے بالکل واقف نہیں۔ فقیر کا عمل اُن پر چاہیے۔ فقیر بولا بھلا وہ تین حرف تو بتا دو۔ میں نے کہا ف سے فاقہ، ق سے قناعت، ر سے رضا۔ یہ نعمت نکلتی ہے جس میں یہ باتیں نہیں وہ فقیر نہیں۔ اتنا جو تجھے ملا ہے اس کو کھا پی کر آسودہ رہ جا مانگ کا لیجا ہو یہ خیرات احتیاج رفع کرنے کے لیے ہے نہ جمع کرنے کے لیے۔ اے حریص چالیس دروازوں سے تو نے چالیس اشرفیاں مکیں اس کا حساب تو کر کہ ریوڑی کے پھیر کی طرح کتنی اشرفیاں ہوئیں اور اس پر بھی حرص تجھے پھر پہلے دروازہ سے لے آئی۔ اتنا مال جمع کر کے کیا کریگا۔ ..... اب حیا و شرم کر اور صبر و قناعت کو کام فرما ..... فقیر میری باتوں کو سُنکر خفا اور بد دماغ ہوا اور جتنا مجھ سے لیکر جمع کیا تھا زمین پر ڈال دیا اور بولا بس بابا تنا گرم مت ہو اپنی کا تنا رکھ چھوڑا اور پھر سخاوت کا نام نہ لیجیو ..... سخی کے بھی تین حرف ہیں پہلے اُن پر عمل کرو تب سخی کہلاؤ گے ..... س سے سمائی، خ سے خوفِ الٰہی اور ی سے یاد رکھنا اپنی موت کو۔"

مولوی شیخ حفیظ الدین احمد دہلوی

آپ دہلی کے رزیڈنٹ کے منشی تھے۔ بعد میں فورٹ ولیم کالج میں ملازم ہوگئے ۱۸۰۱ء میں آپ نے علامی ابوالفضل کی کتاب عیار دانش کا ترجمہ اردو میں کیا۔ اور خرد افروز اس کا نام رکھا۔ اس تالیف ۱۸۰۱ء اصل کتاب سنسکرت میں ہے، اور عربی میں کلیلہ دمنہ کے نام سے مشہور ہے۔ فارسی میں اس کا ترجمہ انوار سہیلی کے نام سے شہرت پذیر ہوا ہے جو ملا حسین واعظ نے کیا ہے۔ اردو کا یہ ترجمہ اب نہیں ملتا شاید فقیر محمد خاں گویا کے ترجمہ کے مقابلہ میں جو انہوں نے بستان حکمت کے نام سے کیا ہے یہ زیادہ عرصہ تک زندہ نہ رہ سکا۔ ہم نے اس زمانہ کے مصنفین و مؤلفین کی ادنیٰ خدمت اردو بھی نظر استحسان سے دیکھی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ باوجود قلت حالات دستیاب موجودگی کتب اُن کے نام نامی کو زمرۂ مصنفین اردو میں شامل کر دیا ہے اور اُن کا ذکر خیر کرنا اپنے لیے موجب افتخار سمجھا ہے۔

میر شیر علی افسوس

آپ میر مظفر خاں کے بیٹے تھے جو میر قاسم نواب بنگالہ کے داروغۂ توپ خانہ تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب امام جعفر صادق تک پہنچتا ہے۔ میر مظفر خاں کا اصلی وطن مارنول صوبہ آگرہ تھا مگر چونکہ وہ خود اور اُن کے بھائی سید غلام علی خاں نواب عمدۃ الملک امیر خاں کی رفاقت میں اوقات بسر کرتے رہے اس لیے دہلی میں توطن اختیار کر لیا تھا، اور میر شیر علی دہلی ہی میں پیدا ہوئے۔ سید غلام علی خاں صاحب اقتدار تھے اور عارضی طور پر عمدۃ الملک کی وفات کے بعد الہ آباد کے صوبہ بھی رہے۔ بھائی کی وفات کے بعد

سید مظفر خاں ترک ملازمت کرکے بارہ برس خانہ نشین رہے۔ انجام کار نواب خان عالم نواب بقاء اللہ خاں نے انہیں بلاکر نواب شجاع الدولہ کی سرکار میں تین سو روپے کا ملازم کردیا اُس زمانہ میں میر شیر علی کی عمر گیارہ برس کی تھی۔ اپنے والد کے ہمراہ لکھنؤ پہنچے، وہاں کی صحبتوں نے پہنچتے ہی میں شعر کا شوق پیدا کردیا۔ میر سید رحمت علی حیران بلگرامی کو اپنا کلام دکھانے لگے، عربی اور علم حکمت کی تحصیل علیحدہ تھی۔

آپ کے والد لکھنؤ پہنچکر برس بعد سب طلب نواب میر جعفر خاں مرشد آباد جاکر توپخانہ کی داروغگی کے منصب جلیلہ پر فائز ہوئے چنانچہ جب شجاع الدولہ اور میر قاسم کا اخلاشیہ کے مقابل صف آرا ہوئے تو یہ بھی ان کے ہمرکاب تھے۔ میر جعفر کی وفات کے بعد ملازمت ترک کرکے وطن چلے گئے اور وہیں انتقال کیا۔ میر افسوس خود اپنے میں نواب سالار جنگ اور اُن کے لڑکے نواز ش علی خاں کے پاس گیارہ برس تک رہے، پھر مرزا جواں بخت ولیعہد شاہ جوان دنوں میں لکھنؤ رونق افروز تھے کلام سنکر از راہ قدردانی طلب فرمایا اور اپنے مصاحبوں میں داخل کرلیا۔ جب صاحب عالم کچھ عرصہ کے بعد دہلی جانے لگے تو یہ ہمراہ نہ جاسکے اور نواب صمصام الدولہ حسن رضا خاں نواب آصف الدولہ کے پاس چلے آئے۔

چند سال بعد نواب مصنف الصمصام نے لارڈ ولزلی گورنر جنرل سے ان کی سفارش کی چنانچہ حسب الارشاد گورنر جنرل کلکتہ گئے اور ڈاکٹر گلکرائسٹ کے تحت فورٹ ولیم کے مدرسہ میں اُردو کتابوں کی تصنیف اور تالیف کا سررشتہ آپ کے سپرد ہوا۔ دو سو روپیہ ماہوار مشاہرہ مقرر ہوا۔ ۱۸۰۹ء میں اس عالم فانی سے عالم جاودانی کو رخصت ہوئے۔

آپ سے دو کتابیں باغ اُردو جو گلستاں کا ترجمہ ہے اور آرائش محفل جس میں ہندوستان کے تاریخی حالات درج ہیں یادگار ہیں۔ آخر الذکر کتاب کا ماخذ سجان رائے کی کتاب خلاصۃ التواریخ ہے۔ ۱۸۰۱ء میں آپ کلکتہ پہنچے تھے اور آپ نے ۱۸۰۲ء میں سعدی کی گلستاں کا ترجمہ کیا تھا۔

آجکل دونوں کتابیں نایاب ہیں۔ راقم نے خواجہ غلام الثقلین مرحوم کے کتب خانہ میں گلستاں کا ترجمہ (قلمی) دیکھا تھا۔ افسوس ہے وہ بھی دستیاب نہ ہوا۔ جہاں تک خیال ہے افسوس نے فارسی اشعار کا ترجمہ بھی اردو اشعار میں کیا ہے۔ یہ نایاب اور قابل قدر ترجمہ اگر طبع ہو جائے تو بہت اچھا ہو۔ اتفاق سے خواجہ صاحب نے اپنے رسالہ عصر جدید نمبر ۱۹۲۶ء میں خود اس کتاب کا ذکر کیا ہے اور اس کا دیباچہ نقل کیا ہے۔ لہٰذا عصر جدید دیباچہ نقل کرتا ہوں اور دیباچے سے پہلے دو حکایتوں کا ترجمہ بھی جو رسالہ مذکور میں درج ہے بطور نمونہ تبرک کرتا ہوں۔

باب ۶ (حکایت گلستاں)

یکے از بزرگاں پارسائے را گفتند کہ چہ گوئی در حق فلاں عابد کہ دیگراں در حق او بطعنہ سخنہا گفتند۔ گفت بر تقدیر ہر شیب نمی بیند و در ہر نشیب عیب نمی داند۔ ہر کہ طلعت خود نہ بیند ہر کسے را کہ بیند نیکو بیند۔

ور نہ ای لقمان حکمت محتسب را دان خطا چہ کنا

باب دوم (حکایت ہشتم)

بزرگے را در مجلسے ہمی ستودند و در اوصاف حمیدش مبالغت می نمودند۔ سر برآورد و گفت من آنم کہ من دانم۔

شعر

ترجمہ شیخ علی افسوس

ایک بزرگ نے کسی پارسا سے کہا کہ فلانے عابد کے حق میں آپ کیا کہتے ہیں کہ اکثر شخص اسکے حق میں طعنہ آمیز باتیں کہتے ہیں۔ کہا اس نے (عابد) ہر نشیب میں عیب نہیں دیکھتا اور ہر طرف سے آگاہ ہے۔

جسکو ظاہر میں حق نہ دیکھے اسکے تقویٰ کو نہ کر اظہار

کھوج مت کر کسی کا عیب کبھی محتسب واں خطا چہ کا

(ترجمہ) آٹھویں حکایت

ایک بزرگ کے تئیں کسی مجلس میں اکثر شخص سراہتے تھے اور اسکے وصفوں کی خوبی میں مبالغہ نہایت کرتے تھے۔ اسنے سر اٹھایا اور فرمایا کہ میں جیسا کہ ہوں اپنے تئیں پہچانتا ہوں۔ شعر

بیفیت اذی یا من یعد فضائلی	دیکھ ظاہر مدح کی ہیں میں تمہارے نقص کیا
علی نیتی هذا و لم تدر باطنی	حال باطن کا مرے مطلق نہیں تیرے کھلا

قطعہ

نسخہ چشم عالمیاں خوب ظاہرست	ظاہر لگے ہے خوب مرا جسم خلق کو
وز خبث باطنم سہ خلیقت نمادہ پیش	باطن دئے دکھس جو ہی ہوں اس سے منفعل
طاؤس را نقش پر و بال کہ بہ خلق	نقش و نگار مور کے سب ہیں سراہتے
تحسین کنند و از خجل از پائے خویش	شرمندہ اپنے پاؤں کو کیں وہ ہے خجل

پہلا دیباچہ تعریف میں لاڈلے صاحب کی اور احوال تحریر کا اور بعضے عذر نامہ کے

نہال قد پہلے اس میں بو تو	ہے سرسبز جو نت باغ اردو
لگا پیوند کا اے دست دانا	کہ تا محشر رہے یہ باغ پھولا
پھر اس کے بعد نخل منقبت کو	لگا رونق جو اس کی ہیشتر ہو

ہماری کی گلستان سخن کی آمد باغبان حقیقی کی ہے کہ اس نے بوستان عالم کو طرح طرح کے خوشوں سے آراستہ دی اور رنگ برنگ کے پھولوں سے زینت بخشی اور اس کے ابر رحمت کی بارش سے ہر ایک گل تر و تازہ و نسیم فیض سے اسکے ہر ایک درخت ہرا بھرا ہر کل کی زبان ہے اسکے ذکر میں ہو غنچہ سب سے عجیب ہے اسی کے فکر میں۔ قمری اسی کے طوق بندگی میں اسیر، قمدرو اسی کے بند عشق سے پا بہ زنجیر، شربت شوق سے اسی کے کلمائے تین سیراب گلستاں میں، اور اسی کی گرمی محبت سے ہر ایک خار خشک لب ہے بیاباں میں۔ فاختہ خاکستری لباس سے اسکی طلب میں کوکو کناں چنار اسی کے سوز عشق سے گلشن دہر میں سوزاں ؎

جو ابر کرم اس کا برسے ذرا	تو ہر خار خشکا ہو گلبرگ سا

.....

.....

.....

بعد حمد و نعت کے عاصی شیر علی ابن سید علی مظفر خاں بن سید علام محی الدین خاں مرحوم و مغفور متخلص بہ آفتاب کہتا ہے۔ اصل اس حقیر کی ملک قاف ہے۔ قوم سادات ہیں لیکن آبا و اجداد جو ہندوستان میں آئے اور وطن انہوں نے اپنا قصبہ بارہ میں کیا اس سبب سے بارہوی مشہور ہوئے۔ گردیز و پدر اسکے عہد میں بادشاہ محمد شاہ فردوس آرامگاہ کے شاہجہان آباد میں وارد ہوئے اور رفاقت نواب عمدۃ الملک سید امین خاں بہادر کی اختیار کی۔ بعد کمال عزت ان کو اس سرکار میں ہوئی۔ تب انہوں نے اسقامت اور سکونت شہر مذکور میں کی اور اس کا مولد بنا شہر ہے۔ بعد برہم ہونے سلطنت کے اور وفات نواب صاحب مغفور کے ایک مدت مدید والد مرحوم خانہ نشین رہے۔ آخر نوکری چھوٹا اور روزگار بکلی کے صوبہ داروں کا کیا۔ ان میں فقیر کا سن گیارہ برس کا تھا گلستاں پڑھتا تھا اور سیر و دیوان ولی کی اکثر کرتا۔ طبیعت موزوں اس ایام میں بھی تھی چنانچہ کبھی شعر وقت مذکور میں بوقع مذکور کہتے گئے۔ یہ مطلع بھی انہی میں سے ہے۔ بیت

ارے پیارے ترے اس جیسن رنگیں کا خدا حافظ
تری اس رنگ پر چیں فاتحہ مضطفا حافظ

قصبہ کو تا دار۔ بعد نواب سیف علی خاں بہادر مرحوم کے دو تک بھی عظیم آباد میں رہے۔ بعد اس سات کے لکھنؤ میں آئے۔ وہاں سے دو برس پیشتر میں اپنے وطن وہ تو حیدر آباد تشریف لے گئے اور بعد چند روز کے وہیں بعارضۂ الٰہی رحلت فرمائی۔ لیکن میں نے بود و باش اپنی یہیں مختار کی اور ابتدا سے جوانی تک سرکار میں نوابی مرحوم کے پرورش پائی بلکہ جب تک مرشدزادہ آفاق صاحب عالم جہاندار شاہ بہادر

آرامگاہ رونق افزائے لکھنؤ کے رہنے والی سرکار میں بعہدہ مصاحبت سرفراز تھا۔ اُن دنوں بھی فکر سخن تھی لیکن تحصیل عربیہ میں نہایت مصروف تھا۔ شوق سخن اس تمام طبع کی اہل سخن کے نزدیک تکمیل کو پہنچ چکی تھی۔ دیوان بھی قریب ہو چکا تھا۔ چنانچہ کلام ان مجتہدان کا مرشد زادہ آفاق کو مناسبت پیدا کی اور خاص ان صورتوں میں وہ شاعری سے قرار فرمایا سبب اس کی قدردانی کے بھی سیاہ وقات ہندوستان ہی میں رہنا تھا۔ غرض جب اُنہوں نے رطلت فرمائی تب میں نے نعت و سخن ترک کر دیا بلکہ شاعری کی حقیقت میں آنا جانا بھی چھوڑ دیا مگر دوستوں کی تحریص سے مرزا کاظم اور سب بھائیوں سے بڑے۔ تخلص رونق۔ زمرہ نواب سرفراز الدولہ احسن رضا خاں بہادر کی بدولت ہو گیا۔ مقدمہ حق پہنچے جانے اور کلکٹری نوکری کی گئی تھی۔ تنخواہ اور اپنے کو اس کے خلاف دیکھ کر اس سے استعفا دیا۔ اس سے نواب صاحب مرحوم کو بہت ملال ہوا۔ اور بعد چند روز کے مجھ کو بلا بھیجا۔ اور کلام میرا سنا۔ اس نواب نے فرمایا کہ تو سرکار کمپنی والا دودمان سے ملازمتوں میں سبھی تاریخ سے سرفراز ہوا ہے۔ اب بھی عالم کلکتہ کو روانہ ہو کہ حسب حالی تمام ہو جائے۔ اس کا خاندان کی تعلیم یافتہ ہے۔ اب اس کے ہاتھ طلب کیا ہے۔ چنانچہ میں اگرچہ یہ بات نواب کی سمجھ گیا تھا۔ اس سخن سے بھی دل برداشتہ تھا۔ مگر دوستوں کی تحریص سے کلکتہ کو روانہ ہوا۔ اس سخن سے بھی اہل کمال کی قدردانی ہوتی ہے۔ اور صاحبوں کو ہوا خواہ جانتے ہیں۔ واقع قدردان اہل کمال کے ہیں۔ اس صاحبان آن سے ہیچ کوئی نہیں اور ان کی سرکار جمیع علوم و طلبا ہے عالم کی ہے۔ اس کا ثبوت اب دو برس سے آیا ہے۔ اس صاحبان کی قدردانی کا حال سب کو معلوم ہے۔ بھی سخن کی اس سے دو چند دیکھی۔ وہ قلمی ملک میں اُنہی کے سبب ان صاحبان کی اس قدر شہرت ہوئی اور اس سے کلام نے اس قدر رونق پکڑی۔ ورنہ کس قطار میں اور اس کا کلام کس شمار میں لیکن تعلق میرا اس مدرسہ بندی سے ہوا۔ بنا بر اس کے سیاہ وقات خدمت میں صاحب عالی

طبیعت والا فطانت مدرس مدرسۂ سنسکرت بیان کلکتہ نے صاحب دام فروتہ کے کہنے سے
اس زبان کے میں حاضر ہوئے لگا۔ ایک دن صاحب موصوف نے کہا کہ بانی ت فرمائیے
سعدی شیرازی کا زبان اردو میں ترجمہ کریں۔ میں نے جواب دیا کہ عبارت اس کی نہایت
دشوار ہے۔ علاوہ اس کے عبارت کا تکلف بے تکلف ہے۔ ترجمہ پانی قوت
تالیف کا مرتبہ مرحومہ کی تصنیف کا جو کہ اس زبان کو اس کی نسبت ہے۔ مصرع

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

اردو کیا کہ اس سے پہلو تہی کروں اور سہل سمجھ کر یہ مصدر ہوں میں سوچا کہ شاید صاحب
خیال میں ان کے کہنے سے ہوئے ہوں۔ اس واسطے میں نے قصد کیا کہ
ایک حکایت طولانی کی ترجمہ کروں۔ اس پر شاید صاحب موصوف نے اس کی
اور اس کی سادگی کی پسند فرمائی۔ میں نے حسب فرمائش کی۔ اس کی
تا حتی ہمدان کی حکایت کا ترجمہ کیا۔ اور وہ علما و عقلا و شعرا کے خیال میں
تب اس صفحہ نے کہ مرحومہ کی تصنیف کی بابت حتی رائے کی بابت
مرحومہ سے کہا کہ اس کا ترجمہ کرو۔ میں نے کہا و مصدر ہوں
باعث اردو کا ہے۔ شعر

من آنچہ شرط بلاغ است با تو می گویم
تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

اس کے بعد میں نے اس کا ترجمہ شروع کیا۔ اور اس کا نام
تاکہ ایک بڑی کتاب ہو۔ لیکن اس کے بعد صاحب موصوف کا انتقال ہو گیا۔
پشتہ پناہ کہ تو فرمائی ہے۔ اس کے بعد
چارہ سازی بیچارگان۔ اور اس کے بعد

مثنوی

حمایت اگر اس کی پہنچے بھی پانے — تو ہاتھی کو ہرگز نہ خاطر میں لائے
جو ابر کرم اس کا برسے ذرا — تو ہر ایک کھلا لیوے دامن کو بھر
بیاں کیا کروں دانش و عقل کو — فروتن بھی اس سے تعلیم ہو
سخاوت شجاعت کرامت کرم — عیاں اس سے ہیں سب بوجہ اتم

زبدۂ نوابان عالی شان، مشیر خاص بنگاہ کیہان بارگاہ حشمتان دکن لارڈ کارنوالس گورنر جنرل بہادر دام اقبالہ کے قبول ہوئی۔ بیت

پسند آوے اس کو جو اس کی بہا — رہے تازگی تا کہی سیل و خزاں

اگرچہ اس باغ کے گل و پھول بے تعداد ہیں و لیکن ہر ایک گل و پھول کی اس بیکرم سے یہ ہے کہ متوجہ اس پر ہووے اور اپنے تفضلات کی بارش سے شاداب کرے کہ صفحۂ روزگار پر ستاے گل و خار اس کے فیض سے کوئی محروم نہیں رہتا۔ شعر

کرم سے ہوں تیرے یہ امیدوار — نظر پھر کی اس پر ہو ایک بار

یہ کمی سطریں حذر دل میں ہیں ارباب فطنت و صاحبان بصیرت پر ظاہر ہووے کہ فقیر نے اس کی نظم و نثر کا مطلب بیان میں موافق اپنے مقدور کے نہیں چھوڑا اگر زیادہ کمی بیشی ہے اور جس نظم و نثر میں اختلاف نسخ دیکھے ہے یا اختلاف معانی سمجھے جاتا ہے ایک کا ترجمہ کیا اور بعضے مقام میں جس کی ترجیح اپنے نزدیک ٹھہری ہے اس کا کیا ہے اور جمع و ترک کسی مقام میں ہو ہو کرنے میں آیا ہے کہ محاورے سے اس کے تفاوت ہو گیا ہے اور الفاظ عبارت محاورے ہی کی منظور رہی ہے بسبب اس کا اس متن کے صاحبان نحو پر اس کے تامل میں طعن کی اور چند موضع میں لفظ تو کہ فارسی ہے یا بابے خطاب بیٹے کے فتحی سفتی میں ہے اعروف کیا گیا۔ اگرچہ صاحبان اردو گفتگو میں بیچ اوائل موقعوں کے اس کا ہمیں یا تئے مبلغہ لفظ استعمال کرتے ہیں۔ بنا بر اس کے کہ کتاب اور اشعار میں ہے بیچا فی الفور کل مرحلہ الا تصاد

مدح میں اسی پر شاہد ہے۔ یہ بیجا ہے کہ میں کہتا کہ کلام میں میرے کہیں غلطی نہیں ہے یا کوئی اس کتاب کے مطالب ریختے کی زبان میں بیان نہ کر سکے گا۔ لاکن اتنا البتہ کہ یہ خالی سطحیت سے نہیں ہے اور جو کوئی ایسا ارادہ کرے گا تو قدر اس بے مقدار کی جانے گا۔ اب امید اہل نظر سے یہ ہے اگر کہیں کہیں قبائح اس میں دیکھیں تو اُن کو دامن کرم سے چھپا دیں اور زبان پر نہ لاویں کہ انسان کا کلام مکمل نہیں جو بے عیب ہو خصوص مجھ سے ناقص کا کہ اپنے کمال کو بھی نقصان جانتا ہوں اور جس کا معقول ہونا مانتا ہوں۔ غرض دشمنوں کی آنکھوں میں یہ خار ہے اور دوستوں کی نظروں میں گلزار۔

مثنوی

رہے گا سدا گل میں یہ بو ستاں ۔۔۔ ثبات اپنا لیکن ہمیشہ کہاں
بقا نفس کا نغمہ کو ہے سا لہا ۔۔۔ اور انساں کے نقشہ کو ہے دم فنا
مصنف مولف کو کب ہے قیام ۔۔۔ نشاں اُن کا رہتا ہے بس اک کلام
یہ ہے طالبوں سے مجھے التجب ۔۔۔ کریں یہ مرے حق میں وہ اتنی دعا
بعشرت کروں باغ دنیا کی سیر ۔۔۔ ہو آخر مری عاقبت بھی بخیر
شکر ہے الہا نہج اللہ کا ۔۔۔ ختم کس خوبی سے دیباچہ ہوا"

سید انشاء اللہ خاں انشا

حسب و نسب اور پیدائش

سید انشاء اللہ خاں حکیم ماشاء اللہ خاں کے بیٹے تھے۔ ان کے بزرگ ہندوستان میں نجف اشرف سے آئے تھے اور بعض کہتے ہیں کہ خطۂ کشمیر کے سادات صحیح النسب سے ہیں۔ وہاں کسی زمانہ میں سمرقند سے آئے تھے۔ پھر دلی میں آکر سکونت اختیار کی۔ رفتہ رفتہ امرائے شاہی میں داخل ہوئے اور بعض اُن میں طبل و

تعلیم اور شاعری

اہلِ کمال اور اہلِ خاندان کی کارسرآری سے نیکی اور نیکنامی کی دولت کمائی۔ ہزاروں کو مراتبِ اعلیٰ پر پہنچادیا مگر آپ شاعری رہے۔ آخر اسی معاصرت سے ہنسی ہنسی میں مخالفت پیدا ہوگئی جس کا انجام یہ ہوا کہ وہ چہلیا ہوا بلبل اپنے گھر کے پنجرے میں بند کیا گیا اور وہاں سے اس گمنامی کے ساتھ پیوند زمین ہوا کہ کسی کو خبر نہ ہوئی۔ بسنت سنگھ نشاط کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۳۳ھ میں فوت ہوئے۔

خبر انتقال میر انشا — دل غمدیدہ تا نشاط شقفت
سال تاریخ او زجان چہل — عافی دنست بود انشا رفت

تصانیف تصانیف جو سیدانشا سے یادگار ہیں حسب ذیل ہیں:-

(۱) کلیات انشا جس میں کلام مذکور شامل ہے۔ (۲) اردو کا دیوان (۳) دیوان ریختی (۴) قصائد جس میں ایک قصیدہ منقبت ہے فقط۔ واسوخت ترکی وغیرہ بھی درج ہیں۔ (۵) دیوان فارسی (۶) مثنوی شیر برنج فارسی (۷) مثنوی بے نقطہ لوح شعر کی چیز فقط دو ورق (۸) مثنوی شکار نامہ (۹) مثنوی ہجو بزاز کہ محل پیشہ ہے (۹) مثنوی شکایت زنانہ (۱۰) مثنوی ہجو (۱۱) مثنوی ہجو (۱۲) مثنوی (۱۳) مثنوی بے نقطہ در مباحثات قطعات تاریخ کہ مادے بے نقطہ ہیں (۱۴) تخمیس ہجو (۱۵) تخمیس بغیر ہجو (۱۶) دیوان اردو ہے فقط ردیف ردیف ہے فقط (۱۷) مثنوی در مباحثہ عالم فارسی (۱۸) مثنوی در

(۱۹) ایک داستان جو نثر اردو میں لکھی ہے کہ ریختہ کے بعد فارسی کا شوق ہوا باوجود اس کے اردو کے رشتہ سے کلام نہیں کرتا۔ ہاں کبھی چھیڑ اور دل لگی کی چہلیں اس میں آجاتی ہیں جو ان کے کلام کا خاصہ ہے۔ حقیقتاً ظرافت ان کی طبیعت ثانیہ ہوگئی ہے۔ یہ کتاب مقدار میں یکجلد ضخیم کی ہوگی۔ عبارت ذیل نمونہ کے طور پر درج کی جاتی ہے:-

"اب یہاں سے کتھے والیوں کہتا ہے۔ ایک دن بیٹھے بیٹھے یہ بات اپنے دھیان چڑھی

کوئی کہانی ایسی کہیے، جس میں ہندی جھٹ اور کسی بولی کی پٹ نہ ملے۔ باہر کی بولی اور گنواری کچھ اس کے بیچ میں ہو۔ تب میرا جی پھول کر کلی کے روپ کھلے۔ اپنے ملنے والوں میں سے ایک کوئی پڑے پڑھے لکھے۔ پرانے دھرانے ٹھاگ بڑے ڈھاگ یہ کھڑاگ لائے۔ سر ہلا کر منھ تھتا کر، ناک بھوں چڑھا کر، گلا پھلا کر، لال لال آنکھیں پتھرا کر کہنے لگے "یہ بات ہوتی دکھائی نہیں دیتی۔ ہندوی پن بھی نہ نکلے اور بھاکا پن بھی نہ گھس جائے۔ جیسے بھلے مانس اچھوں سے اچھے لوگ آپس میں بولتے چالتے ہیں۔ یوں کاہوں وہی سب ڈول ہے اور چھاؤں کسی کی نہ پڑے یہ نہیں ہونے کا" میں نے اُن کی ٹھنڈی سانس کی چانس کا تہہ کا کھا کر جھنجھلا کر کہا میں کچھ ایسا بڑ بولا نہیں جو رائی کو پربت کر دکھاؤں اور جھوٹ سچ بنا کر ٹکلیاں بچاؤں اور بے عنری ڈھکانے کی اُجھی سلجھی تانیں لیے جاؤں۔ نہیں سے نہ ہو سکتا تو بھلا صاف کہنے کیوں نکالتا جس ڈھب سے ہوتا اس بکھیڑے کو ٹالتا۔ اب اس کہانی کا کہنے والا یہاں آپ کو جتاتا ہے۔ اور جیسا کچھ اُسے لوگ پکارتے ہیں کہہ سناتا ہے۔ اپنا ہاتھ منھ پر پھیر کر جھوٹوں کو تاؤ دیتا ہوں اور آپ کو جتاتا ہوں۔ جو میرے داتا نے چاہا تو وہ تمہارا دل لبھا اور جیا خوش کر دکھاؤں اور لپٹ جھپٹ دکھاؤں آپ کے دھیان کا گھوڑا جو بجلی سے بھی بہت پھرتیلا اپنا ہٹ میں ہے دیکھتے ہی ہرن کے روپ اپنی چوکڑی بھول جائے۔ چوکنا:۔

گھوڑے پر اپنے چڑھکے آتا ہوں میں　　کرتب جو جو ہیں سب دکھاتا ہوں میں
اُس چاہنے والے نے جو چاہا تو ابھی　　کہتا جو کچھ ہوں کر دکھاتا ہوں میں"

عبارت متذکرۂ بالا سے سید انشا کا کمال ظاہر ہے، آج کوئی شخص ایسا ایک صفحہ بھی نہیں لکھ سکتا۔ اور سید انشا نے جب قلم اُٹھایا تو اُس زمانے میں تمام عادات و اطوار اور زبان پر فارسی احاطہ کیے ہوئے تھی، دفتری زبان فارسی تھی، خط و کتابت فارسی میں ہوتی تھی، طلبا فارسی پڑھتے تھے، اُردو نثر کا تو کوئی نام بھی نہ لیتا تھا۔

(۳) دریائے لطافت۔ اس میں اُردو صرف و نحو، منطق، عروض و قافیہ، معانی و بیان

وغیرہ کا ذکر ہے۔ پہلا حصہ یعنی اُردو صرف و نحو تو سید انشاء اللہ کی تصنیف ہے اور دوسرا حصہ یعنی منطق، عروض و قافیہ و معانی و بیان مرزا محمد حسن قتیل کا تالیف کیا ہوا ہے، کتاب کی جان پہلا ہی حصہ ہے۔ یہ پہلی کتاب ہے جو ایک ہندی اہل زبان نے اُردو صرف و نحو پر لکھی ہے اور حق یہ ہے کہ عجیب جامع دلچسپ مثل کتاب ہے۔ بقول مولوی عبدالحق "جو لوگ اُردو زبان کا محققانہ مطالعہ کرنا چاہتے ہیں یا اُسکی صرف و نحو یا لغت پر کوئی محققانہ تالیف کرنا چاہتے ہیں اُن کے لیے اس کا مطالعہ ضروری ہی نہیں بلکہ ناگزیر ہے"۔

سید انشاء نے عربی فارسی زبان کا تتبع بہم پہنچا کر اُردو زبان کی ہیئت و اہلیت پر غور کیا اور اُس کے قواعد وضع کیے۔ اگرچہ اپنے اظہار خیال کے لیے فارسی کا ذریعہ اختیار کیا ہے لیکن تصنیف بوجہ اصل مضمون فارسی نہیں کہلائی جا سکتی سید انشاء نے یہ کتاب لکھکر اُردو زبان پر بہت بڑا احسان کیا ہے، درحقیقہ اُنکے زمانے میں اُن کے ہمعصر فضول قصہ کہانیوں کی تصنیف میں مشغول تھے۔ سید صاحب کا ایک کام کی بات پر تکلم اتھانا اور بھی قابل شکریہ اور لائق فخر ہے۔

الفاظ کی فصاحت وغیر فصاحت پر سید انشا کی رائے

سید انشا کے اعلیٰ دماغ اور دقیق زبان کا صحیح اندازہ اُن کی اس رائے سے ہوتا ہے جو اُنہوں نے الفاظ کی فصاحت و غیر فصاحت و صحت و غیر صحت کے متعلق سب ذیل الفاظ میں ظاہر کی ہے:۔

"ہر لفظ جو اُردو میں مستعمل ہو گیا عربی ہو یا فارسی ہو یا ترکی ہو یا سریانی، پنجابی ہو یا پوربی اُردو کے اصل غلط ہو یا صحیح وہ لفظ اُردو کا لفظ ہے۔ اگر اصل کے موافق مستعمل ہے تو بھی صحیح ہے اور اگر خلاف اصل مستعمل ہے تو بھی صحیح ہے، اُسکی صحت و غلطی اُردو کے استعمال پر موقوف ہے۔ کیونکہ جو کچھ خلاف اُردو ہے غلط ہے، گو اصل میں وہ صحیح ہو اور جو کچھ موافق اُردو ہے صحیح ہے، گو اصل میں صحت نہ رکھتا ہو"۔

مثال کے طور پر سید موصوف نے بہت سے عربی الفاظ کو جو اُردو میں کچھ کے کچھ ہو گئے ہیں صحیح

بتلایا ہے۔ مثلاً برقا اُردو کا صحیح لفظ ہے اگرچہ خلافِ اصل ہے یا خدا اگرچہ اصل میں بسکونِ دال ہے لیکن بفتحِ دال اُردو کا صحیح لفظ ہے۔

دریائے لطافت کے پہلے باب میں حروفِ ابجد کا ذکر ہے اور اُن کی تعداد کے تعین میں بھی سید انشا نے جدت طرازی کی ہے۔ اس تقسیم کے بعد انہوں نے اُن حروف کو لیا ہے جو کسی خاص حرف سے ملکر ایک آواز پیدا کرتے ہیں مثلاً سترہ حروف ایسے ہیں جو ہ کے ساتھ ملکر ایک آواز پیدا کر دیتے ہیں جیسے بھاگنا، پھلنا وغیرہ۔ یہ حروف اب کہیں اُردو قاعدوں میں پڑھائے گئے ہیں حالانکہ سید انشا مدتوں پہلے لکھ چکے ہیں۔

سات حروف ایسے ظاہر کیے ہیں جو نون کے ساتھ ملکر ایک آواز پیدا کرتے ہیں۔ مثلاً پنڈول، رنگیلا، ہنسنا وغیرہ۔ اب تک ان حروف کو اُردو قاعدوں میں نہیں لکھا گیا اسی طرح بعض حروف ایسے ہیں جو ی کے ساتھ ملکر ایک ہو جاتے ہیں مثلاً کیا (حرف استفہام) دھیان، پیارا وغیرہ۔ القصہ سید انشا نے اُردو حروفِ تہجی کی کل تعداد پچاسی بتائی ہے۔

دوسرے باب میں دہلی کے محلوں کی زبان کے متعلق بہت دلچسپ بحث کی ہے اور یہ دکھایا ہے کہ کس کس محلہ کی زبان فصیح اور کس کس محلہ کی زبان غیر فصیح ہے اور اُنکی وجوہات بھی دی ہیں۔ مثلاً مغلوں (اہل مغلپورہ) سادات بارہہ، پنجابیوں، پوربیوں کی زبان کیسی ہے اور اُن کی وجہ سے الفاظ کے تلفظ اور لہجہ اور زبان میں کیا فرق پیدا ہوا ہے۔ یہ سب امور تفصیل و مثالوں کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔

تیسرے باب میں بعض فصحا کا ذکر ہے، اور جس ایسے الفاظ کا بیان کیا گیا ہے جو اُردو نہیں یا متروک ہیں اور میر تقی یا مرزا رفیع السودا نے اُن کو استعمال کیا ہے۔ اسی باب میں نواب عماد الملک، بچارا اہل، مرزا صدر الدین صفا ہانی اور ملا عبد الفرقان کی نہایت دلچسپ تقریریں ہیں اور بی نورن اور میر غفر غینی کی تقریریں خصوصاً نہایت لطف میں اپنی شوخی مزاج کو

نہایت عمدہ پیرایہ میں ظاہر کیا ہے۔ میر غفر غینی کی نسبت لکھا ہے کہ وہ لام اور رے کی بجائے غین بولتے تھے۔ نمونہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔

اجی بی نوغن یہ بات کیا فغماتی ہو تم تو اپنے جیوغے کی چین ہو پغ کیا کہیں جب سے دغی چھوٹی ہے کچھ جی افسغدہ ہو گیا ہے۔

صاف اُردو میں یہ عبارت اس طرح پڑھی جائیگی:۔ اجی بی نورن! یہ بات کیا فرماتی ہو تم تو اپنے جیورے کی چین ہو پہ کیا کہیں جب سے دلی چھوٹی ہے کچھ جی افسردہ ہو گیا ہے۔

یہ تقریر ایسی پاک صاف شستہ زبان میں ہے کہ حیرت ہوتی ہے۔ سید انشا نے کیسی فصاحت کے قالب میں ان کو ڈھالا ہے۔ سودا کا آخری زمانہ تھا اور سید انشا کا عنفوانِ شباب تھا کچھ بہت فرق نہ تھا۔ ہاں مرزا کے دیوان کا دیباچہ اُس زبان میں ہے جو آجکل سمجھنی دشوار ہے اور سید انشا کے کمال کی یہ ادنیٰ صنعت ہے کہ یہ تقریریں ایسی فصیح اور روزمرہ اُردو میں لکھی ہیں کہ آج بھی ان خیالات کو اس سے بہتر اُردو کا جامہ نہیں پہنایا جا سکتا۔

باب چہارم میں مصطلحاتِ دہلی اور باب پنجم میں مصطلحاتِ زنانِ دہلی کا ذکر ہے یہ دونوں باب محققینِ زبان و مؤلفینِ لغت کے لیے نہایت مفید اور کارآمد ہیں۔ اسکے بعد اُردو صرف و نحو سے بحث کی ہے۔

بہرحال یہ کتاب لکھکر سید انشا اللہ خاں نے اُردو زبان پر جیسا کہ ہم پیشتر کہہ چکے ہیں بہت بڑا احسان کیا ہے اور جب تک اُردو زبان زندہ ہے اس کے مطالعہ اور اس سے استفادہ اور سند لینے کی ضرورت باقی رہیگی۔

اب ہم نواب عماد الملک، بھاڑا مل، اور بی نورن اور میر غفر غینی کی پوری تقریریں نقل کرتے ہیں تاکہ ناظرین ہماری رائے پر استصواب و غیر استصواب کا فتوے صادر کر سکیں۔

سوال از طرف نواب عماد الملک

جی لالہ بھارا مل! تمہارے احوال پر بالتہ کہ ہم سخت متاسف ہوتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے اپنی عنایات سے تمہیں سیاتِ الوف کا مالک کیا اور واقعات تمہاری یہ کہ احد من الناس جس سلمان کو فرض کیجیے اُسکے برابر ذائقہ صاحب کالذت آشنا نہیں۔ بڑا تعجب ہے کہ آدمی باوصف تیسر نعمائے الہی سے محروم رہے اور نہ اُس کا رحم اور شفقت رکھے۔ ہم لوگ بھی تو اپنے ہاتھ سے بکری سوائے عید قرباں کے حلال نہیں کرتے اور وہی اشخاص صاف کرکے گوشت بڑے آدمیوں کے مطابخ میں پہنچاتے ہیں اور بازار میں بیچتے ہیں۔ اگر تم بازار سے لیکر کھاؤ تو کیا مانع ہے؟

جواب از طرف بھارا مل

نہیں پیر و مرشد! ہمارے دھرم میں نہیں۔ جیو کا مارن بڑا پاپ کہا ہے۔ ہور کھاؤنا تو ہو بھی بُرا۔ ہور کھلانا تمہاری کی بات ہے تم کھاؤ نہ لوگ ہو۔ ہمارے تو جو کوئی چوٹی بھی بھوئے سے مار گیرہے تو اُسکے ہاتھ کا پانی پیونڑا کھب نہ۔ ہمارے بڑے تاڑ سیلام کی تھے۔ اونڑنے بھوئے سرے تے کھ کھنکھجوری دہی کے باپ پر پیر رکھ دیا تھا سو دہی کا باپ مر گیا۔ سو باجی نے دیکھکر فرمایا پوتی کے کھاوہ کی کیا۔ اب دس ہجار روپے کس کے گھرتے کاڈھوں جو اس کا دوکھ اُتارون۔ ہور ہمیشہ رنے مہاری کھاونڑ ہوتڑ واسطے بھی ڈھیر چیجاں پیدا کری ہیں۔ مومن جگ لوچی۔ کچوری۔ نرتی۔ میٹھے سُہال۔ کُنال۔ برے۔ سنبوسے۔ پراٹھی۔ کھوئے۔ بالوساہی۔ گندوڑے۔ دھوئی مونگ کی دال۔ دھوئی دھوئی اُردکی دال ہو۔ ڈھیر سے ترکاریاں ہور اچار۔ ہور مگدکا لڈو۔ ہو۔ گوند کے پاپڑ جو جو بھی نوں ہیر بادیں تو ہیر کھانوں تمہاری کو بھی بھول جاویں مکھوں بھوئے سرے بھی کھاونے میں نہ آوے۔

صاف اُردو میں عبارت متذکرہ بالا کو اس طرح پڑھ سکتے ہیں:۔

ہاں ہاں! پیر و مرشد! ہمارے دھرم میں نہیں جیو کا مارنا بڑا کہا ہے یعنی گناہ ہے۔

اور کھانا تو اور بھی بُرا۔ اور کہا (میں نے کہا) تمہاری کیا بات ہے تم خاوند لوگ ہو۔ ہمارے تو جو کوئی چوہی بھی بھولے سسرے مار دیتا ہے تو اُسکے ہاتھ کا پانی پینا غضب ہے۔ ہمارے بڑے تاؤ سیلرام جی تھے۔ انہوں نے بھولے سسرے سے کہا کھنکھجورے پر پیر رکھ دیا تھا سو کھنکھجورا مر گیا۔ سو باباجی نے وہ چھکڑ فرمایا یہ توتی کے (جس کے اولاد ہو یعنی اے دشمن عقل تو جلد مارا جائیگا اور تیری ماں بے اولاد ہو جائیگی) کہا یہ کیا کیا؟ اب دس ہزار روپے کس کے گھر سے نکالوں جو اس گناہ (عذاب) کا تاروں۔ اور پرمیشر نے ہمارے کھانے پینے کیواسطے بھی بہت چیزیں پیدا کی ہیں۔ سوہن جوگ، توری، کچوری، امرتی، میٹھے سُہال، کچالو، بینگن، پرگاسی، جرشک، بادام، ہری، گنڈوڑے، دھوئی مونگ کی دال، دھوئی اڑد کی دال، اور بہت سی ترکاریاں، اور اچار، اور مکہ کا آٹا، اور گوندنے کا پاپڑ جو حضور بھی نوش فرماویں تو پھر کھانے کی کونسی چیز ہے جو میں بھول جاؤں بلکہ بھولے سسرے بھی کھانے میں نہ آوے۔

بی نوراں جو کوچۂ باقی بیگ کی کسبی ہے اور میر غضنفر علی میاں جو دلی سے لکھنؤ جا رہے ہیں اس طرح گفتگو شروع ہوتی ہے:۔

بی نوراں کہتی ہیں:۔

"آیئے آیئے میر صاحب! تم تو عید کے چاند ہو گئے۔ دلی میں آتے تھے، دو دو پہر رات تک بیٹھتے تھے اور ریختے پڑھتے تھے۔ لکھنؤ میں قسم کیا ہو گیا کہ کہیں تمہارا اثر آثار معلوم نہ ہوا۔ ایسا نہ کیجو کہیں آٹھوں[1] میں بھی نہ چلو، تمہیں علی کی قسم آٹھوں میں مقرر چلیو"

میر صاحب (جو اُس زمانہ کے ایک نمونہ طبع رنگین مزاج شخص تھے کوئی ثقہ متقی پرہیزگار نہ تھے) جواب میں فرماتے ہیں:۔

"اجی بی نوراں! یہ کیا بات فرمائی ہو۔ تم تو اپنے جیوڑے کی چین ہو۔ یہ کیا کہیں جب سے دلی چھوڑی ہے کچھ جی افسردہ ہو گیا ہے، اور شعر پڑھنے کو جو کہو تو جو لطف اس میں بھی نہیں ہا

[1] آٹھوں کا میلہ لکھنؤ میں بڑی دھوم کا ہوتا تھا۔ ۱۲

کہ مجھ سے سنیے۔ ریختہ میں اُستاد میاں ولی ہوئے ان پر توجہ شاہ کلش صاحب کی تھی۔ پھر میاں آبرو اور میاں ناجی اور میاں حاتم پھر سب سے بہتر مرزا رفیع السودا اور میر تقی صاحب۔ پھر حضرت خواجہ میر درد صاحب برد اللہ مرقدہٗ جو میرے بھی اُستاد تھے وہ لوگ تو سب مرگئے اور اُن کی قدردانی کرنوالے بھی جاں بحق تسلیم ہوئے۔ اب لکھنؤ کے جیسے جیو کرے ہیں ویسے ہی شاعر ہیں۔ اور دلی میں بھی ایسا ہی کچھ چرچا ہے۔ تخم تاثیر صحبت اثر۔ سبحان اللہ یہ کون میاں جرأت بڑے شاعر۔ یہ جیو تو تمہارا لڑکا مان کس دن شعر کہتا تھا۔ اور رسا بہادر کا کون کلام ہے اور دوسرے میاں مصحفی کہ مطلق شعور نہیں کہتے اگر پوچھیے کہ ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا کی ترکیب تو درایبان کردو اپنے شاگردوں کو ہمراہ لیکر لڑنے آتے ہیں۔ اور میاں حسرت کو دیکھو اپنا عاق بادیان اور شہرت انا جیو کے شاعری میں آگے قدم رکھا ہے اور میر انشاء اللہ خاں بچارے یہ ماشاء اللہ خاں کے بیٹے آگے پیدا دتھے۔ ہم بھی گھورنے کو جاتے تھے۔ اب چند روز سے شاعر بن گئے ہیں۔ مرزا مظہر جان جاناں صاحب کے روزمرہ کو نام رکھتے ہیں۔ اور سب سے زیادہ ایک اور سُنیے کہ سعادت یار خاں کا بیٹا انوری ریختہ آپ کو جتاتا ہے۔ رنگین تخلص ہے ایک قصہ کہا ہے اس مثنوی کا نام دلپذیر رکھا ہے۔ رنڈیوں کی بولی اس میں باندھی ہے میر حسن پر زہر کھایا ہے۔ بہ خیر اس مرحوم کو بھی کچھ شعور نہ تھا بدر میر کی مثنوی نہیں کبھی کو یا سمندے کا تیل پیتے ہیں۔ بھلا اس شعر کو کیا کہیے۔ سارے ولی لکھنؤ رنڈی سے لیکر مرد تک پڑھتے ہیں ؎

چلی واں سے دامن اُٹھاتی ہوئی　　کرے کو کرے سے بچاتی ہوئی

سو اس بچارے رنگین نے بھی اسی طور پر قصہ کہا ہے۔ کوئی پوچھے کہ بھائی تیرا باپ رسالدار مسلم لیکن بچارا برچھی بھالے کا چلانے والا، تیغے کا چلانے والا تھا، تو ایسا قابل کہاں سے ہوا اور تہمد پن جو بہت مزاج میں رنڈی بازی سے آگیا ہے تو ریختہ

کے تئیں چھوڑ کر ایک ریختی ایجاد کی ہے اس واسطے کہ جلے آدمیوں کی بہو بیٹیاں پڑھکر مشتاق ہوں، اور اُن کے ساتھ اپنا منھ کالا کرے۔ بھلا یہ کلام کیا ہے:۔

ذرا گھر کو رنگیں کے تحقیق کر لو — یہاں سے ہے کے پیے ڈولی کہارو

مرد ہو کر کہتا ہے:۔ ع کہیں ایسا نہ ہو کہ جنت میں ماری جاؤں۔ اور ایک کتاب بنائی ہے اس میں رنڈیوں کی بولی لکھی ہے جس میں اوپر والیاں، چلیں۔ اوپر والا چاند۔ اُجلی۔ دھوبن وغیرہ وغیرہ:

یہ بڈھے میر صاحب تازہ واردانِ مذاق واطلا اور نئی نئی رفتارِ روگفتار پر کیا کیا خیالات رکھتے تھے اور شعرائے عصر کے کلام پر جو تنقید کی ہے کس قدر خانہ انداز میں اپنے اصلی خیال کو ظاہر کیا ہے لطف یہ ہے کہ سید انشا نے اس مرقع پر اپنے آپ کو اور اپنے دوست رنگین کو بھی نہیں چھوڑا بلکہ خوب خبر لی ہے۔

مختلف زبانیں جانتے تھے۔

سید انشا مختلف زبانیں جانتے تھے۔ عربی، فارسی، ترکی، پنجابی، پشتو پوربی، مرہٹی۔ ان سب زبانوں میں خوب ماہر تھے اور اُردو کے اہل زبان تھے۔ اُن کے تصرف بالایادی، خوش ادائی اور خوشحالی کے سبب ہر اہل زبان سے تحسین و آفریں کا خراج وصول کرتے ہیں، اگر وہ آج ہمارے زمانہ میں ہوتے تو ہماری زبان کا طرز ادا نہایت عمدگی اور خوبصورتی سے بدلتے۔ ایک قصیدہ جو جاج سوم کی تہنیت جشن میں کہا ہے۔ اس میں انگریزی الفاظ کس خوبصورتی سے بٹھائے ہیں۔ دو چار شعر بطور نمونہ لکھتا ہوں۔ صاحبان ذوق سلیم اُن کے کمال کا خود اندازہ کر سکتے ہیں:۔

بگیاں چھوڑ کی پیچھا کرائے بوسے لوں — کہ ہاتھ کھنے کو چلینگے جو اتان چین،

کوئی شبنم سے پیٹرک باتوں پہ پھولا — لڑی ناز پہ جھومکی دکھائیگا بھین

شانِ ناز کہ رہے کوئی ہاتھ میں لیکر لگ گیت — مو الگ سب سے نکالے کا ترا لاجوین

نسترن بھی نئی عورت کا دکھاوے گا رنگ — کوچ پر ناز کی جب پاؤں کھیگا بن بن

پہنچے ہیں بل کے جاوینگے فرنگی ملتبہ — لالہ ارسے گا سلامی کو بیاکر پلیٹن،
خوشخبر تو کہ ہے ہندوستانی کی — خوشخبر ہو آوے گی عیسائی اگن
آن کر اپنا بگل چونکے گا جب سمجھ ن — آن کر اپنا بگل چونکے گا جب سمجھ ن
ساتھ ہوگی نزاکت بھی جو ہوا سکی بھین — نگہت آوے گی تل کھول کی ہ کمر

کہ تسے کی تعریف کیا خوب کی ہے :-

ساتھ اس نزاکت کے سبک سر کہ کب سکا — ماضی کی کھانسے جو کلیہ تو مذرت تن میں

صاحبو اس پیرانہ سالی میں ایک تماش انداز کا کلکتہ جیسے شہر میں جانا اس لطف کو دوبالا کر دیتا تھا۔ سیالدہ نگمت سنگ کے رستے میں کے خرابات کے جانا۔ رنڈیوں کے ناچ دیکھنا اور ان کے ساتھ ہنسی دل لگی کرنا یہ بھی ایک کیفیت تھی۔ اب مخصوصیت سے سوائے کیا ایک طرف مسکرا دیا۔ اب طوائف کا ذکر آیا۔ یہ کبھی مقطع و معتدل۔ کبھی سنگ باز کبھی آدھی آزادی کبھی چیلا۔ کی صفائی بیادی۔ اس میں شک نہیں کہ تمام مجتمع کے اعتبار سے کسی جلسہ میں ان کا آنا جانا تھا۔ مصحفی نے ان کی بہبود میں کیا خوب کہا ہے :-

"اللہ کرے شاعر نہیں تو ہو بھانڈ ہے ہرامے"

اب لکھنؤ اب واجد علی شاہ کے زمانہ کا ذکر ہے۔ گرمی کے موسم میں ایک دن نواب سعادت علی خاں کے ہاں بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ اور گرمی سے گھبرا کر سامنے رکھے ہوئے پنکھے کو کھینچ رہے تھے۔ پنکھا کھینچنے کی عیسیت میں جھول آئی۔ اور ہاتھ پنکھے سمیت پیچھے سے ایک دھول ماری۔ آپ نے جھنجھلا کر سر پر کھڑی اور کہا "سبحان اللہ" پنکھے میں نزاکت مجھ پر کرتے تھے۔ وہ بات پیدا ہو گئی کہ مکھ نا لکھا تے ہیں تو شیطان دھولیں مارتا ہے۔

ایک دن نواب موصوف نے روزہ رکھا۔ روزہ دیکھا تو آئے نہ پیاس۔ بیدا انتہا درجہ کی گرمی کا موسم تھا۔ یہ بیٹھے ہوئے سوچ رہے تھے کہ ان حکمرانوں کے آگے آپ مالک ہیں۔ باوجود اس کے مزاج سے یہ بھی مزاج سے ہشیار رہتے تھے۔ تھوڑی دیر تامل کیا۔ آخر کہ کھول

دستار سر سے بڑھا قبا آدھ ڈالی اور دوپٹہ عورتوں کی طرح سے اوڑھ کر ایک ناز و انداز کے ساتھ سامنے جا کھڑے ہوئے ہوں ہی اُس کی نظر پڑی آپ انگلی ناک پر دھر کے بولے۔

میں تجھے سچ کہتا ہوں اے مری پیاری زینہ　　بندی رکھیگی تجھے ہدے ہزاری زینہ

تو اب بے اختیار ہنس پڑے۔ جو کچھ کہنا سننا تھا وہ کہا اور ہنستے کھیلتے چلے آئے۔

جان ہیلی صاحب رزیڈنٹ کے ساتھ علی نقی خاں میر منشی بھی آیا کرتے تھے۔ انکی اُن کی عجب لطف کی چوٹیں ہوتی تھیں۔ ایک دن انہوں نے گفتگو میں کسی کی زبان سے نکالا ع شاید کہ دیگ خفتہ باشد۔ انہوں نے کہا کہ گلستان کے ہر شعر پر مختلف روایتیں ہیں اور بعضے شعروں کی کئی کئی تفسیریں ہیں چنانچہ کہتا ہے ع شاید کہ دیگ خفیہ باشد۔ اعداوت عیاں نے سید انشاء اللہ خاں کیا ہوں گے۔ ذکر بد کرنا مناسب نہیں کہ بعضے اس پر بھی ایک خط گلستان میں پڑھا دیں۔

تمام و سخن نہ گفتہ باشد　　عیب و ہنرش نہفتہ باشد

در ہیشہ گماں مبر کہ خالی ہست　　شاید کہ پلنگ خفتہ باشد

بلکہ وہ نسخہ درست صحیح اور خستی تھا۔ اُس میں گفتہ اور نہفتہ کے کچھ معنی ہی سمجھے تھے۔ میر منشی صاحب آپ کو یاد ہیں؟ وہ نہایت شرمندہ ہوئے جب وہ رخصت ہوئے تو سید انشاء کہہ کر کرتے میر منشی صاحب کا اللہ ہیلی۔

فائق تخلص ایک قلت زادہ شاعر تھا۔ خدا جانے کس بات پر خفا ہوا کہ انہی کی ہجو ہی اور خود نوکر شاہی۔ انہوں نے بات تعریف کی بہت اچھا کہا ہے۔ ہنسنا کہ روپے بھی دیئے جب وہ چلا تو بولے ذرا ٹھیرے گا ابھی آسیہ ہجو لکھی ہے۔ قلم نکال کر قطعہ لکھا اور حوالہ کیا۔

فائق بے حیا چو ہجو م گفت　　دل من ہست شاد و خندان

صلہ اش بیش داد و گفتم　　دہن سگ بلقمہ گردد پر

انجام اچھا نہ ہوا　لیکن افسوس ہے کہ ایسے مرنجان و مرنج اور لطیفہ گو اور بذلہ سنج شخص کا جا

سعادت علی خاں کے ہاتھوں اچھا نہ ہوا کوئی ایسی بات بھی نہ تھی جس کی سزا نواب نے سید انشا کیلیے ایسی سخت تجویز کی۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک دن سرور بار بعض شرفائے خاندانی کی شرافت و نجابت کے تذکرے ہو رہے تھے سعادت علی خاں نے کہا کہ کیوں بھئی ہم بھی نجیب الطرفین ہیں۔ سید انشا بول اُٹھے کہ حضور بلکہ انجب۔ انجب نجیب کا اسم تفضیل ہے یعنی نہایت شریف یا سب سے بڑھکر شریف اور دوسرے معنی اسکے یہ ہیں کہ وہ شخص جو حرم کے پیٹ سے ہو چنانچہ عرب کہتا ہے وَلَدُ الْجَارِیَۃِ اَنْجَبُ۔ اتفاق یہ ہوا کہ سعادت علی خاں حرم کے شکم سے تھے[1] اُنھوں نے انجب کے معنی ہی لیے۔ چنانچہ وہ چپ اور تمام دربار درہم ہو گیا اگرچہ سید انشا نے پھر اور باتیں بنا بنا کر بات کو مٹانا چاہا مگر کمان تقدیر سے تیر نکل چکا تھا وہ کھٹک دل سے نہ نکلی اور نواب اس فکر میں رہنے لگے کہ کوئی بہانہ ان کی سخت گیری کے لیے ہاتھ آئے۔ ایک دن سید انشا نے بہت ہی گرم لطیفہ سنایا۔ سعادت علیخاں نے کہا کہ انشا! جب کہتا ہے ایسی بات کہتا ہے کہ نہ دیکھی ہو نہ سنی ہو۔ پرتاؤ دیکھ بولے کہ حضور کے اقبال سے قیامت تک ایسی [illegible] کہ جاؤں گا کہ نہ دیکھی ہو نہ سنی ہو نواب تو تاک میں تھے چیں بجبیں ہو کر بولے کہ جلاد زیادہ نہیں! فقط دو لطیفے روز سنا دیا کیجیے، مگر شرط یہی ہے کہ نہ دیکھے ہوں نہ سنے ہوں، نہیں تو خیر نہ ہوگی۔ سید انشا سمجھ گئے کہ یہ اندازہ کچھ اور ہیں خیر اُس دن سے دو لطیفے روز تو انھوں نے سنانے شروع کر دیے مگر چند روز میں یہ عالم ہو گیا کہ دربار کو جانے لگتے تو جوتا پہن بیٹھا ہوتا اُسی سے کہتے کہ کوئی نقل، کوئی چٹکلا یاد ہو تو بتاؤ تاکہ نواب کو سناؤں۔ اسی اثنا میں ایک دن ایسا ہوا کہ سعادت علی خاں نے انھیں بلا بھیجا۔ یہ کسی اور امیر کے ہاں گئے ہوئے تھے۔ چوبدار نے آکر عرض کی کہ گھر نہیں ملے۔ خفا ہو کر حکم دیا کہ ہمارے سوا کسی اور کے ہاں نہ جایا کرو۔ اس قید

[1] یہ بھی نواب کی حماقت تھی۔ جب حرم کے شکم سے تھا تو لوگوں سے کیوں نجیب الطرفین کہلانے کا شائق تھا؟ تہما

بے زنجیر نے انہیں بہت دق کیا۔ تازہ مصیبت یہ ہوئی کہ تعالی اللہ خاں نوجوان بیٹا مر گیا اس صدمہ سے حواس میں فرق آ گیا، یہاں تک کہ ایک دن سعادت علی خاں کی سواری اُن کے مکان کی طرف سے نکلی۔ کچھ غم و غصہ، کچھ دل بے قابو۔ غرض سر راہ کھڑے ہو کر سخت و سست کہا۔ اب جنون میں کیا کسر رہی، سعادت علی خاں نے جا کر تنخواہ بند کر دی۔ اگر نواب اس طریقہ سے بدلہ نہ لیتا تو شاید یہ بات کسی کو معلوم بھی نہ ہوتی کہ سید انشا نے اُسے آخر نجیب کہا تھا اور وہ حرم کے شکم سے تھا۔ باکمال اصحاب کے ساتھ اس بے رحمی اور سختی سے پیش آنا ہمیشہ باعث ننگ و شرم رہا ہے۔ سلطان محمود غزنوی کو فردوسی نے ہجو لکھ کر بدنام کیا کیونکہ سلطان نے شاہنامہ کی تصنیف کا معاوضہ بجائے ساٹھ ہزار اشرفیوں کے ساٹھ ہزار روپیہ دینا چاہا۔ سعادت علیخاں کو سید انشا کیسا ہی بدسلوکی کرنے پر ہمیشہ کے لیے دنیائے شعر اور میں تنگ نظری اور کم مائگی کی جگہ دی گئی۔ واقعی فردوسی کا شعر سعادت علیخاں کے مصداق ہے ؎

پرستار زادہ نیاید بکار　　اگرچہ بود زادۂ شہریار

آخر اسی کا بھائی آصف الدولہ اپنی سخاوت اور علم و بردباری کی وجہ سے مشہور آفاق ہے اور مجبوراً یہی کہنا پڑتا ہے کہ وہ خاندانی سید زادی کے بطن سے تھا جنکی تمام خاندان بڑی عظمت کرتا تھا اور جن کا نام دلہن بیگم صاحب تھا اور یہ حضرت آخر انجب ہی تھے۔ ع

اصل بد از خطا خطا نہ کند

میر تقی میر نے نواب آصف الدولہ کو ایک غزل سنائی۔ وہ حوض کے کنارے کھڑے ہوئے مچھلیوں سے کھیل رہے تھے، توجہ سے نہ سنی۔ میر صاحب ناراض ہو کر چلے آئے اور نواب کے یہاں جانا چھوڑ دیا۔ چند روز کے بعد ایک دن بازار میں میر صاحب چلے جاتے تھے کہ نواب کی سواری سامنے سے آ گئی۔ دیکھتے ہی نہایت متانت سے بولے کہ میر صاحب آپ نے بالکل ہمیں چھوڑ دیا۔ کبھی تشریف بھی نہیں لاتے۔ میر صاحب نے کہا بازار میں باتیں

کرنا داب شرفا نہیں۔ یہ کیا گفتگو کا موقع ہے۔ کہیں سعادت علی خاں سے یہ گفتگو ہوتی تو بجا ہے۔ یہ صاحب شہر بدر کر دیئے جاتے۔

انشا کی زندگی میں انقلابات

الغرض سید انشا کا ایک وہ زمانہ تھا کہ سعادت علی خاں کی ناک کے بال تھے۔ اپنی کمال لیاقت اور شگفتہ مزاجی کے سبب سے مرجع خلائق تھے دروازے پر گھنٹے پڑے، ہاتھی، پالکی، بگھی کے ہجوم سے رستہ نہ ملتا تھا۔ دوسرا زمانہ یہ آیا جبکہ انگریز کا دامنہ ہو چکا تھا۔ ظاہر درستہ نہ کر دولت اقبال کی جڑ کو دیمک لگ گئی تھی اور سید انشا کا اپنے گھر سے باہر جانا بند ہو گیا تھا۔ چنانچہ سید انشا نے اپنے دوست میاں رنگین سے کہا تھا "کیا کروں تمام کی قید میں ہوں۔ سوا دربار کے کہیں نکلنے کا حکم نہیں"۔ سید انشا کی تیسری حالت یہ ہوئی جبکہ تنخواہ بند ہو گئی کہ کپڑے بیچ بیچ کر روٹی کھانے لگے۔ سر پر ایک میلا سا پھٹا گھنٹا دے رہتے تھے میں پھلیوں کا توبڑا۔ ایک ٹکڑ کا حقہ ہاتھ میں۔ جا کر سلام علیکر کہا۔ بیٹھ گئے کسی کی نہ سنی۔ مزاج پرسی کی۔ انہوں نے اپنے توبڑے میں ہاتھ ڈال کر تمباکو نکالا اور اپنی چلم پر رکھ کر حکم کہا کہ بھئی ذرا سی آگ دینا۔ اسی وقت آوازیں بلند ہوئیں اور گرد کر دی۔ سنک، بیچوان سے لوگ توا منع کرنے لگے۔ وہ بے دماغ ہو گئے بولے کہ صاحب ہمارے حال پر رہنے دیجئے ہمیں تو ہم جانتے ہیں۔ سب نے ان کے حلقہ کی تعریف کی۔ ایک بھیڑ کے بعد پھر بولے کہ کیوں صاحب ابھی مشاعرہ شروع نہیں ہوا لوگوں سے کہا جا رہا ہے۔ لوگ جمع ہوتے جاتے ہیں۔ سب صاحب آ جائیں تو شروع ہو۔ وہ بولے کہ صاحب ہم تو اپنی غزل پڑھ دیتے ہیں۔ یہ کہکر توبڑے میں سے ایک کاغذ نکالا اور غزل پڑھنی شروع کر دی جو اُن کے بالکل حسب حال تھی اور آج بھی [illegible]

کہ باندھے ہوئے چلے کو یاں سب بیٹھتے ہیں [illegible]

لہ یہ سید انشا کی [illegible] غزل ہے۔ منہ

نہ چھیڑ اے نکہتِ بادِ بہاری راہ لگ اپنی — تجھے اٹھکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں
تصور عرش پر ہے اور سر ہے پائے ساقی پر — غرض کچھ زور دھن میں اس گھڑی خوار بیٹھے ہیں
ہمارے ایک نالے پر ہواں کہتے تھے تم کیا کیا — نہیں اٹھنے کی طاقت کیا کریں لاچار بیٹھے ہیں
یہ اپنی بیکسی ہے اور آزادگی ہے اک عالم کی — نظر آیا جہاں پر سایۂ دیوار بیٹھے ہیں
کہاں صیقل تھی آئینہ کو تیرے منہ کی صورت سے — میاں روپیٹ کر اس کو ہم یکبار بیٹھے ہیں
بھبھوکا کر کے منہ سے جب کہا ہوں تم ہو کون اے یارو — جہاں پوچھے یہی کہتے ہیں ہم بیکار بیٹھے ہیں

بیت کہنے کی کچھ ضرورت نہ تھی انشا

غنیمت ہے کہ ہم صورت سے یاں پر چار بیٹھے ہیں

وہ غزل پڑھ کر اٹھا تو سب کا عالم عجیب ہو گیا۔ سلام علیک کر کے چلے گئے۔ کمرہ میں آسمان میں سناٹا ہو گیا۔ اس وقت کی کیفیت جو ایک عالم پر طاری ہوئی تھی بیان نہیں ہو سکتی۔

پھر کئی دن کے بعد میاں مرزا تفضل حسین نے رنگ سے کھینچ کر کہا۔ میں نے کہا کیا تو پوچھتا ہوا کل جو میں اس دروازہ پر گیا تھا تو وہاں دیکھا کہ خاک اڑتی ہے اور رکتے ہوتے ہیں۔ ایک ٹٹی پر سے رنگ روی اندر سے کسی بڑھیا نے پوچھا کہ کون ہے بھائی؟ (وہ اُن کی بولی تھی) میں نے کہا کہ حاتم کا یار خاں دلی سے آیا ہے۔ چونکہ سید انشا سے انتہائی درجہ کا تعلق تھا اور بیتکلفی سے جی اور دل پر آ کر بیٹھ رہتے تھے اور کہا کہ بھیا اُن کی تو عجب حالت ہے۔ اسے لو میں بھیجتی ہوں۔ تم اندر آؤ۔ اور وہ چلا گیا۔ میں اندر گیا۔ دیکھا ایک کوٹھے میں بیٹھے ہیں۔ ایک چارپائی بچھی ہے۔ دونوں پائنتوں پر میں اور وہ ہیں۔ آگے اک کٹورا دھرا ہے۔ ایک ٹوٹا سا حقہ پاس رکھا ہے۔ یا تو وہ شان و شکوہ کے جلسے ٹٹ دیکھے تھے، وہ گرمجوشی دوستوں کی ملاقاتیں ہوتی تھیں یا یہ حالت دیکھی بے اختیار دل بھر آیا۔ میں بھی وہیں زمین پر بیٹھ گیا اور دیر تک رویا۔ جب جی ہلکا ہوا تو میں نے پکارا کہ سید انشا۔ سید انشا سر اٹھا کر اس نظر حسرت سے دیکھا جو کہتی تھی کہ کیا کروں۔ آنکھ میں آنسو نہیں۔ میں نے کہا کیا

حال ہے ؟ ایک ٹھنڈی سانس بھر کر کہا کہ شکر ہے، پھر اس طرح سر کو گھٹنوں پر رکھ لیا کہ نہ اُٹھایا۔

یہ اُردو نظم و نثر کا باکمال اُستاد اس طرح اپنی زندگی کے آخری ایام گزار کر دُنیائے فانی سے عالم بقا کو راہی ہوا، اور اسکی موت اہل ہمیش کے لیے ایک تازیانۂ عبرت کا کام دیتی ہے ؎

یہ لاش بے کفن اسدِ خستہ جاں کی ہے حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

مولوی شاہ رفیع الدین دہلوی

اٹھارویں صدی عیسوی کے پچھلے نصف حصہ میں اور انیسویں صدی کے پہلے نصف حصہ میں یعنی ایک صدی کے اندر شاہان مغلیہ کی عظمت کا خاتمہ ہو گیا تھا، اقبال منھ موڑ چکا تھا، اور ادبار و فلاکت کی گھٹائیں ہر طرف سے چھا رہی تھیں لیکن اس آخری زمانہ میں جو اسلام کا ہندوستان میں آخری دور تھا آسمان علم و ادب کا آفتاب دہلی میں طلوع ہوا، اور اس نے اپنی روشنی سے عالم کو منور کر دیا، حکومت اسلام کو تمام بلکہ تمام تر مسلمین مذہب اسلام باواز بلند پکار رہا تھا کہ وہ حکومت کا تابع نہیں ہے۔ بلکہ انکی اپنی ذہنیت سلطنتوں کو تسخیر کرتی ہیں۔ اور اہل عالم کے دلوں کو مسخر کر لیتی ہیں۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ العزیز نے اپنی لاجواب کتاب حجۃ اللہ البالغہ سے جو فارسی زبان میں تحریر فرمائی ہے ہمارے قول کی تائید کر دی ہے۔ مولانا شبلی نعمانی اپنی کتاب علم الکلام میں فرماتے ہیں کہ "جس زمانے میں جب کہ اسلام کا نفس باز پسیں تھا، شاہ ولی اللہ جیسا شخص پیدا ہوا جسکی نکتہ سنجیوں کے

---

(۱) واقعات دار الحکومت دہلی مصنفہ مولوی بشیر الدین احمد دہلوی سے شاہ رفیع الدین و شاہ عبد القادر و مولوی اسمٰعیل کے کچھ حالات اخذ کیے گئے ہیں۔

آگے غزالی، رازی، ابن رشد کے کارنامے بھی ماند پڑ گئے۔ شاہ صاحب نے علم کلام کے عنوان سے کوئی تصنیف نہیں کی اور اس بنا پر اُن کو متکلمین کے زمرے میں شمار کرنا بظاہر موزوں نہیں لیکن اُن کی کتاب حجۃ اللہ البالغہ جس میں اُنہوں نے شریعت کے حقائق اور اسرار بیان کیے ہیں درحقیقت علم کلام کی روح رواں ہے ....."

ظاہر ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اعلیٰ پایہ کے اہل علم تھے جو علامہ شبلی سے ان الفاظ میں خراج تحسین وصول کرتے ہیں۔ ان کے بعد ان کے تین صاحبزادے علی التواتر مذہب اسلام کی خدمت کرتے رہے۔ مولوی شاہ عبدالعزیز صاحب بڑے بیٹے تھے جنکی کتاب فارسی زبان میں ازالۃ الخفاء کے نام سے مشہور ہے اور جو آسمان علم پر ماہتاب ہو کر چمکے۔ انکے بعد مولوی شاہ رفیع الدین کا نمبر ہے جو شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے دوسرے بیٹے تھے ۱۱۶۳ھ ہجری میں پیدا ہوئے تھے۔ اپنے والد ماجد کی آغوش عاطفت میں علوم مروجہ حاصل کیے اور حدیث شریف کی سند بھی انہی صاحب کمال کے دست شفقت سے حاصل کی۔ علم اور تقوے میں اپنے باپ اور بھائی کے قدم بقدم تھے جب بڑے بھائی حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب بوجہ کبر سنی و کثرت امراض و ضعف مزاج و دماغی محنت و تعلیم و تدریس کے زیادہ متحمل نہ ہو سکے تو یہ کام شاہ رفیع الدین صاحبؒ ہی کے زیادہ تر ذمہ کیا گیا۔

آپ کے اوصاف کا احاطہ کرنا مشکل ہے کس باپ کے بیٹے اور کس بھائی کے بھائی تھے۔ شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کی وفات پر جو قطعہ تاریخ حکیم مومن خاں مومن نے لکھا ہے اُس سے انکے مذہبی تقدس اور علم و فضل کا ایک حد تک اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ یہاں صرف دو شعر پر اکتفا کرتا ہوں:۔

جانب ملک عدم آنحضرت فرمائیں جو ہوئے — آ گیا تھا کیا ہمیں دو تنکے ایماں میں خلل
دست بیداد اجل سے بے سہارا جو کئے — فقر و دیں، فضل و تقویٰ، لطف و اکرام و عمل

پس شاہ رفیع الدین صاحبؒ بھی صاحب علم و فضل اور یکتائے روزگار ہوئے تھے علاوہ صاحب باطن اور

نیز بھی تھے۔ آپ سے اکثر نظمیں اور کچھ نثر بھی یادگار ہے۔ لیکن سب سے اہم اور بڑا کام کلام مجید کا سلیس اردو ترجمہ ہے جو آجتک مقبول انام ہے۔ مختصر نمونہ مولوی نذیر احمد صاحب کے حالات میں درج کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی آپ کی کئی تصنیفات ہیں۔ آخر عمر تک آپ خدمت دین میں منہمک رہے اور ۸۰ برس کی عمر میں ۱۲۳۳ھ ہجری میں انتقال کیا اور اپنے والد بزرگوار کے قریب پائنتی کی طرف دفن ہوئے۔

مولوی شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی

شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ العزیز کے تیسرے صاحبزادے مولوی شاہ عبدالقادر صاحب تھے۔ آپ ۱۱۷۳ھ ہجری میں شمع افروز بزم جہاں ہوئے اور اپنے وجود باجود سے عالم کو روشن کر دیا۔ ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے والد بزرگوار کے سایہ عاطفت میں پائی اور علم فقہ و حدیث و تفسیر میں تمام پیدا کیا۔ تحصیل علم سے فراغت پاکر اکبر آبادی مسجد کے حجرے میں تمام عمر بسر کر دی اور دنیا میں بالکل ایک مسافرانہ حالت سے رہے۔ کن فی الدنیا کانک غریب و عابر سبیل پر آپ کا عمل رہا۔ حقیقتاً صرف یہی لوگ ایسے نفوس قدسی تھے جو عالم باعمل تھے۔ یوں تو دنیا کو سب سرائے فانی اور چند روزہ اقامت گاہ کہتے ہیں لیکن اپنے عمل اور طرز ماندوبود سے اپنے قول کی تائید نہیں کرتے بلکہ اسکے خلاف وہ طریقہ زندگی اختیار کرتے ہیں جس سے وہ یہاں ابدالآباد تک رہنے کی فکر میں مبتلا پائے جاتے ہیں۔

شاہ صاحب عالم، فاضل، متقی، پرہیزگار، متغنی المزاج اور متوکل تھے۔ دنیا سے نفرت تھی، اور گوشہ نشینی پسند خاطر تھی۔ زیادہ تر ذکر خدا میں مشغول رہتے تھے۔ اہل دنیا کی طرف مطلق التفات نہ فرماتے۔ اسی سبب سے تصنیف و تالیف کی طرف بھی چنداں توجہ نہ کی قرآن شریف کا بامحاورہ ترجمہ اردو یا موضح القرآن آپ سے یادگار ہے جس پر

بلا مبالغہ ہزاروں کتابیں شمار ہیں۔ ترجمہ ظاہر میں سیدھا سادہ ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس سے صاحب ترجمہ کی بالغ نظری بھی عیاں ہے۔ جواہر کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں، اس کا لطف وہی جانتے ہیں جو ادب اور علم تفسیر و حدیث سے بہرہ وافی رکھتے ہیں۔ آپ کا یہ ترجمہ کثرت سے رائج ہے اور بہت مقبول ہے ہم نے آپ کے ترجمہ کی بھی دو چار سطریں شاہ رفیع الدین صاحبؒ کے ترجمہ کے ساتھ ساتھ مولوی نذیر احمد صاحب کے ترجمۃ القرآن کے تحت میں لکھی ہیں۔ ناظرین کو اس ترجمہ کے محاسن کا اندازہ خود مولوی نذیر احمد صاحب کی تحریر سے بخوبی ہو جائیگا۔ اور اُن کی رائے اس بارے میں ایک خاص وقعت رکھتی ہے کیونکہ وہ بھی خود مترجم القرآن ہیں اور جو خوبیاں انکو اپنے ترجمہ کے وقت اس ترجمہ میں نظر آئیں اُنہوں نے اپنے الفاظ میں اُن کا اظہار کر دیا ہے۔

شاہ عبدالقادر صاحبؒ کے فیض باطن کا یہ حال تھا کہ اُس زمانہ میں ایسا مکاشف صحیح اور کوئی نہ تھا۔ سُنا جاتا ہے کہ جو کچھ اُن کی زبان سے نکل جاتا تھا بلا کم و کاست وہی ظہور میں آتا تھا، باوجود اس کے بسبب کثرت اخلاق کبھی کسی کے حق میں کچھ ارشاد نہ فرماتے اور نہ کبھی کسی سے یہ کہتے کہ ادھر بیٹھو یا اُدھر لیکن منجانب اللہ لوگوں کے دلوں میں آپ کا ایسا رُعب چھایا ہوا تھا کہ رؤسائے شہر جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو ادب کی وجہ سے دور دور خاموش بیٹھتے اور آپ کی تحریک کے بغیر مجال سخن نہ رکھتے تھے۔ اور اس پر بھی ایک دو بات سے زیادہ اُن کے مُنہ سے نہ نکلنے پاتی تھی۔ آپ کی کرامات سے شہر بھرا ہے آپ نے ۱۲۳۰ھ ہجری میں بعمر ۶۳ سال وفات پائی اور اپنے جدامجد شاہ عبدالرحیم صاحبؒ کے پائین میں مدفون ہوئے۔

مولوی نذیر احمد کی رائے ترجمۃ القرآن پر

مولوی نذیر احمد صاحب نے اپنے ترجمۃ القرآن کے ساتھ ایک مبسوط دیباچہ لکھا ہے اُس میں ترجمے کی ضرورت کو بہت خوبی کے ساتھ دکھلایا ہے۔ جہاں تک شاہ عبدالقادر صاحبؒ اور اُن کے ترجمے سے مکا

تعلق ہے وہ عبارت ہم ذیل میں نقل کرتے ہیں:-

"قرآن کا سب سے پہلا ترجمہ وہ ہے جو ۱۱۵۰ھ ہجری میں مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے کیا تھا۔ میں کہتا ہوں کہ یہ بزرگ زمانہ کے حالات پر کیسی وسیع نظر رکھتے تھے کہ ۱۱۵۰ھ ہجری میں باپ نے فارسی ترجمے کی ضرورت معلوم کی پھر سو نہیں دو سو نہیں صرف پچیس برس بعد اُن کے بیٹے شاہ عبدالقادر صاحبؒ کو معلوم ہوا کہ عام مسلمان فارسی بھی کم سمجھتے ہیں کہ ۱۲۰۵ھ میں اُنہوں نے اُردو ترجمہ کیا جو موضح القرآن کے نام سے مشہور ہے اور اُردو کا بہتر سے بہتر ترجمہ سمجھا جاتا ہے۔ اور وہ فی الواقع اپنے وقت میں بہتر سے بہتر تھا بھی۔ اس سے کہ ۱۱۵۰ھ میں مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے فارسی ترجمہ کیا اور ۱۲۰۵ھ ہجری میں مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ نے اُردو صاف ظاہر ہے کہ ۱۱۵۰ھ ہجری ہی میں فارسی کا رواج اتنا کم ہو چلا تھا کہ مولینا شاہ عبدالقادر صاحبؒ کو قرآن کا اُردو ترجمہ کرنا پڑا تو اب ۱۳۱۴ھ میں فارسی کا کیا حال ہو گا۔ ہے شمعِ خانی کی طرح فارسی معدوم ہو رہی ہے مگر ہے ابھی کچھ دن چند روزہ ہے ع اگر ماند شبے ماند شب گرنی ماند ..... گو زمانے کے انقلاب نے مولانا شاہ ولی اللہ صاحب کے ترجمے کو بیکار سا کر دیا مگر ترجمہ تو حقیقت میں ایسا مستند ہے کہ جو شخص قرآن کے لفظ لفظ میں تیرے وہی اس کی قدر جان سکتا ہے۔ فی الحقیقت قرآن کے مترجم ہونے کے لیے جتنی باتیں درکار ہیں ترجمے سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ سب مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ میں علی الوجہ الکمال پائی جاتی تھیں، اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مولانا صاحب کی نظر تفاسیر اور احادیث اور دین کی کتابوں پر ایسی وسیع ہے کہ بہت ہی کا حصہ تھا۔ اب کوئی ایک معمولی ترجمہ سے تو سکتا ہے یا مصیب ہو اور وہ بھی شاید۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک آیت کے ہر ایک لفظ کی نسبت مختلف تفسیروں کے بیشتر اقوال میں [illegible] ان لفظوں [illegible] ترجیح یا تطبیق [illegible] جب [illegible] ان کے [illegible] [illegible] [illegible]

کا۔ اکٹھے دو دو اُردو ، ایک شاہ عبدالقادر صاحبؒ کا اور ایک شاہ رفیع الدین صاحبؒ کا
تو اب ہر ایک کو ترجمے کا حوصلہ ہو گیا۔ مگر خاندان شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے سوا کوئی شخص
مترجم ہونے کا دعوے نہیں کر سکتا۔ وہ ہرگز قرآن کا مترجم نہیں بلکہ مولانا شاہ ولی اللہ
صاحبؒ اور اُن کے بیٹوں کے ترجموں کا مترجم ہے کہ اُنہی ترجموں میں اُس نے کچھ
ردو بدل تقدیم و تاخیر کر کے جدید ترجمے کا نام کر دیا۔۔۔۔۔۔ مولانا شاہ عبدالقادرؒ
اور مولانا شاہ رفیع الدینؒ کے ترجمے زبان کے پُرانے ہونے کی وجہ سے ایسے اُکھڑے اُکھڑے کے
نہیں معلوم ہوتے جیسے بے ترتیبی الفاظ کی وجہ سے۔ یہ نہیں کہ ان بزرگوں کو بے ترتیبی
الفاظ کا علم نہیں ہوا، یا ان کے وقت میں ایسی بے ترتیب اُردو فصیح سمجھی جاتی تھی۔ نہیں
یہ لوگ بجائے خود اُردو کے لیے سند تھے۔ مگر بات یہ ہے کہ ایک طرف ترتیب الفاظ
قرآن کا پاس اور دوسری طرف اُردو کی فصاحت۔ ان کی دینداری نے اجازت نہ دی
کہ ترتیب الفاظ قرآن کے مقابلہ میں اُردو کی فصاحت کا پاس کریں۔۔۔۔۔۔ ترجمہ تو ترجمہ
کثرت سے سن پڑھنے نے اُن کے مذاق اُردو پر یہ اثر کیا تھا کہ باوجود یکہ ترجمہ نہیں مگر الفاظ
کی بے ترتیبی اُن کی اپنی اُردو میں بھی ہے۔۔۔۔۔۔ ہم مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ کے دیباچہ
کی عبارت اس جگہ نقل کرتے ہیں کیونکہ اُنہی کا ترجمہ بامحاورہ سمجھا جاتا ہے اور مولانا شاہ
رفیع الدین صاحبؒ کے ترجمے کے مقابلہ میں وہ ایسا ہی ہے۔ فرماتے ہیں "الٰہی شکر تیرے
احسان کا ادا کروں کس زبان سے کہ ہماری زبان کو گویائی اپنے نام کی اور دل کو روشنی
دی اپنے کلام کی اور اُمت میں کیا اپنے رسول مقبول کی جو اشرف الانبیاء اور نبی الرحمۃ جس کی
شفاعت سے امیدوار ہیں ہم، کہ پاویں دو جہان کی نعمت۔ الٰہی اس نبی اُمت پرور کو اپنی رحمت
کامل سے درجات اعلیٰ نصیب کر جو حد نہ کسی مخلوق کی اور اپنی عنایت اُن پر ہمیشہ افزوں کر
دنیا اور آخرت میں۔۔۔۔۔۔ یہ نمونہ ہے مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ کی آزاد طبع زاد اُردو کا،
اسی پر قیاس کرنا چاہیے ان کے ترجمے کو جس میں جا بنا جا ریا بندی کرنی پڑتی ہے۔ اگرچہ ہم

دیباچہ کی زبان کو "گویا کی" اور "اپنے نام کر" اور "اپنے کلام کر" کی خوبیوں کو نہ سمجھیں، مگر باایں ہمہ ترجمہ اپنے وقت میں اور اپنی شان میں بے نظیر تھا۔"

مولوی اسمٰعیل دہلوی

شہید راہِ خدا

آپ جامع کمالاتِ صوری و معنوی تھے۔ نکتہ سنجی، کلام الٰہی، اور حدیثِ نبوی کے ماہر تھے، عالم معقول و منقول تھے۔ آپ کو مولانا شاہ عبدالعزیز صاحبؒ و شاہ رفیع الدین صاحب و شاہ عبدالقادر صاحب غفر اللہ لہم کے ساتھ برادرزادگی کی نسبت تھی۔ چونکہ آپ کے والد کا انتقال آپ کی صغر سنی ہی میں ہو گیا تھا اس لیے شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے انکو اپنے فرزندوں کی طرح پرورش کیا تھا اور اپنی نواسی بھی ان سے منسوب کی تھی۔ ان کی تعلیم و تربیت میں بھی خاص اہتمام ملحوظِ خاطر رکھا گیا۔ آپ پندرہ سولہ برس کی عمر میں تحصیلِ علوم سے فارغ ہو گئے تھے۔ آپ نے علم معقول کی بیشتر کتب پر حواشی تحریر کیے، اور ایک رسالہ منطق میں لکھا۔ ایک رسالہ قرۃ العینین فی اثباتِ رفع یدین تالیف فرمایا۔ اسی طرح متعدد رسالے آپ سے یادگار ہیں۔ اوائل عمر میں چونکہ فیضِ باطن کے حصول کا بہت خیال تھا اس لیے جناب سید احمد صاحب قدس سرہ العزیز کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اعتقاد و ہمہ پہنچا کر اُن سے کسبِ فیضِ باطن پر آمادہ ہوئے۔ بعد ازاں ہیر کی رفاقت ہی میں مناسکِ حج ادا کیے اور وہاں سے ہندوستان واپس آکر ہدایت و ارشاد سے خلق اللہ کو راہ راست دکھائی وعظ و نصیحت سے اہلِ غفلت کے کان کھول دیے اور اعلامِ سنت و ہدم بنیانِ شرک و بدعت کا آوازہ سب کے کانوں تک پہنچ گیا۔ بعض لوگوں نے آپ کی مخالفت شروع کی اور درپے اذیت ہوئے، کیونکہ اُن کی طرف سے کچھ لوگ ضعیف العقیدت ہو چلے تھے، لیکن وہ حق اور

راہِ راست پر تھے، ہدایت وارشاد سے باز نہ آئے۔ پھر خلق کو یہاں تک اختیارِ سنتِ نبوی اور ترکِ بدعات واحداث کی توفیق ہوئی کہ لوگ وحدانیت کے رنگ میں رنگے گئے مفسدوں کا بازار سرد ہوگیا اور لوگوں نے جان لیا کہ یہ لوگ مخالفین، طمع دنیاوی کی غرض سے ہم کو سبز باغ دکھاتے تھے۔ خدا کے فضل وکرم سے لوگوں کو نماز کی اس درجہ توفیق ہوئی کہ مسجد جامع میں نمازِ جمعہ کے واسطے ایسی کثرت ہونے لگی جیسی نمازِ عیدین پر عیدگاہ میں ہوتی ہے۔ آپ کا معمول تھا کہ ہر جمعہ اور شنبہ کو مسجد جامع میں وعظ فرماتے تھے۔ بعض بدعتی لوگ آپ کو بھڑکا دیتے تھے تو وعظ میں ایسی زبردست اور مدلل تقریر فرماتے کہ لوگوں کے تمام شکوک رفع ہو جاتے۔

بعدازاں آپ نے جہاد کی فضیلت میں تقریریں شروع کردیں اُنکا یہ اثر ہوا کہ مسلمانوں کا آئینۂ باطن مصفا اور مجلی ہوگیا۔ راہِ حق میں وہ ایسے سرگرم ہوئے کہ بے اختیار اُن کے دل میں یہ آرزو پیدا ہوئی کہ اُن کا سر راہِ خدا کی نذر ہو اور اُن کا مال ومتاع اعلائے کلمۂ دینِ محمدی میں صرف ہو چنانچہ اپنے پیر کی طلب پر دہلی سے تشریف لے گئے اور باتفاقِ ممدوح جہاد پر کمر باندھکر کوہستان چلے گئے۔ وہاں سے اطرافِ ہندوستان میں طلبی کے خطوط بھیجے۔ اس نواح سے لوگ بکثرت روانہ ہوگئے اور کوہستانیوں کے علاوہ صرف ہندوستانی ایک لاکھ سے زائد آپ کی خدمت بابرکت میں جمع ہوگئے۔ اور راہِ خدا میں کارنمایاں پر دئے کار آئے۔ تائیدِ الٰہی سے آپ کا رعب کفار کے دلوں میں ایسا جاگزین ہوا کہ تاب مقابلہ نہ رکھتے تھے اور نام سنکر فرار ہو جاتے تھے لیکن قلعہ بالاکوٹ کے نواح میں ہمراہ پیر طریقت اور اکثر مسلمین غزاۃ، شہید راہِ خدا ہوئے جب اس شکست کی خبر دلی میں آئی تو شاہ قصیہ نے متعلقہ اندوہ میں ایک طولانی قصیدہ کہا جس کے تین شعر نقل کیے جاتے ہیں

کلام اللہ کی صورت ہوا دل اُنکا سیپارہ ۔۔۔ نہ یاد آئی حدیث اُنکو نہ کوئی نصِ قرآنی

ہرن کی طرح میدان وغا میں جو کڑی بھولے ۔۔۔ اگرچہ تھے دمِ شمشیر سے وہ شیرِ نیستانی

مولوی صاحب کے طرفدار مجاہدوں کا دلی میں لشکر تھا، بہت سے بہادروں نے آکر شاہ صاحب کا گھر گھیر لیا۔ مرزا خانی کو قوال شہر تھے۔ وہ سنتے ہی دوڑے اور آکر بچایا۔ شاہ صاحب نے اشعار مذکورہ کو قصیدہ کر دیا اور کو قوال صاحب کا بہت شکریہ ادا کیا۔ اُس میں کا ایک شعر یہ ہے۔

نصیر الدین بیچارہ تو رستہ طوس کا لیتا نہ ہوتے شحنۂ دہلی اگر یاں میرزا خانی

آپ کی تصانیف متعدد ہیں، جن میں زیادہ تر مستند دل تقویت الایمان ہے۔

عبارت ذیل تقویت الایمان سے نقل کی جاتی ہے۔ مولوی اسمٰعیل صاحب اپنے کلام کی تائید میں قرآن پاک اور احادیث نبوی کا برابر حوالہ دیتے جاتے ہیں اور اہل اسلام کے لیے اُس سے زیادہ مدلل اور کوئی تقریر یا تحریر نہیں ہو سکتی جس کی بنیاد کلام پاک اور احادیث رسولؐ پر ہو۔ طرز ادا بھی کس قدر دلچسپ اور بااثر ہے، اور معلوم ہوتا ہے کہ ایک دریائے ذخار اُمڈا چلا آتا ہے۔ واؤ عطف آجکل کی زبان کے مطابق چند مقامات پر غلط استعمال کیا گیا ہے اور بعض جگہ بے ترتیبی الفاظ اُس زمانہ کی تحریر کا نشان دے رہی ہے۔

"ہر خاص و عام کو چاہیے کہ اللہ و رسول ہی کے کلام کو تحقیق کریں اور اُسی کو سمجھیں اور اُسی پر چلیں اور اُسی کے موافق اپنے ایمان کو ٹھیک کریں۔ سو سننا چاہیے کہ ایمان کے دو جزو ہیں۔ خدا کو خدا جاننا اور رسول کو رسول سمجھنا۔ اور خدا کو خدا سمجھنا اس طرح ہوتا ہے کہ اُس کا شریک کسی کو نہ سمجھے اور رسول کو رسول سمجھنا اس طرح ہوتا ہے کہ اس کے سوائے کسی کی راہ نہ پکڑے اس پہلی بات کو توحید کہتے ہیں اور اس کے خلاف کو شرک، اور دوسری بات کو اتباع سنت کہتے ہیں اور اُس کے خلاف کو بدعت۔ سو ہر کسی کو چاہیے کہ توحید اور اتباع سنت کو خوب پکڑے اور شرک و بدعت سے بہت بچے، کہ یہ دونوں چیزیں اصل ایمان میں خلل ڈالتی ہیں اور باقی گناہ اُن سے پیچھے ہیں کہ وہ اعمال میں خلل ڈالتے ہیں اور چاہیے جو کوئی توحید اور اتباع سنت میں پڑا کامل ہو اور شرک و بدعت سے بہت دور رہے، اور لوگوں کو اُس کی صحبت سے یہ بات حاصل ہوتی ہو اُسی کو اپنا پیر و اُستاد سمجھے۔ سو اسی لیے

کئی آیتیں اور حدیثیں کہ جن میں بیان توحید کا اور اتباع سُنّت کا ہے اور بُرائی شرک و بدعت کی، اس رسالہ میں جمع کیں اور ان آیتوں و حدیثوں کا ترجمہ اُس کے بہل معنی کا بیان، زبانِ ہندی سلیس میں کر دیا، تا عوام الناس اور خاص اس سے فائدہ برابر لیویں۔ جس کو اللہ توفیق دے وہ سیدھی راہ پر ہو جاوے اور بتانے والے کو وسیلہ نجات کا ہووے آمین یا الٰہ العالمین۔ اور اس رسالہ کا نام تقویت الایمان رکھا اور اس میں دو باب ٹھہرائے پہلے باب میں بیان توحید کا اور بُرائی شرک کی اور دوسرے باب میں اتباع سُنّت کا اور بُرائی بدعت کی۔

پہلا باب توحید و شرک کے بیان میں ۔ اوّل سُننا چاہیے کہ شرک لوگوں میں بہت پھیل رہا ہے اور اصل توحید نایاب لیکن اکثر لوگ توحید و شرک کے معنی نہیں سمجھتے اور ایمان کا دعوے رکھتے ہیں، حالانکہ شرک میں گرفتار ہیں۔ سو اوّل معنی شرک و توحید کے سمجھنا چاہیے تا بُرائی اور بھلائی اُن کی قرآن و حدیث سے معلوم ہو۔ سُننا چاہیے کہ اکثر لوگ پیروں کو اور پیغمبروں کو اور اماموں کو اور شہیدوں کو اور فرشتوں کو اور پریوں کو مشکل کے وقت پکارتے ہیں اور اُن سے مُرادیں مانگتے ہیں اور اُن کی منتیں مانتے ہیں اور حاجت برآئی کے لیے اُن کی نذر و نیاز کرتے ہیں اور بلا کے ٹلنے کے لیے اپنے بیٹوں کو اُن کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ کوئی اپنے بیٹے کا نام عبدالنبی رکھتا ہے، کوئی علی بخش، کوئی حسین بخش کوئی پیر بخش کوئی مدار بخش، کوئی سالار بخش، کوئی غلام محی الدین، کوئی غلام معین الدین اور اُن کے جینے کے لیے کوئی کسی کے نام کی چوٹی رکھتا ہے، کوئی کسی کے نام کی بدھی پہناتا ہے کوئی کسی کے نام کے کپڑے پہناتا ہے، کوئی کسی کے نام کی بیڑی ڈالتا ہے، کوئی کسی کے نام کے جانور کرتا ہے، کوئی مشکل کے وقت دوہائی دیتا ہے، کوئی اپنی باتوں میں کسی کے نام کی قسم کھاتا ہے۔ غرض کہ جو کچھ ہندو اپنے بتوں سے کرتے ہیں وہ سب کچھ یہ جھوٹے مسلمان انبیاء اور اولیاء سے اور اماموں اور شہیدوں سے اور فرشتوں اور پریوں سے کر گزرتے ہیں اور

دعوئ مسلمانی کا کیے جاتے ہیں سبحان اللہ یہ تھا اور یہ دعوے۔ سچ فرمایا ہے اللہ صاحب نے سورۂ یوسف میں (اصل میں عربی عبارت موجود ہے لیکن ہم اُسے یہاں ترک کیے دیتے ہیں اور صرف ترجمہ پر اکتفا کرتے ہیں اور آئندہ بھی ایسا ہی کرینگے۔ تنہا) ترجمہ اور نہیں مسلمان ہیں اکثر لوگ مگر کہ شرک کرتے ہیں یعنی اکثر لوگ جو دعوے ایمان کا رکھتے ہیں سو وہ شرک میں گرفتار ہیں، پھر اگر کوئی سمجھانے والا اُن لوگوں سے کہے کہ تم دعوئ ایمان کا رکھتے ہو اور افعال شرک کے کرتے ہو سو یہ دونوں راہیں ملائے دیتے ہو، اُس کا جواب دیتے ہیں، کہ ہم تو شرک نہیں کرتے۔ بلکہ اپنا عقیدہ انبیاؤ اولیا کی جناب میں ظاہر کرتے ہیں۔ شرک جب ہوتا کہ ہم اُن انبیا اور اولیا رکو اور پیروں اور شہیدوں کو اللہ کے برابر سمجھتے سو یوں تو ہم نہیں سمجھتے بلکہ ہم اُن کو اللہ ہی کا بندہ جانتے ہیں اور اُسی کا مخلوق۔ اور یہ قدرتِ تصرف اُسی نے اُن کو بخشی ہے۔ اُس کی مرضی سے عالم میں تصرف کرتے ہیں اور اُن کا پکارنا عین اللہ ہی کا پکارنا ہے۔ اُن سے مدد مانگنی عین اُسی سے مدد مانگنی ہے اور وہ لوگ اللہ کے پیارے ہیں جو چاہیں سو کریں۔ اور اُنکی جناب میں ہمارے سفارشی ہیں اور وکیل، اُن کے ملنے سے خدا ملتا ہے اور اُن کے پکارنے سے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے، اور جتنا ہم اُن کو مانتے ہیں اُتنا ہم اللہ سے نزدیک ہوتے ہیں اور اسی طرح کی خرافاتیں بکتے ہیں، اور ان باتوں کا سبب یہ ہے کہ خدا اور رسول کے کلام کو چھوڑ کر اپنی عقل کو دخل دیا اور جھوٹی کہانیوں کے پیچھے پڑے اور غلط غلط رسموں کی سند پکڑی، اور اگر اللہ و رسول کا کلام تحقیق کرتے تو سمجھ لیتے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بھی کافر لوگ ایسی ہی باتیں کرتے تھے۔ اللہ صاحب نے اُن کی ایک نہ مانی اور اُن پر غصہ کیا اور اُن کو جھوٹا بتایا۔ چنانچہ سورۂ یونس میں اللہ صاحب نے فرمایا ہے ..... ترجمہ:۔ اور پوجتے ہیں ورے اللہ کے ایسی چیز کو کہ نہ کچھ فائدہ دیوے اُن کو نہ کچھ نقصان اور کہتے ہیں یہ لوگ ہمارے سفارشی ہیں اللہ کے پاس کہ کیا بتاتے ہو تم اللہ کو جو نہیں جانتا وہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ سو وہ نرالا ہے اُن سے جنکو یہ شریک

بتاتے ہیں (فائدہ) یعنی جن کو لوگ پکارتے ہیں اُن کو اللہ تعالیٰ نے کچھ قدرت نہیں دی، نہ فائدہ پہنچانے کی نہ نقصان کر دینے کی اور یہ جو کہتے ہیں کہ یہ ہمارے سفارشی ہیں اللہ کے پاس سو یہ بات اللہ نے تو نہیں بتائی۔ پھر کیا تم اللہ سے زیادہ خبردار ہو، سو اُسکو بتاتے ہو جو وہ نہیں جانتا۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ تمام آسمان اور زمین میں کوئی کسی کا ایسا سفارشی نہیں ہے کہ اُسکو مانے اور اُسکو پکارے تو کچھ فائدہ یا نقصان پہنچے۔ بلکہ انبیاؤ اولیا کی سفارش جو ہے سو اللہ کے اختیار میں ہے، اُن کے پکارنے نہ پکارنے سے کچھ نہیں ہوتا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جو کوئی کسی کو سفارشی بھی سمجھکر پوجے وہ بھی مشرک ہوتا ہے اور اللہ صاحب نے سورۂ زمر میں فرمایا ہے ..... ترجمہ۔ اور جو لوگ کہ ٹھہراتے ہیں ورے اللہ سے اور حمایتی کہتے ہیں پوجتے ہیں ہم اُن کو سوا اسی لیے کہ نزدیک کر دیں ہم کو اللہ کی طرف مرتبہ میں۔ بے شک اللہ حکم کرے گا ان میں، اُس چیز میں کہ اُس میں اختلاف ڈالتے ہیں۔ بے شک اللہ راہ نہیں دیتا جھوٹے ناشکرے کو (فائدہ) یعنی جو بات سچی تھی کہ اللہ بندے کی طرف سے زیادہ نزدیک ہے۔ سو اُس کو چھوڑکر جھوٹی بات بنائی کہ اوروں کو حمایتی ٹھہرایا اور یہ جو اللہ کی نعمت تھی کہ وہ محض اپنے فضل سے بغیر واسطے کسی کے سب مُرادیں پوری کرتا ہے اور سب بلائیں ٹال دیتا ہے سو اُس کا حق نہ پہچانا اور اُسکا شکر نہ ادا کیا، بلکہ یہ بات اور دل سے جاننے لگے۔ پھر اُس اُلٹی راہ میں اللہ کی نزدیکی ڈھونڈتے ہیں، سو اللہ ہرگز اُن کو راہ نہیں دیگا اور اس راہ سے ہرگز اُس کی نزدیکی نہ پاویں گے۔ بلکہ جوں جوں اس راہ میں چلیں گے اُس سے دور ہو جاویں گے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو کوئی کسی کو اپنا حمایتی سمجھے گو کہ یہی جانکر کہ اُسکے پوجنے کے سبب سے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہے، سو وہ بھی مشرک ہے، اور جھوٹا اور اللہ کا ناشکرا اور اللہ صاحب نے سورۂ مومنون میں فرمایا ہے ..... ترجمہ: کہہ کون ہے وہ شخص کہ اُس کے ہاتھ میں ہے تصرف ہر چیز کا اور وہ حمایت کرتا ہے اور اُس کے مقابل کوئی حمایت نہیں کر سکتا۔ جو تم جانتے ہو سو وہ بھی کہدینگے کہ

حوصلے کے موافق فلاطوں فطنت ..... مارکوئس ولزلی کے عہد میں ترجمہ کیا اور نام اسکا **مذہبِ عشق** رکھا"

کتاب کے آخر میں یہ تین شعر درج کیے ہیں۔ پہلا شعر خاتمۃ الکتاب سمجھنا چاہیے اور بقیہ دو شعر قطعۂ تاریخی خیال کرنے چاہئیں۔

غرض جس طرح سے کیا اُن کوشش ۔۔۔ ہماری بھی دے یا الٰہی مُراد
یہ قصہ ہوا جب بخوبی تمام ۔۔۔ تو پھر فکر تاریخ تھی صبح و شام
یکایک سُنی میں نے آواز غیب ۔۔۔ کہ ہے مذہبِ عشق تاریخی نام

ان اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی کبھی آپ فکرِ سخن بھی کر لیتے تھے۔ اگرچہ اس فن میں آپ مبتدی معلوم ہوتے ہیں، البتہ نثر آپ خوب لکھتے ہیں۔ نمونہ حسب ذیل ہے۔ میر شیر علی افسوس کی اصلاح کے بعد یہ ترجمہ چھپا ہے۔

نمونہ از مذہبِ عشق "معمار سے اے کارخانۂ سخن اس داستان کی بنا کا حال اس طرح کہتا ہے کہ تاج الملوک کے غلاموں میں ساعد نام اُس بیابان میں سیر کرتا پھرتا تھا۔ ناگاہ اُس کی نظر کئی، کئی بارووں پر کہ لکڑیوں کے بوجھ لیے جاتے تھے جا پڑی۔ اُس نے پوچھا کہ تم کون ہو اور یہ لکڑیاں کہاں لیے جاتے ہو۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہم شہر شہ فستان کے لکڑہارے ہیں۔ یہی ہمارا کسب ہے اسی سے ہمارے لڑکے بالے جیتے ہیں۔ دانہ پانی کھاتے پیتے ہیں۔ اُس نے کہا کہ آج تم یہ لکڑیاں میرے آقا کے باورچی خانہ میں لے چلو، دولت خانہ اُسکا نزدیک ہے۔ اُس نے اس ویرانہ میں ایک شہر آباد کیا ہے۔ واجبی قیمت ملیگی بلکہ ایسا انعام پاؤگے کہ پھر کہیں اور لکڑیاں بیچنے نہ جاؤ گے اُنہوں نے کہا کہ ہماری تمام عمر اسی کام میں اور اسی بیابان سے لکڑیاں لیجاتے گزرتی ہے، لیکن آبادی کا یہاں نشان نہ دیکھا نہ سُنا۔ ساعد نے کہا ذرا تم آگے بڑھکر دیکھو۔ اگر میرے کہنے کا کچھ اثر ظاہر ہو تو بہتر نہیں تو تمہارے چھراتے کا کوئی مانع نہ ہوگا۔ لکڑہارے انعام کے لالچ سے ساعد کے آگے ہو لیے۔ پھر تھوڑی سی دور جاکر، سب یکبارگی چلا اٹھے کہ نعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

اے میاں! تم ہم کو آگ میں جھونکنے کو لیے جاتے ہو۔ چولھے میں جائے انعام اور بھاڑ میں پڑے اکرام۔ بس ہمیں معاف کرو۔ ہم نے پھر پایا۔ ساعد نے کہا یہ شعلۂ آتش نہیں، جو یلی کے جواہر چمک رہے ہیں، تم ہرگز اندیشہ نہ کرو اور میرے ساتھ چلے آؤ، وہ اُس کے کہنے سے کچھ اور بھی بڑھے۔ آگے ساری زمین سونے کی نظر آئی۔ سب نے اُسکی بات سچی پائی، قدم اُٹھائے بید ھڑک چلے۔ آخر وہ حضور میں اُن کو لے گیا۔ تاج الملوک نے ایک ایک تھان بمشرفیت ہر ایک کو دیکر رخصت کیا اور فرمایا کہ اگر تم یہاں آیا کرو تو اس سے دونا ہر روز پایا کرو۔ لکڑہاروں نے جب پہلے دن ایسا انعام پایا اور آئندہ کی بھی اُمید بندھی تو اپنا وطن چھوڑ کر ہر ایک وہاں آ رہا یہ خبر اُن کے ہمسایہ میں پہلی اور جا بجا مشتہر ہوئی۔ غرض جو کوئی شہر کے دیکھنے کو جاتا۔ ہرگز وہاں سے پھر کر گھر نہ آتا اور وہیں رہتا۔ کوتوال شہر فسطان کا حیت کے بھاگنے کی خبر روز وزیر کے حضور میں کہتا۔ چنانچہ ایک دن اُس نے خبر دی کہ آج رات ہزار گھر اہل حرفہ کے خالی ہوئے اور وہ بھاگ گئے۔ وزیر نے کہا کہ کچھ یہ بھی تو جانتا ہے کہ کہاں جاتے ہیں۔ تب وہ بولا کہ غلام نے سُنا ہے کہ کسی نے دیوندوں کے جنگل میں دس کوس تک سونے کی زمین بنا کر اُس پر اس طرح کا شہر آباد کیا ہے اور ایک قصر اور باغ بھی جواہر کا ایسا بنایا ہے کہ روئے زمین پر ویسا دوسرا نہیں ہے۔ جو دیکھتا ہے یہ مطلع پڑھتا ہے ؎

اگر فردوس بر روئے زمین ست ۔۔۔ ہمین ست و ہمین ست و ہمین ست

میرزا کاظم علی جوان

آپ کا نام کاظم علی اور جوان تخلص ہے۔ آپ بھی دہلی کے تھے۔ بعد ازاں لکھنؤ میں آئے اور وہاں سے ۱۸۰۰ء میں کلکتہ کے فورٹ ولیم کالج میں آئے۔ آپنے ۱۸۰۲ء میں شکنتلا کا قصہ اُردو میں لکھا اور اُسکا نام شکنتلا ناٹک رکھا یہ کتاب ۱۸۱۰ء میں چھپکر

شائع ہوئی۔ نواز کبیشر نے جو برج بھاکا میں (۱۷۹۶ء) شکنتلا کی کہانی لکھی تھی اُس کا یہ ترجمہ ہے۔ آپ نے ایک بارہ ماسہ بھی لکھا ہے، اور اس میں ہندو مسلمانوں کے تیوہاروں کا ذکر ہے۔ جس کا نام دسہرہ ہند ہے اور جو ۱۸۱۲ء میں چھپا۔ افسوس ہے آپ کی دونوں کتابیں دستیاب نہیں ہوئیں، لہذا نمونہ پیش کرنے سے معذوری ہے۔ جوان نے تاریخ فرشتہ سے خاندان بہمنی کا ترجمہ بھی ہندوستانی میں کیا (۱۸۰۹ء) نیز للولال کی شرکت میں سنگھاسن بتیسی کا ترجمہ ہندوستانی زبان میں کیا (۱۸۱۰ء) +

سری للولال کوی

سری للولال کوی گجرات کا برہمن تھا جو شمالی ہند میں آکر آباد ہو گیا تھا۔ اُس نے فورٹ ولیم کالج کی نگرانی میں ہندی کی بعض کتابیں مثلاً پریم ساگر، راج نیتی، لطائف ہندی ترجمہ یا تالیف کیں۔ سنگھاسن بتیسی، سری للولال اور کاظم علی جوان نے ملکر ۱۸۱۰ء میں لکھی، جو اودھی اُردو آدھی ہندی ہے۔

پریم ساگر بازار میں دوکھت ہوتی ہے۔ لیکن سری للولال کی اصل کتاب نیتی۔ نیتی نولکشور کے مطبع سے آجکل کی زبان میں شائع ہوئی ہے۔ لہذا اس کا اقتباس اصل کتاب کا اقتباس نہیں کہلایا جا سکتا۔ اس لیے ہم نے موجودہ پریم ساگر کا نمونہ نہیں دیا۔ کیونکہ وہ ہمارے مقصد کے اظہار میں کوئی مدد نہیں دے سکتا۔

سری للولال نے فصیح ہندی نثر کی بنیاد ڈالی اور متعدد کتابیں لکھیں۔ درحقیقت ہندی نثر کے حق میں سیحائی کی۔ اگرچہ آپ کا سارا کام ہندی نثر سے متعلق ہے لیکن یہاں آپ کا ذکر اس وجہ سے کیا گیا کہ ہندی سے جو بعض ترجمے اردو میں ہوئے اُن میں آپ نے مدد دی۔ مثلاً شکنتلا ناٹک کے ترجمے میں مرزا کاظم علی جوان کو آپ سے مدد ملی۔ اسی طرح مظہر علی ولا اور آپ نے مل کر

بیتال پچیسی لکھی جس کی زبان اُردو ہندی کا خوبصورت میل ہے۔ نیز آپ نے ولا کو سنج بھاشا سے **مادھونل** کے قصے کے ترجمے اور تالیف میں بہت مدد دی۔ آپ نے **لطائف ہندی** جس کا ذکر اوپر کیا گیا مرتب کی، اُس میں پُر لطف قصے کہانیاں، لطیفے، امثال، منطع حکمت وغیرہ درج ہیں۔ یہ کتاب ہندوستانی اور ہندی دونوں زبان میں ہے۔ کتاب کے آخر میں ہندوستانی انگریزی الفاظ کی فرہنگ بھی ہے (سنہ ۱۸۱۹ء)۔

مولوی اکرام علی

حالات آپ نے سنہ ۱۸۱۰ء میں رسائل اخوان الصفا میں سے ایک رسالہ کا ترجمہ عربی سے اُردو میں کیا جس میں شاہِ اجنہ کے سامنے انسان وحیوان کا جھگڑا درپیش ہے کہ ہم دونوں میں کون افضل ہے؟ یہ بجلدان رسائل کے ہے جو بصرہ کی مشہور سوسائٹی اخوان الصفا کے اہتمام سے لکھے گئے تھے، آپ کلکتہ مولوی تراب علی صاحب اپنے بھائی کی طلبی پر گئے تھے اور وہاں مسٹر ابراہیم لاکٹ نے فورٹ ولیم کالج میں ملازم کرا دیا تھا۔ چنانچہ کپتان جان ولیم ٹیلر کے ایما سے رسالۂ مذکور کا ترجمہ کیا۔ کتاب کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:۔ "فرمایا کہ رسالۂ اخوان الصفا کہ انسان وبہائم کے مناظرے میں ہے تو اس کا زبانِ اُردو میں ترجمہ کر لیکن نہایت سلیس کہ الفاظ مغلق اُسمیں نہ ہوویں بلکہ اصطلاحات علمی اور خطبے بھی اُس کے کہ تکلف سے خالی نہیں ہیں قلم انداز کر صرف خلاصہ مضمون مناظرے کا چاہیے۔ راقم نے بموجب فرمانے کے فقط حاصلِ مطلب کو محاورۂ اُردو میں لکھا، خطبوں کو نکال ڈالا اور اکثر اصطلاحاتِ علمی کہ مناظرے سے ان کو علاقہ نہ تھا ترک کیں مگر بعضے خطبے اور اصطلاحات ہندی وغیرہ کہ اصل مطلب سے متعلق تھے باقی رکھے ..... مصنفین اس کے ابوسلمان، ابوالحسن، ابواحمد وغیرہ دس آدمی باتفاق یکدیگر بصرے میں رہتے تھے اور ہمیشہ علم ودین کی تحقیق میں اوقات اپنی بسر کرتے چنانچہ

اکاون رسالے تصنیف کیے بیشتر علوم عجیبہ وغریبہ اُن میں لکھے۔ یہ ایک رسالہ اُن میں سے انسانوں اور حیوانوں کے مناظرے میں ہے۔ طرفین کی دلائل عقلی ونقلی اس میں بخوبی بیان کیں آخر بہت قیل وقال کے بعد انسان کو غالب رکھا، اور غرض اُنکو اس مناظرے سے نقطہ کمالات انسانی بیان کرنا ہے۔ چنانچہ اس رسالہ کے آخر میں لکھا ہے کہ جن مصنفوں میں انسان حیوان پر غالب آئے وہ علوم معارف الٰہی ہیں کہ اُن کو ہمنے اکاون رسالے میں بیان کیا ہے اور اس رسالہ میں مقصود یہی تھا کہ حقائق ومعارف حیوانات کی زبانی بیان کیجیے تاکہ غافلوں کو اس کے دیکھنے سے کمالات حاصل کرنے کے واسطے رغبت ہو۔ ترجمہ اس رسالے کا ..... نواب گورنر جنرل ہارڈنگ بہادر دام اقبالہ کے عہد حکومت میں کہ ۱۲۳۵ ہجری اور ۱۸۱۹ عیسوی میں مرتب ہوا۔

رسالۂ اخوان الصفا پر رائے

رسالۂ اخوان الصفا جو ہمیں نہایت جستجو اور تلاش کے بعد دستیاب ہوا اور ہمارے پیش نظر ہے ۱۸۶۱ء میں طبع منشی نولکشور سے شائع ہوا تھا غالباً اب عرصہ سے یہ کتاب چھپنی بند ہوگئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دہلی اور لکھنؤ کے کتب فروش اس کتاب کا نام سُنکر کانوں پر ہاتھ دھرتے ہیں۔ خیر ہم اپنے ایک دوست کے ممنون ہیں جن کی کوشش سے یہ رسالہ ہمیں مل گیا۔ مضمون نہایت دلچسپ ہے۔ ایک بار مطالعہ شروع کیجیے تو بغیر ختم کیے کتاب کو چھوڑنا مشکل ہو جائے۔ عبارت بھی صاف اور سلیس ہے جیسا کہ دیباچہ میں خود مترجم نے کہا ہے مغلق اور غریب الفاظ سے پرہیز کیا گیا ہے۔ کتاب عام فہم ہے، اور اس قابل ہے کہ دوبارہ چھپے اور ملک کے ہر گوشہ میں اس کے مضمون سے لوگ استفادہ حاصل کریں۔

ذیل میں چند صفحات بطور نمونہ نقل کیے جاتے ہیں:۔

فصل مکھیوں کے سردار کے احوال میں

نمونہ از رسالۂ اخوان الصفا

"انسان جس وقت اپنے کلام سے فارغ ہوا، بادشاہ نے حیوانوں کی طرف خیال کیا، ناگاہ ایک مہین آواز کان میں پہنچی۔ دیکھا تو مکھیوں کا سردار یعسوب سامنے اُڑتا اور خدا کی تسبیح وتہلیل میں نغمہ سرائی کرتا ہے۔ پوچھا تو کون ہے؟ اُس نے کہا میں حشرات الارض

کا بادشاہ ہوں۔ فرمایا تو آپ کیوں آیا جس طرح اور حیوانوں نے اپنے قاصد اور وکیل بھیجے، تو نے اپنی رعیت اور فوج سے کسی کو کیوں نہ بھیجا۔ اُس نے کہا میں نے اُن کے حال پر شفقت اور مہربانی کی تاکہ کسی کو کچھ تکلیف نہ پہنچے۔ بادشاہ نے کہا یہ وصف اور کسی حیوان میں نہیں ہے۔ تجھ میں کیونکر ہوا؟ کہا مجھکو اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت و مرحمت سے یہ وصف عطا کیا۔ اس کے سوا اور بھی بہت سی بزرگیاں اور خوبیاں مجھ میں ہیں۔ بادشاہ نے کہا بزرگیاں اپنی بیان کر کہ ہم بھی معلوم کریں۔ اُس نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھکو اور میرے جد و آبا کو بہت سی نعمتیں بخشیں، کسی حیوان کو اس میں شریک نہیں کیا۔ چنانچہ ملک و نبوت کا مرتبہ ہمکو بخشا اور ہمارے جد و آبا کو رسل و رسل اس کا و شرف بخشا۔ یہ دو نعمتیں اور کسی حیوان کو نہیں دیں۔ اس کے سوا اللہ تعالیٰ نے ہم کو علم ہندسہ اور بہت سی صنعتیں سکھائیں کہ اپنے مکانوں کو نہایت خوبی سے بناتے ہیں، تمام جہان کے پھل اور پھول ہم پر حلال کیے۔ بے خلش کھاتے ہیں، ہمارے لعاب سے شہد پیدا کیا کہ جس سے تمام انسانوں کو شفا حاصل ہوتی ہے۔ اس مرتبے پر ہمارے آیات قرآنی ناطق ہیں اور ہماری صورت و سیرت اللہ تعالیٰ کی صنعت و قدرت پر عاقلوں کے واسطے دلیل ہے کیونکہ خلقت ہماری نہایت لطیف ہے اور صورت بہت عجیب ہے اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے جسم میں تین جوڑ رکھے ہیں، بیچ کے جوڑ کو مربع کیا، نیچے کے دھڑ کو لمبا، سر کو مدور بنایا۔ چار ہاتھ پاؤں مانند اضلاع شکل مسدس کے نہایت خوبی سے، مناسب مقدار کے بنائے جنکے سبب نشست و برخاست کرتے ہیں اور گھر اپنے اس خوش اسلوبی سے بناتے ہیں کہ ہوا اُن میں ہرگز نہیں جا سکتی کہ جس کے باعث ہم کو یا ہمارے بچوں کو تکلیف پہنچے۔ ہاتھ پاؤں کی نوک سے درخت کے پھل، پتے پھول جو کچھ پاتے ہیں اپنے مکانوں میں جمع کر رکھتے ہیں۔ شانوں پر چار بازو بنائے جن کے باعث اُڑتے ہیں، اور ہمارے ڈنک میں کچھ زہر بھی پیدا کیا ہے کہ اس کے سبب دشمنوں کے شر سے محفوظ رہتے ہیں اور گردن پتلی بنائی کہ داہنے بائیں سر کو بخوبی پھیرتے ہیں۔ اور اُس کے دونوں طرف دو آنکھیں روشن عطا کی ہیں کہ اُن کی روشنی سے ہر ایک چیز کو دیکھتے ہیں اور منھ بھی بنایا ہے کہ جس سے کھانے کی

لذت جانتے ہیں۔ دو ہونٹ بھی دیے جن کے سبب کھانے کی چیزیں جمع کرتے ہیں اور ہمارے پیٹ میں قوتِ ہاضمہ ایسی بخشی ہے کہ وہ رطوبات کو شہد کر دیتی ہے اور یہی شہد واسطے ہمارے اور اولاد کے غذا ہے جس طرح چار پاؤں کی پستان میں قوت دی ہے کہ اُس کے سبب خون مستحیل ہو کر دودھ ہو جاتا ہے۔ غرضکہ نعمتیں اللہ تعالیٰ نے ہم کو عطا کی ہیں، اس کا شکر کہاں تک کریں اسی واسطے میں نے رعیت کے حال پر شفقت و مہربانی کر کے اپنے اوپر تکلیف و راحتی اُن میں سے کسی کو نہ بھیجا جس وقت یعسوب اپنے کلام سے فارغ ہوا۔ بادشاہ نے کہا آفرین۔ تو نہایت فصیح و بلیغ ہے۔ سچ ہے کہ تیرے سوا یہ نعمتیں اللہ تعالیٰ نے کسی حیوان کو نہیں بخشیں۔ بعد اس کے پوچھا کہ تیری رعیت و سپاہ کہاں ہے۔ اُس نے کہا، ٹیلے، پہاڑ، درخت پر جہاں سہولت پاتے ہیں۔ رہتے ہیں اور بعضے آدمیوں کے ملک میں جا کر اُن کے گھروں میں سکونت اختیار کرتے ہیں۔ بادشاہ نے پوچھا اُن کے ہاتھ سے کیونکر سلامت رہتے ہیں کہا بیشتر اُن سے چھپکر اپنے تئیں بچاتے ہیں مگر کبھی جو وہ قابو پاتے ہیں تکلیف دیتے ہیں بلکہ اکثر چھتوں کو توڑ کر بچوں کو مار ڈالتے ہیں۔ اور شہد نکالکر آپس میں کھا لیتے ہیں۔ بادشاہ نے پوچھا پھر تم اس ظلم پر اُن کے کیوں صبر کرتے ہو، اُس نے کہا ہم یہ ظلم سب اپنے اوپر گوارا کرتے ہیں اور کبھی عاجز ہو کر اُن کے ملک سے نکل جاتے ہیں۔ اُس وقت وہ صلح کے واسطے بہت حیلے پیش کرتے ہیں۔ طرح طرح کی سوغات، عطر و خوشبو وغیرہ بھیجتے ہیں۔ طبل اور دف بجاتے ہیں۔ غرضکہ انواع و اقسام کے تحفے تحائف دیکر ہم کو راضی کرتے ہیں۔ ہمارے مزاج میں شر و فساد نہیں ہے۔ ہم بھی اُن سے صلح کر لیتے ہیں۔ اُن کے یہاں پھر چلے آتے ہیں جب پھر بھی ہم سے راضی نہیں ہیں۔ بغیر دلیل و حجت کے دعوے کرتے ہیں کہ ہم مالک یہ غلام ہیں۔

فصل جنوں کی اپنے بادشاہوں اور سرداروں کی اطاعت کے بیان میں

بعد اسکے یعسوب نے بادشاہ سے پوچھا کہ جن اپنے بادشاہ و رئیس کی اطاعت کس طرح کرتے ہیں اس احوال کو بیان کیجئے۔ بادشاہ نے کہا، یہ سب اپنے سردار کی اطاعت و فرمانبرداری بخوبی کرتے ہیں۔ جو بادشاہ حکم کرتا ہے، اُسکو بجا لاتے ہیں یعسوب نے کہا اس کو مفصل بیان کیجئے۔ بادشاہ نے

کہا جنوں کی قوم میں نیک و بد اور مسلمان و کافر ہوتے ہیں، جس طرح انسانوں میں ہیں، جو کہ نیک ہیں وہ اپنے رئیس کی اطاعت و فرمانبرداری اس قدر کرتے ہیں کہ آدمیوں سے بھی نہیں ہو سکتی اس واسطے کہ اطاعت و فرمانبرداری جنات کی مثل ستاروں کے ہے، آفتاب ان میں بمنزلہ بادشاہ ہے اور سب ستارے بجائے فوج و رعیت کے ہیں۔ چنانچہ مریخ سپہ سالار مشتری قاضی زحل خزانچی، عطارد وزیر، زہرہ حرم، ماہتاب ولیعہد ہے اور ستارے گویا فوج و رعیت ہیں، اس واسطے کہ سب آفتاب کے تابع ہیں۔ اُسی کی حرکت سے حرکت کرتے ہیں، وہ جو ٹھہر رہتا ہے سب متوقف ہو جاتے ہیں، اپنے معمول و حد سے تجاوز نہیں کرتے، یعسوب نے پوچھا کہ ستاروں نے یہ خوبی اطاعت و انتظام کی کہاں سے حاصل کی بادشاہ نے کہا یہ فیض اُن کو فرشتوں سے حاصل ہے کہ وہ سب اللہ تعالیٰ کی فوج ہیں اور اُسکی اطاعت کرتے ہیں یعسوب نے کہا فرشتوں کی اطاعت کس طور پر ہے، کہا جس طرح حواس خمسہ نفس ناطقہ کی اطاعت کرتے ہیں، تہذیب و تادیب کے محتاج نہیں یعسوب نے کہا اسکو مفصل فرمائیے، بادشاہ نے کہا کہ حواس خمسہ نفس ناطقہ کے واسطے محسوسات کی دریافت معلوم کرتے ہیں۔ محتاج امر و نہی کے نہیں ہیں جس شے کے دریافت کرنے کے لیے وہ متوجہ ہوتا ہے، وہ بے تامل و بلا تاخیر اُس کو دوسری شے سے ممتاز کر کے نفس ناطقہ کو پہنچا دیتے ہیں، اسی طرح فرشتے خدا کی اطاعت و فرمانبرداری میں مصروف رہتے ہیں، جو حکم ہوتا ہے اُسکو فی الفور بجالاتے ہیں اور جنوں میں جو کہ بد ذات اور کافر ہیں، ہر چند کہ قرار واقعی بادشاہ کی اطاعت نہیں کرتے مگر وہ بھی بد ذات انسانوں سے بہتر ہیں۔ اس واسطے کہ بعضے جنوں نے باوجود کفر اور گمراہی کے حضرت سلیمانؑ کی اطاعت میں قصور نہ کیا۔ ہر چند کہ اُنہوں نے عمل کے زور سے بہت رنج و مصیبتیں پہنچائیں پر یہ اُن کی فرمانبرداری میں ثابت قدم رہے اور جو کبھی کوئی آدمی کسی ویرانے یا جنگل میں جن کے خوف سے کچھ دعا اور کلام پڑھتا ہے، جب تک اُس مکان میں رہتا ہے کسی طرح کا رنج اُس کو نہیں دیتے۔ اگر بسبب اتفاق کوئی جن کسی عورت یا مرد پر مسلط ہوا اور کسی عامل نے وہاں اُسکی رہائی کے واسطے جنوں کے رئیس کی حاضرات او دعوت کی فی الفور بھاگ جاتے ہیں اُسکے

سلمان کے حسنِ اطاعت پر یہ دلیل ہے کہ ایکبار پیغمبرِ آخرالزمان صلے اللہ علیہ وسلم کسی مکان میں قرآن پڑھتے تھے، وہاں جنوں کا گزر ہوا۔ سنتے ہی سب کے سب مسلمان ہوئے اور اپنی قوم میں جاکر کتنوں کو اسلام کی دعوت کرکے نعمتِ ایمان سے بہرہ اندوز کیا۔ چنانچہ چند آیاتِ قرآنی اس مقدمے پر ناطق ہیں۔ انسان ان کے بالعکس ہیں طبیعتوں میں ان کی شرک و نفاق بھرا ہے سراسر متکبر و مغرور ہوتے ہیں۔ بیشتر اخذِ منفعت کے واسطے طریقِ ہدایت سے منحرف ہوکر مشرک و مرتد ہوجاتے ہیں ہمیشہ روئے زمین پر قتال و جدال میں مصروف رہتے ہیں بلکہ اپنے پیغمبروں کی بھی اطاعت نہیں کرتے۔ باوجود معجزے اور کرامت کے صاف منکر ہوجاتے ہیں۔ اگر کبھی ظاہر میں اطاعت کرتے ہیں، پر دل اُن کا شرک و نفاق سے خالی نہیں ہے۔ از بسکہ جاہل و گمراہ ہیں کسی بات کو نہیں سمجھتے جس پر بھی یہ دعوے ہے کہ ہم مالک اور سب ہمارے غلام ہیں۔ انسانوں نے جو دیکھا کہ بادشاہ مکھیوں کے رئیس سے ہمکلام ہو رہا ہے۔ کہنے لگے نہایت تعجب ہے کہ بادشاہ کے نزدیک حشرات الارض کے رئیس کا یہ رتبہ ہے کہ کسی حیوان کا نہیں جنوں کی قوم سے ایک حکیم نے کہا اس بات کا تم تعجب نہ کرو اس واسطے کہ یہ سب مکھیوں کا سردار اگرچہ جسم میں چھوٹا اور منحنی ہے لیکن نہایت عاقل و دانا اور تمام حشرات الارض کا رئیس و خطیب ہے جتنے حیوان ہیں سب کو ریاست و سلطنت کے احکام تعلیم کرتا ہے اور بادشاہوں کا یہی معمول ہے کہ اپنے ہمجنسوں سے جو کہ سلطنت و ریاست میں شریک ہیں ہمکلام ہوتے ہیں اگرچہ وہ شکل و صورت میں مخالف ہوویں۔ یہ خیال اپنے دل میں نہ لاؤ کہ بادشاہ کسی خاص مطلب کے واسطے ان کی طرفداری و رعایت کرتا ہے۔ القصہ بادشاہ نے انسانوں کی طرف متوجہ ہوکر کہا کہ حیوانوں نے تمہارے ظلم کا جو کچھ شکوہ بیان کیا سب تم نے سُنا اور تم نے جو دعوے کیا اس کا بھی جواب انہوں نے دیا اب جو کچھ تم کو کہنا باقی ہو اسکو بیان کرو۔ آدمیوں کے وکیل نے کہا کہ ہم میں بہت خوبیاں اور بزرگیاں ہیں کہ وہ ہمارے صدقِ دعوی پر دلالت کرتی ہیں۔ بادشاہ نے کہا انہیں بیان کرو۔ رومی نے کہا کہ ہم بہت سے علوم و صنعتیں جانتے ہیں،

دانائی اور تدبیر میں سب حیوانوں سے غالب ہیں۔ دنیا اور آخرت کے امور بخوبی سرانجام کرتے ہیں، اس سے یہ معلوم ہوا کہ ہم مالک اور حیوان ہمارے غلام ہیں۔ بادشاہ نے حیوانوں سے کہا، اس نے جو اپنی فضیلتیں بیان کیں تم اس کا جواب کیا دیتے ہو۔ حیوانوں کی جماعت نے یہ بات سُن کر سر جھکا لیا۔ کسی نے کچھ جواب نہ دیا۔ مگر بعد ایک گھڑی کے مکھیوں کے وکیل نے کہا کہ یہ آدمی گمان کرتا ہے کہ ہم بہت علوم اور تدبیریں جانتے ہیں جسکے سبب ہم مالک اور حیوان ہمارے غلام ہیں، اگر آدمی فکر و تامل کریں تو معلوم ہو کہ ہم اپنے امور میں کس طور پر انتظام و بندوبست کرتے ہیں۔ دانائی و فکر میں ان سے غالب ہیں۔ علم ہندسہ میں یہ مہارت رکھتے ہیں کہ بغیر مسطر اور پرکار کے انواع و اقسام کے دائرے اور شکلیں مثلث اور مربع کھینچتے ہیں، اپنے گھروں میں طرح طرح کے زاویے بناتے ہیں۔ سلطنت و ریاست کے قاعدے آدمیوں نے بھی ہم سے سیکھے، اس واسطے کہ ہم اپنے یہاں دربان اور چوکیدار متعین کرتے ہیں کہ ہمارے بادشاہ کے سامنے بغیر حکم کے کوئی آنے نہیں پاتا۔ درختوں کے پتوں سے شہد نکال کر جمع کرتے ہیں اور فراغت سے اپنے گھروں میں بیٹھکر بال بچوں کے ساتھ کھاتے ہیں۔ جو کچھ ہمارا جھوٹا بچ رہتا ہے، یہ سب آدمی اسکو نکال کر اپنے تصرف میں لاتے ہیں۔ یہ ہنر ہم کو کسی نے تعلیم نہیں کیے مگر اللہ کی طرف سے ہم کو الہام ہوتا ہے کہ بغیر مدد اور اعانت اُستاد کے ہم اتنے ہنر جانتے ہیں، اگر انسانوں کو یہ گھمنڈ ہے کہ ہم مالک اور حیوان ہمارے غلام ہیں تو ہمارا جھوٹا کیوں کھاتے ہیں۔ بادشاہوں کا یہ طریق نہیں ہے کہ غلاموں کا جھوٹا کھاویں اور یہ اکثر امور میں ہمارے محتاج رہتے ہیں، ہم کسی امر میں ان سے احتیاج نہیں رکھتے۔ پس یہ دعوے بے دلیل ان کو نہیں پہنچتا ہے۔ اگر چیونٹی کے احوال پر یہ آدمی نگاہ کرے کہ باوجود چھوٹے جسم کے کیونکر زمین کے نیچے طرح طرح کے مکان پیدا کرتی ہے، کیسی ہی سیلابی ہو پانی اُن میں ہرگز نہیں جاتا۔ اور کھانے کے لیے غلّہ جمع رکھتی ہے، اگر کبھی اُس میں سے کچھ بھیگ جاتا ہے نکالکر دھوپ میں سکھاتی ہے جن دانوں میں احتمال گیہوں کا ہوتا ہے اُن کے چھلکے دور کرکے دو ٹکڑے کر ڈالتی

ہے۔ گرمیوں میں بہت چیونٹیاں قافلے کے قافلے جمع ہوکر قوت کے واسطے ہر ایک طرف جاتی ہیں۔ اگر کسی چیونٹی کو کہیں کچھ نظر آیا اور گرانی کے سبب اُٹھا نہ سکا۔ تھوڑا اُس میں سے لیکر اپنے مجمع میں آکر خبر کرتی ہے، اُن میں جو آگے بڑھتی ہے وہ اُس چیز سے کچھ تھوڑا پہچان کے واسطے لیکر وہاں جا پہنچتی ہے۔ پھر سب جمع ہوکر کس محنت و مشقت سے اُسکو اُٹھا لاتی ہیں۔ اگر کسی چیونٹی نے محنت میں سستی کی اُسکو مار کر نکال دیتی ہیں۔ پس اگر یہ آدمی تامل کرے تو معلوم ہو کہ چیونٹیاں کیسا علم و شعور رکھتی ہیں۔ اسی طرح ٹڈی جبکہ فصلِ ربیع میں کھیتی کرہوتی ہے کسی نرم زمین میں جاکر گڑھا کھود کر انڈا دیتی ہے اور اُسکو مٹی سے چھپا کر آپ اُڑ جاتی ہے، جب اُسکی موت کا وقت آتا ہے طائر کھا جاتے ہیں یا گرمی سردی کی کثرت سے آپ ہلاک ہو جاتی ہے۔ دوسرے برس پھر فصلِ ربیع میں جن دنوں ہوا معتدل ہوتی ہے اُس انڈے سے ایک چھوٹا بچہ کیڑے کی مانند پیدا ہوکر زمین پر چلتا اور گھاس چرتا ہے جس وقت پر اُس کے نکلتے ہیں اور کھالی کرموٹا ہوتا ہے، یہ بھی دستورِ سابق انڈا دیکر زمین میں چھپا دیتا ہے۔ غرض اسی طور سال بسال بچے پیدا ہوتے ہیں۔ اسی طرح ریشم کے کیڑے کہ بیشتر بہاڑوں کے درختوں پر خصوصاً توت کے درخت پر رہتے ہیں۔ ایامِ بہار میں جبکہ خوب موٹے ہوتے ہیں، اپنے لعاب کو درخت پر تن کر بآرام تمام اُس میں سوتے ہیں جس وقت جاگتے ہیں اُسی حال میں انڈے دیکر آپ نکل جاتے ہیں۔ اُن کو تو طائر کھا لیتے ہیں، یا آپ خود بخود گرمی یا سردی سے مر جاتے ہیں اور انڈے سال بھر بحفاظت اُس میں رہتے ہیں، دوسرے سال اُن میں سے بچے پیدا ہوکر درخت پر چلتے پھرتے ہیں۔ جب یہ تازے اور توانا ہوتے ہیں اسی طور پر انڈے دیکر بچے پیدا کرتے ہیں، اور بھڑیں بھی دیواروں اور درختوں پر چھتے بناکر اُن میں انڈے بچے دیتی ہیں مگر یہ کھانے کے واسطے کچھ جمع نہیں کرتی ہیں۔ روز روز اپنی قوت ڈھونڈھ لیتی ہیں اور جاڑے کے دنوں میں غاروں یا گڑھوں میں چھپکر مر جاتی ہیں پوست اُن کا تمام جاڑوں بھر وہاں پڑا رہتا ہے، ہرگز سڑتا گلتا نہیں، پھر فصلِ ربیع میں خدا کی قدرت سے

اُن میں روح آجاتی ہے۔ بدستور اپنے اپنے گھر بنا کر انڈے بچے پیدا کرتی ہیں۔ غرض اسی طرح تمام حشرات الارض اپنے بچوں کو پیدا کر کے پرورش کرتے ہیں، فقط شفقت و مہربانی سے یہ نہیں کہ اُن سے کچھ خدمت کی توقع رکھتے ہیں۔ بخلاف آدمیوں کے کہ وہ اپنی اولاد سے نیکی اور احسان کے امیدوار رہتے ہیں۔ سخاوت اور جود کو شیوہ بزرگوں کا ہے، ہرگز اُن میں نہیں۔ پھر کس چیز سے ہم پر فخر کرتے ہیں اور مکھی، مچھر، ڈانس وغیرہ کا منہ سے دیتے اور اپنے بچوں کی پرورش کرتے اور گھر بناتے ہیں، صرف اپنے فائدہ کے واسطے نہیں بلکہ اس لیے کہ بعد اُن کے مرنے کے اور کیڑے آکر آرام پاویں کیونکہ اُن میں سے ہر ایک کو اپنی موت کا یقین کامل حاصل ہے جبکہ نکوت کے دن پورے ہوتے ہیں، رضامندی اور خوشی سے خود فنا ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے چھ دوسرے سال پیدا کرتا ہے۔ غرضکہ یہ کسی حال میں اس کا انکار نہیں کرتے جس طرح بعضے آدمی حشر و قیامت سے منکر ہیں۔ اگر آدمی ان حیوانوں کا احوال معلوم کریں کہ یہ اپنی معاش اور معاد میں ان سے زیادہ تدبیر میں جانتے ہیں یہ فخر نہ کریں کہ ہم مالک اور حیوان ہمارے غلام ہیں۔

فصل

جس گھڑی مکھیوں کا وکیل اس کلام سے فارغ ہوا، جنوں کے بادشاہ نے نہایت خوش ہو کر اُسکی تعریف کی اور انسانوں کی جماعت کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ اس نے جو کہا سب سُنا تمنے۔ اب تمہارے نزدیک کوئی جواب باقی ہے۔ اُن میں سے ایک شخص اعرابی نے کہا کہ ہم میں بہت سی فضیلتیں اور نیک خصلتیں ہیں جن سے دعوے ہمارا ثابت ہوتا ہے۔ بادشاہ نے کہا اُنہیں بیان کرو۔ کہا کہ زندگی ہماری بہت عیش سے گزرتی ہے، انواع و اقسام کی نعمتیں کھانے پینے کی ہم کو میسر ہیں۔ حیوانوں کو وہ نظر بھی نہیں آتیں۔ میووں کا مغز اور گودا ہمارے کھانے میں آتا ہے، پوست اور گٹھلی یہ کھاتے ہیں۔ اس کے سوا طرح طرح کے کھانے، شیرمال، باقرخانی، گاؤدیدہ، گاؤزبان، کلیجے، مطنجن، زیربریاں، مزعفر، شیربرنج، کباب، قورما، بورانی، فرنی، دودھ، دہی، گھی، قسم قسم کی مٹھائی، حلوا سوہن جلیبی، لڈو، پیڑے، برفی، امرتی، لوزیات وغیرہ کھاتے ہیں تفریح

نفع کے واسطے ناچ، رنگ، ہنسی، چہل، قصے کہانی میسر ہیں۔ لباس فاخرہ اور زیور طرح بطرح کے پہنتے ہیں۔ سمور، تمامین، چاندنی، جاجم اور بہت سے فرش و فروش بھچاتے ہیں۔ حیوانوں کو یہ سامان کہاں میسر ہیں؟ ہمیشہ جنگل کی گھاس کھاتے ہیں اور رات دن ننگ و ننگ غلاموں کی طرح محنت اور مشقت میں رہتے ہیں۔ یہ سب چیزیں دلیل ہیں اس پر کہ ہم ملک اور یہ غلام ہیں۔ طائر نے کاوکیل ہزار داستان سامنے شاخ درخت پر بیٹھا تھا۔ اس نے بادشاہ سے کہا کہ یہ آدمی جو انواع و اقسام کے کھانے پینے پر افتخار کرتا ہے، یہ نہیں جانتا کہ حقیقت میں ان کے واسطے یہ بہت رنج و عذاب ہے۔ بادشاہ نے کہا یہ کیونکر ہے؟ اسے بیان کر۔ کہا اس واسطے کہ اس آرام کے لیے بہت محنتیں اور رنج اٹھاتے ہیں۔ زمین کھودنا، ہل جوتنا، بیل کھینچنا، پانی بھرنا، اناج بونا، کاٹنا، تولنا، پیسنا، تنور میں آگ جلانا، پکانا، گوشت کے واسطے مچھلیوں سے جھگڑنا، بنیوں سے حساب کتاب کرنا، مال بیع کرنے کے لیے محنتیں اٹھانا، علم و ہنر سیکھنا، بدن کو رنج دینا، اور دور ملکوں میں جانا، اور بیوں کے واسطے امیروں کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا غرض اس جہد و کد سے مال و اسباب جمع کرتے ہیں۔ بعد مرنے کے وہ غیروں کے حصے میں آتا ہے اگر وہ جھوٹ سچ بیان کیا ہے تو اس حساب کتاب میں، نہیں تو عذاب و عقاب اور اس میں رنج و عذاب سے محفوظ رہتے ہیں۔ یونہی خلقت میں یہ بات ہے، جو چیز زمین سے پیدا ہوتی ہے یہ محنت و مشقت اسکو اپنے قبضہ میں لاتے ہیں۔ انواع و اقسام کے پھل اور میوے اس خالق نے اپنی قدرت سے ہمارے واسطے پیدا کیے ہیں۔ کھاتے ہیں اور ہمیشہ اس کا شکر کرتے ہیں۔ نکر قلاش کھاتے پیتے کی ہمارے دل میں کبھی نہیں آتی۔ جس جانتے ہیں فضل الٰہی سے سب کچھ تیار ہو جاتا ہے اور یہ ہمیشہ فوت کی فکر میں غلطاں اور پیچاں رہتے ہیں اور طرح طرح کے کھانے جو یہ کھاتے ہیں، ویسے ہی رنج و عذاب اٹھاتے ہیں۔ امراض مزمنہ میں مبتلا رہتے ہیں۔ بخار، دردِ سر، ہیضہ، سرسام، فالج، لقوہ، جذامی، کھانسی، بیرقاں، تپ دق، چھوٹا، پھنسی، کھجلی، داد، خنازیر، پیچش، اسہال، آتشک، سوزاک، فیل پا، نکوا سا، غرض انواع اقسام کی بیماریاں ان کو عارض ہوتی ہیں

دوا دارو کے لیے طبیبوں کے یہاں دوڑے پھرتے ہیں جس پر بے حیائی سے کہتے ہیں کہ ہم مالک اور حیوان ہمارے غلام ہیں۔ انسان نے جواب دیا کہ بیماری کی خصوصیت کچھ ہمارے واسطے نہیں ہے۔ حیوان بھی ہمیشہ امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اس نے کہا یہ وہ حیوان ہیں جو زیادہ ہوتے ہیں صرف تمہاری آسائش اور استعمال کے لیے۔ کتے، بلی، مرغ، کبوتر وغیرہ حیوانات کہ تمہارے یہاں گرفتار ہیں اپنے اپنے طور پر کھاتے، پیتے نہیں پاتے ہیں۔ اسی واسطے بیمار ہو جاتے ہیں۔ اور جو حیوان کہ جنگل میں خلا باطع چرتے ہیں وہ ایک مرض سے محفوظ ہیں۔ کیونکہ کھانے پینے کے وقت ان کے مقرر ہیں کبھی زیادتی اس میں نہیں آتی۔ اور یہ حیوانات جو تمہارے یہاں گرفتار ہیں اپنے طور پر اوقات بسر کرنے نہیں پاتے۔ کھانا بے وقت کھاتے یا مارے بھوک کے اندازے سے زیادہ کھا جاتے ہیں۔ بدن کی ریاضت نہیں کرتے۔ اسی سبب بھی کبھی بیمار ہو جاتے ہیں۔ تمہارے لڑکوں کے بیمار رہنے کا بھی یہی سبب ہے کہ حاملہ عورتیں اور دائیاں حرص سے غیر مناسب کھانے، جن پر تم اعتبار نہ کرتے ہو کھا جاتی ہیں اسی لیے اخلاط غلیظ پیدا ہوتے ہیں۔ دودھ بگڑ جاتا ہے۔ اس کے اثر سے لڑکے بدصورت پیدا ہوتے اور ہمیشہ امراض میں مبتلا رہتے ہیں۔ انہیں مرضوں کے باعث مرگ مفاجات اور شدت نزاع اور غم و غصے میں گرفتار رہتے ہیں۔ غرضکہ تم اپنے اعمال کی شامت سے ان مذابوں میں گرفتار ہو اور ہمارے ان سے محفوظ ہیں۔ کھانے کے اقسام میں تمہارے یہاں شہد نفیس تر اور بہتر ہے جبکہ کھاتے اور دوا میں استعمال کرتے ہو۔ سو وہ مکھیوں کا لعاب ہے تمہاری صنعت سے نہیں۔ پھر کس چیز کا فخر کرتے ہو۔ باقی پھل اور دانے ان کے کھانے میں جو تم شریک ہیں یا تمہارے آبا و اجداد شریک ہوتے چلے آتے ہیں جن دنوں میں تمہارے جد اعلیٰ حضرت آدم و حوا باغ بہشت میں رہتے تھے۔ اور بے محنت و مشقت وہاں کے میوے کھاتے تھے کسی طرح کی تکلیف و محنت نہ تھی۔ ہمارے جد آبا بھی وہاں اس نعمت میں تمہارے شریک تھے جب تم نے بزرگوں کے پند و نصیحت کے مکانے سے خدا کی نصیحت بھول گئے اور ابلیس لعین کے بہکانے میں آ کر وہاں سے نکالے گئے۔ فرشتوں نے تمہیں لکار کر یہ جگہ ذلیل دیا یہاں پھینک

پتے بھی نہ تھے۔ میووں کا تو کیا دخل؟ ایک مدت تک اس غم میں رویا کیے، آخر کو توبہ قبول ہوئی، خدا نے گناہ معاف کیا، ایک فرشتے کو بھیجا، اُس نے یہاں آکر زمین کھودنا، بونا، پیسنا، پکانا، لباس بنانا سکھایا۔ غرض رات دن اس محنت و مشقت میں گرفتار رہتے تھے جبکہ اولاد بہت پیدا ہوئی اور ہر ایک جگہ جنگل و آبادی میں رہنے لگے۔ پھر تو زمین کے رہنے والوں پر بدعت شروع کی، گھر اُن کے چھینے، کتوں کو پکڑ کر قید کر لیا۔ بہت سے بھاگ گئے۔ ان کے قید و گرفتار کرنے کے واسطے انواع و اقسام کے پھندے اور جال بنا بنا کر دریے ہوئے۔ آخر کو نوبت یہاں تک پہنچی کہ اب تم کھڑے ہو کر فخر و مرتبہ اپنا بیان کرتے ہو۔ مناظرے اور مجادلے کے واسطے مستعد ہو اور یہ جو تم کہتے ہو کہ ہم خوشی کی مجلسیں کرتے ہیں۔ ناچ رنگ میں مشغول رہتے ہیں۔ عیش و عشرت میں اوقات بسر کرتے ہیں۔ لباس فاخرہ اور زیور انواع و اقسام کے پہنتے ہیں۔ ان کے سوا اور بہت سی چیزیں جو ہم کو میسر نہیں ہیں سچ ہے لیکن ان میں سے ہر ایک چیز کے عوض تم کو عذاب و عقاب بھی ہوتا ہے کہ جس سے ہم محفوظ ہیں۔ کیونکہ تم شادی کی مجلس کے عوض ماتم خانے میں بیٹھتے ہو، خوشی کے بدلے غم اُٹھاتے ہو، راگ و رنگ اور ہنسی کے بدلے روتے اور رنج کھینچتے ہو، نفیس مکانوں کی جگہ تاریک قبر میں سوتے ہو، زیور کے عوض گلے میں طوق، ہاتھوں میں ہتھکڑی، پاؤں میں زنجیر پہنتے ہو، تعریف کے بدلے جوتیوں گرفتار ہوتے ہو، غرض ہر ایک خوشی کے عوض غم ہی اُٹھاتے ہو اور ہم ان مصیبتوں سے محفوظ ہیں کیونکہ مجلسیں اور رنج غلاموں اور بدبختوں کے واسطے چاہیے۔ اور ہم کو تمہارے تہہ و بالا اور مکانوں کے بدلے یہ میدان وسیع میسر ہے۔ زمین سے آسمان تک جہاں جی چاہتا ہے اُڑتے ہیں، جا بجا سبزہ، دریا کے کنارے بے تکلف چرتے پھرتے ہیں۔ بے محنت و مشقت رزق حلال کھاتے اور پانی لطیف پیتے ہیں۔ کوئی منع کرنے والا نہیں۔ رسی ڈول مشک کوزے کے محتاج نہیں۔ یہ سب چیزیں تمہارے واسطے چاہئیں کہ اپنے کاندھوں پر اُٹھا کر جا بجا لیے پھرتے اور بیچتے ہو۔ ہمیشہ محنت و مصیبت میں گرفتار رہتے ہو۔ یہ سب تکلیفیں غلاموں کی ہیں۔ یہ کہاں سے ثابت ہوتا ہے کہ تم مالک ہو اور ہم غلام ہیں؟"

مظہر علی ولا

حالات وہ نثاران اُردو جنکا نام ہمیشہ اس بات کا مستحق ہے کہ جب تک ہماری زبان قائم ہے ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ لیا جائے کیونکہ یہی وہ اصحاب تھے جنہوں نے نثر اُردو کی بنیاد ڈالی اور بعد ازاں اُس پر عمارتیں قائم ہونی شروع ہوئیں۔ آج گوشۂ گمنامی میں عزلت گزیں ہیں اور بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ اُنہوں نے ابتدا میں ہماری زبان کی کیا کیا خدمات انجام دی ہیں اُس وقت نثر اُردو لکھنا ایک تہم کی توہین سمجھا جاتا تھا۔ بالفاظ دیگر نثر اُردو لکھنے کے یہ معنی تھے کہ لکھنے والا فارسی میں اظہار خیال کی قدرت نہیں رکھتا۔ وہ زمانہ تو پھر بھی ہم سے بہت دور ہے غدر کے بہت بعد تک عام طور پر یہی حال رہا کہ دوستانہ خط و کتابت عموماً اشخاص بھی فارسی زبان ہی میں کرتے رہے۔ اور اُنیسویں صدی کے اختتام تک بھی اکثر رقعات شادی فارسی زبان میں لکھے جاتے تھے۔ البتہ بیسویں صدی سے یہ سب باتیں داستان پارینہ ہوگئیں۔ صرف نسخہ نویسی اب تک فارسی میں ہوتی ہے۔ جبکہ فارسی زبان کا یہ زور اور اثر ہو۔ واقعی ہم لوگوں کو اُن کا نہایت احسانمند ہونا چاہیے جنہوں نے اپنی علمیت پر بٹہ لگنے کو قبول کیا اور اُردو نثر میں کتابیں تصنیف و تالیف یا ترجمہ کیں۔ ان بزرگوں میں مظہر علی ولا کا نام نامی بھی ہمیشہ شامل رہیگا۔ اُنہوں نے **بیتال پچیسی** کو جو محمد شاہ کے زمانہ میں سنسکرت سے برج بھاشا میں آئی تھی اور سنہ ۱۲۱۸ھ میں عام فہم اُردو ہو کر ناگری میں لکھی گئی تھی اُردو میں لکھا۔ افسوس ہے کہ مظہر علی ولا نے اپنے متعلق ایک لفظ بھی یہاں تک کہ اپنا نام بھی کتاب مذکور میں درج نہیں کیا۔ آج اُن کے حالات زندگی کیا اُن کی سکونت تک کا پتہ نہیں۔ مجبوراً ہم بھی اُن کے حالات زندگی سے قطع نظر کرتے ہیں اور کتاب مذکور کا بہت مختصر نمونہ ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اب یہ کتاب دلچسپی سے مطالعہ نہیں کی جا سکتی۔ زبان صاف اور سلیس نہیں ہے، علاوہ ازیں بہت سے ہندی الفاظ استعمال کیے گئے ہیں جن میں سے بعض بعید از فہم ہیں۔ اب تک یہ کتاب عام طور پر

بازار میں فروخت ہوئی ہے لیکن اب وہ دن بہت قریب آنے والا ہے جبکہ **بیتال پچیسی** اور اس کی ہم عصر بہنیں صفحۂ قرطاس سے معدوم ہو جائینگی، کیونکہ اب ان کتابوں کے پڑھنے والے بہت کم ہوگئے ہیں اور روز بروز اُن کی تعداد گھٹتی جا رہی ہے۔ عام طور پر ناول پڑھے جاتے ہیں اور پرانے قصوں سے کوئی دلچسپی باقی نہیں رہی۔ آپ نے مادھونل کا ترجمہ بھی اردو میں کیا، جیسا کہ تخلص سے ظاہر ہے، آپ شاعر بھی تھے اور صاحب دیوان تھے۔ سنگھاسن بتیسی کا ترجمہ بھی آپ نے اردو میں کیا (۱۸۰۸ء) جو نامیاب شائع نہیں ہوا۔

بیتال پچیسی میں پچیس کہانیاں ہیں اور اسی وجہ سے اس کا نام پچیسی ہے۔ چونکہ کہانیاں کہنے والا ایک شخص بیتال نامی ہے اس لیے اس کا نام بیتال پچیسی رکھا گیا ہے اور وہ شخص کیا ہے بلکہ ایک مردہ ہے جو قوم کا تیلی ہے اور جسکو جوگی نے مسان[1] پر تار رکھا ہے۔ وہ اس طرح حکایات بیان کرتا ہے۔

نمونۂ بیتال پچیسی

پہلی کہانی

"ایک راجہ پرتاپ مکٹ نام سارنگ دیت اور اُس کے بیٹے کا نام ہنسر مکٹ جسکی ناری کا نام مہادیی۔ ایک دن کنور اپنے دیوان کے بیٹے کو ساتھ لیکر شکار کو گیا اور بہت دور جنگل میں جا نکلا اور اُسکے بیچ ایک سرنا یا دیکھا کہ اُس کے کنارے جامن، نیبو، چلغوزے، انار، انگور، سب کے سب پھلوں سے لدے ہوئے تھے۔ چاروں طرف پختہ گھاٹ بنے ہوئے۔ کنول تالاب میں پھولے ہوئے، کناروں پر طرح طرح کے درخت لگے ہوئے کہ جنکی گھنی چھایا میں ٹھنڈی ہوا آتی تھی اور پنچھی پکھیرو درختوں پر چہچہوں میں تھے اور رنگ برنگ کے جانور اس میں چل رہے تھے۔ اُن پر پتھروں کے بیٹھنے کے چبوترے گچ رہے تھے کہ اس تالاب کے کنارے پہنچے اور گھوڑوں کو کدو کر اور پرتاپ

---

[1] مسان سے مراد جلانے کی جگہ ہے اور ہندو اپنے مردوں کو جلاتے ہیں۔ مسلمان دفن کرتے ہیں۔ اسی لئے ایک موقع پر پیتال نے لفظ مسلمان استعمال کیا ہے جلنے والی میت کے لئے۔ مترجم

وہاں ایک مہادیو کا مندر تھا۔ گھنٹوں کو بلا کر مندر کے اندر جا، مہادیو کا درشن کر باہر نکلے جتنی دیر اُن کو درشن میں لگی تھی اُسی عرصہ میں کسو راجہ کی بیٹی سہیلیوں کا جمگھٹا ساتھ لیے ہوئے اُسی تالاب کے دوسرے کنارے پر اشنان کرنے آئی۔ سو اشنان دھیان پوجا کر سہیلیوں کو ساتھ لیے درختوں کی چھانہ میں ٹہلنے لگی، اُدھر دیوان کا بیٹا بیٹھا اور راجہ کا بیٹا پھرتا تھا۔ کہ اچانک اُس کی اور راجہ کی بیٹی کی چار نظریں ہوئیں، دیکھتے ہی اُس کے روپ کو راجہ کا بیٹا فریفتہ ہوا اور اپنے دل میں کہنے لگا کہ اے چنڈال کا مہر دیو تجھکو کیوں ستاتا ہے اور اس راج پُتری نے اُس کنور کو اپنے سر میں چنبیلی کا پھول دیکھ کر کہا تو ہی پھول ہاتھ میں لے، کان سے لگا، منہ سے کہہ، پاؤں تلے دبا، پھر اُٹھا، چھاتی سے لگا یا اور سہیلیوں کو ساتھ لے سوار ہوا اپنے مکان کو گئی اور یہ راجہ پُتر نہایت نراس ہو بیڑہ میں ڈوبا ہوا دیوان کے پاس آیا اور ساتھ شرم کے اُسکے آگے حقیقت کہنے لگا۔

جیسا کہ اوپر ذکر کیا مظہر علی ولا نے ایک اور قصہ بادھونال بھی برج بھاکا سے اردو میں ترجمہ کیا تھا۔ افسوس ہے وہ ہمیں دستیاب نہیں ہوا ورنہ اُس کا بھی نمونہ پیش کرتے۔

مولوی امانت اللہ

آپ نے اخلاق جلالی کا ترجمہ اردو میں کیا اور ایک کتاب ہدایت الاسلام عربی اور ہندوستانی دونوں زبانوں میں لکھی جس میں مذہب اسلام کے ارکان اور رسوم کا ذکر ہے (کلکتہ ۱۸۱۰ء) اس کا ترجمہ ڈاکٹر گلکرائسٹ نے انگریزی زبان میں کیا علاوہ اس کے ایک کتاب صرف اُردو منظوم لکھی (۱۸۱۰ء) یہ کتابیں آپ کے کارنامے ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ نہ آپ کی کتابیں تاحال دستیاب ہوئی ہیں اور نہ آپ کے حالاتِ زندگی کا پتہ چلتا ہے ؎ ع:- روئے زمیں پہ سینکڑوں آئے چلے گئے ؎

منشی بینی نرائن

آپ نے کپتان روبک کے سمجھانے سے دیوانِ جہاں کے نام سے ہندوستانی شعراء کا تذکرہ مع منتخب کلام کے مرتب کیا (۱۸۰۱ء) علاوہ ازیں آپ نے چار گلشن کا بھی ترجمہ کیا (۱۸۰۱ء) آپ بھی کلکتہ فورٹ ولیم کالج میں ملازم تھے +

میرزا جان طپش

آپ نے مختلف کتابوں کی ترتیب و تالیف میں بمقام فورٹ ولیم کلکتہ مدد دی۔ نیز آپ نے اردو محاورات پر ایک کتاب لکھی جو فارسی محاورات سے ترجمہ کر کے ہندوستانی میں داخل کر لیے گئے ہیں۔ ساتھ ساتھ شواہد و نظائر بھی دیے ہیں۔ آپ کا کلیات آپ کی زندگی ہی میں کالج کی طرف سے شائع ہوا (۱۸۱۰ء) طپش نے بہار دانش کے کچھ حصے کا ترجمہ اردو نظم میں بھی کیا جو شائع ہو چکا ہے +

محمد خلیل اللہ خاں اشک

آپ نے ۱۸۰۵ء میں اکبر نامہ کا ترجمہ اردو میں واقعاتِ اکبر کے نام سے کیا جو شائع نہیں ہوا۔

خاتمہ

اس دور میں حقیقتاً فورٹ ولیم کالج نے اردو کی بڑی خدمت کی ہم نے جن متوسلین اصحاب کا ذکر کیا ہے اُن کی کتابوں کے علاوہ کالج کی طرف سے اور کتابیں مثلاً ہفت گلشن

خوانِ الوان، تاریخ امیر حمزہ، گلدستۂ حیدری، حکایاتِ لقمان وغیرہ بھی شائع کی گئیں، کالج کے اثر سے اُس زمانہ میں اور لوگوں نے بھی جن کا کالج سے کوئی تعلق نہ تھا اُردو کتابیں تحریر کیں اور کالج کی مطبوعات کا اُردو زبان پر اور اہلِ زبان کے ذوق پر یہ نتیجہ خیز اثر پڑا کہ لوگوں میں نثر نگاری کا بہت اچھا سلیقہ پیدا ہو گیا ورنہ جو نثر مرزا رفیع السودا اور فضلی مرحوم نے لکھی تھی غالباً عرصہ تک اُسی قسم کی نثر لکھی جاتی اور ایک مدت کے بعد نثر میں کچھ تبدیلی اور ترقی ہوتی۔ کالج کی بدولت سلیس اور بامحاورہ اُردو نثر کا جلد رواج ہو گیا۔ اور اسی طرز کو آخر کار مقبولیت حاصل ہوئی۔ دوسرے دور کے نثارانِ اُردو نے مقفّٰی و مسجّع عبارت لکھنی پسند کی اور مضبوطی کے ساتھ اُس پر قائم رہے لیکن تیسرے دور کے مصنفین نے پھر اپنا رنگ بدل دیا سلاست کو پھر اپنا نصب العین بنایا اور رنگینی سے دست کشی اختیار کی +

دوسرا دور

سنہ ۱۸۳۶ء سے سنہ ۱۸۵۷ء تک

پہلے دور کے بزرگ اس دنیائے فانی سے کوچ کر کے عالم بقا کو رواں ہوئے اور دوسرے دور کے نوجوانان عالی مقام منشی اردو کی زمین میں ہوا خواہ ہونے لگے۔ جو پہلے دور کے بزرگوں نے اس خیال کو پیدا کرنے کی کوشش کی تھی کہ اب فارسی زبان کا عہد حکومت ختم ہوا اور اردو کا عہد شروع ہوا۔ سریر آرائے سلطنت ہوا۔ لیکن ان نوجوانوں کی رگوں میں نوجوانان جوان کی طرح پھیلی ہوئی تھی اور فارسی کو ان سے جدا کرنا گویا سخت سے سخت جدا کرنا تھا۔ یہ فارسی کی پچھلی کی بزرگ محفلوں کی یادگار تھی [illegible] سکتے تھے [illegible] ہندوستان سے کہ [illegible] فارسی کی [illegible] اردو کی تکمیل ہی اور اب فارسی اور [illegible] اردو [illegible] ہوئی جاتی تھی۔ ملک کی زبان اردو قرار دی گئی اور اب ہندوستان میں اردو ہی کا [illegible] ہوگا۔ دہلی اور لکھنؤ اس سلسلے کے دارالسلطنت قرار دیے گئے۔ اور ان شہروں کے علاوہ سرگرم بولی لکھنے بولنے والے [illegible] پیدا ہونے لگے۔ [illegible] ہوئے [illegible] اور [illegible] اردو کی تکمیل میں منشی اردو کی [illegible] اس [illegible] اور [illegible] مرزا غالب [illegible] اور [illegible] اور [illegible] اور

پایا جاتا ہے مگر تاثیر تعریف ہے اور اپنے رنگ ڈھنگ سے صاف صاف بزبانِ حال کہتی ہے
کہ میں نہ پہلے دو کی سی سادی اور دو ہوں اور نہ تیسرے دو کی سی رادی زبان ہوں،
بلکہ دوسرے دو میں پیدا ہوئی ہوں لیکن پہلے دو کی سادگی سے قطع نظر کرکے کسی اور سرنے کی
ضرورت تھی تاکہ ہر لحاظ سے اور لائق تحسین و آفرین ہوں۔ غلام غوث بے خبر بھی اپنے دو کی
کی انشا پردازی سے بے خبر نہ تھے۔ انھوں نے بھی اسی سے کہیں اپنی رنگین چیز کو اس
زمانے کے لوگوں کی طبیعت خاطر کرتی۔ ہے مثنوی میر حسن بدنی ہے بھی سر دیکھ لیتے
پہلے ان کی نظر گذار و لفظ بالکل سر دیکھ لیتے کی ہے۔

کبھی دو لوگ ہوتے ہیں جو مثنوی نے اپنی تعریف میں بدنی سے اب کو مختصر کرکے بدنی
اب بدنی سے بھی کہیں کہیں مختصر ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے کی طرز سے بہت آبادی
بھی متروک و مفقود ہوگئی ہے۔ البتہ مرزا غالب کا انداز بیاں اب بھی محبوب و مطلوب ہے
ہے عجب نہیں کہ آپ سے نوٹ کی آبادی سے گذر کر آپ حیات کے پیرہ کو پائے
ہے اور اجداد بدگمان آپ کی نظر تقریر کو قبولیت دلیل رہی اور آپ کے لکھنے جانے
ہے اصحاب حال کو ہر زمانہ اور ہر محفل میں اپنی خوشبو محفوظ کرتے رہیں گے۔

[illegible] سے بہت بڑا نظر گیر رسالہ [illegible] سے نوٹ نہیں ہوا اور نہ ہم نے جن بزرگوں
[illegible] میں [illegible] سے [illegible] اس پر نظر ڈالی ہے [illegible] سے
[illegible] ہوئے ہیں لیکن [illegible] سے [illegible] کی [illegible] اور [illegible]
[illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] اس کی
[illegible] ہے [illegible] ظاہر ہوتا ہے

[illegible] سے [illegible] رسالہ [illegible] کا [illegible] ہمارے نظر سے
گزرا اور ہم نے اس میں ایک نصف درجن [illegible] سید [illegible] صاحب [illegible] کی [illegible]
[illegible] ہے [illegible] کی [illegible] ہے [illegible] کی بہت سی کتابوں کا ذکر ہے

جو مضمون نگار نے لندن میں دیکھی تھیں اور یہاں یعنی ہندوستان میں ناپید ہیں اس لیے ہم وہ فہرست جہاں تک اُسکا تعلق اِس دور کی تصنیف شدہ کتابوں سے ہے ذیل میں درج کرتے ہیں اور افسوس کرتے ہیں کہ ہم اُن کتابوں کے نمونے پیش نہیں کر سکتے اور نہ مصنفین کے حالات ہم پہنچا سکتے ہیں۔ اب یہ ہمارے ناظرین کا فرض ہوگا کہ اگر وہ ان نایاب کتابوں میں سے کسی کتاب کے مالک ہوں تو ہم کو اُس کے اقتباس سے بہرہ یاب کریں۔ اور اگر ممکن ہو تو مصنف کے حالات زندگی بھی جو کچھ معلوم ہوں تحریر فرمائیں تاکہ ہم طبع دوم میں اس کمی کو پورا کر سکیں سید سلیمان صاحب لکھتے ہیں:۔

"مطبوعہ اُردو کتابوں کی اہمیت بھی یہاں میری نگاہ میں کچھ کم نظر نہ آئی۔ اور تھوڑی دیر کے لیے مجھے مغرور ہونا پڑا کہ الحمد اللہ ہماری زبان بھی اس قدر ترقی یافتہ ہے کہ تین سو صفحہ میں اُسکی فہرست تمام ہوئی ہے۔ یہ فہرست ۱۹۰۰ء میں چھپی ہے اس لیے موجودہ بیسویں صدی کی کتابیں اس فہرست میں شامل نہیں ہیں، اس فہرست کو دیکھکر یہ تعجب ہوا کہ اُردو زبان غدر کے پہلے ہی سے ایک علمی زبان بن رہی تھی۔ دوسری بات یہ نظر آئی کہ اس زبان کو علمی زبان بنانے میں مسلمان اور ہندو دونوں اہل قلم کا برابر کا ساتھ ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ہندوستانی یونیورسٹیوں کی تاریخ نے ہندوؤں اور مسلمانوں کو دو حصوں میں منقسم نہیں کیا تھا بلکہ جب صرف ایک سالم اور متحد ہندوستان دنیا میں موجود تھا۔

بہرحال اُردو کتابوں کی یہ فہرست جو صرف مطبوعات پر مشتمل ہے چھ عنوانوں پر منقسم ہے۔ علوم و فنون۔ تاریخ و جغرافیہ۔ ادبیات۔ کتب تعلیمی۔ الٰہیات۔ اور متفرقات ہر ایک عنوان کے تحت میں حسب ذیل تقسیمات ہیں:۔

۱:۔ علوم و فنون

(۱) زراعت و نباتات (۲) صنعت و حرفت (۳) ہیئت و نجوم (۴) علم الطبیخ (۵) نیرنگ و طلسمات (۶) علم المنزل و قواعد صحت (۷) نقشہ کشی (۸) اخلاق

(۹) ورزش و پہلوانی	(۱۰) قانون	(۱۱) انگریزی قانون
(۱۲) ہندو قانون	(۱۳) اسلامی قانون	(۱۴) منطق و فلسفہ
(۱۵) طب و تشریح	(۱۶) علم العرب	(۱۷) موسیقی
(۱۸) لغت	(۱۹) علم السنہ	(۲۰) طبعیات
(۲۱) معاشیات	(۲۲) علم المعانی والبیان	(۲۳) اجتماعیات (۲۴) طبقات جسمانیات

۲:- تاریخ و جغرافیہ

(۲۵) عام سوانح عمریاں	(۲۶) سوانح محمد صلعم	(۲۷) سوانح ائمہ
(۲۸) حالات قبائل و فرق	(۲۹) علم الانساب	(۳۰) جغرافیہ و تقویم البلدان (تاریخ)
(۳۱) عام تاریخ	(۳۲) مقامی تاریخ	(۳۳) سفرنامہ

۳:- ادبیات

(۳۴) دواوین	(۳۵) ڈراما	(۳۶) خطوط و مکاتیب
(۳۷) انتقادات ادبیہ	(۳۸) شاعری	(۳۹) عام شاعری
(۴۰) تذکرہ شعراء	(۴۱) مذہبی شاعری	(۴۲) مذہبی ہندو شاعری
(۴۳) مذہبی اسلامی شاعری	(۴۴) محاورات و امثال	(۴۵) قصص و افسانہ
(۴۶) قصص منظومہ	(۴۷) قصص منثورہ	

۴:- کتب تعلیمی

(۴۸) قواعد	(۴۹) قواعد عربی	(۵۰) قواعد پرسنا (پشتو)
(۵۱) قواعد انگریزی	(۵۲) قواعد ہندی	(۵۳) قواعد ہندوستانی (اردو)
(۵۴) قواعد کشمیری	(۵۵) قواعد فارسی	(۵۶) علم الخط
(۵۷) ریاضیات	(۵۸) علم الجبر و مقابلہ	(۵۹) علم الحساب
(۶۰) علم الحساب الکلیات والجزئیات	(۶۱) اقلیدس	(۶۲) علم المساحت

(۶۳) علم وزن و پیمائش (۶۴) علم المخروطات والاشکال (۶۵) علم المثلثات

(۶۶) کتب ابتدائیہ (ریڈرس) (۶۷) متفرقات

۵:- الٰہیات

(۶۸) ہر مذہبی اور لامذہبی (۶۹) یہودی (۷۰) عیسائی

(۷۱) بائبل (۷۲) بائبل الٹریچر (۷۳) تاریخ کلیسیا

(۷۴) تعلیمات (۷۵) اعتراضیہ (۷۶) متفرق

(۷۷) مناظرہ و مواز نہ ادیان (۷۸) ہندو مذہب (۷۹) بدھی مذہب

(۸۰) اسلام (۸۱) عبادات (۸۲) عقائد

(۸۳) قرآنیات (۸۴) حدیث (۸۵) سکھ مذہب

۶:- متفرقات

(۸۶) تعلیمات (۸۷) تعلیم النسوان (۸۸) تعلیم الصبیان

(۸۹) مجموعہ ہائے تقریر و مضامین (۹۰) رسائل وقت (لیکچرز) (۹۱) روداد و بائبل

نوٹ:- ہر عنوانات سے چند کتابوں کے نام (بقید نام مصنف و تاریخ تصنیف) لکھے جاتے ہیں۔ اس انتخاب میں متقدمہ و متاخرہ کتابیں بلا تمیز پیش کی جاتی ہیں۔ کسی کسی قریب زمانہ میں بھی کی جاتی ہیں۔ متعلق مضامین و عنوانات کے ماتحت نہیں بلکہ ان کے ساتھ اس کا جزو ہیں۔ صرف علمی کتابیں لی ہیں۔ ان پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ جدیدہ کی مختلف شاخوں میں کس سرعت سے ترقی ہو رہی ہے اور اس وقت تک ترقی کر چکی ہے۔ اب ملک کی علم زبان بھی ان خیالات تحقیق سے آشنا ہوتی۔

فصل زائد

۱:- چاند سے لگائے گئی کتاب (۱۰ اصفحات) مطبوعہ لاہور ۱۸۵۵ء

۲:- نقشہ کی ہر ستارہ نیبلہ سکیلال (انگریزی) (صفحات ۴۰ × ۲۵ء) مطبوعہ آگرہ

۳۲ :- کلیات کرم - منشی کالی داس - آئین حصہ مطبوعہ دہلی ۱۸۴۶ء

۳۳ :- پنڈ دادن کاشت کاری - منشی سوہن لال آگرہ ۱۸۵۲ء

۳۵ :- ریشم کا کیڑا - سوہن لال - لاہور ۱۸۵۳ء

۳۶ :- توضیح زراعت از طب حسین خاں - آگرہ ۱۸۵۸ء

کتب حکمت

۱ :- ہدیہ سکندریہ (حکیم افضل کا بیان) رپورٹ پارکن ۱۸۵۰ء لکھنؤ

۲ :- بھاری کی کل " " بنارس ۱۸۵۵ء

۳ :- بول لغوط " " کانپور ۱۸۵۴ء

۴ :- قانون الضباح (چیچک) سیتل شنکر دہلی ۱۸۵۸ء

کتب نجوم و ہیئت

۱ :- خلاصۃ النظام آسمانی - پنڈت رامی - آگرہ ۱۸۵۰ء

۲ :- مفتاح احوال النظام آسمانی - آگرہ ۱۸۴۰ء

۳ :- خلاصۃ وفاق النجوم - بابو صاحب گنائے - مدراس ۱۸۴۸ء

۴ :- اصول علم ہیئت - مرچند - دہلی ۱۸۵۸ء صفحات ۳۳۵

جغرافیہ

۱ :- [illegible] ضلع فتحگڑھ - کالی داس دہلی ۱۸۵۹ء صفحات ۲۰۸

۲ :- [illegible] میر غلام علی گھگیہ ۱۸۵۱ء صفحات ۲۲۰

۳ :- جغرافیہ عالم - دہلی ۱۸۵۳ء صفحات ۱۰۹

۴ :- خلاصۃ الجغرافیہ - آگرہ ۱۸۵۳ء

۵ :- جغرافیہ کا چہار رسالہ مترجمہ از انگریزی - میر غلام علی - مدراس ۱۸۵۳ء

۶ :- جغرافیہ ہندہ از انگریزی - پنڈت سوروپ نرائن دہلی ۱۸۶۰ء صفحات ۱۲۲

طبعیات

۱:- عجائب روزگار - رام چندر دہلی ۱۸۴۷ء

۲:- بجلی کی ڈاک - جے - ڈبلیو - بیل - آگرہ ۱۸۵۴ء

۳:- ہوا کا بیان - بدری لال بنارس ۱۸۵۴ء

۴:- علم حکمت (میکنکس) چارلس فنک کلکتہ ۱۸۴۳ء صفحات ۳۰۱

۵:- معدنیات - جواہر لال - آگرہ ۱۸۵۵ء

۶:- خلاصۃ الصنائع (ترجمہ از انگریزی) بھولا ناتھ - آگرہ ۱۸۵۴ء صفحات ۱۱۲

۷:- مرأۃ العلوم - ہری درشن لال بنارس ۱۸۴۹ء

۸:- رسالہ مقناطیس - ترجمہ از انگریزی - سید کمال الدین - دہلی ۱۸۵۰ء صفحات ۲۷

۹:- تحصیل فی جر الثقیل - سید احمد خاں - آگرہ ۱۸۴۴ء

۱۰:- اصول علم طبعی - ترجمہ از انگریزی - اجودھیا پرشاد وسیوا پرشاد - دہلی ۱۸۴۸ء صفحات ۱۶۹

۱۱:- اصول جر الثقیل - محمد احسن - بنارس ۱۸۵۴ء

۱۲:- اصول قواعد مائیات - ترجمہ انگریزی - اجودھیا پرشاد - دہلی ۱۸۵۰ء صفحات ۲۰۴

۱۳:- مقاصد العلوم - ترجمہ انگریزی - سید محمد میر ۱۸۶۱ء کلکتہ

۱۴:- دائرۂ علم (نیچرل فلاسفی) محمد کرم بخش - لکھنو ۱۸۶۶ء

معاشیات (پولیٹکل اکانومی)

۱:- ترجمہ معاشیات مل - وزیر علی - دہلی ۱۸۴۴ء صفحات ۴۱۸

۲:- اصول علم انتظام مدن - ترجمہ انگریزی - دھرم نرائن - دہلی ۱۸۴۶ء

منطق

۱:- ترجمہ تلخیص - مولوی سید محمد - دہلی ۱۸۴۴ء "

فقیر محمد خاں گویا

حالات آپ کا نام فقیر محمد خاں ہے اور گویا تخلص ہے۔ آپ حضرت ناسخ کے ارشد تلامذہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ زمانۂ شاہی میں آپ رسالہ دار تھے۔ اور حسام الدولہ کے خطاب سے مخاطب تھے۔ اور عمائد اراکین واعیان سلطنت اودھ میں سے تھے۔ آپ نے انوار سہیلی کا ترجمہ اردو میں کیا۔ اور اس کا نام بستانِ حکمت رکھا۔ یہ کتاب چودھویں ذیقعدہ ۱۲۵۰ھ کو خدا ئی کے الفاظ میں بوقت صبح جبکہ منوّر نیر اعظم نے علم نورانی اُفق مشرق سے بلند نہیں کیا تھا مقام دار السلطنت لکھنؤ میں ختم ہوئی۔ اور شیخ ناسخ نے اسکے اختتام پر یہ تاریخ کہی:۔

زہے نسخۂ حکمت آمیز نافع — کہ ہر باب او کرد اصحاب حکمت
مسمّی بہ بستان حکمت نمودند — برائے تماشائے ارباب حکمت
گلِ ہر گ و شاخ و تنہ جملہ حکمت — شد ایں باغ سرسبز با آب حکمت
بہ لطف سبب کہ زیبا ست تنکرش — ذا ہم شدہ جملہ اسباب حکمت
پے سالِ تاریخ اتمام ناسخ — خرد گفت بستانِ سیرابِ حکمت

ترجمہ پر رائے سرتجمہ ممدوح الصدر نے باتفاق مشورہ چند اُستادان نامی وگرامی وزباں آوران لکھنؤ خاص مثل شیخ امام بخش ناسخ و خواجہ وزیر صاحب وزیر یہ ترجمہ فرمایا ہے۔ اُس زمانہ کی تحریر کے مطابق ترجمہ بہت اچھا ہے لیکن عربی فارسی الفاظ بکثرت استعمال کیے ہیں۔ اکثر جملہ فارسی اشعار بہ ستور رہنے دیے ہیں اور عربی ضرب الامثال یا مقولے بھی جوں کے توں پائے جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے عبارت آسان اور زود فہم نہیں ہی اور بعض الفاظ ثقیل و مشکل بھی ہیں۔ کہیں کہیں فارسی اشعار کا اُردو اشعار میں ترجمہ بھی کر دیا ہے حقیقت یہ ہے کہ کتاب فی الجملہ اصل مضمون کی بدولت قابل مطالعہ ہے اور نہایت مفید اور کارآمد ہے۔ اگر یہ کتاب بچوں کو گلستاں اور بوستاں کی طرح اُردو میں بھی پڑھائی جائے تو خاصی لیاقت پیدا ہو جائے اور

یہ نصیحت کی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ اب ہم ذیل میں کچھ عبارت بطور نمونہ درج کرتے ہیں،

بوستان حکمت کا نمونہ

"اور بلا شک جب تک میرے دم میں دم ہے، امر خیر خواہی میں دریغ نہ کرونگا کہ حق نمک میری گردن پر ہے، گو اس میں جان جائے یا رہے اب انصاف اس کا بادشاہ کے ہاتھ ہے اور الحق مُرّ یہ بات بھی سچ ہے۔ اس صورت میں کب میں کسی کو بھلا معلوم ہونگا۔ **بیت**

جس جس سے راست بولا وہ مجھسے کج ہوا ہے
خاموش رہ ہمیشہ سچ بولنا بُرا ہے

اور میں یہ جانتا تھا کہ اہل نفاق میرے قتل پر اتفاق کرینگے۔ یہ مجھے یہ یقین نہ تھا کہ مکافات خیر خواہی اور نتیجہ خدمت گزاری یہ ہوگا کہ میری بقا بادشاہ کو مسترد اور رنجور رکھیگی۔ جبکہ دمنہ نے یہ بات یہاں تک پہنچائی اور شام قریب آئی، بادشاہ نے حکم دیا کہ دمنہ کو دار القضا میں سپرد کرو تا قاضی اسکا حال دریافت کرے کہ احکام سیاست میں جب تک شرائط شرعی تمام ہونگے کچھ حکم نہ کیا جائیگا۔ دمنہ نے کہا کہ کون حاکم راست کار۔ بادشاہ سے زیادہ ہے۔ اور کون قاضی، عادل، شہریار سے بالاتر ہے۔ الحمد للہ کہ ضمیر منیر بادشاہ، آئینہ ہے باصفا، بلکہ جام جہاں نما کہ صورت حال ہر ملازم و رعایا کی اُس میں ہویدا ہے۔ رباعی سودا

ایوان عدالت میں تمہارے اے شاہ — ہے ظلم کو کیا دخل عیاذاً باللہ
شیشے کا اگر حق سے ٹوٹے ہے پاؤں — پتھر سے نکلتی ہے صدا بسم اللہ

اور یہ یقین اتنا جانتا ہوں کہ کشف شبہات اور رفع حجاب میں کوئی چیز برابر فراست بادشاہ جمجاہ کے نہیں ہے۔ اگر خود شہریار نفس نفیس، رائے جہاں آرا کو قاضی میرے حال کا فرمائے تو کذب اور صدق میرا مانند صبح صادق کے روشن ہو جائے جیسا کہ حافظ جرنے فرمایا۔ **بیت**

عرض حاجت در حریم حضرتت محتاج نیست — راز کس مخفی نہ ماند بر فروغ رائے تو

شیر نے کہا کہ اے دمنہ اندیشہ نہ کر کہ اس مہم میں جستجوئے تمام کی جائیگی اور تحقیق اس کام کی

اس طرح پر کہ زیادتی اس سے متصور نہو عمل میں نہ آئیگی ۔ نظم

جُدا کرینگے ہم اس طرح حق و باطل کو — کہ جیسے دودھ سے مکھی نکال لیتے ہیں
نکال لیتے ہیں جس طرح عطر پھولوں سے — ہر ایک بات کا ہم جی نکال لیتے ہیں

دمنہ نے کہا کہ میں بے گناہی کے سبب مبالغی میں زیادہ اہتمام کرتا ہوں اور یہ بھی جانتا ہوں کہ اس تحقیق سے اخلاص میرا زیادہ تر ظاہر ہوگا ۔ اگر میں اس کام میں گنہگار رہوتا تو حاضر دربار شہریار نہ رہتا اور فرار اختیار کرتا بلکہ فسیروا فی الارض پڑھکر اور اقلیم کی راہ لیتا کہ ملک خدا تنگ نہیں اور پاؤں بندے کا لنگ نہیں ہے ۔ شیر کی ماں نے کہا کہ اے دمنہ تیرا مبالغہ دغدغے سے خالی نہیں ہے ۔ مگر تو زیرکی سے چاہتا ہے کہ آپ کو بیگناہ کر دکھائے ۔ لیکن اگر کوئی اچھی طرح دریافت کریگا تو اس مضیق سے خلاصی پانا تیرا فکر محال اور سودائے باطل ہے ۔ دمنہ نے کہا کہ میرے دشمن بے شمار ہیں ۔ امیدوار ہوں کہ میرا کام ایسے امین کو سپرد ہو کہ غرض اور شبہ سے پاک ہو اور جو کچھ کہ راست براست ہو حضور میں باریابان بادشاہی کے عرض کیا کرے ۔ و بادشاہ عالیجاہ بعد استماع مبشورہ اپنی رائے جہاں آرا کے کہ آئینہ جہاں نما ہے حکم فرمائے ۔ تا میں مجرد شبہے کے ماراۂ چاہوں اور شہریار روز جزا خون ناحق میں مبتلائے بازخواست سلطان حقیقی نہو اور یہ مطلع مولف کا میرے حال کے موافق ہے ۔

غم نہیں اسکا مجھے میں مر گیا — غم یہ ہے قاتل کا خنجر بھر گیا

سبب ترجمۂ کتاب جناب گویائے سبب ترجمۂ کتاب میں یوں زبان گویائی کی ہے :-

"اب سنا چاہیے کہ ایک روز بندہ اور خواجہ وزیر اور میاں فرخ شاعر کہ یہ دونوں شاگرد رشید شیخ ناسخ صاحب کے ہیں اور چند احباب اور بھی باہم بیٹھے ہوئے تھے اور وقت شغل انوار سہیلی کے مطالعے کا تھا اور اس کے مصنف کی نگر رسا پر سب نے زبان ثنا کھولی تھی کہ سبحان اللہ مصنف اس کا عجب حکیم بے مثل تھا ، اور عجب کتاب تصنیف کی ہے کہ گنجینہ ہے اسرار الٰہی کا اور خزینہ ہے فیض غیر متناہی کا ، بلکہ قرینہ اس پر دال ہے کہ جو کچھ سنا

بیان کیا ہے، منطقہ ہے کہ با مداد الہام غیبی ہو، والا رائے انسان ضعیف البنیان، کب کُنہ کو اس قدر جزئیاتِ عالم کے پہنچ سکتی ہے، اگر مطالب اس کتاب کے کوئی بچشم غور دیکھے تو کوئی دقیقہ فوائد دینی اور دنیوی سے باقی نہیں چھوڑا ہے، اور اگر کوئی غریب و فقیر خواہ رئیس و امیر خصوصاً بادشاہ اس کتاب کے مطالب کو اپنا قبلۂ مقاصد کرے تو یقین ہے کہ سعادتِ دارین سے سرفرازی پائے اور دفتر اس کے ہر امر کی روز بروز ترقی کرتی جائے۔ اس گفتگو میں سب اہل محفل نے اصرار کیا کہ اکثر زبانوں میں ترجمہ اس کا ہو چکا ہے، اگر بھی اُردو میں اُسے ترجمہ کر دو تو خوب چیز ہو۔ راقم نے بہ چند عذر کیا، پیش نہ گئی۔ کچھ جناب اللہ بندے کو بھی توفیق رفیق ہوئی اور ہمت اس پر آئی کہ دما توفیقی الا باللہ کہکر ارادہ کرو۔ اگر فضل الٰہی شامل حال ہے تو سب بخیر و خوبی انجام ہوگا لہٰذا خدا کی عنایت پر تکیہ کر کے شروع کیا جاتا ہے۔"

آگے چلکر آپ لکھتے ہیں:-

"جس نے انوار سہیلی کو دیکھا ہوگا آپ نظر تامل سے مطالعہ کرے گا، اُس پر خود منکشف ہو جائیگا کہ گویا صورت کتاب کی اور ہی ہو جائیگی۔ برائے نام ترجمہ کیا جاتا ہے۔ ورنہ یہ کتاب حقیقت میں جُدا جُدا ہے۔ لیکن حق یوں ہے کہ یہ احسان نقاش اول کا ہے، ورنہ مجھ سے بے بضاعت کو کہاں طاقت اس کے بیان کی تھی۔"

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے آزادی کے ساتھ ترجمہ کیا ہے۔ لکھنؤ کی جگہ لکھنؤ نہیں ماری یہی وجہ ہے کہ ترجمہ بے تکلفہ اور معنی خیز ہے +

مرزا رجب علی بیگ سرور

حالات مرزا رجب علی بیگ، مرزا اصغر علی لکھنوی کے بیٹے تھے، لکھنؤ میں پیدا ہوئے اور یہیں تعلیم و تربیت حاصل کی۔ سرور تخلص اختیار کیا اور فنِ شعر میں آغا نوازش حسین خاں نوازش کے شاگرد ہوئے۔ اگرچہ آپ مذاقِ سخن رکھتے تھے اور صاحبِ دیوان تھے لیکن آپ کی شہرت زیادہ تر نثر نگاری کی وجہ سے ہے۔ آپ کی کئی تصنیفات ہیں لیکن فسانۂ عجائب اپنے خاص رنگ میں بہترین تصنیف ہے جو ۱۸۴۵ء میں عہد نصیر الدین حیدر بادشاہ لکھنؤ لکھی گئی اور جس کی عبارت مقفّٰی و مسجع ہے۔ یہ نگینی اور قافیہ پیمائی فارسی تحریروں میں پائی جاتی ہے، لیکن اردو میں اس انداز تحریر کے آپ ہی موجد ہیں۔ جس طرح اردو میں آجکل یہ رنگ پسند نہیں کیا جاتا، حال کی فارسی بھی اس قسم کی تکلفانہ عبارتوں سے معرّا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سرور کی یہ طرزِ عبارت آرائی اس دور کے جملہ مصنفین میں کم و بیش پائی جاتی ہے۔ اگرچہ مرزا غالب مرحوم نے اردوئے معلّٰی میں اس تصنع اور تکلف کو مطلق جگہ نہیں دی لیکن کتابوں کی تقریظ یا دیباچہ لکھتے ہیں اُن کا قلم بھی سرور کی طرح اس طرز سے آزاد نظر نہیں آتا۔ بایں مرزا غالب کی مسجع نثر میں تصنع اور آورد کا رنگ کم ہے۔ کیونکہ دوسرے فقرے میں تقریباً ویسی ہی بے تکلفی پائی جاتی ہے جیسی پہلے فقرے میں (دیکھو حالاتِ مرزا غالب)

سرورِ سلطانی، شمشیر خانی کا ترجمہ ہے جو سلطان عالم واجد علی شاہ کے حکم سے کیا گیا تھا۔ گلزارِ سرور بھی حدائق العشاق کا ترجمہ ہے۔ اور مہاراج ایسری پرشاد نارائن سنگھ کی فرمائش سے کیا گیا ہے۔ ان کتابوں کے علاوہ شگوفۂ محبت ایک اور قصہ ہے اور انشائے سرور ایک اور کتاب ہے جو آپ سے یادگار ہے۔ ایک نثر اور ایک قصیدہ پرنس آف ویلز ولیعہد ملکہ وکٹوریہ کے جشنِ شادی کی تہنیت میں لکھا ہے جس کا ایک شعر یہ ہے:-

باپ میں شوکتِ شاہی تھی پسر زینتِ تخت ماں کے پرتو سے پری خانہ ہے شہر لندن

ایک نثر مہاراجہ بنارس کی سواری کی تعریف میں لکھی ہے۔ جملہ تصانیف کا رنگ ایک ہی ہے جو اب بالکل متروک ہے۔

ایک تذکرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ۱۸۴۳ء تک لکھنؤ میں رہے، ہمارے نزدیک یہ کہنا صحیح نہیں کیونکہ خود سرور نے گلزار سرور میں لکھا ہے کہ حضرت واجد علی شاہ نے ۹ برس تک حکومت کی اور ۱۸۵۶ء میں اُن کو معزول کیا گیا۔ پس ۱۸۴۷ء سال جلوس ہوا۔ اور جب کہ آپ نے چند کتابیں بادشاہ کے حکم سے لکھیں اور آپ کی دربار شاہی تک رسائی تھی تو کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ آپ ترکِ وطن پر فوراً آمادہ ہوئے ہوں۔

گلزار سرور میں جس کا نمونہ ہمنے درج کیا ہے عزل شاہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "شرفا معاش سے تنگ و حیران ہوئے۔ ایسے تنگ کہ بے نام و نشان ہوئے۔ از انجملہ فقیر دہاں کس شمار میں تھا۔" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انتزاع سلطنت تک آپ لکھنؤ میں رہے اور بعد ازاں مہاراج الیسری پرشاد نارائن سنگھ کی خدمت میں باریاب ہوئے۔ سُنا ہے کہ ۱۸۶۳ء میں آپ کلکتہ گئے تھے اور وہاں سے واپس آکر تھوڑے ہی دنوں بعد لکھنؤ میں انتقال کیا۔

سرور کی انشاپردازی پر رائے

ایک صاحب سرور کی انشاپردازی کے متعلق لکھتے ہیں کہ:۔

"فسانۂ عجائب نثر کی اس طرز تحریر کا اعلیٰ نمونہ ہے جس کی بنا تصنع اور بناوٹ پر ہے اور جس کی دلاویزی کا مدار مصنوعی حسن پر ہے۔ ایک زمانہ میں اُردو کے انشاپردازوں میں یہ طرز نہایت مقبول تھی مگر اب نہ تو غالب اور آزاد کی تقلید اور کچھ انگریزی تہذیب کے اثر سے لوگوں نے اس کو ترک کر دیا ہے، تاہم فسانۂ عجائب کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک اعلیٰ درجہ کا انشاپرداز اس رنگ میں بھی کیا کیا رنگینیاں پیدا کر سکتا ہے گو اسی کے ساتھ یہ بات بھی اچھی طرح ظاہر ہو جاتی ہے کہ اس طرز کا میدان کس قدر تنگ ہے اور زمانۂ حال کی دوا و دوش کے لیے کس قدر ناموزوں ہے۔"

نمونہ از فسانۂ عجائب

ذیل میں فسانۂ عجائب کی مختصر عبارت بطور نمونہ نقل کی جاتی ہے:۔

(یہ کتاب بازار میں عام طور پر فروخت ہوتی ہے اس لیے اختصار مدِ نظر ہوا)

طوطا خریدنا جانِ عالم کا

"ایک روز گزر جانِ عالم کا گزری میں ہوا۔ انبوہ کثیر و جمِ غفیر نظر آیا۔ شہزادہ اُدھر متوجہ ہوا۔ دیکھا ایک مردِ نحیف، ستر اسّی برس کا سن نہایت ضعیف پنجرہ ہاتھ میں لیے کھڑا ہے۔ اُس میں ایک جانور مانند سا کنانِ جناں سبز پوش با منقار گلنار لطیفے رنگین اور نکتے قابلِ تعریف و نمکین بیان کرتا ہے۔ شاہزادے کو دیکھتے ہی طوطا اپنے مالک سے بولا۔ اے شخص کوکبِ بخت تیرا افلاس کے بُرجِ تیرہ سے نکلا نصیب چمکا۔ طالع برسرِ یاوری اور زمانہ آمادۂ مددگاری ہوا دیکھ ایسا شاہزادۂ عالی تبار متوجہ اس بے مقدار پر ہوا ہے۔ وہ بیکار سے کارگاہِ بے ثبات میں میں ہوں جس کا طالب کہیں نہیں۔ بجز یکہ جانور ہوں اور بلی کا کھا جا۔ مگر جو یہ نظرِ عنایت کرے ابھی تیرا ہاتھ پُر زر ہو۔ دامن گہر سے بھرے۔ جانِ عالم نے یہ سخنِ ہوش رُبا اور کلمۂ حیرت افزا کو سُن، طوطے عقل کے اُڑا، پنجرہ اُس طائرِ ہمہ داں، جانور سحر بیاں کا ہاتھ میں لیکے مالک سے قیمت پوچھی۔ طوطے نے کہا۔ بیت

کب لگاتا ہے کوئی مول دلِ بے حال کا مول ۔۔۔ سب گھٹاتے ہیں مفلس کے غرض مال کا مول

مگر جو حضور کی مرضی۔ جانِ عالم نے لاکھ روپیہ مطلعت کے سوا عنایت کیے اور پنجرہ ہاتھ میں لیے دولت سرا کو روانہ ہوا۔ گھر میں جا کر ماہ طلعت کو طوطا دکھایا یہ مصرع انشا کا پڑھا:

بازار ہم گئے تھے اک چوٹ مول لائے

طوطے نے شہزادہ کو سخنانِ دلچسپ و قصصِ عجیب و حکایاتِ غریب سُنا کر اپنے دامِ محبت میں اسیر کیا۔ یہ نوبت پہنچی کہ سوتے جاگتے دربار کے سوا جُدا نہ ہوتا۔ جب دربار جاتا پنجرہ بتاکید حفاظت ماہ طلعت کو سونپ جاتا۔ اور دربار سے دیوانہ وار بشوقِ گفتار بے قرار جلد پھر آتا۔

سرور نے ایک رقعۂ دعوتِ شادی لکھا ہے۔ چونکہ دلچسپ ہے اس لیے اُس کو ہم یہاں نقل کرتے ہیں:-

رقعۂ دعوتِ شادی

"اس سال نیا ساز و سامان ہے، ہولی شبِ برات ہمارے دست و گریبان ہے، باغبانِ ازل وفینۂ چمن نکالے گا۔ بوٹہ پتا جوبن نکالیگا نسیم سحر غنچوں کی گانٹھ ٹوٹنے لگی عبیر اور گلال گرہ سے کھولنے لگی۔ تختۂ لالہ چراغاں کا ڈھنگ دکھاتا ہے۔ نہروں میں فوارہ پچکاری کا رنگ دکھاتا ہے۔ کوسوں تک سبزۂ گل کا فرش بچھا ہے شاداب کوہ وصحرا ہے۔ پتہ پتہ کان زمرد کا پتہ دیتا ہے شبنم کا قطرہ دُرِ بے بہا کا آویزہ ہے۔ کوہ میں کبک دری کا قہقہہ، باغ میں بلبل کا نالہ ہے۔ صحنِ گلزار میں نیشر نے سر نکالا ہے۔ جس قلم تراش میں شاخ کا دستہ ہے۔ قوتِ نامیہ کے فیض سے مکیقلم کلدستہ ہے۔ اس گلشنِ بیخار میں کیا نمونۂ قدرتِ پروردگار ہے کہ دست و گریباں خزاں دہا رہے۔ گر شاخ سے کوئی پتی مرجھا کر ٹوٹتی ہے تو برابر سبز کونپل پھوٹتی ہے۔ گل کی ہنسی پر گریۂ شبنم ہے کہ مہلت یہاں بہت کم ہے۔ بشر کو لازم ہے کہ فرصتِ غنیمت جانکر ان خیالوں سے درگزرے جو امر ضروری ہو اُسے کر گزرے۔ لہٰذا صدر نشینانِ بزمِ طرب و سرور۔ انجمن آرایانِ جلسۂ شادی و سور کی خدمت میں امیدوار ہوں کہ ازراہ دوستانہ بے عذر و بے بہانہ رونق بخشِ جلسۂ احباب ہوں۔ خاکسار رہین منت رہیگا"

گلزارِ سرور

ایک شخص رضی پسر محمد شفیع نے جو نظام الدولہ نواب الہ ویردی خاں حاکم بنگالہ کا مصاحب تھا، کتاب حدایق العشاق کو بعبارتِ فارسی تحریر کیا تھا۔ مرزا رجب علی بیگ سرور نے سلطنت اودھ کے احاق کے بعد مہاراج الیسری پرشاد نارائن سنگھ بہادر کی فرمائش سے اُسکو فارسی سے اُردو میں ترجمہ کیا۔ عبارت مقفّیٰ و سجع ہے۔ وہی فسانۂ عجائب کا انداز ہے۔ اور نام اس کتاب کا گلزارِ سرور ہے حسب ذیل عبارت بطور نمونہ نقل کیجاتی ہے:۔

نمونہ گلزارِ سرور

مذکور آوارۂ وطن، خزاں دیدۂ چمن، مترجم حدایق العشاق رجب علی بیگ سرور عفی عنہ۔

"یہاں سے نقاشِ ثمانی، معترفِ ناوانی، گردش دیدہ، بلا رسیدہ، یار و دیار سے دور رجب علی بیگ سرور، اپنی گذشتہ داستان حیرت بیان لکھتا ہے۔ بارہ سو چوہتر ہجری شہر شعبان

میں فلک نے وہ سامان کیا۔ گلزار لکھنؤ پر عین بہار میں خزاں آئی۔ اس شعبدہ باز کہن نے تھی بیر گی دکھائی۔ بعد خرابی شاہجہان آباد۔ یہ زمین بسی، سب طرح کی خلقت کا یہاں قیام ہوا، دور دور اس شہر کا شہرہ ہوا۔ نام ہوا، اس سلیقہ سے آباد ہوا کہ دنیا کی ملک اس کے روبرو ویران تھی۔ سرزمین شام کی صبح ہوگئی۔ اپنے شہر کی کیفیت اور فضا پر ترجیح دیتے ساکن شیراز و اصفہان تھے۔ ہر گلی گلزار۔ جو کوچہ نظر پڑا پیر بہار تھا۔ خزاں بار نہ پاتی تھی۔ ہر کا دل نثار تھا۔ سب علم و فنون کے کامل۔ ہر فن کے استاد شامل ایک جا تھے عقل حیران تھی وہ کون تھے کیا تھے۔ جو کسی کمال کا کسی طرف سے آیا۔ جتھا دیدہ روزگار بے برگ و بار تھا۔ چشم زدن سرسبز ہو کے نہال ہوگیا۔ قدرشناسی ہوئی مالا مال ہوگیا۔ سیکڑوں شہر اس کی بدولت بستے تھے۔ اشرفی روپیہ کے سکہ پر بستے تھے۔ جو چیز گرانبہا جس ملک میں کسی کارگیر نے بنائی وہ بکنے کو یہیں آئی۔ سود و مصر کا بازار تھا، اور کہاں ایسا خریدار تھا۔ بے فکری اس جا کی دور دور مشہور تھی۔ بقول مشہور لسٹوں میں چاگ کھیلتی تھی، فاقہ کشی میں ذند پیتی تھی، اپنے زعم میں قیصر و فغفور تھی۔ ایسی چمک کہ ہوئی کہ حد سے گزر گئی۔ ہر کمالے را زوالے، فلک کو اجاڑنا، اس کا نام و نشان بنا کے بگاڑنا مدنظر تھا۔ وگرنہ بادشاہ کے دل میں نہ یہاں کی رعایا کی طبیعت میں فتور تھا۔ حضرت واجد علی شاہ سلطان عالم نے تو برس محمد شاہی کی۔ اس پر سرکار سے تباہی نہ کی بلکہ عذر خواہی کی۔ قیصر باغ کو غیرت گلزار ارم بنایا تھا۔ کیا لمحوں نے دن جو لطف اٹھایا تھا۔ خدا جنت کس کو نصیب کرے اس شہر کو کھا گئی۔ امیر فقیر سب پر تباہی آگئی۔ پہلی بم اللہ یہ ہوئی۔ ماہ جبین عالیشان نے اسکی خرابی کا خیال کیا۔ دیا ہوا ملک بے سبب لیا۔ وہ کلکتہ کو یاد کو گئے۔ بیگم صاحبہ ولیعہد بہادر۔ جرنیل صاحب یہ قافلہ لندن روانہ ہوا، قضا کو بہانہ ہوا۔ پہلے جناب بیگم صاحب نے رحلت فرمائی۔ بعد جرنیل صاحب کو مرگ جوانی آئی۔ مصرع

ایں ماتم سخت است کہ گویند بوان مرد

ہند میں فوج سرکار، قدیم نمک خوار، پیادہ اور سوار، شامت اعمال سے چھ گئے۔ غرباء امرا ایک

بلا میں گھر گئے۔ جا بجا شور و شر مچا، قتل و غارت سے فساد ہوا۔ بچوں کا کیا بگڑا، ہندوستان اس جھگڑے میں برباد ہوا۔ پہلے دہلی اُجڑی، پھر لکھنؤ لوٹا، یہاں تک کہ بے چراغ ہوا۔ بے بہبود دے پامال خزاں خانہ باغ ہوا۔ شرفا معاش سے تنگ و حیران ہوئے۔ ایسے نکلے کہ بے نشان ہوئے زاں جملہ فقیر وہاں کس شمار میں تھا، نہ خلیفۂ رعیت، نہ غلامان شہریار میں تھا۔ مگر غربا نوازی شرفا پروری کی راہ سے مہاراج بہادر دام دولتہم نے یاد فرمایا۔ سر کے بل یہ بے سر و پا چلا آیا۔ ملازمت حصول ہوئی، سعادت حصول ہوئی، مسافر پروری کی، ناموری کی۔ للہ الحمد امیر جوہر شناس قدر دان ہاتھ آیا، زیست باقیماندہ بسر کرنے کو مکان خوب پایا۔ اگر فلک سفلہ پرور حسد شعار جل نہ جائے، جل کر کے رنگ نہ لائے۔

ایک روز حسب اتفاق نسخۂ حدائق العشاق نظر سے گزرا اُسکے ترجمہ کرنیکو فقیر سے ارشاد فرمایا۔ ہر چند عذر کیا کہ اب تحریر کا زمانہ نہیں، حواس مختلف ہوش کا ٹھکانا نہیں نشۂ جوانی لطف زندگانی گھٹ گیا، جہان کی قصہ کہانی ہوگئی دل ہٹ گیا، قبول نہ ہوا، ناچار الامر فوق الادب سمجھ کے احکام بجا لایا۔ اطاعت سے سر نہ پھرایا۔ خزاں کی باریابی سے معذور رہے، تاہم اس کا گلزار سرور ہے۔ گو مزے اور کیفیت سے یہ نثر عاری ہے۔ فقط تحریر فرماں برداری ہے۔ ناظرین پر تمکین سے عرض پیرا ہوں، کیا میرا لکھنا اور میں کیا ہوں، صاحب زبان فارسی دان کے روبرو ہندی کیا چیز ہے العاقل تکفیہ الاشارہ شرط تمیز ہے"

سنہ ۱۲۱۰ ہجری میں مرزا رجب علی بیگ سرور نے شمشیر خانی کا ترجمہ اُردو زبان میں بنام سرور سلطانی کیا۔ اس کتاب میں ایران کے مشہور بادشاہوں کا حال درج ہے، غالباً کسی نے فردوسی کے شاہنامہ کو نثر کر دیا ہے اور اُسکا ترجمہ سرور نے فرمایا ہے۔ مختصر عبارت نقل کی جاتی ہے:

نمونہ از شمشیر خانی

"راویان اخبار و حاکیان آثار متفق ہیں کہ پہلے جس نے گلزار بے ثبات میں روش سلطنت نکالی، تخت و تاج کی بناڈالی، عدل و داد کو رواج دیا محصول و خراج

اسادہ کیومرث تھا۔ الا بود و باش کوہ و بیابان کی، اور پوشاک پوست حیوان کی، بیٹا اُسکا سیامک نام تھا۔ اُسکو عبادت کے سوا اور نہ کچھ کام تھا۔ دیو نے اُسکو مارا۔ کیومرث کو بہت قلق ہوا، ہوشنگ، سیامک کا بیٹا تھا۔ اُس نے باپ کے خون کا بدلا لیا۔ دیو کو قتل کیا۔ تیس برس کیومرث نے سلطنت کی، پھر دار فنا سے رحلت کی۔ یہ قول فردوسی ہے۔ اس نام کی تحقیق میں کیومرث کاف فارسی اخیر تار فوقانی اور آئمہ اخبار نے اختلاف کیا ہے۔ امام غزالی نے اس دادی سے رم کیا ہے۔ بزرگتر بن اولاد صلبی آدم لکھا ہے۔ بعضے کہتے ہیں دلیم بن لاؤ بن سام بن نوح ہے اور مصنف روضۃ الصفا لکھتا ہے کہ یافث بن نوح کا بیٹا ہے۔ عرب اُس کو عام عجم کیومرث کہتے ہیں اور علمائے مجوس آدم اسی کو جانتے ہیں۔ کلشاہ کہکے مانتے ہیں۔ ہزار برس کا سن اور چالیس برس سلطنت کے دن "

اس کتاب میں ۹۶ صفحات ہیں جنکو سرور نے دو مہینے میں لکھا ہے۔ کتاب کے آخر میں مشکل الفاظ کی ایک فرہنگ بھی دی ہے جسکو قاموس، برہان، سراج اللغات، موید الفضلا فرہنگ شاہنامہ، اور غیاث اللغات سے مرتب کیا ہے۔ اس فرہنگ کے آٹھ صفحات ہیں اور اس طرح کل کتاب ۲۰۴ صفحات پر ختم ہوگئی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ فرہنگ منشی نولکشور نے لکھوائی ہے کیونکہ منشی صاحب نے پہلی مرتبہ اس کتاب کو ۱۸۸۶ء میں چھپوا کر شائع کیا ہے۔

مرزا اسد اللہ خاں غالب

غالب نام آدم نام خلف نام میرس　　ہم اسد اللہ دہم اسد اللہیم

تاریخ ولادت و خاندان

میرزا اسد اللہ خاں غالب المعروف بہ میرزا نوشہ المخاطب بہ نجم الدولہ دبیر الملک اسد اللہ خاں بہادر نظام جنگ۔ المتخلص بہ غالب واسد آٹھویں ماہ رجب ۱۲۱۲ھ ہجری کو شہر آگرہ میں پیدا ہوئے۔ مرزا کے خاندان کا حال یہ ہے کہ اُنکے

آبا و اجداد ایک قوم کے ترک تھے اور اُن کا سلسلۂ نسب تورابن فریدون تک پہنچتا ہے۔ جب کیانی تمام ایران و توران پر مسلط ہو گئے اور تورانیوں کا جاہ و جلال دنیا سے رخصت ہو گیا، تو ایک مدتِ دراز تک اُن کی نسل ملک و دولت سے بے نصیب رہی، مگر تلوار کبھی ہاتھ سے نہ چھوٹی چنانچہ خود فرماتے ہیں:۔

تونگری سے ہے پیشہ آبا سپہگری ۔۔۔ کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے

بارے ایک مدت کے بعد اسلام کے عہد میں اسی تلوار کی بدولت ترکوں کے بخت خفتہ نے پھر کروٹ بدلی اور سلجوقی خاندان میں ایک زبردست سلطنت کی بنیاد قائم ہو گئی۔ کئی سو برس وہ تمام ایران و توران و شام و روم پر حکمران رہے۔ آخر ایک مدت کے بعد سلجوقیوں کا ستارہ بھی گردش میں آیا اور سلجوق کی اولاد جا بجا منتشر و پراگندہ ہو گئی۔ انہی میں سے ترسم خاں نام ایک امیرزادے نے سمرقند میں بود و باش اختیار کر لی تھی۔ مرزا کے دادا جو شاہ عالم کے زمانے میں سمرقند سے ہندوستان میں آئے وہ اسی ترسم خاں کی اولاد میں تھے۔

مرزا کے دادا کی زبان بالکل ترکی تھی اور ہندوستان کی زبان بہت کم سمجھتے تھے۔ مرزا کے دادا کو سلطنت کی حیثیت کے موافق ایک عمدہ منصب اور پہاسو کا سیر حاصل پرگنہ ذات اور رسالے کی تنخواہ میں دیا گیا۔ اُن کے کئی بیٹے تھے جن میں سے دو کے نام معلوم ہیں ایک مرزا کے باپ عبداللہ بیگ خاں عرف میرزا دولہا اور دوسرے نصراللہ بیگ خاں۔ عبداللہ بیگ خاں کی شادی خواجہ غلام حسین خاں کمیدان کی بیٹی سے ہوئی تھی جو سرکار[1] میرٹھ کے ایک معزز افسر اور عمدۂ شہ آگرہ میں سے تھے۔ مرزا عبداللہ بیگ خاں نے بطور خانہ داماد کے اپنی تمام عمر سسرال میں بسر کی اور اُن کی اولاد نے بھی وہیں پرورش پائی۔ مرزا عبداللہ بیگ خان کے دو بیٹے ہوئے۔ ایک مرزا اسداللہ خاں اور دوسرے مرزا یوسف خاں جو ایام شباب میں مجنون ہو گئے تھے اور اسی حالت میں ۱۸۵۷ء میں انتقال کیا۔ خود مرزا نے ایک موقع پر جبکہ بھائی نے بیماری

[1] سرکار ملک کے اُس حصے کو کہتے تھے جو صوبہ کی نسبت چھوٹا اور پرگنہ، تحال وغیرہ سے بہت بڑا ہوتا تھا۔

سے شفا پائی ہے یہ مقطع کہا ہے ؎

دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی میرزا یوسف ہے غالب یوسفِ ثانی مجھے

مرزا کے والد عبداللہ بیگ خاں اوّل لکھنؤ میں جاکر نواب آصف الدولہ کے ہاں نوکر ہوئے اور چند روز بعد وہاں سے حیدرآباد پہنچے، اور سرکار آصفی میں تین سو سوار کی بمعیت سے کئی برس تک ملازم رہے مگر وہ نوکری ایک خانہ جنگی کے بکھیڑے میں جاتی رہی اور وہ واپس آگرے میں چلے آئے۔ پھر الور میں ملازمت کی غرض سے گئے اور وہاں ایک گڑھی کا زمیندار راج سے پھر گیا تھا۔ جو فوج اُس کی سرکوبی کے لیے گئی اُسکے ساتھ مرزا عبداللہ بیگ خاں کو بھی بھیجا گیا۔ وہاں پہنچتے ہی اُن کے گولی لگی اور وہیں اُن کا انتقال ہوگیا اور راج گڑھ میں دفن ہوئے، چنانچہ مرزا ایک قصیدہ میں کہتے ہیں:-

کافی بود مشاہدہ شاہد ضرور نیست در خاک راج گڑھ پدرم را بود مزار

مرزا غالب کے چچا نصراللہ بیگ خاں سرکاری فوج میں (لارڈ لیک کے لشکر میں) بعہدۂ رسالداری ملازم ہوئے۔ اُن کی ذات اور رسالے کی تنخواہ میں دو ہزار گنے یعنی سونک اور سونسا جو نواحِ آگرے میں واقع ہیں سرکار سے اُن کے نام پر مقرر ہوگئے جب تک وہ زندہ رہے دونوں پرگنے اُن کے نام مزدرہے۔ اور اُن کی وفات کے بعد اُن کے وارثوں اور متعلقوں کی پنشنیں سرکار نے فیروز پور جھرکہ کی ریاست سے مقرر کرادیں جس میں سے سات سو روپیہ سالانہ مرزا کو آخر اپریل ۱۸۰۶ء تک برابر ملتا رہا۔ مگر فتح دہلی کے بعد تین برس تک قلعے کے تعلقات کے سبب یہ پنشن بند رہی۔ آخر جب مرزا کی ہر طرح سے پیروی ہوگئی تو پنشن پھر جاری ہوگئی اور تین برس کی واصلات بھی سرکار نے عنایت کی۔ جب تک پنشن بند رہی، مرزا کے دوستوں کو نہایت تعلق خاطر رہا

لطیفہ | اکثر لوگ پنشن کا حال دریافت کرنے کو خط بھیجتے تھے۔ ایک دفعہ میر مہدی نے اسی مضمون کا خط بھیجا تھا اُس کے جواب میں مرزا صاحب لکھتے ہیں:-

"میاں بے رزق جینے کا ڈھب مجھکو آگیا ہے۔ اس طرف سے خاطر جمع رکھنا۔ رمضان کا

مہینہ روزے کھا کھا کر کاٹا ہے آگے خدا رزاق ہے، کچھ اور کھانے کو نہ ملا تو غم تو ہے"

تعلیم مرزا غالب مع اپنے چھوٹے بھائی کے سن شعور تک آگرے ہی میں رہے، اگرچہ سات برس کی عمر سے وہ دلی میں آنے جانے لگے تھے لیکن شادی کے بعد تک اُن کی مستقل سکونت آگرے ہی میں رہی اور شیخ معظم جو اُس زمانہ میں آگرہ کے نامی معلموں میں سے تھے اُن سے تعلیم پاتے رہے۔ اُسکے بعد ایک شخص پارسی نژاد جس کا نام آتش پرستی کے زمانہ میں ہرمزد تھا اور مجدد مسلمان ہونے کے عبدالصمد رکھا گیا، غالباً آگرے میں سیاحانہ وارد ہوا اور دو برس تک مرزا کے پاس اول آگرے میں اور پھر دلی میں مقیم رہا۔ میرزا نے اُس سے فارسی زبان میں کسی قدر بصیرت پیدا کی، مرزا نے جابجا اُس کے تلمذ پر اپنی تحریروں میں فخر کیا ہے اور اُس کو بلفظ تیمار جو پارسیوں کے یہاں نہایت تعظیم کا لفظ ہے یاد کیا ہے۔ مرزا کی چودہ برس کی عمر تھی جب عبدالصمد اُن کے مکان پر وارد ہوا ہے۔ اور کل دو برس اُس نے وہاں قیام کیا۔ پس جب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مرزا کو کس عمر میں اُس کی صحبت میسر آئی اور کس قدر قلیل مدت اُس کی صحبت میں گزری تو عبدالصمد اور اُس کی تعلیم کا عدم و وجود برابر ہو جاتا ہے۔ اس لیے مرزا کا یہ کہنا کچھ غلط نہیں کہ مجھکو مبدء فیاض کے سوا کسی سے تلمذ نہیں ہے ؎

انچہ در سیداً فیاض بود آن من است　　کل جدا ناشدہ از شاخ بدامان من است

تأمل چونکہ مرزا کے چچا کا رشتہ نواب فخرالدولہ کے خاندان میں ہو چکا تھا اور اس لیے اُنکے خاندان سے ایک نوع کا تعلق پیدا ہو گیا تھا، مرزا کی شادی نواب فخرالدولہ کے چھوٹے بھائی مرزا الٰہی بخش خاں معروف کے ہاں قرار پائی۔ تیرہ برس کی عمر میں ۷ رجب ۱۲۲۵ھ ہجری کو اُنکا عقد ہو گیا۔ اس تقریب سے اُن کی آمد و رفت دلی میں زیادہ ہو گئی اور آخر کار یہیں سکونت اختیار کر لی اور اخیر عمر تک دلی ہی میں رہے۔

دہلی و آگرہ شیراز و صفاہان من است

مرزا کے نانا کی آگرے میں ایک خاصی سرکار تھی جسکی بدولت اُن کے ملازم اور متوسلین

دس دس بارہ بارہ ہزار کے مالگزار بن گئے تھے اور مرزا کا بچپن اور عنفوانِ شباب بڑے اعلےٰ تعلقوں میں بسر ہوا تھا۔ خود لکھتے ہیں "اُس کٹرے کے ایک کوٹھے پر میں پتنگ اُڑاتا تھا اور راجہ بلوان سنگھ سے پتنگ لڑا کرتے تھے"

عنفوانِ شباب میں وہ شہر کے نہایت حسین خوشرو لوگوں میں شمار کیے جاتے تھے، اور بڑھاپے میں بھی حسانت اور خوبصورتی کے آثار اُن کے چہرے اور قد و قامت اور ڈیل ڈول سے نمایاں طور پر نظر آتے تھے، مگر اخیر عمر میں قلتِ خوراک اور امراضِ دائمی کے سبب وہ نہایت نحیف و زار و نزار ہو گئے تھے۔ لیکن چونکہ ہاڑ بہت چلا، قدکشیدہ اور ہاتھ پاؤں زبردست تھے۔ اس حالت میں بھی وہ ایک نو وارد تورانی معلوم ہوتے تھے۔

مسکن دلی میں وہ قریب پچاس برس کے رہے۔ لیکن اپنے لیے نہ کوئی مکان خریدا اور نہ بنایا۔ جب ایک مکان سے جی اُکتایا، اُسے چھوڑ کر دوسرا مکان لے لیا۔ مگر قاسم جان کی گلی یا حبش خاں کے پھاٹک یا اُسکے قرب و جوار کے سوا کسی اور ضلع میں جا کر نہیں رہے سب سے اخیر مکان جس میں اُن کا انتقال ہوا حکیم محمود خاں مرحوم کے دیوانخانے کے متصل مسجد کے عقب میں تھا جس کی نسبت وہ کہتے ہیں:-

مسجد کے زیرِ سایہ اک گھر بنا لیا ہے یہ بندۂ کمینہ ہمسایۂ خدا ہے

جہاں اب ہندوستانی دواخانہ کی عمارت ہے سڑک کے اُس پار یہ مکان ہوگا لیکن اب تو وہ اصطبل معلوم ہوتا ہے۔

مطالعۂ کتب جس طرح مرزا نے تمام عمر رہنے کے لیے مکان نہیں خریدا اسی طرح مطالعے کے لیے بھی، باوجودیکہ ساری عمر تصنیف کے شغل میں گزری، کبھی کوئی کتاب نہیں خریدی، الّا ماشاء اللہ۔ ایک شخص کا یہی پیشہ تھا کہ کتاب فروشوں کی دُکان سے لوگوں کو کرائے کی کتابیں لا دیا کرتا تھا۔ مرزا صاحب بھی ہمیشہ اُسی سے کرایہ پر کتابیں منگواتے تھے اور مطالعہ کے بعد واپس کر دیتے تھے۔

سفرِ کلکتہ مرزا نے کبھی کوئی لمبا سفر کلکتے کے سوا نہیں کیا۔ اسی سفر کی آمد و رفت میں وہ چند ماہ لکھنؤ اور بنارس میں بھی ٹھہرے تھے۔ کلکتے جانے کا سبب یہ تھا کہ جب مرزا کے چچا نصراللہ بیگ خاں نے وفات پائی تھی اُس وقت مرزا کی عمر نو برس کی تھی اور اُن کے بھائی کی عمر سات برس کی تھی۔ نصراللہ بیگ خاں کی وفات کے بعد اُن کے متعلقوں اور وارثوں کے لیے جن میں مرزا اور اُن کے بھائی بھی شریک تھے جو پنشن گورنمنٹ نے ریاست فیروز پور جھرکہ پر مختص کر دی تھی جب تک مرزا صغیر سن رہے جو کچھ وہاں سے ملتا رہا پاتے رہے۔ جب سن تمیز کو پہنچے اور شادی بھی ہو گئی۔ عالمِ شباب اور خانہ داری کی ضرورتیں بہت بڑھ گئیں اور گھر میں جو کچھ اثاثہ تھا وہ بھی چند روز میں سب خرچ ہو گیا۔ لاچار فکرِ معاش دامنگیر ہوئی۔ اوّل مرزا کو غلط یا صحیح یہ خیال پیدا ہوا کہ فیروز پور سے جس قدر پنشن ہمارے خاندان کے لیے گورنمنٹ نے مقرر کرائی تھی اُس قدر رقم کوئی میں ملتی۔ ضرورتوں نے سخت تنگ کر رکھا تھا۔ اِدھر قرضخواہوں کے تقاضے سے ناک میں دم آ گیا تھا۔ اُدھر چھوٹے بھائی کو جنون ہو گیا۔ مرزا جیسے آزاد منش آدمی کے لیے یہ وقت نہایت سخت تھا۔ اُس کشمکش میں اُن کو اس کے سوا کچھ نہ سوجھا کہ کلکتے پہنچ کر گورنمنٹ میں پنشن کی بابت استغاثہ پیش کریں۔ غرضکہ مرزا کی عمر کچھ چالیس برس کی تھی جب وہ لکھنؤ ہوتے ہوئے کلکتے پہنچے وہاں لوگوں نے اُن کی بہت خاطر و مدارات کی اور اُن کو کامیابی کی امید دلائی۔ سٹرلنگ صاحب سکرٹری گورنمنٹ ہند نے جن کی مدح میں مرزا کا فارسی قصیدہ اُن کی کلیات میں موجود ہے وعدہ کیا کہ تمہارا حق ضرور تم کو ملیگا۔ کول برک صاحب جو اُس وقت دلی میں رزیڈنٹ تھے اُنھوں نے دلی ہی میں مرزا سے عمدہ رپورٹ کرنے کا اقرار کر لیا تھا۔ ان امیدوں کے دھوکے میں وہ پورے دو برس کلکتے میں رہے۔ مگر آخر کار نتیجہ ناکامی کے سوا کچھ نہ ہوا۔ جب یہاں سے مرزا کو مایوسی ہوئی تو اُنھوں نے ولایت اپیل کیا۔ مگر وہاں بھی کچھ نہ ہوا۔

مجادلہ اہل کلکتہ کلکتے کے قیام کے زمانہ میں کچھ لوگوں نے مرزا کے کلام پر اعتراض کیے تھے اگرچہ مرزا کے طرفدار بھی کلکتے میں بہت تھے مگر اُنہوں نے تنگ آکر ایک مثنوی موسوم بہ بادِ مخالف لکھی جس میں اپنی غریب الوطنی کا ذکر اور اہلِ کلکتہ کی نامہربانی کی شکایت اور اُن کے اعتراضات اور اپنے جواب نہایت عمدگی اور صفائی اور دردانگیز طریقے سے بیان کیے ہیں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ دلّی میں واپس آکر یہ سب باتیں فراموش ہوگئیں اور وہاں کی سیر اور گلگشت یاد رہی۔ کہتے ہیں ؎

کلکتہ کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشیں! — اک تیر میرے سینہ پہ مارا کہ ہائے ہائے
وہ سبزہ زار ہائے مطرا کہ ہے غضب — وہ نازنیں بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے
صبر آزما وہ اُن کی نگاہیں کہ حف نظر — طاقت رُبا وہ اُنکا اشارا کہ ہائے ہائے
وہ میوہ ہائے تازہ و شیریں کہ وہ اہ — وہ بادہ ہائے ناب گوارا کہ ہائے ہائے

قیام لکھنؤ لکھنؤ کی ایک صحبت میں جبکہ مرزا وہاں موجود تھے ایک روز لکھنؤ اور دلّی کی زبان پر گفتگو ہو رہی تھی، ایک صاحب نے مرزا سے کہا کہ جس موقع پر اہلِ دہلی اپنے تئیں بولتے ہیں وہاں اہلِ لکھنؤ آپ کو بولتے ہیں؛ آپ کی رائے میں فصیح آپ کو ہے یا اپنے تئیں؟ مرزا نے کہا فصیح تو یہی معلوم ہوتا ہے جو آپ بولتے ہیں؛ مگر اس میں دقت یہ ہے کہ مثلاً آپ میری نسبت یہ فرمائیں کہ میں آپ کو فرشتہ خصائل جانتا ہوں اور میں اُسکے جواب میں اپنی نسبت یہ عرض کروں کہ میں تو آپ کو کتّے سے بھی بدتر سمجھتا ہوں؛ تو سخت مشکل واقع ہوگی؛ میں تو اپنی نسبت کہوں گا اور آپ مکّن ہے کہ اپنی نسبت سمجھ جائیں۔ سب حاضرین یہ لطیفہ سُنکر پھڑک گئے۔ مگر یہ فقط ایک لطیفہ اہلِ صحبت کے خوش کرنے کے لیے تھا ورنہ اہلِ دہلی بھی اکثر بجائے اپنے تئیں کے آپ کو بولتے ہیں؛ اس میں کچھ اہلِ لکھنؤ کی خصوصیت نہیں ہے۔

لطیفہ زبان کے متعلق مرزا کا اسی قسم کا ایک اور لطیفہ مشہور ہے۔ دلّی میں رتھ کو بعضے مؤنث اور بعض مذکر بولتے ہیں؛ کسی نے مرزا صاحب سے پوچھا کہ حضرت! رتھ مؤنث ہے یا مذکر؟

آپ نے کہا کہ بھیا! جب رتھ میں عورتیں بیٹھی ہوں تو مونث کہو اور جب مرد بیٹھیں تو مذکر سمجھو۔

ملازمت سرکاری سے انکار

۱۸۴۲ء میں جب دہلی کالج نئے اصول پر قائم کیا گیا تو مسٹر ٹامسن سکرٹری گورنمنٹ ہند جنکے نام سے روڑکی کالج مشہور ہے اور جو اس صوبہ کے بعد ازاں لفٹنٹ گورنر ہوئے مدرسین کے امتحان کے لیے دلی میں آئے اور چاہا کہ جس طرح سو روپیہ ماہوار کا ایک عربی مدرس کالج میں مقرر ہے، اسی طرح ایک فارسی کا مدرس مقرر کیا جائے۔ لوگوں نے مرزا اور مومن خاں اور مولوی امام بخش کا ذکر کیا۔ سب سے پہلے مرزا صاحب کو بلایا گیا۔ مرزا پالکی میں سوار ہو کر صاحب سکرٹری کے ڈیرے پر پہنچے۔ صاحب کو اطلاع ہوئی۔ انہوں نے فوراً بلا لیا۔ مگر یہ پالکی سے اتر کر اس انتظار میں ٹھہرے رہے کہ دستور کے موافق صاحب سکرٹری ان کے لینے کو آئینگے جب بہت دیر ہو گئی اور صاحب کو معلوم ہوا کہ اس سبب سے نہیں آئے وہ خود باہر چلے آئے۔ اور مرزا سے کہا کہ جب آپ دربار گورنری میں تشریف لائیں گے تو آپ کا اسی طرح استقبال کیا جائیگا لیکن اس وقت آپ نوکری کے لیے آئے ہیں۔ اس موقع پر وہ برتاؤ نہیں ہو سکتا۔ مرزا صاحب نے کہا گورنمنٹ کی ملازمت کا ارادہ اس لیے کیا ہے کہ اعزاز کچھ زیادہ ہو نہ اس لیے کہ موجودہ اعزاز میں بھی فرق آئے۔ صاحب نے کہا ہم قاعدے سے مجبور ہیں۔ مرزا صاحب نے کہا مجھکو اس خدمت سے معاف رکھا جائے۔ اور یہ کہکر چلے آئے۔

قید ہونیکا واقعہ

مرزا کو شطرنج اور چوسر کھیلنے کی بہت عادت تھی اور چوسر جب کبھی کھیلتے تھے بڑے نام کی بازی ہار کر کھیلا کرتے تھے۔ اسی چوسر کی بدولت ۱۸۴۷ء ہجری میں مرزا پر ایک سخت ناگوار واقعہ گزرا یعنی کوتوال کی دشمنی کے باعث ان کو قید خانہ میں جانا پڑا لیکن آدھی میعاد گزرنے کے بعد وہ خود مجسٹریٹ ہی کی رپورٹ پر رہا کیے گئے۔

یہ واقعہ مرزا صاحب پر نہایت شاق گزرا تھا، اگرچہ بجملہ چھ مہینے کے تین مہینے جو ان کو قید خانے میں گزرے ان کو کسی طرح کی تکلیف نہیں ہوئی۔ وہ بالکل اسی آرام سے رہے جیسے گھر پر رہتے

تھے، کھانا اور کپڑا اور تمام ضروریات حسبِ دلخواہ گھر سے اُن کو پہنچتی تھیں، اُن کے دوست اُن سے ملنے جاتے تھے، اور وہ صرف بطور نظر بندوں کے ایک علٰحدہ کمرے میں رہتے تھے۔

جب مرزا قید سے چھوٹ کر آئے تو میاں کالے[1] صاحب کے مکان میں آکر رہے تھے ایک روز میاں کے پاس بیٹھے تھے کسی نے آکر قید سے چھوٹنے کی مبارکباد دی، مرزا نے کہا:۔ "کون بھڑوا قید سے چھوٹا ہے؟ پہلے گورے کی قید میں تھا، اب کالے کی قید میں ہوں"

قلعہ کا تعلق ۱۲۶۰ھ ہجری میں مرحوم ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ نے مرزا کو خطاب نجم الدولہ دبیر الملک نظام جنگ اور چھ پارچہ کا خلعت مع تین رقوم جواہر یعنی جیغہ و سرپیچ و حمائل مروارید کے۔ دربارِ عام میں مرحمت فرمایا۔ اور خاندان تیموری کی تاریخ نویسی کی خدمت پر مشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار کے مامور کیا۔ مرزا نے تمام کتاب کا نام مہر نیمروز اور اُسکے پہلے حصہ کا نام جس میں کچھ مختصر حال ابتدائے آفرینش سے صاحبقران تیمور گورگان تک اور کسی قدر مفصل حالات تیمور سے تصیل الدین ہمایوں کے اخیر زمانہ تک بیان ہوئے ہیں، مہر نیمروز اور دوسرے حصہ کا نام جس میں جلال الدین اکبر بادشاہ سے لیکر سراج الدین بہادر شاہ کے زمانہ تک تمام واقعات شرح و بسط کے ساتھ درج ہوتے ماہِ نیم ماہ تجویز کیا تھا۔ اُن کو اپنی اس ترکیب پر بڑا ناز تھا۔ دوسرے سے رستخیز چہارچمن میں غدر کی تاریخ کا مادہ ہے بہت فخر کرتے تھے۔ پہلا حصہ ختم ہونے کے بعد انہوں نے کچھ دنوں آرام پایا اور دوسرا حصہ شروع کرنیوالے تھے کہ غدر ہوگیا اور اُس حصہ کا صرف نام ہی نام رہ گیا۔

خدمتِ اصلاحِ اشعارِ بادشاہ ۱۲۷۱ھ میں جبکہ شیخ ابراہیم ذوق کا انتقال ہوگیا، بادشاہ کے اشعار کی اصلاح بھی مرزا سے متعلق ہوگئی تھی، اور وہ اس کام کو بادلِ ناخواستہ

[1] حضرت نجم نصیر الدین عرف میاں کالے صاحب بہادر شاہ مرحوم کے شیخ اور مولانا فخر الدین نبیرہ سراج کے پوتے تھے۔ مرزا مدت تک اُن کے مکان میں رہے ہیں۔ وہ مرزا سے نہایت محبت رکھتے تھے اور اُنہی کی تقریب سے قلعے میں تعلق پیدا ہوا تھا۔ منہ

سرانجام کرتے تھے۔

بدیہ گوئی جب مرزا کلکتے میں تھے تو مجلس میں ایک صاحب نے فیضی کی بہت تعریف کی، مرزا نے کہا "فیضی کو لوگ جیسا سمجھتے ہیں ویسا نہیں ہے" اس پر بات بڑھی، اُس شخص نے کہا کہ فیضی جب پہلی ہی بار اکبر کے روبرو گیا تھا اُس نے ڈھائی سو شعر کا قصیدہ اُسی وقت کہکر پڑھا تھا۔ مرزا بولے "اب بھی اللہ کے بندے ایسے موجود ہیں کہ دو چار سو نہیں تو دو چار شعر تو ہر موقع پر بداہۃً کہہ سکتے ہیں" مخاطب نے جیب میں سے ایک چکنی ڈلی نکالکر ہتھیلی پر رکھی اور مرزا سے درخواست کی کہ اس ڈلی پر کچھ ارشاد ہو۔ مرزا نے گیارہ شعر کا قطعہ اُسی وقت موزوں کرکے پڑھ دیا جو اُن کے دیوان اُردو میں موجود ہے اور جس کا پہلا شعر یہ ہے ؎

ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی ۔۔۔ زیب دیتا ہے اسے جس قدر اچھا کہیے

اولاد مرزا صاحب کے اولاد کچھ نہ تھی۔ ابتدا میں سات بچے پے در پے ہوئے مگر کوئی زندہ نہیں رہا

حالات غدر و کتاب دستنبو غدر کے زمانہ میں مرزا دلی سے بلکہ گھر سے بھی باہر نہیں نکلے۔ جونہی بغاوت کا فتنہ اُٹھا اُنھوں نے گھر کا دروازہ بند کرلیا۔ اور گوشۂ تنہائی میں غدر کے حالات لکھنے شروع کیے۔ اگرچہ فتح دہلی کے بعد مہاراج پٹیالہ کی طرف سے حکیم محمود خاں مرحوم اور اُنکے ہمسایوں کے مکان جس میں ایک مرزا بھی تھے حفاظت کے لیے پہرہ بیٹھ گیا تھا، اس لیے وہ قیمتی سامان کی لوٹ کھسوٹ سے محفوظ رہے، مگر پھر بھی اُن کو طرح طرح کی تکلیفیں اُٹھانی پڑیں۔ مرزا یوسف جو دیوانے ہو گئے تھے اور مرزا کے مکان سے تقریباً دو ہزار قدم کے فاصلے پر ایک مکان میں رہتے تھے زمانۂ غدر میں انتقال کرگئے۔ نہ مرزا اپنے بھائی کی تجہیز و تکفین میں شریک ہو سکے اور نہ خاطر خواہ اُس کا انتظام کرسکے، اُس وقت نہ کفن کے لیے کپڑا بازار میں مل سکتا تھا، نہ غسال اور گورکن کا کہیں پتا تھا۔ نہ شہر سے قبرستان تک جانا ممکن تھا۔ مگر مرزا کے ہمسایوں نے اُنکی بڑی مدد کی اور جوں توں مرزا یوسف کو غسل اور تجہیز و تکفین کے بعد مسجد کے صحن میں سپرد خاک کردیا۔

لطیفہ ایک روز کچھ گورے مرزا کے مکان میں بھی گھس آئے تھے۔ راجہ کے سپاہیوں نے ہر چند روکا مگر انھوں نے کچھ التفات نہیں کیا۔ اور اُن کو اور اُنکے دو عزیز بچوں کو اور دو تین نوکروں کو مع چند ہمسایوں کے کرنل براؤن کے روبرو لے گئے۔ سنا ہے کہ جب مرزا کرنل کے سامنے پیش کیے گئے تو اُس وقت کلاہ پیاخ اُن کے سر پر تھی۔ اُس نے مرزا کی نئی وضع دیکھکر پوچھا کہ تم مسلمان ہو؟ مرزا نے کہا آدھا۔ کرنل نے کہا اسکا کیا مطلب؟ مرزا نے کہا "شراب پیتا ہوں، سؤر نہیں کھاتا"۔ کرنیل یہ سنکر ہنسنے لگا۔ پھر مرزا نے وزیر ہند کی تعریف جو ملکۂ معظمہ کے مدحیہ قصیدے کی رسید اور جواب میں آئی تھی، دکھائی۔ کرنیل نے کہا تم سرکار کی فتح کے بعد پہاڑی پر کیوں نہ حاضر ہوئے؟ مرزا نے کہا "میں چار کہاروں کا افسر تھا، وہ چاروں مجھے چھوڑ کر بھاگ گئے، میں کیونکر حاضر ہوتا؟" کرنیل نے نہایت مہربانی سے مرزا اور اُن کے تمام ساتھیوں کو رخصت کر دیا۔

ایام غدر کی تنگی و عسرت ایام غدر میں مرزا کی معاش کے دونوں ذریعے یعنی سرکاری پنشن اور قلعے کی تنخواہ مسدود ہو گئے تھے۔ گھر میں جس قدر بی بی کے پاس زیور یا کوئی اور قیمتی چیز تھی وہ دوسری جگہ گاڑنے دابنے کے لیے بھیجدیا تھا جہاں فتحمند سپاہ نے کھود کر سب نکال لیا۔ مگر مرزا نے اس تنگی و عسرت کی حالت میں بھی اپنے متعدد نوکروں میں سے کسی کو جواب نہیں دیا، اور جو حالت اُن پر اور اُنکے متعلقین پر خوش و ناخوش گزری اُس میں نوکر بھی برابر شریک رہے، نوکروں کے علاوہ جن لوگوں کے ساتھ مرزا امن کے زمانے میں ہمیشہ سلوک کرتے تھے وہ اِس حالت میں بھی مرزا کو ستاتے تھے اور جا بجا اُن کی بھی مرزا کو خبر لینی پڑتی تھی۔ مرزا لکھتے ہیں کہ "اس ناداری کے زمانے میں جس قدر کپڑا اوڑھنا اور بچھونا گھر میں تھا سب بیچ بیچ کر کھا گیا۔ گویا اور لوگ روٹی کھاتے تھے اور میں کپڑا کھاتا تھا"۔

وظیفۂ رامپور غدر کے بعد دو برس تک مرزا کا یہی حال رہا۔ مگر دو برس بعد نواب یوسف علیخاں رئیس رامپور نے سو روپیہ ماہوار ہمیشہ کے لیے مرزا کے واسطے مقرر کر دیا۔ جو نواب کلب علیخاں نے

بھی بدستور مرزا کے اخیر دم تک جاری رکھا اور غدر سے تین برس بعد جب مرزا ہر ایک الزام سے بری ثابت ہوئے سرکاری پنشن بھی جاری ہوگئی۔

لطیفہ جب نواب یوسف علی خاں کا انتقال ہوگیا اور مرزا تعزیت کے لیے رامپور گئے چند روز بعد نواب کلب علی خاں کا نواب لفٹننٹ گورنر سے ملنے کو بریلی جانا ہوا۔ اُن کی روانگی کے وقت مرزا بھی موجود تھے۔ چلتے وقت نواب صاحب نے معمولی طور پر مرزا صاحب سے کہا "خدا کے سپرد"۔ مرزا نے کہا حضرت! خدا نے تو مجھے آپ کے سپرد کیا ہے۔ آپ پھر اُلٹا مجھ کو خدا کے سپرد کرتے ہیں۔"

برہان قاطع جب مرزا دستنبو کو ختم کر چکے اور اب بھی تنہائی اور شاعری کا وہی عالم رہا تو اُنہوں نے یادداشت کے طور پر برہان قاطع میں جو مقام قابلِ اعتراض نظر آئے اُن کو ضبط کرنا شروع کیا۔ شدہ شدہ ایک کتاب بن گئی جس کا نام قاطعِ برہان رکھا گیا اور ۱۲۷۶ھ میں چھپکر شائع ہوئی۔ پھر مرزا نے ۱۲۷۷ھ میں بضمیمہ دیگر مقامین و فوائد اُسکو دوسری بار چھپوایا اور اُس کا نام درفشِ کاویانی رکھا۔

عربی استعداد و فارسی دانی بے مثل و بے عدیل مرزا نے عربی میں صرف و نحو کے سوا اور کچھ اُستاد سے نہیں پڑھا تھا۔ اگرچہ کہ علم لسان سے اُن کو نظری مناسبت تھی اُن کی نظر و نثر اُردو و فارسی کے دیکھنے سے کہیں اس بات کا خطرہ تک دل میں نہیں گزرتا کہ یہ شخص عربیت اور فنِ ادب سے ناواقف ہوگا۔ عربی الفاظ کو اُنہوں نے ہر جگہ اُسی سلیقہ سے استعمال کیا ہے جس طرح ایک اچھے فاضل اور ادیب کو استعمال کرنا چاہیے۔ شاعری جس کا ملکہ اُن کی فطرت میں ودیعت کیا گیا تھا اُس سے قطع نظر کرکے فارسی زبان اور فارسی الفاظ و محاورات کی تحقیق اور اہلِ زبان کے اسالیب بیان پر مرزا کو اس قدر عبور تھا کہ خود اہلِ زبان میں بھی مستثنیٰ آدمیوں کو ایران کے مستند شعرا کی زبان پر اس قدر عبور ہوگا۔ اس کے سوا فنِ عروض میں بھی اُن کو کافی دستگاہ معلوم ہوتی ہے۔ چنانچہ فارسی اُردو میں متعدد غزلیں اور نیز

ایک آدھ فارسی قصیدہ ایسی ٹیڑھی بحروں میں اُنہوں نے لکھا ہے کہ اکثر موزوں طبع بغیر واقفیت عروض کے اُن بحروں میں نہیں چل سکتے۔

نجوم و تصوف علم نجوم سے کسی قدر اور اُس کی اصطلاحات سے پوری واقفیت اُن کو تھی چنانچہ اُن کی نظم فارسی میں جا بجا اس کا کافی ثبوت ملتا ہے۔ علم تصوف سے جس کی نسبت کہا گیا ہے کہ "برائے شعر گفتن خوب است" اُن کو خاص مناسبت تھی اور حقائق و معارف کی کتابیں اور رسالے کثرت سے اُن کے مطالعے سے گزرے تھے، اور سچ یہ پوچھیے تو انہیں متصوفانہ خیالات نے مرزا کو نہ صرف اپنے ہم عصروں میں بلکہ بارھویں اور تیرھویں صدی کے تمام شعرا میں ممتاز بنا دیا تھا۔ فن تاریخ اور سیاق و مساحت وغیرہ سے اُنکو تعلق لگاؤ نہ تھا۔

خط اور شعر خوانی مرزا کا خط نستعلیق شفیعا آمیز نہایت شیریں اور دلاویز تھا، جیسا کہ اکثر اہل ایران کا ہوتا ہے، اور باوجود خوشخطی کے نہایت زود نویس اور تیز دست تھے۔ شعر پڑھنے کا انداز بھی خاصکر مشاعروں میں حد سے زیادہ دلکش اور موثر تھا۔

مرزا کے اخلاق و عادات اور خیالات مرزا کے اخلاق نہایت وسیع تھے، وہ ہر ایک شخص سے جو اُن سے ملنے جاتا تھا بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔ جو شخص ایک دفعہ اُن سے مل آتا تھا، اُسکو ہمیشہ اُن سے ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔ دوستوں کو دیکھکر وہ باغ باغ ہو جاتے تھے، اور اُن کی خوشی سے خوش اور اُن کے غم سے غمگین ہوتے تھے۔ اس لیے اُن کے دوست ہر ملت اور ہر مذہب کے نہ صرف دہلی میں بلکہ تمام ہندوستان میں بے شمار تھے، جو خطوط اُنہوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں، اُن کے ایک ایک حرف سے مہر و محبت و غمخواری اور یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کا جواب لکھنا وہ اپنے ذمہ فرض عین سمجھتے تھے۔ اُن کا بہت سا وقت دوستوں کے خطوں کے جواب لکھنے میں صرف ہوتا تھا۔ بیماری اور تکلیف کی حالت میں بھی وہ خطوں کے جواب لکھنے سے باز نہ آتے تھے۔ وہ دوستوں کی فرمائشوں سے کبھی تنگدل نہ ہوتے تھے۔ غزلوں کی اصلاح کے سوا اور طرح طرح کی فرمائشیں اُنکے بعض

خالص ومخلص دوست کرتے تھے اور وہ اُن کی تعمیل کرتے تھے۔ لوگ اُن کو اکثر بیرنگ خط بھیجتے تھے مگر اُن کو کبھی ناگوار نہ گزرتا تھا، اگر کوئی شخص لفافے میں ٹکٹ رکھکر بھیجتا تھا تو سخت شکایت کرتے تھے۔ انہوں نے میسور کے ایک شہزادے کو اپنی کوئی کتاب بھیجی ہے، اُس نے کتاب کی رسید بھی ہے اور قیمت دریافت کی ہے، اُس کے جواب میں لکھتے ہیں "قیمت[1] دریافت کرنیکا سوال کیونکر قلم کی زبان سے نکلا۔ نیازمندانِ بے نوا پر مہربانی فرمانے کا یہ طریقہ نہیں ہے۔ میں بے سرمایہ ہوں لیکن فرومایہ نہیں۔ شاعر ہوں سوداگر نہیں، مہینہ پوش ہوں کتاب فروش نہیں۔ بخشش قبول کرنیوالا ہوں قیمت لینے والا نہیں۔ جو کچھ آزادہ لوگ شہزادوں کی خدمت میں بھیجتے ہیں نذر ہوتی ہے۔ اور جو کچھ شاہزادے فقیروں کو بخشتے ہیں تبرک ہوتا ہے۔ خرید وفروخت کا معاملہ نہیں۔ جو کچھ میں نے بھیجا ہے تحفہ ہے۔ اور جو کچھ میں بھیجونگا تحفہ ہوگا"

مروت مروت اور لحاظ مرزا کی طبیعت میں بیحد تھا، اگرچہ عمر کے آخری حصہ میں وہ اشعار کی اصلاح دینے سے بہت گھبراتے تھے لیکن کبھی کسی کا قصیدہ یا غزل بغیر اصلاح کے واپس نہ کرتے تھے، ایک صاحب کو لکھتے ہیں "جہاں تک ہوسکا احباب کی خدمت بجالایا اوراقِ اشعار لیلئے لیتے دیکھتا تھا اور اصلاح دیتا تھا۔ اب نہ آنکھ سے اچھی طرح سوجھے نہ ہاتھ سے اچھی طرح لکھا جائے۔ کہتے ہیں کہ شاہ شرف بوعلی قلندر کو بسبب کبرسن کے خدا نے فرض اور پیمبر نے سُنّت معاف کردی تھی۔ میں توقع ہوں کہ میرے دوست بھی خدمت اصلاحِ اشعار سے مجھے معاف کریں۔ خطوط شوقیہ کا جواب جس صورت سے ہوسکیگا لکھدیا کرونگا"

فراخ حوصلگی اگرچہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل اُن کے دروازہ سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا، اُن کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لولے اور اپاہج مرد وعورت ہر وقت پڑے رہتے تھے۔ غدر کے بعد اُن کی آمدنی کچھ اور پڑھ گئی سو روپیہ ماہوار کی ہوگئی تھی اور کھانے پہننے کا خرچ بھی کچھ لمبا چوڑا نہ تھا، مگر وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے

[1] اصل عبارت اردو قلمی میں ہے ہم نے اس کا ترجمہ کردیا ہے۔

زیادہ کرتے تھے۔ اس لیے اکثر تنگ رہتے تھے۔ غدر کے بعد ایک بار نواب لفٹننٹ گورنر کے دربار میں اُن کو حسبِ معمول سات پارچہ کا خلعت مع تین رقوم جواہر کے ملا تھا لفٹننٹی کے چپراسی اور جمعدار قاعدے کے موافق انعام لینے کو آئے۔ مرزا صاحب کو پہلے ہی معلوم تھا کہ انعام دینا ہوگا۔ اس لیے اُنھوں نے دربار سے آتے ہی خلعت اور رقوم جواہر بازار میں فروخت کرنے کے لیے بھیجدی تھیں۔ چپراسیوں کو الگ مکان میں بٹھا دیا اور جب بازار سے خلعت کی قیمت آئی تب اُن کو انعام دیکر رخصت کیا۔

۱۰ اپنے اُن دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طرح سے سلوک کرتے تھے۔ دلی کے تمام رئیس سے ایک صاحب جو مرزا کے دلی دوست تھے اور غدر کے بعد اُن کی حالت تغیر ہو گئی تھی ایک بار چھینٹ کا فرغل پہنے ہوئے مرزا سے ملنے کو آئے۔ مرزا نے کبھی اُن کو مالیدہ یا جامہ وار وغیرہ کے چغوں کے سوا ایسا حقیر کپڑا پہنے نہیں دیکھا تھا۔ چھینٹ کا فرغل اُن کے بدن پر دیکھکر دل بھر آیا۔ اُن سے پوچھا کہ چھینٹ آپ نے کہاں سے لی؟ مجھے اس کی وضع بہت ہی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ آپ مجھے فرغل کے لیے یہ چھینٹ منگوا دیں۔ اُنھوں نے کہا یہ فرغل آج ہی بنکرایا ہے اور میں نے اسی وقت اسکو پہنا ہے۔ اگر آپ کو پسند ہے تو یہی حاضر ہے۔ مرزا نے کہا جی تو یہی چاہتا ہے کہ اسی وقت آپ سے چھینکر پہن لوں مگر جاڑا شدت سے پڑ رہا ہے۔ آپ یہاں سے مکان تک کیا پہنکر جائینگے؟ پھر اِدھر اُدھر دیکھکر کھونٹی پر سے اپنا مالیدہ کا نیا چغہ اُتار کر اُنہیں پنا دیا اور اس خوبصورتی کے ساتھ وہ چغہ اُن کی نذر کیا۔

حافظہ | جیسی مرزا کی طبیعت میں ذکاوت اور ذہن میں جودت اور سرعتِ انتقال تھی ویسا ہی اُن کا حافظہ بھی نہایت قوی تھا۔ فکرِ شعر کا یہ طریقہ تھا کہ اکثر رات کو عالمِ سرخوشی میں فکر کیا کرتے تھے، اور جب کوئی شعر سرانجام ہوتا تھا تو کمر بند میں ایک گرہ لگا لیتے تھے۔ اسی طرح آٹھ آٹھ دس دس گرہیں لگا کر سو رہتے تھے، اور دوسرے دن صرف یہ دیکھ سوچ کر

تمام اشعار قلمبند کر لیتے تھے۔

شعر فہمی شعر فہمی اور کتاب فہمی میں وہ ایک مستثنےٰ آدمی تھے۔ کیسا ہی مشکل مضمون ہو وہ اکثر ایک سرسری نظر میں اُسکی تہ کو پہنچ جاتے تھے۔ مولانا آزردہ نے "دو رنہیں" "حور نہیں" اس زمین میں غزل لکھی تھی، اُس میں اتفاق سے مطلع بہت اچھا نکل آیا تھا۔ مولانا نے اپنی غزل دوستوں کو سُنا کر اُن سے کہا کہ "اگرچہ بحر دوسری ہے مگر اسی ردیف و قافیہ میں نظیری کی بھی ایک غزل ہے جس کا مطلع ہے ؎

عشق عصیاں ہست اگر مستور نیست　　کشتۂ جُرم زباں مغفور نیست

اگر وہ اُردو میں مطلع کہتا تو یوں کہتا ؎

عشق عصیاں ہے اگر مخفی و مستور نہیں　　کشتۂ جرم زباں ناجی و مغفور نہیں

آؤ آج مرزا غالب کے ہاں چلیں اور بغیر اس کے کہ قائل کا نام لیا جائے۔ اپنا مطلع اور نظیری کا یہی اُردو مطلع مرزا کو سُنائیں اور پوچھیں کہ کونسا مطلع اچھا ہے" چونکہ نظیری کا مطلع اُردو ترجمہ سے بہت پست ہو گیا تھا۔ سب کو یقین تھا کہ مرزا نظیری کے مطلع کو ناپسند کرینگے اور مولانا آزردہ کے مطلع کو ترجیح دینگے۔ چنانچہ مولانا اور نواب صاحب اور بعض اور احباب مرزا کے ہاں پہنچے۔ معمولی بات چیت کے بعد مولانا نے کہا کہ اُردو کے دو مطلعے ہیں ان میں آپ محاکمہ کیجئے کہ کونسا مطلع اچھا ہے اور اُنہوں نے اوّل نظیری کے مطلع کا یہی ترجمہ پڑھا۔ ابھی مولانا اپنا مطلع پڑھنے نہیں پائے تھے کہ مرزا اُس مطلع کو سُنکر سر دُھننے لگے اور متحیر ہو کر پوچھنے لگے کہ یہ مطلع کس نے لکھا اور اس قدر تعریف کی کہ مولانا آزردہ کو یہ امید ہی کہ اس سے زیادہ میرے مطلع کی داد ملیگی۔ چنانچہ اُنہوں نے اپنا مطلع نہیں پڑھا اور سب لوگ نہایت تعجب کرتے ہوئے وہاں سے اُٹھے۔

مرزا حقائق و معارف کی کتابیں اکثر مطالعہ کرتے تھے اور اُن کو خوب سمجھتے تھے۔ نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ فرماتے تھے کہ میں شاہ ولی اللہ کا ایک فارسی رسالہ جو حقائق و معارف

کے نہایت دقیق مسائل پر مشتمل تھا، مطالعہ کر رہا تھا اور ایک مقام بالکل سمجھ میں نہ آتا تھا، اتفاقاً اُسی وقت مرزا صاحب آ نکلے۔ میں نے وہ مقام مرزا کو دکھایا۔ اُنہوں نے کسی قدر غور کے بعد اُس کا مطلب ایسی خوبی اور وضاحت کے ساتھ بیان کیا کہ شاہ ولی اللہ صاحب بھی شاید اس سے زیادہ نہ بیان کر سکتے۔

ظرافت ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر ان کو بقول مولانا حالی بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ حسنِ بیان، حاضر جوابی اور بات میں سے بات پیدا کرنا اُن کی خصوصیات میں سے تھا۔

لطیفہ ایک صحبت میں مرزا، میر تقی کی تعریف کر رہے تھے۔ شیخ ابراہیم ذوق بھی موجود تھے۔ اُنہوں نے سودا کو میر پر ترجیح دی۔ مرزا نے کہا "میں تو تم کو میری سمجھتا تھا مگر اب معلوم ہوا کہ آپ سودائی ہیں"۔

لطیفہ ایک دن مرزا گرمی اور لُو کے موسم میں ایک تنگ و تاریک کوٹھری میں کسی دوست کے ساتھ چوسر یا شطرنج کھیل رہے تھے۔ مولانا آزردہ ٹھیک دوپہر کے وقت مرزا سے ملنے کو چلے آئے اور اُسی کوٹھری میں پہنچے۔ مرزا کو رمضان کے مہینے میں چوسر کھیلتے ہوئے دیکھکر کہنے لگے کہ "ہم نے حدیث میں پڑھا تھا کہ رمضان کے مہینے میں شیطان مقید رہتا ہے۔ مگر آج اس حدیث کی صحت میں تردد پیدا ہو گیا" مرزا نے کہا "قبلہ! حدیث بالکل صحیح ہے۔ مگر آپ کو معلوم رہے کہ وہ جگہ جہاں شیطان مقید رہتا ہے وہ یہی کوٹھری تو ہے"۔

الغرض مرزا کی کوئی بات لطف اور ظرافت سے خالی نہ ہوتی تھی اور بقول مولانا حالی اگر کوئی اُن کے تمام ملفوظات جمع کرتا تو ایک ضخیم کتاب لطائف و ظرائف کی تیار ہو جاتی۔

لطیفہ ایک روز دوپہر کا کھانا آیا اور دسترخوان بچھا۔ برتن تو بہت سے تھے، مگر کھانا نہایت قلیل تھا۔ مرزا نے مسکرا کر کہا "اگر برتنوں کی کثرت پر خیال کیجئے تو میرا دسترخوان یزید کا دسترخوان معلوم ہوتا ہے اور جو کھانے کی مقدار کو دیکھیے تو بایزید کا"۔

آموں کی رغبت فواکہ میں آم اُن کو نہایت مرغوب تھا۔ آموں کی فصل میں اُن کے دوست دور دور سے اُن کے لیے عمدہ عمدہ آم بھیجتے تھے اور وہ خود اپنے بعضے دوستوں سے تقاضہ کرکے آم منگواتے تھے۔

لطیفہ حکیم رضی الدین خاں جو مرزا کے نہایت دوست تھے۔ اُن کو آم نہیں بھاتے تھے ایک دن وہ مرزا کے مکان پر برآمدے میں بیٹھے تھے اور مرزا بھی وہیں موجود تھے، ایک گدھے والا اپنے گدھے لیے ہوئے گلی سے گزرا۔ آم کے چھلکے پڑے تھے۔ گدھے نے سونگھ کر چھوڑ دیے۔ حکیم صاحب نے کہا۔ دیکھیے آم ایسی چیز ہے جسے گدھا بھی نہیں کھاتا۔ مرزا نے کہا بے شک گدھا نہیں کھاتا۔

لطیفہ ایک صحبت میں مولانا فضل حق نے مرزا سے آم کی خوبی دریافت کی۔ مرزا نے کہا "بھئی میرے نزدیک تو آم میں صرف دو باتیں ہونی چاہئیں۔ میٹھا ہو اور بہت ہو۔" سب حاضرین ہنس پڑے۔

ناؤ نوش مرزا کو مدت سے رات کو سوتے وقت کسی قدر پینے کی عادت تھی جو مقدار اُنہوں نے مقرر کرلی تھی اُس سے زیادہ کبھی نہیں پیتے تھے جس مکس میں تولیں رہتی تھیں اُسکو گنڈوں وغیرہ کے پاس رہتی تھی اور اُسکو سخت تاکید تھی کہ اگر رات کو سوجھی کے عالم میں بھولے سے وہ پینے کا خیال پیدا ہو تو ہرگز میرا کہنا نہ ماننا اور کبھی نہ دینا۔ اکثر ایسا ہوا تھا کہ وہ رات کو کبھی طلب کرتے تھے اور نشہ کی جھلک میں داروغہ کو بہت بُرا بھلا کہتے تھے۔ مگر داروغہ نہایت خیر خواہ تھا ہرگز کبھی نہ دیتا تھا۔ اوّل تو وہ مقدار میں بہت کم پیتے تھے۔ دوسرے اُس میں دو تین حصے گلاب ملا لیتے تھے جس سے اُسکی حدت اور تیزی کم ہوجاتی تھی۔ چنانچہ ایک جگہ کہتے ہیں ؎

آسودہ باد خاطر غالب کہ خوئے او ست ۔۔۔ آمیختن بہ بادہ صہبا بہ گلاب

مگر باوجود اس قدر احتیاط اور اعتدال کے اس کہ فرشتے کی عادت نے آخر کار مرزا کی صحت کو سخت صدمہ پہنچایا جس کی شکایت سے اُن کے تمام اُردو رقعات بھرے پڑے ہیں

لطیفہ ایک روز میر مہدی مجروح بیٹھے تھے اور مرزا پلنگ پر پڑے ہوئے کراہ رہے تھے۔ میر مہدی پاؤں دابنے لگے۔ مرزا نے کہا بھئی تو سید زادہ ہے۔ مجھے کیوں گنہگار کرتا ہے؟ اُنہوں نے کہا اور کہا آپ کو ایسا ہی خیال ہے تو پیر دابنے کی اُجرت دیدیجئے گا۔ مرزا نے کہا ہاں اس کا مضائقہ نہیں جب وہ پیر داب چکے، اُنہوں نے اُجرت طلب کی۔ مرزا نے کہا "بھیا کیسی اُجرت؟ تنے میرے پاؤں دابے، میں نے تمہارے پیسے دابے، حساب برابر ہوا"۔

لطیفہ ایک دن قبل غروب آفتاب کے مرزا صاحب شام کا کھانا کھا رہے تھے اور کھانے میں صرف شامی کباب تھے۔ مولانا حالی بھی وہاں موجود تھے اور اُن کے سامنے بیٹھے رومال سے مکھیاں جھل رہے تھے۔ مرزا نے کہا "آپ ناحق تکلیف فرماتے ہیں، میں ان کبابوں میں سے آپ کو کچھ نہ دونگا"۔

اسلام کا یقین مرزا اسلام کی حقیقت پر نہایت پختہ یقین رکھتے تھے اگرچہ اُنہوں نے تمام عبادات اور فرائض و واجبات میں سے صرف دو چیزیں لے لی تھیں، ایک توحید وجودی، اور دوسرے نبی اور اہلبیت نبی کی محبت اور اسی کو وہ وسیلۂ نجات سمجھتے تھے۔

اگرچہ مرزا کا اصل مذہب عشق تھا ؎

آزاد و ہوں اور مرا مسلک ہے صلح کل ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے

مگر زیادہ تر اُن کا میلان طبع تشیع کی طرف پایا جاتا تھا اور جناب امیرؑ کو وہ رسول خدا کے بعد تمام اُمت سے افضل جانتے تھے۔

انصاف جب تک کوئی شعر مرزا کے دل میں نہ جچتا تھا اُس سے خوش نہ ہوتے تھے چنانچہ ایک معاصر نے اس بات سے آزردہ ہوکر جو شعر اُن کے دل میں جچ جاتا تھا اُسکی تعریف بھی ایسی کرتے تھے جو بیٹھنے کی صورت پیدا ہوجاتی تھی۔ وہ درحقیقت کسی کے خوش کرنے کے لیے ریا نہیں کرتے تھے بلکہ ذوق سخن اُن کو بے اختیار کر دیتا تھا۔ شیخ ابراہیم ذوق جنکی نسبت مشہور ہے کہ مرزا کو اُن سے چشمک تھی ایک روز جبکہ مرزا شطرنج میں مصروف تھے منشی غلام علیخاں

مرحوم نے اُن کا یہ شعر کسی دوسرے شخص کے سُنانے کو پڑھا ؎

اب گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

خانِ مرحوم کہتے تھے کہ مرزا کے کان میں بھی اس کی بھنک پڑ گئی فوراً شطرنج چھوڑ دی اور مجھ سے کہا بھیا تم نے کیا پڑھا ؟ میں نے پھر وہ شعر پڑھا۔ یہ چھاس کا شعر ہے ؟ میں نے کہا ذوق کا یہ سُنکر نہایت متعجب ہوئے اور مجھ سے بار بار پڑھواتے تھے اور سر دُھنتے تھے۔ اسی طرح مومن خاں کا جب یہ شعر سُنا ؎

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

تو اس کی بہت تعریف کی، اور یہ کہا " کاش مومن خاں میرا سارا دیوان لے لیتا اور صرف یہ شعر مجھکو دے دیتا " سودا کا یہ شعر بھی اُنکو بہت پسند تھا ؎

دکھلائیے لیجائے تجھے مصر کا بازار لیکن کوئی خواہاں نہیں واں جنسِ گراں کا

ایک صحبت میں نواب مرزا خاں داغ کے اس شعر کو بار بار پڑھتے تھے اور اس پر وجد کرتے تھے ؎

رُخِ روشن کے آگے شمع رکھکر وہ یہ کہتے ہیں اُدھر جاتا ہے دیکھیں یا اِدھر پروانہ آتا ہے

تقریظ لکھنے کا ڈھنگ

مرزا پر تقریظوں کی بے انتہا فرمائشیں ہوتی تھیں اور جیسا کہ ظاہر ہے تعریف کی مستحق فی الحقیقت بہت ہی کم کتابیں ہوتی ہیں۔ مرزا کی طبیعت چونکہ صلح جو اور مرنج و مرنجاں واقع ہوئی تھی وہ کسی سے انکار نہ کرتے تھے مگر تقریظ نگاری کا انہوں نے ایسا طریقہ اختیار کیا تھا کہ کوئی بات راستی کے خلاف بھی نہ ہو اور صاحبِ کتاب خوش بھی ہو جائے بہت سا حصہ تمہید میں، یا مصنف کی ذات اور اُس کے اخلاق یا اُس کی محبت اور دوستی کے بیان یا اور لطیف اور پاکیزہ باتوں کے ذکر میں جو بے محل نہوں ختم ہو جاتا تھا۔ اخیر میں کتاب کی نسبت چند جُملے جو اصلیت سے خالی ہوتے تھے اور مصنف کے خوش کرنے کے لیے کافی ہوتے تھے، لکھدیتے تھے۔ اسی وجہ سے بعض اوقات ایسا بھی ہوتا تھا کہ لوگ مرزا سے شکایت کرتے

تھے کہ آپ نے تاٴلش میں مضائقہ کیا ہے۔

ایک مرتبہ منشی ہرگوپال تفتہ نے اپنے دیوان کی تقریظ کے متعلق مرزا سے شکایت کی اُنہوں نے اُس کے جواب میں ایک خط لکھا جس کے چند فقرے ہم یہاں نقل کرتے ہیں:۔

"واللہ باللہ اگر کسی شاہزادے یا امیرزادے کے دیوان کا دیباچہ لکھتا تو اُسکی مدح اتنی نہ کرتا کہ جتنی تمہاری مدح کی ہے۔ ہم کو اور ہماری روش کو اگر پہچانتے تو اتنی مدح کو بہت جانتے۔ قصۂ مختصر تمہاری خاطر کی اور ایک فقرہ تمہارے نام کا بدل کر اُسکے عوض ایک فقرہ اور لکھدیا ہے۔ اس سے زیادہ بھی میری روش نہیں۔ ظاہرا تم خود فکر نہیں کرتے۔ اور حضرات کے بہکانے میں آجاتے ہو۔ وہ صاحب تو ہمیشہ اس نظم و نثر کو مہمل کہیں گے کس واسطے کہ اُن کے کان اس آواز سے آشنا نہیں۔ جو لوگ کہ قتیل کو اچھے لکھنے والوں میں جانینگے وہ نظم و نثر کی خوبی کو کیا پہچانیں گے۔"

محققانہ نظر مرزا کی ذکا اور عالی نظری کی بڑی دلیل یہ ہے کہ وہ باوجود یکہ ایسی ساختی میں گھرے ہوئے تھے جس میں سلف کی تقلید سے ایک قدم تجاوز کرنا ناجائز سمجھا جاتا تھا اپنے فن میں محققانہ چال چلتے تھے اور اندھا دھند اگلوں کی تقلید ہرگز نہ کرتے تھے۔ وہ ایک خط میں تفتہ کو لکھتے ہیں "یہ نہ سمجھا کرو کہ اگلے جو لکھ گئے ہیں وہ حق ہے، کیا اُس وقت آدمی احمق پیدا نہیں ہوتے تھے۔"

حق پسندی مرزا کے کلام پر اگر کوئی ٹھیک اعتراض کرتا تھا۔ یا کوئی عمدہ تصرف اُنکے شعر میں کرتا تھا اُس کو فوراً تسلیم کر لیتے تھے اور شعر کو بدل ڈالتے تھے۔

راست گفتاری حالانکہ ایشیائی شاعری جس کی بنیاد جھوٹ اور مبالغے پر رکھی گئی ہے مرزا کی رگ وپے میں سرایت کر گئی تھی باوجود اس کے وہ روایت اور حکایت اور وعدہ و اقرار اور بات چیت میں نہایت راست گفتار اور صادق اللہجہ تھے۔ اسی لیے جو شخص اُنکے وعدے یا اقرار کا یقین نہ کرتا تھا اُس سے نہایت ناراض ہوتے تھے۔

تفضل حسین خاں مرحوم خلف دیوان فضل اللہ خاں سے مرزا نے اپنا دیوان مانگا ہے اور اقرار کیا ہے کہ میں اُس کو دیکھکر واپس بھیجدونگا۔ اُنہوں نے دیوان دینے سے انکار کیا ہے اُن کے انکار کے جواب میں مرزا لکھتے ہیں "کیوں صاحب! یہ چچا بھتیجا ہونا اور شاگردی و اُستادی سب پر پانی پھر گیا؟ اگر کوئی ہزار پانسو کی چیز ہوتی اور میں تم سے مانگتا تو خدا جانے تم کیا غضب ڈھاتے؟ میرا کلام! خرید آٹھ دس روپے کی اسودہ بھی میں یہ نہیں کہتا کہ مجھکو دے ڈالو، تم کو مُبارک رہے، مجھکو مستعار دو۔ میں اُسکو دیکھ لوں: جو میرے پاس نہیں ہے اُسکی نقل کرلوں، پھر تم کو واپس بھیج دوں، اس طرح کی طلب پر نہ دینا دلیل اس کی ہے کہ مجھکو جھوٹا جانتے ہو۔ میرا اعتبار نہیں، یا یہ کہ مجھکو آزار دینا اور ستانا بدل منظور ہے۔ وہ کتاب بھی میرے آدمی کو دیدو۔ بالفعل میں اُس چیز سے جو میرے پاس نہیں ہے نقل کرکے بھیجدونگا۔ اگر تم کو واپس نہ دوں تو مجھ پر لعنت اور اگر تم میری قسم کو نہ مانو اور کتاب حاملِ رقعہ کو نہ دو تو تم کو آفرین"

اسی طرح ایک خط میں نواب ضیاء الدین خاں کو لکھتے ہیں:۔

ہرست مرگ ملے بدتر از گمان تو نیست

مکرر لکھچکا ہوں کہ قصیدے کا مسودہ میں نے نہیں رکھا۔ مکرر لکھتا ہوں کہ مجھے یاد نہیں کونسی رُباعیاں مانگتے ہو۔ پھر لکھتے ہو رُباعیاں بھیج۔ قصیدہ بھیج یعنی اس کے یہ کہ تم جھوٹا ہے۔ اچھے تو مقرر بھیجئے گا۔ جمالی قرآن کی قسم، اجمیں کی قسم، توریت کی قسم، زبور کی قسم، منوہر کے چار بید کی قسم، دساتیر کی قسم، ژند کی قسم، پاژند کی قسم، استاد کی قسم، اگر وے گرنتھ کی قسم نہ میرے پاس وہ قصیدہ، نہ مجھے وہ رباعیاں یاد، کلیات کے باب میں جو عرض کرچکا ہوں

"بر ہمانیم کہ ہستیم و ہماں خواہد بود"

مرزا کی اسی راستبازی کا سبب تھا کہ وہ کوئی کام چھپا کر نہیں کرتے تھے۔ جو دل میں تھا وہی زبان پر تھا۔ جو خلوت میں کرتے تھے وہی جلوت میں بھی کرتے تھے۔ اس لئے اگر اُن میں کوئی

عیب تھا تو وہی تھا جسکو ہر کس و ناکس جانتا تھا مخفی عیبوں سے وہ بالکل پاک تھے۔

بعض اوقات ایسی فرمائشوں سے جنکے سرانجام کرنے میں اُن کو دقت اُٹھانی پڑتی تھی بڑے لطف کے ساتھ پہلو بچاتے تھے، وہ مادۂ تاریخ نکالنے سے ہمیشہ گھبراتے تھے۔ ایکبار نواب علاؤالدین خاں نے اپنے لڑکے کی ولادت کی تاریخ اور اُسکے تاریخی نام کی فرمائش کی، اُس کے جواب میں لکھتے ہیں "شیر اپنے بچوں کو شکار کا گوشت کھلاتا ہے، طریق صید افگنی سکھاتا ہے، جب جوان ہو جاتے ہیں آپ شکار کرکھاتے ہیں تم صنوبر ہو گئے جنکو طبع خداداد رکھتے ہو، ولادتِ فرزند کی تاریخ کیوں نہ کہو؟ اسم تاریخی کیوں نہ نکال لو؟ کہ مجھ پیر غمزدہ دل مردہ کو تکلیف دو۔ علاؤالدین خاں تیری جان کی قسم! میں نے پہلے لڑکے، جو اسم تاریخی نظم کر دیا تھا، وہ لڑکا نہ جیا، مجھ کو اس وہم نے گھیرا ہے کہ وہ میرے نحوست سالم کی تاثیر تھی۔ میر احمد روح جیتا نہیں، نصیر الدین حیدر نہ اور امجد علی شاہ ایک ایک قصیدے میں چل دیے۔ واجد علی شاہ تین قصیدوں کے حمل ہوئے، چرغہ بمنجمل سکے جس کی مدح میں دس بیس قصیدے کہے گئے وہ عدم سے بھی پرے پہنچا۔ تا صاحب دُہائی خدا کی! میں نہ تاریخ ولادت کہونگا نہ نام تاریخی ڈھونڈوں گا"

تعلقاتِ خانگی مرزا کی بی بی جو الٰہی بخش خاں معروف کی بیٹی تھیں، وہ نہایت متقی پرہیزگار اور نماز روزے کی سخت پابند تھیں جس قدر مرزا مذہبی معاملات میں بے پروا تھے، اُسی قدر اُنکی بی بی احکام مذہبی کی پابند تھیں، یہاں تک کہ بی بی کے کھانے پینے کے برتن الگ، اور شوہر کے الگ رہتے تھے، تاہم بی بی شوہر کی خدمت گزاری اور خبر گیری میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتی تھیں۔ مرزا صاحب ہمیشہ مردانے مکان میں رہتے تھے مگر اُن کے کھانے اور دوا ٹھنڈائی اور جڑاول وغیرہ کا انتظام سب گھر میں سے ہوتا تھا۔ مرزا میں جب تک چلنے پھرنے کی طاقت رہی ہمیشہ وقت معین پر ایک بار وہ گھر میں ضرور جاتے تھے۔ اور بی بی اور اُن کے تمام رشتہ داروں کے ساتھ نہایت عمدہ برتاؤ رکھتے تھے۔ اور اپنی جان

سے بڑھکر اُن کی ضروریات اور اخراجات کا خیال رہتا تھا۔ مگر چونکہ شوخی اور ظرافت اُن کی گھٹی میں پڑی تھی۔ اُن کی زبان و قلم سے بی بی کی نسبت اکثر ایسی باتیں نکل جاتی تھیں جنکو ناواقف آدمی نفرت یا بے تعلقی پر محمول کر سکتا ہے۔

لطیفہ کسی نے امراؤ سنگھ نام ایک شاگرد کی دوسری بی بی کے مرنے کا حال مرزا کو لکھا اور اُس میں یہ بھی لکھا کہ اُس کے ننھے ننھے بچے ہیں۔ اب اگر تیسری شادی نہ کرے تو کیا کرے؟ اور بچوں کی کس طرح پرورش ہو؟ مرزا اُسکے جواب میں لکھتے ہیں "امراؤ سنگھ کا حال اُس کے واسطے رحم اور اپنے واسطے رشک آتا ہے۔ اللہ اللہ! ایک وہ ہیں کہ دو دو بار اُن کی بیڑیاں کٹ چکی ہیں، اور ایک ہم ہیں کہ ایک اور پچاس برس سے جو پھانسی کا پھندا گلے میں پڑا ہے تو نہ پھندا ہی ٹوٹتا ہے، نہ دم ہی نکلتا ہے۔ اُسکو سمجھاؤ کہ بھائی تیرے بچوں کو میں پال لونگا، تو کیوں بلا میں پھنستا ہے" وہ ہمیشہ تعلقاتِ خانگی کو جدًا یا ہزلًا ایک سخت مصیبت بتایا کرتے تھے۔

لطیفہ جاڑے کے موسم میں ایک دن طوطے کا پنجرا سامنے رکھا تھا، طوطا سردی کے سبب پروں میں منھ چھپائے بیٹھا تھا۔ مرزا نے دیکھکر کہا "میاں مٹھو! نہ تمہارے جورو نہ بچے، تم کس فکر میں یوں سر جھکائے ہوئے بیٹھے ہو؟

لطیفہ ایک دفعہ مرزا مکان بدلنا چاہتے تھے۔ ایک مکان آپ خود دیکھکر آئے، اُس کا دیوانخانہ تو پسند آگیا، مگر محلسرا خود نہ دیکھ سکے۔ گھر پر آکر اُس کے دیکھنے کے لیے بی بی کو بھیجا وہ دیکھکر آئیں تو اُن سے پسند ناپسند کا حال پوچھا۔ اُنہوں نے کہا کہ اس میں تو لوگ بلا بتاتے ہیں۔ مرزا نے کہا کیا دنیا میں آپ سے بھی بڑھکر کوئی بلا ہے؟

موت کی آرزو مرزا یا تو اس وجہ سے کہ اُن کی زندگی فی الواقع مصائب اور سختیوں میں گزری تھی، اور یا اس لیے کہ اُن پر ناملایم حالتوں کا بہت زیادہ اثر ہوتا تھا، آخر عمر میں موت کی بہت آرزو کیا کرتے تھے۔ ہر سال اپنی وفات کی تاریخ نکالتے اور یہ خیال کرتے کہ اس سال

ضرور مرجاؤں گا۔

لطیفہ ۱۲۷۵ھ میں اُنہوں نے اپنے مرنے کی تاریخ یہ کہی کہ "غالب مرد" اس سے پہلے کئی مادّے غلط ہو چکے تھے۔ منشی جواہر سنگھ جوہر تخلص جو مرزا صاحب کے مخصوصین میں سے تھے اُن سے مرزا صاحب نے اِس مادّے کا ذکر کیا۔ اُنہوں نے کہا حضرت! انشاء اللہ یہ مادّہ بھی غلط ثابت ہوگا۔ مرزا نے کہا "دیکھو صاحب تم ایسی قال منھ سے نہ نکالو، اگر یہ مادّہ مطابق نہ نکلا تو میں سر پھوڑ کر مرجاؤنگا"

اخیر عمر کی حالت مرنے سے کئی کئی برس پہلے سے چلنا پھرنا بالکل موقوف ہوگیا تھا، اکثر اوقات پلنگ پر پڑے رہتے تھے، غذا کچھ نہ رہی تھی۔ چھ چھ سات سات دن میں اجابت ہوتی تھی۔ طشت چوکی پلنگ کے پاس ہی کسی قدر اوجھل میں لگی رہتی تھی۔ جب حاجت معلوم ہوتی تھی تو پردہ ہو جاتا تھا، مگر خطوں کے جواب اس حالت میں بھی برابر یا خود پلنگ پر پڑے پڑے لکھتے تھے یا کسی دوسرے آدمی کو بتاتے جاتے تھے۔ وہ لکھتا جاتا تھا

مرض الموت کی حالت مرنے سے چند روز پہلے بیہوشی طاری ہوگئی تھی، پہر پہر دو دو پہر کے بعد چند چند منٹ کے لیے افاقہ ہو جاتا تھا۔ پھر بیہوش ہو جاتے تھے۔ جس روز انتقال ہوگا اُس سے شاید ایک دن پہلے مولانا حالی اُن کی عیادت کو گئے تھے۔ اُس وقت کئی پہر کے بعد افاقہ ہوا تھا اور نواب علاؤالدین احمد خاں مرحوم کے خط کا جواب لکھوا رہے تھے۔ اُنہوں نے دوبارہ سے حال پوچھا تھا۔ اُس کے جواب میں ایک فقرہ، اور ایک فارسی شعر جو غالباً شیخ سعدی کا تھا لکھوایا۔ فقرہ یہ تھا کہ "میرا حال مجھ سے کیا پوچھتے ہو؟ ایک آدھ روز میں ہمسایوں سے پوچھنا" اور شعر کا دوسرا مصرع مولانا حالی کو یاد رہ گیا اور پہلا یاد نہیں رہا۔ وہ یہ ہے۔ "نکرد ہیچ مدارا بمن سر تو سلامت"

مرنے سے پہلے اکثر یہ شعر وردِ زباں رہتا تھا ؎

دمِ واپسیں بر سرِ راہ ہے عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے

تاریخ وفات آخر ذیقعدہ ۱۲۸۵ھ ہجری کی دوسری اور فروری ۱۸۶۹ء کی پندرھویں کو تہتر برس اور چار مہینے کی عمر میں دنیا سے رحلت کی اور درگاہ حضرت سلطان نظام الدین قدس سرہٗ میں اپنے خسر کے پائین مزار دفن کیے گئے۔ تاریخ وفات جس میں دس بارہ آدمیوں کو توارد ہوا یاد رکھنے کے قابل ہے یعنی "آہ غالب بمرد" یہاں مولانا حالی کا قطعۂ تاریخ وفات لکھا جاتا ہے:-

غالب نے جبکہ روضۂ رضواں کی راہ لی — ہر لب پہ آہ سرد تھی ہر دل میں درد تھا
اُس دن کسی نے اہل شہر کی افسردگی نہ پوچھ — دنیا سے دل ہر اپنے پرائے کا سرد تھا
حالی کہ جبکہ دعوئے تمکین و ضبط ہے — دیکھا تو دل پہ ہاتھ تھا اور رنگ زرد تھا
تھا گو وہ اک سخنورِ ہندوستان نژاد — غزنی و اوتری کا مگر ہم نبرد تھا
اس قافلہ میں آ کے ملا گو وہ سب کے بعد — اگلوں کے ساتھ ساتھ مگر رہ نورد تھا
ہم اور صبح و شام یہ اندوہ جاں گزا — دل تھا کہ فکر سال میں بے سہ فگرد تھا
ناگاہ دی یہ غالب مرحوم نے صدا — (ہے ہے کہ خواجہ راہ نمائی میں فرد تھا)
تاریخ ہم نکال چکے پڑھ بغیر فکر — حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا
۲۷۹۶

(اس میں تاریخ اور فکر کا تخرجہ ہے)

جنازے کی نماز مرزا کے جنازے پر جبکہ دلی دروازے کے باہر نماز پڑھی گئی مولانا حالی اور شہر کے اکثر عمائد اور معززین لوگ جیسے نواب ضیاء الدین احمد خاں۔ نواب محمد مصطفےٰ خاں حکیم حسن اللہ خاں وغیرہم اور بہت سے اہل سنت اور امامیہ دونوں فرقوں کے لوگ جنازے کی مشایعت میں شریک تھے۔ سید صفدر سلطان نبیرۂ بخشی محمود خاں نے نواب ضیاء الدین احمد خاں مرحوم سے کہا کہ مرزا صاحب شیعہ تھے۔ ہم کو اجازت ہو کہ ہم اپنے طریقے کے موافق اُن کی تجہیز و تکفین کریں۔ مگر نواب صاحب نے نہیں مانا اور تمام مراسم اہل سنت کے موافق ادا کیے گئے ؎

نظر میں ہے ہماری، جادۂ راہِ فنا غالب — کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا

شاعری اکتسابی نہ تھی مرزا کی شاعری اکتسابی نہ تھی بلکہ اُن کی حالت پر غور کرنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بلکہ اُن کی فطرت میں ودیعت کیا گیا تھا۔ اُنھوں نے گیارہ برس کی عمر میں شعر کہنا شروع کیا تھا اور بقولِ بعض آٹھ نو برس کی عمر میں۔ خود مرزا کی زبانی سُنا گیا ہے کہ میر تقی نے جو مرزا کے ہم وطن تھے، اُن کے لڑکپن کے اشعار سُنکر یہ کہا تھا کہ "اگر اس لڑکے کو کوئی کامل اُستاد مل گیا اور اُس نے اسکو سیدھے رستہ پر ڈال دیا تو لاجواب شاعر بن جائیگا۔ ورنہ مہمل بکنے لگے گا"۔ مرزا کے حق میں جو پیشین گوئی اُس ابو الشعراء میر تقی نے کی تھی اُسکی دونوں قسمیں اُنکے حق میں پوری ہوئیں۔

نثرِ اُردو مرزا ۱۸۵۰ء تک ہمیشہ فارسی میں خط کتابت کرتے تھے۔ مگر سنہ مذکور میں جبکہ وہ تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کیے گئے اور ہمہ تن مہر نیمروز کے لکھنے میں مصروف ہوگئے اُس وقت بضرورت اُن کو اُردو میں خط کتابت کرنی پڑی۔ وہ فارسی نثر اور اکثر فارسی خطوط جن میں قوتِ متخیلہ کا عمل اور شاعری کا عنصر نظم سے بھی کسی قدر غالب معلوم ہوتا ہے نہایت کاوش سے لکھتے تھے۔ پس جب وہ مہر نیمروز کی ترتیب و انشا میں مصروف تھے تو اُن کو فارسی زبان میں خط کتابت کرنی اور وہ بھی اپنی طرزِ خاص میں شاق معلوم ہوئی اور اُنھوں نے اُردو زبان میں خط لکھنے شروع کیے۔ چنانچہ وہ ایک خط میں لکھتے ہیں:-

"زبانِ فارسی میں خطوں کا لکھنا پہلے سے متروک ہے۔ پیرانہ سری اور ضعف کے صدموں سے محنت پذیری اور جگر کاوی کی قوت مجھ میں نہیں رہی۔ حرارتِ عزیزی کو زوال ہے اور یہ حال ہے

مضمحل ہو گئے قویٰ غالب اب عناصر میں اعتدال کہاں"

غالباً اُردو زبان میں تحریر اختیار کرنے کو مرزا نے اوّل اوّل اپنی شان کے خلاف سمجھا ہوگا۔ وہ اُس زمانہ کے خیالات کے موافق اُردو شاعری کو بھی داخلِ کمالات نہیں سمجھتے تھے۔ بلکہ اُس میں اپنی کسرِ شان جانتے تھے۔ چنانچہ ایک فارسی قطعہ میں جسکی نسبت مشہور ہے کہ اِس میں شیخ ابراہیم ذوق کی طرف خطاب ہے۔ کہتے ہیں ؎

فارسی بیں تا بہ بینی نقشہائے رنگ رنگ — بگزار مجموعۂ اُردو کہ بے رنگِ من است
راست میگویم من از راست سخن نتواں کشید — ہر چہ در گفتار فخر تست آں ننگِ من است

مگر بعض اوقات انسان اپنے جس کام کو حقیر اور کم وزن خیال کرتا ہے وہی اُسکی شہرت اور قبولیت کا باعث ہو جاتا ہے۔ مرزا کی عام شہرت ہندوستان میں جس قدر اُن کی اُردو نثر کی اشاعت سے ہوئی ہے ویسی نظمِ اُردو اور نظمِ فارسی یا نثرِ فارسی سے نہیں ہوئی۔ وجہ یہ کہ اوّل تو فارسی زبان سے ملک میں عام اجنبیت پائی جاتی ہے۔ دوسرے کلام میں بعض خصوصیتیں ایسی ہیں جن سے لوگوں کے مذاق بالکل ناآشنا ہیں۔ اُردو کے اشعار بھی اپنے خاص طرزِ بیاں کی وجہ سے مشکل اور سخت مشکل ہیں۔ ہاں نثرِ اُردو ایسی ہے جس سے خاص و عام سب یکساں لطف اور حظ اُٹھا سکتے ہیں۔

تصنیفاتِ نثرِ اُردو

اگرچہ مرزا کی اُردو نثر کی قدر بھی ویسی کہ چاہیے ویسی نہیں ہوئی لیکن پھر بھی مرزا کی اُردو نثر کے قدردان بہ نسبت ناقدردانوں کے ملک میں بہت زیادہ نکلیں گے مرزا کی اُردو نثر میں زیادہ تر خطوط اور رقعات ہیں۔ چند تقریظیں اور دیباچے ہیں، اور تین مختصر رسالے ہیں۔ جو برہان قاطع کے طرفداروں کے جواب میں لکھے ہیں۔ لطائفِ غیبی، تیغِ تیز اور نامۂ غالب۔ اِس کے سوا چند اجزا ایک ناتمام قصّے کے بھی ہیں، جو مرزا نے مرنے سے چند روز پہلے لکھنا شروع کیا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ دلچسپ اور لطف انگیز اُن کے خطوط ہیں جن میں سے زیادہ تر اُردوئے معلّٰی میں اور اُس سے کم عود ہندی میں جمع کر کے چھپوائے گئے ہیں اور بہت سے خطوط ان دونوں کتابوں کی اشاعت کے بعد دستیاب ہوئے ہیں جو مطبع مجتبائی میں چھپکر شائع ہو گئے ہیں۔

مولانا حالی کی رائے مرزا کی طرزِ تحریر پر

مولانا حالی نے جو رائے مرزا غالب کی نثرِ اُردو کے متعلق یادگارِ غالب میں جس سے ہم نے مرزا کے حالاتِ زندگی اخذ کیے ہیں ظاہر کی ہے۔ ہمارے نزدیک اُسکا اعادہ کرنا اپنی رائے دینے سے بہتر ہے۔ مولانا حالی

خود اُردو کے نامور مصنف، شاعر اور ادیب ہیں اور فنِ تنقید میں بے مثل ہیں اس لیے مولانائے مرحوم کی رائے یہاں نقل کی جاتی ہے :-

" مرزا کی اُردو خط و کتابت کا طریقہ فی الواقع سب سے نرالا ہے - نہ مرزا سے پہلے کسی نے خط کتابت میں یہ رنگ اختیار کیا، اور نہ اُن کے بعد کسی سے اُسکی پوری پوری تقلید ہوسکی - اُنہوں نے القاب و آداب کا پُرانا اور فرسودہ طریقہ اور بہت سی باتیں جنکو منشیانِ سلیقہ نے لوازم نامہ نگاری میں سے قرار دے رکھا تھا مگر درحقیقت فضول اور دور از کار تھیں سب اُڑا دیں - وہ خط کو کبھی "میاں" کبھی "برخوردار" کبھی "بھائی صاحب" کبھی "مہاراج" کبھی کسی اور مناسب لفظ سے آغاز کرتے ہیں، اُسکے بعد مطلب لکھتے ہیں - اور اکثر بغیر اس قسم کے الفاظ کے سرے ہی سے مدعا لکھنا شروع کر دیتے ہیں -

ادائے مطلب کا طریقہ بالکل ایسا ہے جیسے دو آدمی بالمشافہ بات چیت یا سوال و جواب کرتے ہیں ..... بعضی جگہ مکتوب الیہ کو خطاب کرتے کرتے اُسکو غائب فرض کر لیتے ہیں ؛ یہاں تک کہ جو لوگ مرزا کے اندازِ بیاں سے واقف نہیں وہ اُسکو مکتوب الیہ کا غیر سمجھ لیتے ہیں .... مرزا ایسے موقع پر سائل و مجیب کا نام نہیں لیتے اور نہ اُن کے نام کی علامت لکھتے ہیں مگر سوال جواب کے ضمن میں ایک ایسا لفظ لے آتے ہیں جس سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ سوال کیا ہے ؟ اور جواب کیا ؟ شاید قصے یا ناول میں یہ بات نہ چل سکے مگر خطوط میں تو مرزا نے یہ راہ بالکل صاف کر دی ہے -

مرزا کی طرزِ تحریر کی جو خصوصیتیں اوپر مذکور ہوئیں یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ اور لوگ اُس کی پیروی نہ کر سکیں مگر وہ چیز جس نے اُن کے مکاتبات کو ناول اور ڈراما سے زیادہ دلچسپ بنا دیا ہے وہ شوخیِ تحریر ہے جو اکتساب یا مشق و مہارت یا پیروی و تقلید سے حاصل نہیں ہو سکتی - ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگوں نے خط کتابت میں مرزا کی روش پر چلنے کا ارادہ کیا ہے ، اور اپنے مکاتبات کی بنیاد بذلہ سنجی و ظرافت پر رکھنی چاہی ہے مگر اُن کی اور مرزا کی تحریر

میں وہی فرق پایا جاتا ہے جو اصل اور نقل یا روپ اور بہروپ میں ہوتا ہے۔ مرزا کی طبیعت میں شوخی ایسی بھری ہوئی تھی جیسے ستار کے تار میں سُر بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور قوت متخیلہ جو شاعری اور ظرافت کی خلاق ہے اُسکو مرزا کے دماغ کے ساتھ وہی نسبت تھی جو قوتِ پرواز کو طائر کے ساتھ۔ اگرچہ مرزا کے بعد نثرِ اُردو میں بے انتہا وسعت اور ترقی ہوئی ہے، علمی، اخلاقی، پولیٹکل سوشل اور مذہبی مضامین کے لوگوں نے دریا بہا دیے ہیں، بائیوگرافی، اور ناول میں بھی متعدد کتابیں نہایت ممتاز لکھی گئی ہیں۔ باوجود اسکے مرزا کی تحریر خط کتابت کے محدود دائرے میں بلحاظ دلچسپی اور لطفِ بیاں کے اب بھی اپنا نظیر نہیں رکھتی۔

معلوم ہوتا ہے کہ مرزا خط لکھتے وقت ہمیشہ اس بات کو نصب العین رکھتے تھے کہ خط میں کوئی ایسی بات لکھی جائے کہ مکتوب الیہ اُسکو پڑھکر خط اور خوش ہو۔ پھر جس سے جتنے کا مکتوب الیہ ہوتا تھا اُسکی سمجھ اور مذاق کے موافق خط میں شوخیاں کرتے تھے۔ مثلاً اپنے ایک دوست کو خط لکھا ہے، اُس میں اُن کی لڑکی کو جو بچپن میں مرزا کے سامنے آتی تھی اور اب جوان ہوگئی ہے بعد دعا کے لکھتے ہیں "کیوں بھئی اب ہم اگر کوں آئے بھی تو تم کو کیونکر دیکھیں گے؟ کیا تمہارے ملک میں بھتیجیاں چچا سے پردہ کرتی ہیں؟" یا مثلاً تو اب امیر الدین احمد خاں کو جواب لکھیں لوہارو میں اُن کے بچپن کے زمانہ میں اُن کے رقعے کا جواب ہے میں مرزا کو دادا صاحب لکھا تھا اس طرح لکھتے ہیں "اے مردم چشم جہاں بینِ غالب! پہلے القاب کے معنی سمجھ لو۔ یعنی چشم جہاں بینِ غالب کی پتلی چشم جہاں میں تمہارا باپ مرزا علاء الدین احمد خاں بہادر اور پتلی تم۔ میاں تمہارے دادا تو نواب امین الدین خاں بہادر ہیں، میں تو صرف تمہارا دل دادہ ہوں"

مرزا نے بعض اُردو خطوں میں اور خاصکر اُردو تقریظوں میں مسجع عبارت لکھنے کا التزام کیا ہے۔ اگرچہ اس زمانہ میں ایسا التزام تکلفاتِ بارده میں شمار کیا جاتا ہے خصوصاً اُردو جو بمقابلہ عربی یا سنسکرت وغیرہ کے ایک نہایت محدود زبان ہے وہ اس قسم کے تصنع اور ساختگی کی متحمل نہیں معلوم ہوتی، مگر مرزا نے جس قسم کی مسجع عبارت اُردو خطوں یا تقریظوں وغیرہ

میں لکھی ہے اُسپر یہ گرفت مشکل سے ہوسکتی ہے ..... مسجع نثروں میں عموماً یہ عیب ہوتا ہے کہ دوسرے فقرے میں جو پہلے فقرے کی رعایت سے خواہ نخواہ قافیہ تلاش کرنا پڑتا ہے تو اُسمیں تصنع اور آورد کا رنگ پیدا ہوجاتا ہے اور اس لیے پہلے فقرے کے مقابلہ میں دوسرا فقرہ بسبب لزوم مالایلزم کے کم وزن ہوجاتا ہے۔ مگر مرزا کی مسجع نثر میں یہ بات بہت کم دیکھی جاتی ہے دوسرے فقرے میں تقریباً ویسی ہی بے تکلفی پائی جاتی ہے جیسی پہلے فقرے میں اور یہ بات اُسی شخص سے بن پڑتی ہے جو باوجود خوش سلیقگی اور لطف طبیعت کے شاعری میں غایت درجے کا کمال رکھتا ہو اور وزن و قافیہ کی جانچ اور تول میں ایک عمر بسر کرچکا ہو۔ یہاں اسکی مثالیں لکھنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ مرزا کے اُردو رقعات میں اس کی مثالیں بکثرت موجود ہیں مگر یہ معلوم رہے کہ مقفّٰے عبارت مرزا خاصکر اُن خطوں میں لکھتے تھے جن سے ہنسی ظرافت اور مخاطب کا خوش کرنا مقصود ہوتا تھا۔ ورنہ واقعات کا بیان یا مصائب کا ذکر یا تعزیت یا ہمدردی کا اظہار ہمیشہ سیدھی سادی نثر عاری میں کرتے تھے۔

مرزا نے چند تقریظیں اور دیباچے بھی اُردو زبان میں لکھے ہیں اور ان سب میں مسجع و مقفّٰے عبارت لکھنے کا التزام کیا ہے، جو بے تکلفی اور صفائی مرزا کے اُردو خطوں میں پائی جاتی ہے وہ ان تقریظوں اور دیباچوں میں نہیں ہے۔ خصوصاً مسجع کی رعایت نے اُن میں آورد اور تصنع کا رنگ زیادہ پیدا کردیا ہے۔ لیکن مرزا کو اُس میں معذور سمجھنا چاہیے۔ جو لوگ تقریظوں اور دیباچوں کی فرمائش کرتے تھے وہ بغیر ان تکلفات بارودہ کے ہرگز خوش ہونے والے نہ تھے، جو طریقہ اس زمانہ میں ریویو لکھنے کا نکلا ہے اُسکو اب بھی بہت کم لوگ پسند کرتے ہیں، اور مرزا کے وقت میں تو اس کا کہیں نام و نشان بھی نہ تھا۔

بالجملہ ان تقریظوں سے بعض نثریں مرزا کی روش خاص میں نہایت ممتاز ہیں خصوصاً وہ دیباچہ جو اُنھوں نے منشی تیج بہادر صاحب کی کتاب سراج المعرفت پر لکھا ہے، اُس میں جس خوبی اور متانت سے تصوف کے اعلیٰ خیالات ظاہر کیے ہیں اُسکے لحاظ سے کہا جاسکتا ہے

کہ اُردو زبان میں تصوّف کے اعلیٰ خیالات نہ اس سے پہلے اور نہ اسکے بعد ایسی عمدہ نثر میں کسی نے لکھے "

اب ہم دیباچہ مذکور کا اقتباس ذیل میں درج کرتے ہیں:-

دیباچہ سراج المعرفت

" حق یوں ہے کہ حقیقت از روئے مثال ایک نامۂ درہم پیچیدہ سربستہ ہے کہ جس کے عنوان پر لکھا ہے "لا مؤثر فی الوجود الا اللہ" اور خط میں مندرج ہے "لا موجود الا اللہ" اور اس خط کا لانے والا اور اس راز کا بتانے والا وہ نامہ آور اور نام آور ہے کہ جس پر رسالت ختم ہوئی ختم نبوت کی حقیقت اور اس معنی غامض کی صورت یہ ہے کہ مراتب توحید چار ہیں، آثاری، افعالی، صفاتی، ذاتی۔ انبیائے پیشین صلوات اللہ علیٰ نبینا وعلیہم اعلان مدارج سہ گانہ پر مامور تھے۔ خاتم الانبیا کو حکم ہوا کہ حجاب تعینات اعتباری اُٹھا دیں، اور حقیقت بیرنگی ذات کو صورت الآن کما کان میں دکھا دیں، اب گنجینۂ معرفت خواص امت محمدی کا سینہ ہے۔ اور کلمہ لا الہ الا اللہ مفتاح باب گنجینہ ہے۔ زہے عائمۂ مومنین کہ وہ اس کلام سے صرف نفی شرک فی العبادۃ مراد لیتے ہیں اور نفی شرک فی الوجود جو اصل مقصود ہے اُن کی نظر میں نہیں۔ مگر جب لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کہیں گے اُسی توحید ذاتی کے اعتقاد کی قدمگاہ پر آ رہیں گے۔ یعنی ہماری اس کلمہ سے وہ مراد ہے جو خاتم الرسل کا مقصود تھا۔ یہی حقیقت ہے شفاعت محمدی کی، اور یہی معنی ہیں رحمۃ اللعالمین ہونے کے، اور اسی مقام سے ناشی ہے ندائے روح افزائے "من قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ"

گو اگرچہ دیکھنے میں دو زباں ہے لیکن وحدت حقیقی کا راز داں ہے۔ گفتگوئے توحید میں وہ لذت ہے کہ جی چاہتا ہے کوئی سو بار کہے اور سو بار سنے۔ نبی کی حقیقت ذو جہتین ہے، ایک جہت خالق کہ جس سے اخذ فیض کرتا ہے اور ایک جہت خلق کہ جس سے فیض پہنچاتا ہے۔

نبی را دو وجہ است دیکو کہ خلق + یکے سوئے خالق یکے سوئے خلق

بداں وجہ از حق بود مستفیض بدیں وجہ بر خلق باشد مفیض

یہ جو صوفیہ کا قول ہے کہ "الولایۃ افضل من النبوۃ" معنی اس کے صاف اور از روئے انصاف یہ ہیں کہ ولایت نبی کی کہ وہ وجہ الی الحق ہے افضل ہے نبوت سے کہ وہ وجہ الی الخلق ہے۔ نہ یہ کہ ولایت عام افضل ہے نبوتِ خاص سے جس طرح نبی مستفیض ہے حضرت اُلوہیت سے اُسی طرح ولی مستنیر ہے انوارِ نبوت سے مستنیر کی تفضیل منیر پر اور مستفیض کو ترجیح مفیض پر ہرگز معقول اور عقلا کے نزدیک مقبول نہیں۔ اب وہ ولایت کہ خاصۂ نبی تھی نبوت کیساتھ منقطع ہوگئی مگر وہ فروغ کہ اخذ کیا گیا ہے مشکوٰۃ نبوت سے ہنوز باقی ہے۔ نقل و تحویل ہوتی چلی آتی ہے اور چراغ سے چراغ جلتا چلا جاتا ہے۔ اور یہ سراجِ ایزدی تا صبح ظہورِ قیامت روشن رہیگا، اور اب اسی کا نام ولایت اور یہی شغل طریق ہدایت ہے۔ ولایت و ہدایت وہی حقیقت توحید ذاتی ہے کہ جو از روئے کلمہ لا الٰہ الا اللہ مشہودِ عیونِ اعیانِ امت اور منظورِ نظرِ اکابرِ ملت ہوئی ہے۔ مگر وہ بات کہاں کہ ایک بار لا الٰہ الا اللہ کہے اور دل نورِ معرفت سے منور ہو جائے۔ اور وہ ضمانِ زبردست کہاں کہ قائل لا الٰہ الا اللہ کو اگرچہ اُس کے معنی اچھی طرح نہ سمجھا ہو قدمگاہِ توحید پر قائم کردے یعنی رسولِ مقبول واجب التعظیم قائل انا احمد بلا میم علیہ التحیۃ والتسلیم۔ اب سعادت بقدرِ ارادت ہے اور راحت بعد جراحت۔ سچ بھی تو ہے، آدمی کیونکر سمجھ سکے اور بطلانِ بدیہیات کے جواز پر اُسکو کیونکر تسلی ہو، یعنی اس مجموعِ موجودات کو کہ افلاک و انجم و بحار و جبال اسی میں ہیں نیست و نابود محض جان لے اور تمام عالم کو ایک وجود مان لے۔

اے کردہ بآرائشِ گفتار پیچ در زلفِ سخن کشودہ راہ خم در پیچ
عالم کہ تو چیز دیگرش میدانی ذاتیست بسیط منبسط دیگر ہیچ

جب اولیاء اللہ نے۔ کہ وہ اطبائے روحانی ہیں، دیکھا کہ نفوسِ بشری پر وہم غالب ہے در بسبب استیلائے وہم کے مشاہدۂ وحدت ذات سے محروم رہ جاتے ہیں، ہر چند

اُن کو سمجھائیں گے، راہ پر نہ آئینگے۔ ناچار اشغال واذکار وضع کیے، تا قوتِ متخیلہ اُنمیں اُلجھی رہے، اور رفتہ رفتہ بیخودی طاری ہو جاوے وحدت وجود اس طرح کی بات تو نہیں کہ نہ ہو اور ہم اُسکو بیچیر یا بتکلف ثابت کیا چاہتے ہوں۔ ع دانی ہمہ اوست ورنہ دانی ہمہ اوست۔ وہم صورت گری اور پیکر تراشی کر رہا ہے اور معدومات کو موجود سمجھ رہا ہے۔ پس جب وہ وہم شغل وذکر کی طرف مشغول ہوگیا بے شبہ اپنے کام سے یعنی صورت گری اور پیکر تراشی سے معزول ہوگیا۔ بیخبری اور بیخودی چھاگئی اور وہ کیفیت جو موحدین کو بحرِ وفہم حاصل ہوتی ہے اس شاغل کے نفس کو بیخودی میں آگئی۔ ایک دریا میں جا مگرمچھ دا، ایک کو کسی نے غافل کرکے ڈھکیل دیا۔ انجام دونوں کا ایک ہے۔ وہ لوگ جو وحدت وجود کو سمجھ لیں یہ میں نہیں کہتا کہ نہیں ہیں مگر ہاں کم ہیں اور کہیں کہیں ہیں، اور ایسے نفوس کہ جو کسب حالتِ بیخودی کے واسطے مفتاح اشغال واذکار ہیں، بہت ہیں بلکہ بے شمار ہیں۔"

مولانا نذیر احمد کی رائے مرزا کی شاعری پر

مولانا نذیر احمد اپنے ایک لکچر کے دوران میں مرزا غالب کی نسبت فرماتے ہیں:۔

"اس پر مجھ کو اسد اللہ خاں غالب یاد آئے کہ وہ بڑے مشکل گو شاعر تھے، وہ ابتدا میں فارسی کہا کرتے تھے بلکہ فارسی بھی نہیں پارسی اور پارسی بھی نا آمیختہ بتازی۔ اس پر انوکھے استعارات اچھوتی تشبیہات لفظی تعقیدات۔ تو اُن کا کلام مشکل ہوا ہی چاہیے۔ کوئی شخص کہتا تھا کہ ایک مرتبہ اُنہی کے شعر کے اُن سے معنی پوچھے تو کچھ دیر تامل کرنے کے بعد فرمایا" بھئی اس وقت تو کچھ سمجھ میں نہیں آتا" کہ کیا کہا تھا۔ اُن کو اپنی فارسی پر بڑا ناز تھا اور ریختہ گوئی کو مبتذل اور دون مرتبہ سمجھتے تھے لیکن انگریزی عملداری کیوجہ سے جو انقلاب عظیم واقع ہونیوالا تھا۔ اُسکی صبح نمودار ہو چکی تھی اور زمانہ کہہ رہا تھا کہ مرزا صاحب اس لباط کو تہ کیجئے کہ زبان فارسی نہ تو ہندوستان کی ملکی زبان ہے نہ اس میں علوم ہیں۔ کیوں آپ اس کے پیچھے اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں۔ اگلے لوگ کچھ مستقل مزاج بھی زیادہ ہوتے تھے، مرزا صاحب زیادہ مدتوں تک اِسی فارسی کو پکڑے رہے مگر زمانے کے ساتھ کسی کی ضد

کیا چلے، خامکر شاعری تو پیٹ بھرے کے مشغلے ہیں۔ اُس وقت جیسا کچھ شاہی دربار تھا، وہاں ریختہ ہی کی قدر تھی۔ ناچار مرزا صاحب نے بھی بادلِ ناخواستہ ریختہ کا مُنھ چڑانا شروع کیا۔ میں صرف نمونے کے طور پر اُن کے اُس وقت کے چند شعر پڑھتا ہوں:۔

عرضِ نازِ شوخیِ دنداں برائے خندہ ہے — دعوئے جمعیتِ احباب جائے خندہ ہے
ہے عدم میں غنچہ محوِ عبرتِ انجامِ گل — یک جہاں زانو تامل در قفائے خندہ ہے
کُلفتِ افسردگی کو عیشِ بیتابی حرام — ورنہ دنداں در دل افشردن برائے خندہ ہے

ایک اور تاکہ یہ خیال نہ ہو کہ میں قصداً اتفاقی بندشوں کو چھانٹ کر لایا ہوں۔

لبِ خشک در تشنگی مردگاں کا — زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا
ہمہ ناامیدی ہمہ بدگمانی — میں دل ہوں فریبِ وفا خوردگاں کا

مرزا صاحب کی شاعری اس بات کا مونہ ہے کہ زمانہ کیونکر اپنی خبری میں سے لوگوں کو نکالتا ہے۔ وہ مرزا جو ریختہ گوئی کو ننگ سمجھتے تھے آخر آخر اپنی اُردوئے معلّٰی پر فخر کیا کرتے تھے۔ مرزا کے منھ سے اُردو کے ساتھ معلّٰی کا لفظ۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔"

اور اُسکا جواب ڈاکٹر عبدالرحمٰن کی طرف سے

زمانہ بھی اٹھکیلیاں کرتا ہوا چلتا ہے۔ کل جو بات مقبول تھی آج مسترد ہے اور جو مسترد تھی وہ مقبول ہے۔ ایک وقت وہ تھا کہ مرزا غالب کا کلام بڑے بڑے سخن فہم مشکل اور بعض اشعار کو مہمل بتاتے تھے آج وہ وقت ہے کہ اُردو شاعری میں کوئی اُن کا ہمسر نہیں مانا جاتا۔ کلام کے ادق ہونے میں تو آج بھی کسی کو شک نہیں لیکن آج اُن کے اشعار کو مہمل کہنا آسان نہیں۔ جن اشعار خندہ پر مولانا نذیر احمد خندہ کرتے ہیں اُنکی نسبت ایک فاضل اجل ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری مرحوم لکھتا ہے:۔

"خندہ کیا ہے؟ ارسطو کے زمانہ سے آجتک فلسفی اس مسئلہ پر غور کرتے آئے ہیں۔ ہمارے زمانے میں کانٹ، اسپنسر، ہیکر، کریپلین، بین، لپس، میری ڈتھ اور برگساں نے اس پر تفصیل سے بحث کی ہے، اور عجیب اور نادر نکات پیدا کیے ہیں۔ قہقہہ ہمیشہ مجلسوں میں بلند

ہوتا ہے، جہاں گرم صحبت نہیں، یہ سازِ محفل بھی نہیں۔ اسی وجہ سے لکھنؤ کے قیصر باغ کے عیاشانہ جلسوں کے رند، انشا اور جرأت، اور آگرہ کے برج کی ہولیوں کے کنہیا نظیر کے قہقہوں کی آواز آج تک بلند ہے اور میر تقی، میر درد اور غالب کے کلام میں جو دنیا سے نفور اور ہنگامۂ عالم سے دور رہنے والوں میں ہیں کمال سنجیدگی اور خاموشی کا اثر ہے۔ قہقہہ! قدرت کا غلبۂ نفس دور کرنے کا ذریعہ ہے، یہ صحت بخش ضرور ہے لیکن خود اختلاط کی زیادتی اور مرض کی علامت ہے۔ چنانچہ رنگین اور دیگر ہزل سرا شعراء کا اصلی علاج بذریعہ فصد ہونا چاہیے تھا۔ مرزا کی طبیعت میں خیالات سفیہہ کو بالکل بار نہیں۔ خندہ اصلاح عیوب کے لیے ایک تازیانہ ہے۔ اس میں نقائص نہیں بلکہ ایک علم پایا جاتا ہے۔ سودا اور اکبر کے قہقہوں کی یہی شان ہے۔ غالب کی طبیعت میں رحم ہے۔ وہ انسانی کمزوریوں پر لب سا ہنستے نہیں بلکہ چشم سا روتے ہیں بلکہ خندہ لاتعلقی کی علامت ہے۔ زندگی کو جو شخص دور سے دیکھتا ہے اور خود بے پروا رہتا ہے وہ ہنستا ہے اور جو قریب سے دیکھتا ہے اور اس میں شریک ہوتا ہے وہ نہیں ہنستا۔ غالب زندگی کی خارجی کیفیات سے اندرونی جذبات کا اندازہ نہیں کرتے۔ بلکہ اپنے اندرونی جذبات سے خارجی کیفیات کا موازنہ کرتے ہیں اس لیے غالب کے لب ہنسی سے ناآشنا ہیں۔

خندہ غم سے ناواقف ہونے کی اور لطفِ خواب کی علامت ہے۔ اطفال شیر خوار سوتے میں ہنستے ہیں لیکن جب بیدار ہوتے ہیں تو روتے ہیں جب تک انسان آلامِ مصائب سے شناسا نہیں ہوتا ہنستا رہتا ہے، لیکن جب دل ٹوٹ جاتا ہے تو بجز غم کے کوئی رفیق نہیں رہتا۔ بدنصیب مرزا سے قہقہۂ نشاط کی امید رکھنا بے جا توقع ہے۔

خندہ غم اور سکون کو چھپانے کا پردہ بھی ہے، اس مسئلہ پر برگساں اور غالب متفق ہیں۔ برگساں اپنی کتاب خندہ کے اختتام پر لکھتا ہے۔

"سمندر میں سطح پر موجوں میں رقص اور ارتعاش پایا جاتا ہے لیکن عمق قعر میں ہمیشہ امن و سکون ہوتا ہے۔ بالائے آب لہریں آپس میں ٹکراتی ہیں اور کف لے آتی ہیں۔ بچے کف دیا

کوشش جانکر ساحل سے اُٹھا لیتے ہیں لیکن جب ہاتھ کھولکر دیکھتے ہیں تو بجز پانی کے کچھ بھی نہیں پاتے۔
تہقہہ زندگی کے سمندر کا کف ہے، جو شخص اس کے رقص کو فاصلے سے دیکھتا ہے خوش ہوتا ہے
اور آفتاب سے اُس کا آبدار جسم روشن ہوکر طلسمِ نور نظر آتا ہے، لیکن جو قریب جاتا ہے محض قریب
پاتا ہے اور تلخ کام ہوتا ہے۔"

مرزا یوں فرماتے ہیں:-

عرضِ نازِ شوخیِ دنداں برائے خندہ ہے — دعوئے جمعیتِ احبابِ جائے خندہ ہے
ہے چمن میں غنچہ محوِ عبرتِ انجامِ گل — یک جہاں زانو تامل در قفائے خندہ ہے
کلفتِ افسردگی کو عیشِ بیتابی حرام — ورنہ دنداں در دلِ افشردن نیائے خندہ ہے
شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں — دل محیطِ گریہ و لب آشنائے خندہ ہے"

چونکہ ہم کو مرزا کی شاعری سے یہاں بحث کرنا منظور نہیں۔ بر سبیلِ تذکرہ صرف اس قدر
لکھ دیا ہے لہٰذا جو اصحاب مرزا کی اُردو شاعری سے دلچسپی رکھتے ہیں اُن کے لیے ڈاکٹر عبدالرحمٰن
بجنوری کے مقدمۂ دیوانِ غالب کا مطالعہ ایک ناگزیر شے ہے۔ ڈاکٹر مرحوم کے نزدیک "ہندوستان
کی الہامی کتابیں دو ہیں۔ مقدس وید، اور دیوانِ غالب۔ لوح سے تمت تک مشکل سے سو صفحے
ہیں لیکن کیا ہے جو یہاں حاضر نہیں، کونسا نغمہ ہے جو اس سازِ زندگی کے تاروں میں بیدار یا خوابیدہ
موجود نہیں ہے، شاعری کو اکثر شعراء نے اپنی حدِ نگاہ کے مطابق حقیقت اور مجاز، جذبہ اور وجدان
ذہن اور تخیل کے لحاظ سے تقسیم کیا ہے۔ مگر یہ تقسیم خود اُنکی نارسی کی دلیل ہے۔ شاعری انکشافِ حیات
ہے جس طرح زندگی اپنی نمود میں محدود نہیں شاعری بھی اپنے اظہار میں لاتعین ہے۔

جمالِ الٰہی ہر شے میں رونما ہوتا ہے، آفرینش کی قدرت، جو صفاتِ باری میں سے ہے
شاعر کو بھی ارزانی کی گئی ہے۔ جہاں ملائکہ کارخانۂ ایزدی میں پوشیدہ حُسنِ آفرینی میں مصروف
ہیں۔ شاعر یہ کام علی الاعلان کرتا ہے۔

اِس لحاظ سے مرزا کو ایک ربّ النوع تسلیم کرنا لازم آتا ہے۔ غالب نے بزمِ ہستی میں جو

فانوسِ خیال روشن کیا ہے۔ کونسا "پیکرِ تعویہ" ہے جو اس "کاغذی پیرہن" پر منازلِ زیست قطع کرتا ہوا نظر نہیں آتا؟

ماسٹر رام چندر

آپ کے حالاتِ زندگی یا تاریخ پیدائش و وفات کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ صرف اس قدر معلوم ہوا ہے کہ پہلے آپ سرکارِ انگلشیہ کی ملازمت میں بعہدہ مدرسی علومِ انگریزی کی تعلیم دہلی کالج میں دیتے تھے۔ مولوی محمد حسین آزاد، مولوی نذیر احمد اور مولوی ذکاء اللہ جنکا ذکرِ خیر تیسرے دور کے مصنفین میں کیا گیا ہے آپ کے رشد تلامذہ میں سے تھے اور اگرچہ آپ کا نام ظاہر کرتا ہے کہ آپ ہندو ہیں لیکن دراصل آپ عیسائی مذہب رکھتے تھے جسکو آپ نے بڑے مباحثوں کے بعد اختیار کیا تھا۔ آپ ریاستِ پٹیالہ میں ڈائرکٹر سررشتۂ تعلیم بھی مقرر ہوگئے تھے۔ غالب خیال یہ ہے کہ آپ دلّی کے رہنے والے تھے۔ اور اقامتِ دہلی ہی کے زمانہ میں آپ نے ایک کتاب تذکرۃ الکاملین تحریر فرمائی۔ اس کتاب میں مشاہیرِ یونان و روما کا ذکر ہے جو آپ نے انگریزی اور عربی اور دیگر کتابوں سے ماخوذ کیا ہے۔ یہ کتاب آپ نے یکم اکتوبر ۱۸۴۹ء کو اوّل مرتبہ شائع فرمائی اور اگست ۱۸۵۶ء میں تیسری مرتبہ مطبع نولکشور لکھنؤ سے چھپکر شائع ہوئی۔ اس تیسرے ایڈیشن کا نسخہ ہمارے پیشِ نظر ہے۔ اُس عہد کی اُردو کا نمونہ حسبِ ذیل ہے۔ اس کتاب میں دو سو صفحات ہیں۔ ہر نامور شخص کی شبیہ بھی کتاب مذکور میں دی گئی ہے۔ آخری حصہ میں انگلستان کے نامور فلاسفہ اور شعراء کا بھی ذکر ہے۔ اس کے بعد آپ نے چند فارسی شعراء اور نیز ہندوستان کے نامور شاعر والمیک کا ذکر کیا ہے۔ شنکراچاریہ اور مہندس بھاسکر کو بھی اس کتاب میں جگہ دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں آپ نے دو کتابیں اور بھی تصنیف فرمائی ہیں جن کا نام اصول علم ہیئت اور عجائب روزگار ہے اور جو ۱۸۴۶-۴۸ء

میں دہلی سے شائع ہوئی ہیں۔

حال اقلیدس مشہور ہندس یونانی کا

"اقلیدس بنیانوسنطرس کا بیٹا نیقیس کا اور صاحب جو بیطر یہ مشہور ہے۔ یہ حکیم قدیم زمانہ کا یونانی ملک شام میں رہنے والا شہر صور کا ہے اُس کو علم ہندسہ میں دستگاہ کامل تھی اور اُسکی کتاب جو ارکان یعنی قواعد مشہور ہے وہ کتاب بزرگ قدر اور بہت نفیس اور اصول علم ہیئت کی ہے۔ یونان میں پہلے اُس سے اس وضع کی کوئی کتاب جامع نہیں تھی اور نہ بعد اُسکے کوئی ایسا ہوا اور اُس کا جماعات ریاضی دان یونان اور روم اور اسلام کے نے اعتبار کیا ہے بعضے اُس کی شرح کرنے والے ہیں، اور بعضوں نے تین شکلیں اُسکی کتاب میں بڑھائی ہیں اور بعضے قائدے نکالنے والے ہوئے ہیں۔ جنکا یونان کے اپنے اپنے مدرسوں کے دروازہ پر لکھ دیتے تھے کہ ہر گز مدرسہ میں جو شخص کہ محنت کش نہ ہووے نہ داخل ہو اور مُراد اُنکی اس سے یہ تھی کہ وہ آدمی مدرسہ میں داخل نہ ہووے جس نے کتاب اُقلیدس نہ پڑھی ہووے اور اور تصنیفات اقلیدس میں سے اس فن میں کتاب المعطیات ہے، کتاب المناظر کتاب ترکیب آوازوں کی وسوائے ان کے اور کتابیں ہیں۔ یعقوب بن اسحٰق الکندی نے یہ کہا ہے کہ اقلیدس علم ہندسہ میں اپنے زمانہ کا سب سے دانا تر تھا۔ اقلیدس نے، ابولونیوس کی دو کتابوں کو جو مخروطات میں ہیں تفصیل سے لکھا۔ پھر ایک صدر بنایا جس سے معرفت ان پانچوں مجسمات کی حاصل ہو سکے اور اُسکو تیرہ مقالوں میں جو اقلیدس کی طرف منسوب ہیں داخل ہو گیا اور کتاب اُسکی جو قواعد ہندی میں ہے اُس کو حجاج بن یوسف بن مطر کوفی نے دو نقلیں کیں۔ اُن میں سے ایک ہارونی مشہور ہے۔ اور دوسری نقل کا نام مامونی ہے اور اُسی پر اعتماد کیا جاتا ہے اور اُسکو اسحٰق بن حنین نے نقل کیا اور ثابت بن قرہ حرانی نے اُسکو اصلاح دی اور ابو عثمان دمشقی نے اُس میں سے کئی مقالے نقل کیے، ابن الندیم نے کہا ہے کہ میں نے اُس میں سے دو سو اکاسی مقالہ

موصل میں علی بن احمد العمرانی کے خزانہ میں دیکھا تھا سنہ ۳۷۴ھ میں۔ اور شکوک اس کتاب کے ابرن نے دفع کیے اور اُسکی شرح نیریزی اور کرابیسی نے کی اور لطیف الطیف نے یہ ذکر کیا ہے کہ اُس نے اُقلیدس کا دسواں مقالہ رومی زبان میں دیکھا۔ اُس میں چالیس شکلیں زیادہ تھیں بہ نسبت اُس مقالہ کے جو لوگوں کے پاس ہے، اُس میں ایک سو نو شکلیں ہیں (تو اس میں ۴۹ ہوئیں) اور اُس نے اُسکو عربی میں ترجمہ کرنے کا ارادہ کیا اور یوحنا القس نے ذکر کیا ہے کہ وہ شکل جس کا ثابت نے مقالہ اولیٰ میں دعوے کیا ہے اور اپنی بتائی ہے میں نے وہ یونانی میں دیکھی ہے اور لطیف نے ذکر کیا ہے کہ میں نے اُسکو دکھائی ہے اور شرح کتاب اقلیدس کی ابوحفص خراسانی اور ابوالوفا بوجانی نے کی مگر تمام نہیں کی اور ابوالقاسم انطاکی نے تمام کتاب کی تفسیر کی اور سند بن علی نے جو اُسکی تفسیر کی تو نو مقالہ اور کچھ دسویں کی کی ہے اور دسویں کو ابویوسف ارزی نے تقسیم کیا اور بہت خوب درست ابن عمید کے واسطے کیا ہے کندی نے کتاب اقلیدس کے اغراض میں ذکر کیا ہے کہ اس کتاب کو ایک شخص ابلیس نامی نے تالیف کیا تھا اور اُس نے پندرہ مقالے لکھے۔ جب بہت زمانہ گزر گیا تو وہ کتاب متروک ہوگئی۔ پھر کسی بادشاہ نے اسکندریوں میں سے علم ہندسہ کی طرف توجہ کی اور اُسکے زمانہ میں اقلیدس موجود تھا اُس بادشاہ نے اس کتاب کی اصلاح اور تفسیر کے لیے اقلیدس سے کہا۔ اُس نے اُس میں سے تیرہ مقالہ کی تفسیر کی۔ پس وہ اُسکی طرف منسوب ہو گئے۔ پھر بعد اُس کے اسقلادس، اقلیدس کے شاگرد نے دو مقالے پائے، چودھواں اور پندرھواں۔ وہ بطور تحفہ کے بادشاہ کو دیے۔ پس وہ دونوں بھی اُس نے کتاب میں ملا دیے اور یہ تمام واقعہ سکندریہ میں ہوا اور ابوعلی الحسن بن الہیثم بصری نے جو خوش باش مصر کا ہے اس کتاب کے مصادرات کی شرح کی ہے اور اُسکے اعتراضات بھی اسی کتاب میں مع اُن کے جواب کے ہیں۔ پھر ابوالحسن قشوری اندلسی نے ذکر کیا کہ اس کتاب پر شرح ہے کسی اندلسی کی اور اُسکا نام والستہ ہے اور اُس کا یہ قول تھا کہ میری شرح بیت المقدس سنہ پانسو پچاونیں میں تمام ہوئی اور اقلیدس

کی تصنیف کی اور چند کتابیں ہیں۔ منجملہ اُن کے سوائے اس کتاب کے کتاب الطاہرات ہے۔ کتاب اختلاف المنظر، کتاب المعطیات۔ کتاب النعم بیگانی اسکے نام پر کتاب العصمۃ ثابت کی اصلاح ہے۔ کتاب الفوائد بیگانی، اُسکے نام پر کتاب القانون، کتاب ثقل اور خفت کی کتاب الترکیب بیگانی اُسکے نام پر کتاب التحلیل اُسکے نام پر فقط"

ذکر کملائے ہند از قوم ہنود۔ حال والمیکی جی مہاراج

"صاحبانِ دانش بینش پر ظاہر ہو کہ زمانہ قدیم میں ایسے ایسے فاضل اور کامل شخص قوم ہنود میں گزرے ہیں کہ وہ فضیلت میں اچھے اچھے حکمائے فرنگ اور یونان کے سے کم نہیں تھے لیکن نہایت افسوس کی بات ہے کہ اُن بزرگوں کے حالات نہیں ملتے، سوائے نام کے ہم اور کچھ نہیں پاتے۔ ہم کیا کریں کہ ہمارے ہموطنوں نے کبھی اس طرف توجہ نہیں کی کہ ایسے ایسے خدا رسیدہ اور کامل شخصوں کے حالات لکھیں۔ لیکن خیر جیسا کچھ مجھکو جا رپایا بزرگوں کا حال معلوم ہوا ہے حتے المقدور راست ان چند اوراق میں درج کرتا ہوں، چنانچہ اول میں ذکر والمیکی جی کا کرونگا۔ ہنود میں والمیکی جو کہ مصنف پاک کتاب رامائن کے ہیں بہت مشہور بزرگ گزرے ہیں۔ نہایت افسوس کی بات ہے کہ ہم کو کسی کتاب میں نہیں معلوم ہوتا کہ یہ جناب کس جگہ پیدا ہوئے۔ اہل فرنگ نے اس بات سے کہ یہ بڑے نامی گرامی شخص ہنود میں گزرے ہیں، اُن کے حال کی تحقیقات کی۔ چنانچہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پندرہ یا سولہ برس پیشتر سن عیسوی کے والمیکی جی کے قدوم کی برکت سے باغ ہستی کو رونق تھی۔ بیان کرتے ہیں کہ والمیکی جی ایک غریب کے گھر پیدا ہوئے تھے اور اس باعث سے کہ اُن کے مربی مفلس تھے اُنہوں نے بڑی عمر تک تربیت نہیں پائی اور بے علم رہے۔ جبکہ بڑی عمر ہوئی تو اُن کو فرض پڑا کہ اپنے ماں باپ کی پرورش کریں۔ لاچار اُنہوں نے پیشہ ٹھگی اور قزاقی کا اختیار کیا (اور ان دنوں میں یہ بزرگ شخص بالکل علم کی روشنی سے جاہل تھے) اور ایک جنگل میں رہنا شروع کیا۔ اور نہلاع ہوگلی اور کرشنا گڑھ میں جو مسافر کہ گزرا اُسکو لوٹنا اور قتل کرنا اختیار کیا۔ یہ معلوم نہیں کہ یہ پیشہ

اُنھوں نے کب تک رکھا۔ اور سبب چھوڑ دینے اِس بد پیشہ کا یہ ہوا کہ ایک روز تین برہمن جنگلو
ہمارے بزرگ برھما اور روشن اور نارد کہتے ہیں اُس جنگل میں سے گزرے جہاں کہ والمیکی جی
رہتے تھے۔ والمیکی جی نے جب اُن تین برہمنوں کو دیکھا مستعد اُن کے قتل کا ہوا اور چاہا کہ اُن
کو جان سے ہلاک کرکر اُن کا مال لے لیجے۔ لیکن اُن برہمنوں نے کہا کہ اے والمیکی تو ہماری
بات سُن لے بعد ازاں تجھ کو اختیار ہے تو چاہے جو کچھ ہمارا کیجیو۔ والمیکی نے قبول کیا تب اُن تین
برہمنوں نے کہا کہ اے والمیکی تو جو رب العالمین کے بندوں کو ستاتا ہے اور ستاتا ہے اور
اس گناہ عظیم میں داخل ہوتا ہے اس کا کیا باعث ہے۔ اُس نے جواب دیا کہ واسطے پرورش
اپنے اور باپ اور کنبہ کے یہ کام کرتا ہوں۔ تب اُن برہمنوں نے یہ کہا کہ ایک بات تو اپنے
باپ سے پوچھ آ کہ تو جو گناہ کرتا ہے اور جانیں تلف کرتا ہے تیرے گناہ کے وہ بھی شریک ہونگے
یا نہیں۔ اِس لیے کہ تجھ پر سے تاوان کی سزا ہوگی تو تیرے شریک تیرے ماں باپ بھی ہیں گے یا نہیں
یہ بات والمیکی نے قبول کی اور اُن تینوں برہمنوں کو تین درختوں سے بخوبی مضبوط باندھکر اپنے
گھر اس سوال کا جواب استفسار کرنے چلا گیا۔ جب وہ گھر پہنچا اُس نے اپنی والدہ اور باپ سے
پوچھا کہ میں جو تمہارے واسطے یہ گناہ کرتا ہوں اس کے تم بھی شریک ہو یا نہیں۔ اُنھوں نے
صاف جواب دیا کہ ہم اِس پاپ میں تیرے شریک نہیں جو کوئی جیسا فعل کریگا اُس کا عوض
رب العالمین خاص اُس شخص کو جس نے فعل مذکور کیا ہے دیگا۔ یہ سُنکر والمیکی جی کے دل میں اثر پیدا
ہوا اور دل میں خیال کیا کہ میں اتنا گناہ واسطے کس کے کرتا ہوں کس واسطے کہ یہ اکوئی شریک نہیں اور نہ پس
آنکر اُن تینوں برہمنوں مذکور کو درخت سے کھول کر خلاص کیا اور اُن کے روبرو توبہ کی کہ ایسی
حرکت اور فعل نالایق پھر نہ کرونگا جب والمیکی جی نہایت نے اس امر کو ترک کیا اور قادر مطلق
کی بندگی میں توبہ کی اور پشیمان ہوا۔ اور اب توجہ اُن کی اس بات پر ہوئی کہ کسی طرح سے علوم و
فنون میں کمال حاصل کرنا چاہیے چنانچہ علم کی تلاش میں وہ چترکوٹ میں جو کہ ایک جنگل آٹھ میل
کے نواحلہ پر چترکوٹ سے ہے چلے گئے۔ (چترکوٹ ایک پہاڑ مغرب الہ آباد کے ہے)

اور اُن دنوں میں رکیشر لوگ بڑے بڑے فاضل و عالم ضدا رسیدہ شخص اُس جنگل میں اللہ تعالیٰ کی یاد میں رہا کرتے تھے وہاں جاکر والمیکی جی مہاراج نے ایک رکیشر سے علم حاصل کیا اور نہایت کمال حاصل کیا لیکن مدت تحصیل علم بخوبی تحقیق نہیں ہے۔ بعد تحصیل کے وہ اُسی جنگل میں رہا کرتے اور یاد حق اور تحصیل علوم فلسفہ میں مشغول رہتے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کس زمانہ سے والمیکی جی نے اشعار تصنیف کرنے شروع کیے لیکن اُن کی استعداد فن شاعری میں بہت کامل تھی۔ جب مہاراج رامچندر سامی نے راون دانی لنکا یعنی سیلون پر فتح پائی اور واپس واسطے لینے راج اجودھیا کے آئے تو تمام رکیشر واسطے مبارکبادی کے گئے۔ اُس وقت میں مہاراج والمیکی جی بھی تشریف لے گئے رامچندر مہاراج کے پاس لے گئے۔ کہتے ہیں کہ سیتا جی نبیلہ رام چندر سامی نے وقت بن باس یعنی جلا وطنی میں بیچ جنگل نیب ین کے والمیکی جی مہاراج کے گھر کو بھیج دیا اور خرچ یہ ہم کو نہیں معلوم کہ یہ رکیشر کب مرے اور کس سال میں اُن کی زندگی کا انجام ہوا۔ اُن کی تصنیفات میں سے نہایت مشہور اور پاک کتاب رامائن ہے۔ ان خدا رسیدہ کا حال بہت دلچسپ اور بڑا ہے لیکن چونکہ ہمارا مطلب اس چھوٹے سے رسالہ میں صرف مختصراً انھیں حالات کا مین کا ہے اسی واسطے ان ہی چند سطور پر قناعت کی"۔

مولانا غلام امام شہید

حالات آپ شاہ غلام محی کے بیٹے تھے اور قصبہ امیٹھی ضلع لکھنؤ کے رہنے والے تھے ہندوستان کے نامور شاعر، مداح نبی اور عاشق رسول کے لقب سے مشہور تھے۔ نظم میں تعلیل اور تصحفی کے شاگرد تھے۔ علوم متداولہ کی تحصیل مولوی حیدر علی صاحب کی خدمت میں کی تھی۔ فارسی زبان خوب جانتے تھے اور فارسی نظم و نثر میں آغا سید اسمٰعیل مازندرانی کے شاگرد تھے۔ سرکار نظام سے چار سو تیس روپیہ سال بلا شرط خدمت مقرر تھے۔ جو آخر وقت تک اُن کو ملتے رہے۔ آپ کے

آباؤ اجداد سب گوشہ نشین اور قناعت گزین تھے۔ لکھنؤ کے اطراف میں اور آگرہ، مراد آباد، رامپور حیدرآباد اور الہ آباد میں آپ کے بہت مرید تھے۔ سر سالار جنگ بہادر سابق مدار المہام ریاست حیدرآباد دکن، نواب کلب علی خاں رئیس رامپور، سعید عالم خاں رئیس سورت اور اکثر رؤسا و امرا آپ کی بڑی عزت کرتے تھے۔ پیرانہ سالی میں آپ نے انتقال کیا۔ آپ کا تخلص شہید ہے۔ افسوس ہے کہ آپ کی تاریخ ولادت و تاریخ وفات معلوم نہیں ہوئی۔

اُردو نظم اور نثر نگین، جیسا کہ اُس زمانے کا رواج تھا اچھی لکھتے تھے۔ کلام اپنا کبھی جمع نہیں کیا۔ مجموعۂ میلاد شریف اور انشائے بہار بیخزاں اور قصائد و غزلیات کا ایک مجموعہ آپ سے یادگار ہے۔

ذیل میں بطور نمونہ ایک قطعہ تہنیت و تعزیت آمیز اور تاج گنج کے روضے کی تعریف درج کرتا ہوں۔ ناظرین آپ کی انشا پردازی کا اندازہ اس نمونہ سے خود کر سکیں گے۔ ع

حاجت مشاطہ نیست روئے دلارام را

قطعۂ تہنیت و تعزیت آمیز

مجموعۂ انشائے شیریں زبانی، دیباچۂ کتاب سخن معانی زا دخشتہ۔ قلم بعد تشریح مراتب اشتیاق و آرزومندی کے تعزیت کے مضمون سے آنسو بھی بہاتا ہے اور کچھ خوشی میں آکر مبارکباد کا مضمون بھی زبان پر لاتا ہے۔ زمانے میں خوشی و غم دونوں کا چولی اور دامن کا ساتھ ہے اور دنیا میں دھوپ چھاؤں کی طرح شادی کے ہاتھ میں ماتم کا ہاتھ ہے۔ دو پھول ایک ہی شاخ میں پھولتے ہیں۔ ایک دولہا دولہن کے سہرے کے کام آتا ہے۔ دوسرا میت کی تربت پر چڑھایا جاتا ہے۔ دو موتی ایک سیپ میں پیدا ہوتے ہیں، ایک بادشاہ کے تاج میں لگاتے ہیں، دوسرے کو کھرل میں پیسکر دوا میں ملاتے ہیں۔ ایک بی کا فورت دوشمعیں بنتی ہیں، ایک محفل سرور کے کام آتی ہے، دوسری مُردے کے مزار پر جلائی جاتی ہے۔ چمن میں کلی اگر کھل کھلا کر ہنستی ہے، شبنم بے اختیار اُس کے ہنسنے پر روتی ہے جس باغ میں خزاں ہو وہاں بہار رہی ہے اور جہاں گل ہو وہاں خار بھی ہے، بادام کے پوستا

اور مغز کو دیکھیے کہ نرمی اور سختی ایک ہی جگہ نمود ہے۔ برف کو سوچیے تو گرمی اور سردی اُس کے ساتھ ہی موجود ہے۔ سرخی اور زردی گُلِ رعنا کی دلیل ہے۔ تقدیر نے اگر صبح کو لباسِ سفید خوشی کا پہنایا تو شام کے واسطے جامہ سیاہ ماتی بنایا۔ حاصل یہ کہ آپ کے والدِ ماجد نے عین عید کے دن انتقال فرمایا۔ گویا اسی گردشِ لیل و نہار کی خزاں و بہار کا تماشا دکھایا۔ اور اس غم نے جتنا رُلایا تھا آپ کی شادی نے اتنا ہی ہنسایا۔ اس فسوس میں آسمان جو ماتی لباس پہنے نظر آیا تو شفق کی سُرخی نے وہیں خوشی کا رنگ بھی دکھایا۔ رنج میں دو ہتڑ جو پہلے منھ پر مارا، تو پھر خوشی میں دہی دونوں ہاتھ اُٹھا کر یوں دعا مانگی کہ خدا اُس مرحوم کو جنت نصیب کرے اور آپ سلامت رہیں اور شادی مبارک ہو۔ بندہ بھی ادائے رسمِ فاتحہ خوانی و شرکت محفلِ شادمانی کے واسطے ضرور حاضر ہوگا زیادہ والسلام۔

تاج گنج کے روضے کی تعریف

آج قلم کا دماغ پھولوں کی خوشبو سے معطر ہے۔ کاغذ کا صفحہ آنکھ کی سفیدی کی طرح منور ہے۔ نظر کا ڈورا، رگِ گل کی طرح رنگین ہے۔ نگاہ کا رشتہ گلدستہ کے مانند بہاریں ہے کس واسطے؟ کہ مجھے ایک باغ اور مکان کی صفت لکھنی منظور ہے جس کی سیر سے چشم مردم میں نور ہے اُسکے صحن اور دالان میں خدا کی قدرت کا گل کھلا ہے چمن اور میدان میں صانع کی صنعت کا تماشا ہے وہ کون مکان؟ اور کیسا گلستان؟ جو شاہجہاں ایسے بادشاہِ عالیجاہ کا قیام گاہ ہے۔ کون قصر؟ اور کیسا ایوان؟ جو جنابِ عالیہ بادشاہ بیگم کا آرامگاہ ہے جس جگہ یہ دونوں آفتاب ماہتاب سوتے ہیں۔ چاند اور سورج دن رات اُس زمین کے نثار ہوتے ہیں۔ تاج بی بی کا روضہ جہان میں مشہور ہے اور ہر چمن اُس کا جنت کی خوشبو سے معمور ہے۔ اکبر آباد کیا بلکہ سارے ہندوستان کو اس مکان سے عزت ہوئی ہے۔ ہندوستان کیا بلکہ تمام روئے زمین کو اُس سے زینت ہوئی ہے۔ اس چمن کی ہوا نے جو کلیوں کی بو باس سے خیال کے دماغ کو معطر کر دیا تو باغ کی فضا نے دامن نظر کو گلچیں کے دامن کی طرح پھولوں سے بھر دیا۔

سبحان اللہ! کیا روضہ ہے! کہ رضوان جس کے لطف و لطافت سے راضی و خوشنود ہے
بارک اللہ کیا باغ ہے جس بہشت کی ہر نعمت موجود ہے۔ سورج اس باغ کا ایک زردآلو ہے۔ چاند اس
چمن کا گل شبو ہے۔ پہلے دروازے کی بلندی دیکھئے کہ جو آسمان گردن اور سر اُٹھائے تو اُسکو
آفتاب کی پگڑی سنبھالنی دشوار ہو جائے۔ دونوں بازو کے سرے سے محراب کی چوٹی تک کلمہ مجید
کا سورہ چوسیہ قلم سے جو لکھا ہے عقل اس طلسمات سے حیران ہے کہ ہر حرف جیسا نزدیک سے
نظر آتا ہے ویسا ہی دور سے دکھائی دیتا ہے۔ اس فن کے ماہر نظافت سے دیکھیں کہ یہ بات
کیسی مشکل و دشوار تھی کہ یہ کام ہے۔ مشک سرخ پر مشک سیاہ کی پتلے کاری کیے یا کھیت
کی سفیدی پر تیتریوں کی سیاہی کی نقاشی حرف ہیں یا کافور کے تودے پر مشک کے دانے پڑے
ہیں۔ لفظ ہیں یا ہیرے کی تختی پر نیلم کے نگینے جڑے ہیں۔ آسمان کی طرف تعجب کا ہاتھ
اُٹھائے ہے کہ یہ ضم دیکھیے۔ اور اس بارگاہ کے ساتھ جس کی ڈیوڑھی ورودم دیکھیے محراب کا
خم ابرو سے اشارہ کر رہا ہے کہ اندر جا کر ذرا بہار کا عالم دیکھیے۔ نہیں نہیں بھولی ہوئی مجھ سے
بلکہ محراب کا اشارہ یہ ہے کہ پہلے حواس کو یہاں طاق پر رکھ جائیے تب آگے قدم بڑھائیے۔ پس
جو اِدھر چوکھٹ لانگنے کی عزیمت ہوئی تو اُدھر عقل اور حکمت رخصت ہوئی۔ سیر سے سیر ہو کر تو
نگاہ کے ہاتھ ہے لیکن حیرت یہاں ہر قدم کے ساتھ ہے۔ سب کے پہلے ہمارے علم دار پڑی شوکت
اور شان کے ساتھ نظر پڑتے ہیں۔ یعنی دو رویہ سرو کے درخت نیک بخت جوان کی طرح حسن کے
جوبن سے اکڑتے ہیں۔ زمرد کے جھاڑ کی تو کیا حقیقت ہے؟ جو اس کے ساتھ تشبیہ دوں ہمگر
ہاں لکھوں تو یوں لکھوں کہ اچھے اچھے سبز پوش ہر قطار میں کھڑے ہو کر ناز و انداز سے انگڑائیاں
لے رہے ہیں۔ یا غلمان بہشت سے آکر آسمان کو اس باغ کی خوبیوں کی خبر دے رہے ہیں۔ نشو و نما
جو ہر چیز کو بڑھاتی ہے شاید سرو ہی کے لباس میں کمر بستہ یہاں آتی ہے۔ یا آب و ہوا کی
لطافت سے سرو کے پودے میں آپ ہی بڑھی جاتی ہے۔ دونوں قطار کے درمیان جو ایک
حوض زمرد دور و طویل ہے گویا فی سبیل اللہ سبیل ہے۔ صاف پانی سے بھرا ہوا ہے آئینہ

ہر سرو کے مقابل ایک ایک فوارہ چھوٹ رہا ہے۔ اُدھر سرو نے زمرد کے فوارہ کا نقشہ اُڑا لیا اِدھر پانی کے فوارے نے بیرے کو پانی کر کے بہا دیا۔ بعد اسکے ایک مربع حوض جو بہت مختصر ہے نہایت خوبصورت اور خوشنما ہے۔ آئینہ اُسے دیکھ حیرت میں آتا ہے۔ نگاہ کا قدم چپکا جاتا ہے بہشت کی ہُما کا خزانہ ہے۔ آئینہ کا ملک کا بھی نہ ہے۔ بلکہ آئینہ میں یہ روانی کہاں؟ اور وہ موجوں کی سلسلہ جنبانی کہاں؟ پانی اُس کا دودھ سے زیادہ مصفا ہے۔ برف سے زیادہ ٹھنڈا ہے۔ چونہ چونہ شیر بہشت ہو جائے تو وہ ہے۔ پتھر جو بخ در بہشت بن جائے تو بجا ہے۔ چاروں طرف سے فوارے چھوٹتے ہیں گویا آسمان سے تارے ٹوٹتے ہیں۔ پانی کی زمین سے پانی کا درخت نکلنا اور پانی کے پھل پھول سے پھولنا پھلنا خدا کی قدرت ہے۔ آئینے کے پتے سے موج کا کھڑے ہو کر ہلنا اور ہوا کے ساتھ زور کر کے اچھلنا عجب حکمت ہے۔ عقل نے جب فکر کے دریا میں غوطہ لگایا تو یہ موتی لے آئی۔ اُدھر حوض کے واقع ہونے کا سبب یوں سمجھیں آیا کہ نگاہ پہلے اُس میں نہا کر پاک ہو لے تب روضے کے طواف کی آرزو کرے۔ اور ناطقہ پہلے اسکے پانی سے کلیاں کر کے منہ صاف کرے۔ تب ہما کی صفت میں گفتگو کرے۔ اس حوض کی یاد میں دریا کی پیاس بجھ گئی ہے۔ سینے میں آگ بھڑکتی ہے جوش کھا کر دیکھنے آتا ہے مگر دیدار سے سرد کر کے پھر جاتا ہے۔ جس طرف آنکھ اُٹھائیے اور جدھر خیال دوڑائیے۔ بیلا، چنبیلی، موگرا، موتیا، چنپا، جوہی، کیتکی، کیوڑا، گلاب، سدا بہار، گیندا، دانہ دی گل عباس، گل مہندی، نارنجو، گل حنا، گل فرنگ، گل چاندنی، شبو، کلغا، سیوتی، دوپہری سورج مکھی، لالہ ناقرمان، سوسن، ہزار زبان، نرگس حیران، قسم قسم رنگ برنگ کے پھول پھول رہے ہیں۔ پیارے سہانے درختوں پر صبح شام کی دھوپ چھاؤں کا عالم، پتوں پر شبنم کی طراوت اور نم، ڈالیوں پر چڑیوں کا غل، پریوں کی آپس میں چھیڑ چہل، اور جوانوں کے غول، منجولیوں کی ہنسی اور ٹھٹھول۔ کہیں گل کے قہقہے، کہیں بلبل کے چہچہے ہیں۔ موسم اُدھر شور کرتا ہے۔ اِدھر مستوں کا جنون زور کرتا ہے۔ کوئل وہاں کوک اُٹھتی ہے۔ سینہ میں یہاں ہوک اُٹھتی ہے۔ پپیہا جو اُدھر بولا۔ پی کہاں، تو یہاں جان میں جی کہاں؟ تیتر کی اُدھر نے طور پر اُدھر ہے اِدھر

حیات کے جامہ کی اُدھیڑبُن ہے، طوطی کی جو بات ہے گویا نبات ہے، مینا کو شیریں کلامی سے
کام ہے نا کامی کا کام ہی تمام ہے۔ جگنوں کا چمکنا۔ باغ کا مہکنا۔ دونوں وقت کا ملنا۔ شبنم کا
لہکنا۔ سنبل کا بال بکھیرنا۔ مچھلیوں کا حوض میں تیرنا۔ ہوا کا چلنا۔ دل کا مچلنا۔ سبزی کا لہلہانا
چڑیوں کا چہچہانا۔ شفق کا پھولنا۔ گلزارِ خیال کا تماشا دکھاتا ہے۔ یہ سماں دیکھکر کوئی پھول سا پھولا نہیں
سماتا، کوئی بوٹے گل کی صورت گریبان پھاڑ کر نکلا جاتا ہے۔ بیلا بے لاگ دل کو کھینچتا ہے چنبیلی کی
البیلی وضع پر روح شیدا ہے۔ مہندی کی مٹھیوں پر چاندنی لوٹ پوٹ ہے۔ سبکی ہار سے چاند کے
جگر میں داغ اور دل پر چوٹ ہے، لالہ لعل سے بہتر۔ سبزہ زمرد کو جھکا کیا۔ یوں کے کھلے کی
ہری دوب کا شانی مخمل سے زیادہ خوب و مرغوب۔ درختوں کے تھالے ہیں یا دودھ کے بھرے ہوئے
پیالے ہیں۔ آبشار ہے یا اُمنڈتی ہوئی بدلی ہے۔ پانی کی چادر پر چھینٹ دنگا ہے۔ تلمل کے پھول کا
یادگار ہے۔ تیر کی جوانی انگیلیوں کی چال ہو تو دل کیونکر نہ یا ل ہو؟ ماہتاب سر کے ساتھ
ہم آغوش ہے۔ یہ کوئی جوان سبز رنگ باد لہ پوش ہے۔ کلغی [illegible] کمروں پر لوٹتا ہے رستے
کے رشک سے زمرد کا کھاتا ہے۔ یہ لالے تیرے داغ کے پرکالے ہیں جس کے دیکھنے سے جینے
کے لالے پڑتے ہیں۔ دل ہی دل میں داغ بڑھتے ہیں۔ چاندنی نے سبزے میں کیمیت کیا ہے یا سبز
مخمل پر شبنم کرتے چھڑک دیا ہے۔ کلغی کو قلم کر کے ایسا ہرا بھرا کیا ہے کہ اسکے پتے اور پھولوں سے گویا
سبز اور سُرخ بوٹیوں کا غالیچہ بچھا دیا ہے۔ مولسری کی بھینی بھینی خوشبو تو صبا کو اسی کی جستجو ہے۔
یہ ہار سنگھار کی کلکاریاں ہیں یا آگ کی چنگاریاں ہیں۔ ہیر جھڑیاں ہنستی ہیں۔ یا یاقوت کا خون
بہہ چلا۔ لالہ زار چمن میں کھلا۔ یا چنار سے شعلہ نکل پڑا۔ اگر آب و ہوا کی لطافت یہی ہے تو موتی صدف
سے نکل کر کلیوں کا روپ دکھلائیگا اور مچھلی کا کانٹا سرسبز ہو جائیگا۔ میوے کا نام زبان پر آیا اور
حلاوت کے منہ میں پانی بھر آیا۔ کوئل۔ سنگترہ۔ نارنگی۔ چکوترہ۔ نارنگی۔ [illegible] شکتا تو
[illegible] سیب۔ بھی۔ انگور۔ انناس۔ ناشپاتی۔ کیلا۔ بیر۔ مکرکہ۔ شریفہ۔ لیچی۔ ٹیچلی۔ [illegible]
[illegible] جامن۔ پھلینا۔ [illegible] شہتوت۔ پونا۔ کھرن۔ کوئی پھل ایسا نہیں [illegible] باغ میں نہ ہوتا ہو

اور ساگ ترکاری سے لیکر جڑی بوٹی تک کوئی ایسی شے نہیں جسے باغبان نہ بوتا ہو کہیں کوئے سنگترے سے چمن کا چمن آگ بھبوکا ہو گیا۔ کہیں فالسے کی رنگت سے زمین کا دامن اودا ہو گیا۔ سیب سے آسیب کی زحمت دفع ہو جاتی ہے۔ یہی بدن میں فربہی لاتی ہے۔ ناشپاتی سے روح راحت پاتی ہے۔ الہٰی نے خلق کے منہ یا قطاں اور موتیوں سے بھر دیے۔ نازنینوں کے دانت کھٹے کر دیے۔ اونے میوہ ہماں کا اخروٹ ہے جس پر ستاروں کا دل لوٹ پوٹ ہے۔ آسمان دان رات سنہری طرح تاک جھانک میں رہا۔ تب انگور کی بیٹی سے ایک خوشہ پروین کا کچا سے بھاگا۔ غرض یا وصف اس پختہ کاری کے کب تک پہنچ سکا۔ کیلا یہاں ایک ایک گود میں ہزار ہزار پلتا ہے۔ ماہ نو یہاں آسمان پر انکیلا نکلتا ہے۔ اس زمین کا گزخربزہ یا سربوا ہے پوست میں مغز کا بھرا ہے۔ ہندوانہ مرغ روح کا آشیانہ ہے جس میں ایک ہی جگہ پر موجود آب و دانہ ہے۔ شکوت شاہ عالم کا قوت۔ انجیر بالکل شکر و شیر۔ امرود حلوائے بے دود۔ دانہ انار نینوں کے ہونٹوں پر مہر خاموشی ہے۔ کہ میرے سامنے شیرینی کا دعوے کاش کوئی ہے۔ درات قلم کی زبان چوٹی ہے۔ گویا مینگنی پھٹ گیا۔ قلم کا غذ کو چاٹتا ہے۔ آپ چیونٹا بنا اور آسکو مصری بنایا، مالی کو الیاں سروں پر لیے جا بجا کھڑے ہیں۔ انعام کے لیے لڑے ہیں۔ کوئی میووں کا بار لاتا ہے۔ کوئی گلدستہ دور سے دکھاتا ہے۔ پھر جو روضۂ نظر آیا تو وہ سماں آنکھوں میں سمایا کہ نہ دیدنے خواب کی آنکھوں سے کبھی دیکھا نہ شنیدنے خیال کے کانوں سے کہیں سنا۔ الہٰی یہ روضہ ہے یا خلد بریں۔ آسمان ہے یا زمین۔ سنہرا کلس ہے یا سورج کی کرن۔ گنبد ہے یا نور کا خرمن۔ قیرستان ہے یا روضۂ رضوان۔ مکان ہے یا جواہر کی کان۔ جو پتھر ہے جواہرات سے بہتر ہے۔ صبح نے مرمر کے ایسی صفائی پائی۔ تب سنگ مرمر کی صورت بنائی۔ سنگ مولے کو شعلۂ تجلی نے طور پر جلایا۔ تب اس درگاہ کے صحن میں آیا۔ کلس کا سایہ دریا میں ایسا رہتا ہے جیسا برج آبی میں آفتاب۔ حوض میں چاند ایسا نظر آتا ہے جیسا دریا میں حباب۔ دیوار میں منہ نظر آتا ہے گویا آئینہ ہے۔ جلی کیا ہوا

گلبند سے دماغ تازہ ہوتا ہے گویا قرابہ ہے گلاب سے بھرا ہوا۔ صبح کی طباشیر استرکاری کے صرف میں لائی گئی، جو اب تک وہی نور کا عالم دکھاتی ہے۔ رات کا مشک اور شفق کی زعفران پیسکر گارے میں ملائی گئی جو آجتک وہی خوشبو دماغ میں آتی ہے۔ آفتاب کے ترنج کا عرق نچوڑ کر مہتاب کے پیالے میں موتی کی آب سے ملایا تھا جو چونے میں یہ نور اور ایسی صفائی ہے بہشت کے کافور کو شفق کے ساتھ آفتاب کی کھرل میں پیسکر صبح کے دامن میں چھانا تھا جو رنگ نے یہ آب و تاب پائی ہے۔ جالیوں کی نزاکت میں عقل کام نہیں کرتی کہ پتھر کو موم کر کے بال کا قلم پا کر دیا۔ یا خیال کا جالا تھیکر نگاہ کی نوک سے جیسا چاہا کام بنا لیا۔ ہر ایک جالی میں وہ ملاحت ہے کہ دیکھنے میں پتھر کی حالت ہے۔ کاغذ کی دھلی پر حرفوں کا ابھار پن تو معلوم بھی ہوتا ہے۔ یہاں پتھر پر پتھر کی پچی کاری کا نہ جوڑ نظر آتا ہے نہ پیوند اور نہ جوڑ کہیں سے پست ہے نہ بلند۔ بس کر شہید بس کر۔ اب لکھنے کی مست ہوس کر +

خان بہادر منشی غلام غوث بیخبر

حالات آپ کا نام منشی غلام غوث ہے اور بیخبر تخلص ہے۔ آپ کے مورث اعلیٰ سلطان زین العابدین شاہ کشمیر کے رہنے والے تھے اور حکومت خلیہ میں ان کے بزرگ عہدہ ہائے قضائے کشمیر پر مامور ہوئے۔ ان کے والد خواجہ حضور اللہ ترک وطن کر کے تبت چلے گئے، وہاں سے ریاست نیپال میں آئے اور وہیں اقامت اختیار کر لی۔ چنانچہ بیخبر ۱۲۴۶ھ ہجری میں وہیں پیدا ہوئے ان کی چار برس کی عمر تھی کہ والد و نانا کو گردش زمانہ نے پھر ترک وطن پر مجبور کیا اور اس مرتبہ بنارس میں طرح اقامت ڈالی۔ یہیں سن شعور کو پہنچے اور تعلیم کا سلسلہ تکمیل کو پہنچا۔ ۱۸۴۶ء میں ملازمت کا سلسلہ شروع ہوا اور اپنے خالو خان بہادر مولوی سید محمد خاں میر منشی نواب لفٹنٹ گورنر انخلاع شمال و مغرب کے نائب مقرر ہوئے۔ انہیں ایام میں لارڈ ایلن برا نے گوالیار پر چڑھائی

کی تو یہ گورنر جنرل کے منشی خانہ میں منسلک ہو کر شریک مہم ہوئے اور جنگ کے خاتمہ پر بہ صلۂ کارگزاری خلعت پایا۔ پھر کئی سال بعد اپنے خالو کی بجائے میر منشی مقرر ہوئے اور ۱۸۸۵ء تک برابر اس عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے اور حکام میں اعلیٰ درجہ کا اعتبار اور وقار حاصل کیا۔ غدر ۱۸۵۷ء میں سند وخلعت ہفت پارچہ مرحمت ہوا۔ آپ کو ملکۂ معظمہ کے خطاب شاہی اختیار کرنے پر تمغۂ قیصری ملا۔ ۱۸۸۵ء میں ۴۸ سال کی ملازمت کے بعد آپ نے پنشن لی۔ اور خطاب خان بہادر ذوالقدر سے مخاطب کیے گئے۔

شاعری اور انشا پردازی میں آپ کو ایک امتیازی درجہ حاصل تھا۔ اور آپ کے تعلقات مرزا غالب مرحوم سے دوستانہ تھے۔ آپ کی تصنیفیں خونابۂ جگر اور فغانِ بیخبر آپ سے یادگار ہیں۔ آپ نے پیرانہ سالی میں ۱۹۰۵ء میں انتقال فرمایا۔

مرزا غالب کے خطوط ہمیاں مرزا غالب کے وہ خط جو خواجہ غلام غوث بیخبر کے نام لکھے گئے تھے نقل کرتے ہیں:۔

"قبلہ کبھی آپ کو یہ بھی خیال آتا ہے کہ کوئی ہمارا دوست جو غالب کہلاتا ہے وہ کیا کھاتا پیتا ہے؟ اور کیونکر جیتا ہے؟ پنشن قدیم ایسٹ انڈیا کمپنی سے بند اور میں سادہ دل فتح جدید کا آرزو مند۔ اس پنشن کا احاطہ پنجاب کے حکام پر مدار ہے تو ان کا یہ شیوہ اور یہ شعار ہے کہ نہ روپے دیتے ہیں نہ جواب نہ مہربانی کرتے ہیں نہ عتاب خیر اس سے قطع نظر کی۔ اب سنئے ادھر کی ۱۸۵۶ء سے بموجب تحریر وزیر عطیۂ شاہی کا امیدوار ہوں۔ تقاضا کرتے ہوئے شرماؤں۔ اگر گنہگار ہوں گنہگار ٹھہرتا تو گولی یا پھانسی سے مرتا۔ اس بات پر کہ میں بے گناہ ہوں مقید اور مقتول نہ ہونے سے آپ اپنا گواہ ہوں۔ پیشگاہ گورنمنٹ کلکتہ میں جب کوئی کاغذ بھیجا یا قلم بیف سکرٹر اس کا جواب پایا ہے۔ اب کی بار دو کتابیں بھیجیں۔ ایک پیشکش گورنمنٹ اور ایک نذر شاہی۔ نہ اسکے قبول کی اطلاع۔ نہ اسکے ارسال سے آگاہی ہے۔ جناب سر ولیم میور صاحب بہادر نے بھی عنایت نہ فرمائی۔ ان کی بھی کوئی تحریر مجھکو نہ آئی۔ یہ سب ایک طرف، اب

خبریں مختلف۔ کہتے ہیں کہ چیف سکرٹر بہادر لفٹنٹ گورنر ہوئے۔ یہ کوئی نہیں کہتا کہ اُن کی جگہ کونسے صاحب عالی شان چیف سکرٹر ہوئے۔ مشہور ہے کہ جناب ولیم میور صاحب صدر بورڈ میں تشریف لے گئے۔ یہ کوئی نہیں بتاتا کہ لفٹنٹ گورنری کے سکرٹری کا کام کس کو دے گئے۔ آپ کا حال کوئی نہیں کہتا کہ آپ کہاں ہیں؟ ہاں اس روئے قیاس جانتا ہوں کہ آپ اسی منصب اور اسی دفتر میں شاد و خنداں ہیں جو آپ لفٹنٹی کے سکرٹری ہوئے تھے اُن سے علاقہ رہتا ہوگا۔ میور صاحب بہادر سے رکاہے کو ملتا ہوگا۔ لفٹنٹ گورنری اور صدر بورڈ یہ دونوں محکمے الہ آباد آ گئے یا آئینگے؟ بہرحال آپ الہ آباد کیوں آگرہ کو جائینگے؟ نواب گورنر جنرل بہادر کی روانگی کی بھی خبر میں اختلاف ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ ۲۰ جنوری کو گئے۔ کوئی کہتا ہے فروری میں کوچ فرمائینگے۔ میں نے دوسرے بھی بعد دو پوچھ لیا۔ ہر طرح اپنی قسمت کو رو رہا تھا۔ مگر یہ چاہتا ہوں کہ حقیقت واقعی پر کما حقہ اطلاع حاصل ہو۔ تاکہ تسلی خاطر و تسکین دل ہو۔ اگر ان مطالب کا جواب زبانی بلکہ مفصل، مدلل بلکہ بعد مرحمت یا کہیے گا تو کوئی مجھکو مول لے لیجیے گا۔ زیادہ اس سے کیا لکھوں۔ فقط

پایان شب سیہ سپید است ۔۔۔ در تو میدی بسے امید است

تتمہ! آج آپ کی خوشی و خوشودی کے واسطے اپنی روداد لکھتا ہوں۔ ۱۸۶۶ء میں لارڈ صاحب بہادر نے میرٹھ میں دربار کیا۔ صاحب کمشنر بہادر دہلی دہلی کو ساتھ لیگئے میں نے کہا کہ میں بھی چلوں؟ فرمایا کہ نہیں "جب شکر بیٹھے، دلی آیا۔ میں موافق پیغام دستور کے روز دربار شکر خیمہ میں گیا۔ میر منشی صاحب سے ملا۔ ان کے خیمہ میں سے اپنے نام کا لفٹ صاحب سکرٹر بہادر کے پاس بھیجا۔ جواب آیا کہ ہم غدر کے دنوں میں بادشاہ باغی کی خوشامد کیا کرتے تھے۔ اب گورنمنٹ کو تم سے ملنا منظور نہیں" میں گدائے بیسرم۔ اس حکم پر ممنوع نہ ہوا۔ جب لارڈ صاحب بہادر کلکتہ پہنچے میں نے قصیدہ حسب معمول قدیم بھیج دیا۔ جس کے واپس آیا کہ "اب یہ چیز ہمارے پاس نہ بھیجا کرو"۔ میں مایوس مطلق ہو کر

بیٹھ رہا۔ اور حکام شہر سے ملنا ترک کیا اور آخر ماہ گزشتہ یعنی فروری ۱۸۶۲ء میں نواب لفٹنٹ گورنر نجیاب دلی آئے۔ اہالی شہر صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر و صاحب کمشنر بہادر کے پاس دوڑے اور اپنے نام لکھوائے۔ میں تو بیگانہ محض اور مطرود حکام تھا جگہ سے نہ ہلا کسی سے نہ ملا۔ دربار ہوا۔ ہر ایک کامگار ہوا۔ شنبہ ۸ فروری کو آوازہ منشی من پھول سنگھ صاحب کے خیمہ میں چلا گیا۔ اپنے نام کا ٹکٹ صاحب سکرٹری بہادر کے پاس بھیجا۔ بلا لیا۔ مہربان پاکر نواب صاحب کی ملازمت کی استدعا کی۔ وہ بھی حاصل ہوئی دو حاکم جلیل القدر کی دو عنایتیں کیں۔ میرے تقصیروں بھی نہ تھیں۔ جملہ معترضہ یہ منشی لفٹنٹ گورنری سے سابقہ معرفت نہ تھا۔ وہ بطریق تسلی طلب پرسے کو آئے ہوئے تو میں گیا۔ جب دیکھا کہ مجھ سے استدعا کچھ بے تکلف ملے تو میں قیاس کر سکتا ہوں کہ میرے ذمہ کی طرف سے حسن خلق باپا سکے حکام ہونا چاہیے روداد یہ ہے کہ دوشنبہ ۱۰ مارچ کو صاحب کمشنر بہادر کی طرف سے آدمی آیا۔ آخر روز میں اپنے شفیق قدیم جناب مولوی امداد حسین خاں صاحب بہادر کے ساتھ گیا۔ اثنائے گفتگو میں فرمایا کہ "تمہارا دربار و خلعت بدستور بحال و برقرار ہے" میں نے پوچھا "حضرت! کیونکر؟" حضرت نے کہا کہ "حاکم جاں نے ولایت سے آکر تمہارے علاقہ کے سب کاغذ انگریزی و فارسی دیکھے اور اجلاس کونسل حکم لکھ دیا کہ اسد اللہ خاں کا دربار اور منصب اور خلعت بدستور بحال و برقرار رہے" میں نے پوچھا کہ "حضرت! یہ امر کس اصل پر قرار پایا ہے؟" فرمایا کہ "ہمکو کچھ معلوم نہیں، بس اتنا جانتے ہیں کہ "یہ حکم دفتر میں لکھوا کر وہ دن یا یہ دن بعد ادھر کو روانہ ہونے ہیں" میں نے کہا "سبحان اللہ!" **شعر**

کارسازِ ما بفکر کارِ ما ۔۔۔ فکرِ ما در کارِ ما آزارِ ما

شنبہ ۳ مارچ کو بارہ بجے نواب لفٹنٹ گورنر بہادر نے مجھکو بلایا خلعت عطا کیا اور فرمایا کہ "لارڈ صاحب بہادر کے یہاں دربار خلعت بھی بحال ہے۔ اب چلے جاؤ گے تو دربار خلعت پاؤ گے" عرض کیا گیا کہ "حضور کے قدم دیکھے خلعت پایا۔ لارڈ صاحب بہادر کا حکم سن لیا"

میں نہال ہوگیا۔ اب یہاں سے کہاں جاؤں؟ جیتا رہا تو اور دربار میں کامیاب ہو رہوں گا"

شعر

کار دنیا کسے تمام نہ کرد ہرچہ گیرید مختصر گیرید

یہ تیجہ کی انشا پردازی اب منشی غلام غوث بیخبر کی انشا پردازی کا نمونہ ہدیۂ ناظرین ہے۔

صبح

"رات آخر ہوئی۔ صبح صادق کا جلوہ نظر آنے لگا۔ ستارے جو رات کی تاریکی میں چمک دمک دکھا رہے تھے اپنی روشنی کو پھیکی دیکھکر شرمائے اور آہستہ آہستہ غائب ہوئے۔ جیسے چور نور کا تڑکا ہوتے ہی اپنے اپنے ٹھکانے کو بھاگتے ہیں۔ شب کی سیاہی کا رنگ اڑا۔ مشرقی اُفق پر سفیدی نمودار ہوئی۔ گویا محبوب صبح نے رات کے سیاہ گھنے ہوئے بالوں کو چہرے سے سمیٹ لیا اور اُس کی نورانی پیشانی نظر آنے لگی۔ نسیم سحری معشوقوں کی طرح خوش خرامی کرتی ہوئی چلی۔ نرم نرم شاخیں درختوں کی، مستوں کے مانند جھومنے لگیں۔ جانوروں نے چہچہانا شروع کیا باغ میں غنچے کھلنے لگے جیسے نیند سے کوئی آنکھ کھولے۔ دریا میں بھی تیلیاں پڑیں۔ کاتبِ قدرت نے قلم شعاع سے زر نگار کرنے کے لیے صفحۂ آب پر سطر کیا۔ شاہی نوبت خانے کے کوس دہل کی آواز بلند ہوئی۔ اُسکی سُریلی آواز سے لوگ نیند سے چونکے اور اپنے اپنے کام سے لگے۔ میکدہ کا دروازہ کھلا۔ مغبچوں نے صحن میخانہ کی رفت وروب کی۔ بیرنج نے صراحی اور ساغر سنبھالا۔ میکشوں نے شب کے خمار کی سرگرانی دفع کرنے کی غرض سے صبوحی کی فکر میں اُس طرف کی راہ لی۔ اُدھر مرغ نے اذان دی۔ اِدھر موذن بھی اپنے دڑبے سے نکل صحن مسجد میں آ کھڑا ہوا۔ اُس کے گلے سے گلا ملانے لگا۔

یہ سنکر رات بھر کے جاگے ہوئے عابد انگڑائیاں لیکر تجاوہ پر سے اُٹھے۔ جُبّہ اور عمامہ سنبھال عصا ہاتھ میں لے مسجد کی راہ ناپنے چلے۔ تکیہ میں گھنٹے اور ناقوس بجے۔ برہمنوں نے پھول اور سیندور بتوں پر چڑھا کر جیو وی جھن گانا شروع کیا۔ صنم پرستوں نے

سجدۂ بت کے لیے آمادہ ہو کر بیت الصنم کا ارادہ کیا۔

دوپہر

"دوپہر کا وقت ہوا۔ آفتاب عین الراس پر آیا۔ زمین تپنے لگی۔ پاؤں رکھتے ہوئے خوف آتا تھا کہ جیسے نہ پڑیں۔ بیٹھے ہوئے ہی ڈر تھا کہ سانس کی گرمی سے لب پر تبخالے نہ پڑیں۔ آسمان سے وہ آتشباری ہونے لگی کہ ہوا نے شعلہ جوالہ کی صورت پیدا کی۔ تھا کہ کے ذروں سے چنگاریوں سے ہیبت ہوئی۔ جانوروں سے ڈرے۔ ڈرنا موقوف کیا کہ ہم جلکر کباب نہ ہو۔ زمین کی وہ سختی سے سکتہ کی حالت ہو گئی کہ دھوپ کی گرمی سے پگھل کر آب نہ ہو۔ دوکانداروں نے دوکانوں کے ٹٹیے لگا دیے اور اس کی آڑ میں بیٹھے لوگوں کا گھروں سے نکلنا چلنا پھرنا بند ہوا۔ بازاریں سنسان ہو گئیں۔ دن نے رات کا سناٹا پیدا کیا۔ تمام شہر خموشاں کا نقشہ بن گیا۔ چوپائے سائے میں کھڑے ہو کر ہانپنے لگے۔ ہر درخت شکل چنار ہو گیا۔ دھوپ کی تابش سے معلوم ہوتا تھا کہ کھڑا جل رہا ہے۔ گھاس مرجھا کر زمین سے ایسی لپٹ گئی جیسے کسی نے کاٹ کاٹ کے ڈالدی ہو۔ ہوا کا یہ حال گرم ہو گیا کہ سجدوں پر تمام لوں کا گمان ہونے لگا۔ مؤذنوں سے چوکی نہ جاتی۔ عابد بھی عبادت چھوڑ کر قیلولہ کی سنت ادا کرنے کے بہانے سے سایہ دار جگہ میں بیٹھ رہے۔ برہمن بتخانے کے کونے میں خاموش ہو کر بیٹھا۔ بت بن گیا۔ سنکھ نے منہ میں رکھ کے ٹھنڈا کیا ہوا تھا۔ ٹھنڈا نہ ہوا۔ مٹکے پر پیالہ اوندھا دیا۔ مزدوروں نے اپنے گھروں میں گھاس کی ٹٹیاں لگائیں۔ مٹی کی صراحیوں پر کپڑا بھگو کے لپیٹ دیا۔ مسجدوں نے بتخانوں میں آرام فرمایا۔ پنکھوں کی ٹٹیاں جھیرکی جانے لگیں۔ نرائی پنکھے کھنچنے لگے۔ جس کی جو شہ تھی ہوا کے جھولوں پر جھولنے کا یقین آنے لگا۔ صراحیاں برف میں لگا دی گئیں۔ شربت کی ٹھنڈیاں جمائی گئیں۔"

رات

"رات کا وقت ہوا۔ عجب پیارا وقت ہے رات کی آمد کی تعریف۔ مغربی گوشہ سے

تاریکی کا جوش ہوا۔ جیسے پہاڑ کے غار سے سیاہ ابر اُمنڈے۔ آفتاب دن کا تماشا ختم ہونے سے ایسا اُداس ہوا کہ منھ پر زردی چھا گئی۔ بادلِ ناخواستہ مغرب کو چلا، لیلائے لیل نے شرم کے آفتاب جاتے ہوئے اُسے دیکھ نہ لے، سیاہ نقاب مُنھ پر ڈالا۔ ہوا جو دن بھر زور سے چل رہی تھی، دھیمی ہوئی اور تھکے ہوئے مسافر کی طرح آہستہ آہستہ چلنے لگی، درختوں کے پتوں نے کھڑکھڑانا، دریا کے پانی نے لہرانا موقوف کیا، پالے ہوئے جانور جو دن کو چرائی کے صحرا میں کلیل کر رہے تھے، اُن کو زندان خانہ نصیب ہوا۔ جنگلی جانوروں نے درختوں کے سایہ اور پہاڑ کے غاروں میں پناہ لی۔ طیور نے فضائے آسمان سے مُنھ موڑ کر کسی نے اپنے آشیانے کو رُخ کیا، کسی نے درخت پر بسیرا لیا۔ مسجدوں میں قندیلیں روشن ہوئیں۔ تبکدوں میں سانجھی دی گئی، میخانوں میں خُم نے مئے اور ساغر نے گردش سے ثوابت و سیار کے نقشے دکھائے۔ قدح نے ماہ تمام کا کام کیا، وہ روشنی پھیلائی کہ وہاں اندھیرا ہونے نہ دیا۔ آسمان پر ستاروں نے چراغاں کر دیا۔ چراغوں نے اپنی روشنی سے زمین کو آسمان بنا دیا۔ مسافر دن بھر کے تھکے سرایوں میں آ پڑے۔ اُن کی دن بھر کی تھکاوٹ آخر روز کا اضطراب کہ راہ میں رات ہو جائے منزل پر پہنچنے کی جلدی، سرائے میں ناجنسوں کی ہمسائگی، بھٹیاروں کی زیرداری، گھر کا دھیان، اہل و عیال کا خیال، وطن کی یاد، یارانِ وطن کا تصور، دل کی شکستگی ایک قیامت تھی۔ اس مزے کو وہی جانتا ہے جس نے کبھی اپنی صبحِ وطن کو شامِ غربت سے بدلا ہے"

"شہید کی انشائے بہارِ بے خزاں کی تقریظ"

"مردمِ دیدہ آج گھر بیٹھے بہشت کی سیر کرتے ہیں۔ اللہ اللہ صفحۂ قرطاس پر کیا جوشِ بہارِ معانی ہے! تارِ نگاہ میں بے تکلف موتی پروئے جاتے ہیں واہ وا! کلکِ گہربار کی کیا درفشانی ہے! سبحان اللہ! یہ کیسی انشا ہے؟ جس کے دیکھنے سے یہ لطف اُٹھتا ہے۔ کتاب ہے یا گلزارِ بے خزاں؟ جس صفحہ کو دیکھیے حاشیہ فردوس کی روشوں پر حاشیہ لکھتا ہے، جدول کے خطوں پر سلسبیل اور کوثر کا جی پانی پانی ہوتا ہے۔ سطر ہر سنبلستان ہیں، الفاظ گلستان ہیں، حرف

کی کششوں پر سرو اور شمشاد کا یقین ہوتا ہے، دائروں سے نرگستان آنکھوں کے تلے پھر جاتا ہے حرفوں کی سیاہی سے کاغذ کی سفیدی وہ کیفیت دکھاتی ہے، گویا درختوں سے جاذنی نے کھیت کیا ہے، کاغذ کی سفیدی پر حرفوں کی سیاہی کی وہ بہار نظر آتی ہے، جیسے صحنِ باغ پر بادل چھا رہا ہے۔ وہاں قوتِ نامیہ سے درخت ہر سال پھولتے پھلتے ہیں یہاں فکرِ درّاکہ سے جب دیکھیے نقراتِ برجستہ سے معانیِ تازہ نکلتے ہیں مجموعہ ہے یا گنجِ شائگاں۔ ہر باب میں ایسے ایسے بے بہا جواہرِ حکمت کے بھرے ہیں کہ جسے دیکھ کے جوہریِ عقل کی عقل چکراتی ہے۔ ہر فصل میں اتنے نقدِ کامل عیارِ دانش کے انبار دھرے ہیں کہ مقدارِ اُسکی صیرفیِ ذہن کے ذہن میں نہیں آتی۔ یہ وہ جوہر ہے جس کے رکھنے کو حلقۂ چشمِ دُرجک تو بکا ہے اور یہ وہ نقد ہے جس کے پرکھنے کو سویدائے دل محک ہو تو زیبا ہے۔ شہرِ علم کے مفلسوں کو صلائے عام ہے کہ اس کی سیر کو آنکھیں کھولیں، دامنِ نگاہ میں موتی رولیں، دیارِ دانش کے ناداروں کو اجازتِ تام ہے کہ اس گنجینہ کے دیکھنے کو آئیں، جتنا حوصلہ ہو اُٹھائیں۔ خالی ہاتھ نہ جائیں، کتاب ایسی کیوں نہ ہو جب مصنف اس کا وہ ہے جسکی فصاحت نے سحبان کے مُنھ میں قبر کی مٹی سے خاک بھری اور جس کی جادو بیانی نے سحرِ بابل کی قدر مٹی کی۔ یعنی فاضلِ بے بدل، عالمِ عدیم المثل، منشیِ اعجاز نگار، شاعرِ سحر گفتار مولانا غلام امام شہید جن کا ثانی فضل و کمال میں نہ دیدہ ہے نہ شنیدہ۔ تحریرِ عربی سے اُن کی اعشیٰ اور جریر کی بیٹھ قبر میں نہ لگی تھی۔ نثرِ فارسی سے ظہوری اور طغرا خوابِ عدم میں چین سے نہ سوئے تھے شعر نے انوری کو بے نور، خاقانی کو ٹکڑ گدا کر دیا تھا۔ اب اُن کی اُردو سے سودا کی روح کو سودا ہوگا، میر اپنا مرنا غنیمت جانیگا، ہوس کو پہلے ہی خوب سوجھی جو یہ تخلص اختیار کیا یعنی در پردہ معذرت چاہی کہ میں تو ہوس کرتا ہوں، کمال خی اودسی کا ہے۔ سوز کو بھی اُن کی خبر پہنچ گئی تھی کہ آتش رشک سے جلکر یہ تخلص اپنے حسبِ حال رکھا۔ ناسخ اب ہوتا تو منصفی سے تخلص اپنا منسوخ مشہور کرتا، آتش نہ مرتا تو کیسا کیسا جلتا؟ اُنکی اس شر نے رتبہ نظم کا کھویا، اُستادوں کا سفینہ

دریا میں ڈبو دیا۔ پتہ تو وہی ہے کہ اُن کی حیثیت اور اُردو نویسی زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اسپر بھی اگر تقدّمِ طبیعت کے لیے اِدھر کچھ میں کرتے تو ایسی لکھتے کہ اُن کی اُردو کے سامنے **علامی** اپنی انشا سے خط غلامی لکھتا۔ ہمارا دانش کی بہار پر خزاں کا وقت آجاتا۔ سہ **مثنوی** کو لوگ چھپا ڈالتے طغرا کی تحریر کو خطِ باطل کی طرح مٹا ڈالتے۔ پر اس سے مجبور ہوئے کہ فرہنگ شعر عاری کی تھی گو اُنہیں اُس سے عار تھا۔ پر حکم ماننا ناچار تھا لیکن لوٹ جانے کی جا ہے کہ اس سادگی میں سیکڑوں طرحداری کا مزا بھرا ہے۔ اپنے تئیں دیکھ کو کچھ نہ لکھا ہو پر کیسا کچھ لکھا ہے، اگر انصاف کیجیے تو ایسی کتاب اُردو میں آج تک کوئی نہیں ہوئی اُردو کو رتبہ فارسی کا بخشا ہے۔ اُردو نویسوں کو سامان انشا پردازی کا عطا کیا ہے۔ اس کی بدولت ہر ایک اُردو نویس اب ایسا منشی بیکتا ہے کہ فارسی اُستادوں کو اُن کے آگے سکتا ہے۔ ان میں سے کب کوئی دیبا لکھ سکتا ہے بلکہ یہ کتاب اُردو نویسوں ہی کے حق میں مفید مطلب نہیں ہے۔ ہر ایک قاعدہ اس کا فارسی دانوں کے حق میں بھی اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مصنف نے جو اس کتاب کی تصنیف میں محنت کی تکلیف دی ہے اس سے اغیار فرمائی۔ میری زبان میں کیا تاب ہے کہ اس کا شکر ادا کروں۔ یہ تقریظ تو کیا اگر دفتر کے دفتر لکھوں، ایک حرف ادا نہ ہو۔ اس لیے دعا پر ختم کرتا ہوں۔ الٰہی! جب تک معنی سخن میں اور سخن حرفوں میں، حرف خط میں اور خط جانِ کتاب میں ہو دانشمندوں کا قوتِ خیال اس کتاب کا ایک باب ہو یہ دعا حیز قبول کی تکیا ب ہو۔

تقریظ کیا ہے بالکل قصیدۂ مدحیہ ہے۔ تعریف کرنا اور خوبیاں دکھانا قابلِ اعتراض نہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ زمین آسمان کے قلابے تو ملا دیے جاتے ہیں مگر اتنا بھی نہیں لکھا جاتا کہ اس کتاب میں کیا کیا مضامین درج ہیں اور مصنف نے کس سلیقے سے قلم اُٹھایا ہے۔ کیا کیا خاص خوبیاں ہیں۔ کیا کیا جدتیں طرز تحریر میں ہیں۔ یہ تقریظ اتنے سے بہار پر ہے خاص اس کے لیے مخصوص نہیں اگر کتاب کا نام اور مصنف کا نام بدل دیا جائے تو ہر کتاب کے لیے موزوں ہو سکتی ہے۔ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ اس زمانہ میں کتاب کا رواج نہ تھا تو تعریف ہی تعریف مقصود بالذات تھی

تو ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ ہمارے ان بزرگوں کو محض تعریف کرنا بھی نہیں آتا تھا۔ وہی قصائد سحبان اور سحبان اور سحبان ملا ظہوری کی تشبیہ زبان پر چڑھی ہوئی تھی اور وہی مستعمل اور مستدل الفاظ و فقرات قلم سے نکلتے تھے۔ دراصل ان لوگوں کی نظر بالکل سطحی تھی اور ژرف نگاہی معدوم تھی۔ ہاں اس دستور کے مصنفین میں مرزا غالب اس عیب سے بری ہیں۔ اُن کے خطوط دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی کتاب کی تقریظ میں مصنف کی ضرورت سے زیادہ تعریف نہ کرتے تھے منشی ہرگوپال تفتہ نے جن سے مرزا غالب کو بیحد یگانگت اور محبت تھی اور اکثر اُن کو مرزا تفتہ لکھتے اور بولتے تھے اپنی کسی کتاب کی تقریظ کے متعلق مرزا غالب کو تکاضا لکھا کہ آپ نے تقریظ کیوں نہ لکھی یعنی مطابقہ فرمودہ اُس وقت اپنے روزگار کا تھا آپ نے اُسکی تقلید نہ کی تو مرزا صاحب جواب میں لکھتے ہیں:-

"واللہ باللہ اگر کسی شاہزادے یا امیرزادے کے دیوان کا دیباچہ لکھتا تو اُسکی مدح اتنی نہ کرتا کہ جتنی تمہاری مدح کی ہے۔ تم کو اور ہماری روش کو اگر پہچانتے تو اتنی مدح کو بہت جانتے۔ قصہ مختصر تمہاری خاطر کی اور ایک فقرہ تمہارے نام کا بدلکر اُس کے عوض ایک فقرہ اور لکھدیا ہے۔ اس سے زیادہ بھٹی میری روش نہیں" (دیکھو حالات مرزا غالب)

خط مولانا غلام امام شہید کے نام

"قبلہ میری شوخی دیکھیے اس وقت کو آئینہ دیکھتا ہوں، خورشید کو روشنی کی حکایت سناتا ہوں۔ گلزار میں پھول لے جاتا ہوں، ختن میں مشک بھیجتا ہوں۔ دریا کے سامنے روانی کے معانی بیان کر رہا ہوں، چاند کے روبرو نورافشانی کا معاملہ حل کرتا ہوں۔ لعل کے حضور میں رنگ کی دکان کھولتا ہوں۔ قند کے مواجہ میں شیرینی تولتا ہوں۔ مسیحا سے کہتا ہوں جاں بخشی کی روایت سنیے۔ موسیٰ سے تمنا کرتا ہوں کہ یدبیضا کی چمک دیکھیے یعنی حضرت کا دیوان مرتب کر کے آپ کے حضور میں پیش کرتا ہوں۔ میرے لیے اُس کے دیباچہ لکھنے کا ارادہ کرنا ایسا تھا جیسے ایک فقیر شاہی خزانوں کے اہتمام کا قصد کرے۔ ایک شیشہ گر جیرا تراشنے کی آرزو

میں مرے - اندھا چاہے کہ قدرت کے نظارہ سے حظ اُٹھائے، گونگا چاہے کہ فصاحت کا سکہ بٹھائے - مگر چونکہ غلبۂ شوق میں تمیز باقی نہیں رہتی، یہ خیال نہیں ہوتا کہ میں کیا ہوں اور کیا کرتا ہوں، دیباچہ بھی لکھ ڈالا، وہ اُسکے قابل تو کاہے کو ہے، آپ کے دیوان پر میرا دیباچہ ایسا ہے جیسے موتی کی لڑی میں سنگریزہ کا آویزہ لگا ہو یا زربفت کے قبا میں چھینٹ کا حاشیہ ٹکا ہو - مانی کی تصویر کے گرد ایک نوشتہ لکیریں بنا دے - سحبان کے کلام کی ایک ابجد خواں شرح لکھا دے مگر اس نظر سے کہ ہر چیز اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہے بدصورت کے مقابلہ میں حسین کے حسن کو اور رونق ہوتی ہے، شب تار میں شمع کی روشنی زیادہ ضیا دیتی ہے - کہاری پانی پینے کے بعد قند کے شربت میں اور ہی مزا آتا ہے صبح نوروزی کے بعد باغ کا لطف کہا نہیں جاتا ہے - خاطر مشکل پسند، پسند کرلے تو ہو سکتا ہے - بیشک دیکھنے والوں کو اس کی بُرائی اُس کی خوبی زیادہ دکھا دیگی - ستارہ دیکھ کے جو چاند دیکھے اُسے روشنی زیادہ نظر آئیگی - میری خوش طالعی ہے اگر یہ قبول ہو - اُس کے لیے شرف ہے اگر دیوان میں داخل ہونے کی عزت اُسے حصول ہو "

منشی عبدالکریم

آپ کا مولد و منشا، شہر لکھنؤ ہے - آپ جس وقت کلکتہ میں عہدۂ میر منشی گری دفتر فارسی نواب گورنر جنرل بہادر سے ممتاز تھے، اُس وقت آپنے مشہور کتاب **الف لیلہ** کے ترجمہ کا قصد کیا لیکن اصل عربی کتاب میسر نہ آنے سے کچھ دنوں کے لیے یہ ارادہ ملتوی کرنا پڑا آخر پنشن لینے کے بعد آپ نے ۱۸۴۵ء میں انگریزی ترجمہ سے اُردو میں ترجمہ کیا جو ۱۸۴۶ء میں ختم ہو کر چھپا - بعد ازاں ۲۲ سال بعد ۱۲۹۵ھ ہجری میں بفرمائش مطبع نولکشور مطبع نظامی میں یہ الف لیلہ کا اُردو ترجمہ طبع ہوا - اور مترجم نے اس مرتبہ عمدہ عمدہ تصاویر الف لیلہ انگریزی

مطبوعۂ لندن سے لیکر ہر محل اور موقع پر شامل کیں تاکہ شائقین کی دلچسپی اور مسرت کا باعث ہو ہمارے پیش نظر اس وقت مطبع مصطفائی کا نپور کا چھپا ہوا نسخہ ہے جو ۱۲۹۵ھ میں مطبوع ہوا ہے۔ آپ کا سن ولادت و وفات معلوم نہیں ہوا لیکن ۱۲۹۵ھ ہجری تک یقیناً آپ زندہ تھے۔

آپ کا انداز تحریر عبارت آرائی اور رنگینی سے پاک ہے۔ اگرچہ مرزا رجب علی بیگ سرور کی مشہور کتاب فسانۂ عجائب شہرت عام و بقائے دوام کے دربار میں جگہ پا چکی تھی مگر چونکہ آپ کا زیادہ تر تعلق کلکتہ سے رہا اور آپ نے یہ کتاب اس غرض سے ترجمہ کی تھی کہ صاحبان عالی شان کو پسند آئے اور مدارس سرکار میں رواج پائے اس لیئے آپ نے دور اول کے ان مصنفین کی تقلید کی جن کا تعلق فورٹ ولیم کالج کلکتہ سے تھا اور سرور کی تقلید سے آزاد رہے، چنانچہ آپ نے صاف صاف، سیدھی سادی عبارت میں ترجمہ کیا اور مقفیٰ و مسجع عبارت سے پرہیز کیا۔

ہم آپ کے دیباچہ سے بطور نمونہ کچھ عبارت نقل کرتے ہیں اور یہی طرز آپ کی کتاب الف لیلہ میں ہر جگہ پایا جاتا ہے۔

"جس طرح مطالعۂ کتب تواریخ سے عجائب و غرائب واردات اور حال سلاطین ماضیہ دانشمندوں کو موجب بصیرت کا ہر ایک امر میں ہوتا ہے اسی طرح کتب قصص اور حکایات سے کہ عاقلوں نے ہر ایک زبان میں واسطے تجربے اور تفریح خاص و عام کے تالیف کی ہیں، ہر ایک کو فوائد کثیر حاصل ہوتے ہیں خصوصاً مبتدیوں کو کہ قصد زباندانی کا رکھتے ہیں۔ ایسی کتابوں سے مہارت لکھنے اور پڑھنے اور بول چال کی ہو جاتی ہے اور راقم اثیم کو ..... ابتدائے شعور سے کمال شوق دیکھنے کتابوں قصے کہانی کا تھا اور سب قصوں میں قصہ الف لیلہ کی زیادہ رہتی تھی اور وہ عربی میں الف لیلۃ ولیلۃ یعنی ایک ہزار ایک رات ہے، ..... وہ کتاب سوا دو سو رات کے کہ جس کو شیخ احمد عرب یمنی شروانی نے

واسطے پڑھانے صاحبان عالیشان کالج کلکتہ کے بکمال تلاش و سعی سے منگوا کر چھپوایا تھا میسر نہ آئی آخر کار جب راقم بسبب شدت امراض کے بعد تقرر پنشن بیت السلطنت لکھنؤ میں کہ مولد اپنا ہے خانہ نشین ہوا وہ نسخہ تمام و کمال انگریزی زبان میں مع تصویرات بہم پہنچا۔ راقم نے اُسکو اول سے آخر تک بسبب سہولت ادا سمجھنے انگریزی کے دیکھا۔ از بسکہ قصے دلچسپ تھے دو برس تک اُسکا ترجمہ کرتا رہا اور ۱۲۷۵ ہجری میں تمام کیا۔ شہر میں شہرہ ہوا اکثر لوگوں نے منگوا کر نقل اُس کی لی، کمتر مسودہ راقم کے گھر رہا دست بدست پھرا کیا۔ چنانچہ پانچ سات جز تلف ہوئے۔ راقم کو اُس کے لکھنے میں دوبارہ تکلیف کرنا پڑی، اور طلب کرنے احباب سے نہایت تنگ آیا جس کو نہ دیتا وہ خفا ہوتا اور دینے میں اپنی کتاب سے بیٹھ دھوتا۔ آخر کو خیال ہوا کہ یہ کتاب چھپ جائے۔ سب کی آسانی اور راقم بھی ایک ایک نسخہ اُسکا عزیزوں اور دوستوں کو بانٹے۔ فقط اسی واسطے راقم نے حسب طرح ہو سکا بیچ عہد معدلت مہد پادشاہ جمجاہ، خاقان زماں ابوالظفر مصلح الدین محمد امجد علی شاہ بادشاہ غازی ملک اودھ خلد اللہ ملکہ اور وزارت دستگاہ اعظم، نواب امین الدولہ عماد الملک امداد حسین خاں بہادر ذوالفقار جنگ دام اقبالہ کے چھپوایا اور سنہ ہجری طبع اس کتاب کے ۱۲۶۳ھ اور عیسوی ۱۸۴۶ء ہیں .....

منشی امیر احمد مینائی

ولادت اور خاندان آپ شاہ نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ کے عہد میں ۱۶ شعبان ۱۲۴۴ھ ہجری روز دوشنبہ بمقام لکھنؤ پیدا ہوئے۔ آپ کا پشتی سلسلہ بہت ہی قریب حضرت مخدوم شاہ مینا صاحب نور اللہ مرقدہ سے ملتا ہے جس کا مزار مقدس لکھنؤ میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جناب امیر کے نام کے ساتھ مینائی لکھا اور بولا جاتا ہے۔ آپ مولوی کرم محمد مغفور کے خلف اکبر ہیں۔

آپ کا تذکرہ اس دَور میں کیوں کیا گیا

چونکہ آپ نے حیدرآباد دکن میں ۱۹ جمادی الآخر ۱۳۱۸ھ ہجری مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو رحلت فرمائی ہے، اس لیے آپ کا ذکرِ خیر تیسرے دور کے مصنفین کے ساتھ ساتھ ہونا چاہیے تھا لیکن آپ کی کتاب انتخابِ یادگار جس کا انتخاب ہم آگے چلکر ہدیۂ ناظرین کرینگے بلحاظ زبان مرزا رجب علی بیگ سرور کی فسانۂ عجائب سے ملتی جلتی ہے اس لیے ہم نے یہ مناسب خیال کیا کہ آپ کے حالاتِ زندگی اسی طبقہ کے مصنفین کے ساتھ بیان کیے جائیں۔ علاوہ ازیں تیسرے دور کے مصنفین اس اعلےٰ پایہ کے ہیں کہ ایک یا دو کتابیں کے مؤلف کو اُن صدر نشینانِ بزمِ اُردو کے ہم پلّہ جگہ نہیں دی گئی اور نہ دی جاسکتی تھی۔ نواب محسن الملک۔ مولوی سید کرامت حسین۔ مولوی عزیز مرزا وغیرہم اُن بزرگوں کے حاشیہ نشین ہیں حالانکہ قابلیت کے لحاظ سے یہ لوگ بھی کچھ اُن سے کم نہ تھے خصوصاً مولوی سیّد کرامت حسین کا درجہ بلحاظ علمیت اُن میں سے اکثر سے فائق و برتر ہے اور اُن کی کتاب افرادِ کاسبہ اُن کی علمیت اور حکمت کی بیّن دلیل ہے۔ نیز آپ کی دو کتابیں ارشاد السلطان اور ہدایت السلطان۔ فسانۂ عجائب کے کچھ ہی بعد کی تصنیف ہیں اور آپ بلا تکلّف دوسرے دور کے مصنفین کے ساتھ پہلو بہ پہلو جگہ پا سکتے ہیں۔

عادات و خصائل

آپ کو صرف خاندانی فضیلت ہی حاصل نہ تھی بلکہ اپنی ذات سے خود بھی صاحبِ زہد و تقوےٰ۔ صوفی مشرب۔ خدا پرست۔ درویش صفت منکسر المزاج آدمی تھے۔ خاندان چشتیہ صابریہ کے سجادہ نشین حضرت امیر شاہ صاحب سے بیعت رکھتے تھے اور بعد میں خرقۂ خلافت سے بھی سرفراز ہوئے تھے۔

تعلیم

آپ کی تعلیم قدیم دارالعلوم فرنگی محل لکھنؤ میں ہوئی تھی۔ فہم سلیم اور ذہانتِ فطری کی امداد سے عربی و فارسی میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ اس کے علاوہ طب، جفر، نجوم وغیرہ میں بھی اچھی معلومات تھیں، اور شاعری میں تو آپ مسلّم الثبوت اُستاد

تسلیم کیے گئے ہیں۔ اس فن میں آپ کو منشی مظفر علی خاں اسیر سے تلمذ تھا۔ الغرض آپ کا ابتدائی زمانہ تحصیل علوم و فنون ہی میں بسر ہوا۔

واجد علی شاہ کے دربار میں باریابی

۱۲۶۹ھ ہجری میں آپ کو سلطانِ عالم واجد علی شاہ اختر کے دربار میں باریابی ہوگئی اور حسب الحکم سلطانی دو کتابیں ارشاد السلطان اور ہدایت السلطان تصنیف کیں جن کے جلد دو میں خلعتِ فاخرہ اور انعام عطا ہوا۔ اور اُسی وقت سے آپ کی شہرت کا زمانہ شروع ہوا۔ اسی اثنا میں اودھ کا الحاق ہوگیا اور چند روز آپ خانہ نشین رہے۔

رامپور کی طلبی اور مستقل سکونت

بعد ازاں ۱۲۷۵ھ ہجری میں آپ کی معجز بیانی کا شہرہ سُنکر فردوس مکاں نواب محمد یوسف علی خاں بہادر ناظم تخلص نے طلب فرمایا۔ اُس وقت سے آپ کی مستقل سکونت بجائے لکھنؤ، رامپور ہوگئی۔ ریاست کی طرف سے عدالتِ دیوانی کے ایک رکن ہوگئے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب کہ دہلی اور لکھنؤ کے تمام اہلِ کمال نواب صاحب کی قدر دانی و قدر افزائی کے سبب یہیں آکر جمع ہوگئے اور جن میں سے اکثر آخر وقت تک وہیں رہے۔

نواب فردوس مکاں کے انتقال کے بعد ۱۲۸۷ھ ہجری میں نواب تحمل آستیاں کلب علیخاں بہادر کا عہدِ حکومت آیا، اُردو شاعری کو اور بھی فروغ ہوا۔ یہ وقت جناب اسیر مینائی کے آفتابِ اقبال و کمال کے عروج کا تھا۔ یہاں تک کہ حضرت اسیر کو نواب کی اُستادی کا فخر حاصل ہوا۔ اُس وقت رامپور میں مرزا داغ، اسیر، حیا، منیر، بحر، زکی، قلق، عروج، جلال، شائل، تسلی، رسا وغیرہ کا جمگھٹا تھا اور کبھی کبھی حضرت غالب بھی دہلی سے تشریف لاکر اس یادگار بزم کو اپنی صدارت سے اعزاز بخشتے تھے۔

تصنیف و تالیف

آپ کی تصانیف اکثر شائع ہوگئیں اور بعض مستور ہیں۔ ایک اُردو دیوان موسوم بہ غیرتِ بہارستان جو اس زمانہ میں مکمل و مرتب ہوگیا تھا ایام غدر کی دست برد کی نذر ہوا و تقریباً جو اشعار یاد آتے گئے وہ دوسرے مسودے میں درج ہوتے گئے جسکا کچھ حصہ دیوانِ منتخب

میں ملکر شائع ہوا۔ غدر کے بعد دوسرا دیوان موسوم بہ مراۃ الغیب جو در اصل پہلا دیوان سمجھا جاتا ہے نعتیہ دیوان اور مولود شریف کے ساتھ چھپا۔ ۱۸۹۱ء میں دوسرا عاشقانہ دیوان موسوم بہ صنم خانۂ عشق چھپا۔ تذکرۂ شعرائے رامپور معروف بہ انتخاب یادگار جو نواب کلب علیخاں کی فرمائش سے لکھا گیا تھا ۱۲۹۰ھ ہجری میں شائع ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے ایک اور قابل قدر تالیف یعنی فرہنگ زبان اردو معروف بہ امیر اللغات کا سلسلہ اخیر زمانہ نواب کلب علی خاں میں شروع کیا، جسکا باقاعدہ کام نواب مشتاق علیخاں کے عہد تک جاری رہا۔ اس فرہنگ میں آپ نے اردو زبان کے تمام لغات اختلافی وغیر اختلافی ومحاورات نہایت محققانہ اصول سے لکھنے شروع کیے تھے مگر افسوس کہ یہ تالیف ناتمام رہی اور صرف دو جلدیں جنمیں الف ممدودہ اور مقصورہ کے الفاظ ہیں شائع ہوئی تھیں کہ آپ کا جام حیات لبریز ہو گیا۔ حضرت امیر کے بعض خطوط بھی شائع ہو گئے ہیں جنمیں اکثر مقامات پر لطف زبان کے ساتھ ساتھ طرز ادائے بیان نہایت دلکش اور بے ساختہ ہے۔

سیاحت حیدرآباد دکن اور وفات

اس لغت کی تکمیل کے خیال سے آپکو سیاحت حیدرآباد دکن کا شوق دامنگیر ہوا چنانچہ اپنے دوست نواب فصیح الملک مرزا داغ کی تحریک اور توسل سے بنارس میں حضور نظام نواب محبوب علی خاں کی تشریف آوری کے موقع پر آپ کو باریابی کا اعزاز حاصل ہوا، اور قصیدۂ تہنیت کے پیش کرنے کا بھی موقع ملا۔ پھر اگلے سال ۱۳۱۸ھ ہجری میں رامپور کو خیرباد کہکر چند روز بھوپال میں قیام فرمایا۔ اور ۱۰ جمادی الاول کو آپ حیدرآباد پہنچے۔ آپکے صاحبزادے منشی لطیف احمد اختر اور جناب جلیل اس سفر میں آپکے ہمرکاب تھے۔ نواب فصیح الملک نے نہایت تجلیل ومحبت سے استقبال کرکے اپنا مہمان کیا۔ مگر افسوس صد افسوس کہ یہ سفر اس نہ آیا اور وہاں پہنچتے ہی بیمار ہوئے کہ پھر نہ سنبھلے۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار اور مرزا داغ اور دیگر احباب شبانہ روز آپکی تیمارداری میں مصروف رہے بلکہ مہاراجہ سرکشن پرشاد پنشکار وزیر بھی کئی مرتبہ مزاج پرسی کے لیے آئے مگر کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی اور روز بروز حالت گرتی گئی کم و بیش ایک مہینہ کی علالت کے بعد ۱۹ جمادی الآخر ۱۳۱۸ھ ہجری مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو رنگ اے عالم باقی ہوئے، اور وہیں مدفون ہوئے ؎

افسوس تجھکو رحم نہ آیا کچھ اے اجل ۔۔۔ مارا کہاں امیر غریب الدیار کو

اولاد آپ نے چار لڑکے یادگار چھوڑے منشی محمد احمد محمود قمر منشی ممتاز احمد آرزو۔ منشی مسعود احمد ضمیر اور منشی لطیف احمد اختر۔

مکان میں آتشزدگی سُنا ہے کہ ۱۸۹۹ء میں جناب امیر کے مسکونہ مکان میں اتفاقیہ آگ لگ گئی تھی اور آپکی بعض تصنیفات نذرِ آتش ہوگئیں۔ اس سے زیادہ افسوس اس امر کا ہے کہ بعض تصنیفات ابتک شائع ہونیکا موقع نہیں ملا۔ اگرچہ وہ اُن کے صاحبزادوں کے پاس بطور ترکہ موجود ہیں۔

انتخاب یادگار جیسا کہ پیشتر ذکر ہو چکا ہے آپنے ایک تذکرہ اُن شاعروں کا لکھا ہے جو ریاست رامپور کے متوسل رہے، اس تذکرہ کا نام انتخاب یادگار ہے اور یہ نام تاریخی بھی ہے ۱۲۹۰ھ میں یہ کتاب طبع ہوئی ہے جسکے یہ معنی ہیں کہ اس کتاب کو تحریر ہوئے ۵۱ سال سے زائد ہو گئے زبان، فسانۂ عجائب کی طرح مقفّٰی و مسجع ہے چونکہ امیر مینائی بھی لکھنؤ کے تھے اور اُس زمانہ کے لحاظ سے معمولی زبان میں جو روزمرہ تقریر کا ذریعہ تھی کوئی تحریر لکھنا زیادہ قابلِ تعریف نہ تھا۔ اگرچہ سرسید نے اپنی تحریرات سے لٹریچر میں انقلاب پیدا کر دیا تھا مگر بعض لوگ لکیر کے فقیر تھے اور اُنہیں قدامت پسندوں میں جناب امیر تھے۔ پس سرور کی تقلید سے امیر مرحوم کیلیے بھی آزاد ہونا مشکل ہوگیا۔ چنانچہ اُنہوں نے وہی طرز اپنی تالیف کا اختیار کیا جسکو ہم فسانۂ عجائب میں پاتے ہیں۔ چار سو دس شاعروں کا حال اِس کتاب میں قلمبند کیا گیا ہے اور اس میں ۴۷۵ صفحات ہیں جسنے حسبۂ مقام سے بطور نمونہ انتخاب کیا گیا ہے۔

"سنہ قلم پر شہسوارِ سخن کی تاکید ہے کہ میدانِ حمدِ الٰہی میں قدم اُٹھا، اور تیغِ زبان پر قوتِ ناطقہ کی تہدید ہے کہ اس معرکہ میں جو ہر دکھا۔ مگر یہ منزل ایسی کڑی ہے کہ دونوں کو مشکل پڑی ہے نہ اُسکا پاؤں نہ اس کا ہاتھ اُٹھ سکتا ہے۔ اس عجز کو دیکھکر عقل حیران ہے اور دل کو سکتہ ہے کہ تحریر و تقریر کا تو یہ حال کہ نہ قلم کو لکھنے کی تاب نہ زبان کو گویائی کی مجال پھر کیونکر وادیِ ناپیدا کنارِ حمد تمام ہو جسکی ذات کی بدایت صفات کی نہایت نہو۔ کس طرح اُسکی ستائش کا سرانجام ہو۔ اُسکا حق وہی باطن وہی ظاہر ہے۔ وہی اوّل ہے وہی آخر ہے، گفتگوئے بے سر و پا اُسکی ستائش کی گنجائش کہاں پائے، قطرے

میں دریا، ذرّے میں صحرا کینکر سمائے عجب بارگاہِ کبریائی ہے کہ وہاں رسائی کا طریقہ نارسائی ہے، انسان ہمت ہار دے اور اس بازی کو جیت لے۔ وادیِ معرفتِ الٰہی طے ہونیکی یہی سبیل ہے اَلْعَجْزُ عَنِ الدَّرْکِ اِدْرَاکٌ اسی پر دلیل ہے"۔ کہیں کہیں عبارت مقفّٰی و مسجّع بھی ہے مثلاً:-

"احمد تخلص سید یمین الدین احمد ولد سید معین الدین احمد سلسلہ ان کے نسب کا حضرت امام ربّانی شیخ مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز تک پہنچتا ہے، بارہ سو پینتالیس ہجری انکا سالِ ولادت ہے۔ ماہ ربیع الاوّل کی بارھویں تاریخ بارہ سو بیاسی ہجری زمانہ رحلت ہے۔ اس حساب سے ۳۷ برس کی عمر ہوئی، میاں احمد حسین راحت سے تلمذ تھا۔ سکندر نامہ زبانِ اُردو میں انکا موزوں کیا ہوا ملا۔ اس سے یہ کلام منتخب ہو کے لکھا گیا۔

اشعار سکندر نامہ

ہوا جبکہ تابندہ مہرِ منیر	صف آرا ہوا شاہِ گردوں سریر
جواں وہ جو تھے شیرِ صحرائے جنگ	چلے دشمنوں کی طرف بے درنگ
ملے دونوں لشکر بہم اس طرح	کہ سادن سے بھادوں ملے بسطح
کسی سمت تھے گرزۂ مشت فشاں	کہیں پارسینوں کے نوکِ سناں
کوئی نیمجاں تھا کوئی خستہ تن	میسر کسی کو نہ آیا کفن
پڑی لاش پہ لاش تھی اس قدر	کہ کشتوں کے پشتے ہوئے سربسر

معلوم ہوتا ہے یہ کتاب شائع نہیں ہوئی ورنہ ہم شاہنامۂ اُردو کی طرح سکندر نامۂ اُردو بھی بازار میں فروخت ہوتا ہوا دیکھتے۔ نہایت عمدہ اور صاف ترجمہ ہے، کاش یہ سکندر نامہ مرحوم کے وارثوں کے پاس محفوظ ہو اور وہ اسکی اشاعت کریں تو بہتر ہو۔

پھر وہی انداز ہے:-

"تسلیم شیخ امیر اللہ ابن مولوی عبدالصمد انصاری، ان کے بزرگوں کا وطن قدیم فیض آباد، مرزا محمد اصغر علی خاں نسیم دہلوی ان کے اُستاد، لکھنؤ میں نشو و نما پائی۔ حضور پرنور (یعنی نواب کلب علی خاں والیِ رامپور) دام ملکہم کی قدردانی یہاں کھینچ لائی۔ بارہ برس کی

عمر ہے، چار مثنویاں اور دو دیوان اُردو ان سے یادگار ہیں۔ یہ انکے منتخب اشعار ہیں :۔

مرزا غالب کا حال لکھتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں :۔

"معلومات اِنکی زبان فارسی میں کالشمس فی رابعۃ النہار آشکار ہے، نثر و نظم اُردو کی چار دانگ ہندوستان میں پکار ہے۔ تالیفات و تصنیفات کے نام یہاں لکھے جاتے ہیں۔ فارسی میں کلیات جس میں غزلیں ردیف وار ہیں اور قطعات اور قصائد اور رباعیات اور مثنویاں سب قسم کے اشعار ہیں۔ قادرنامہ جو خالق باری کی طرز پر موزوں کیا ہے مہر نیمروز اور ماہ نیم ماہ[1] یہ نثر میں دو تاریخیں ہیں۔ تاریخ اوّل میں شاہ تیمور سے ہمایوں تک حال لکھا ہے اور تاریخ ثانی میں عہد جلال الدین اکبر بادشاہ سے بہادر شاہ کے عہد تک احوال ضبط کیا ہے دستنبو جس میں غدر کے واقعات ہیں۔ قاطع بُرہان جس میں برہان قاطع کی بعض لغات پر خدشات ہیں۔ پنج آہنگ اس میں فارسی زبان کی منشارت ہیں۔ اُردو میں ایک دیوان اور اُردوئے معلی اور عود ہندی ان دونوں میں اُردو زبان کے خطوط ہیں۔ الحاصل مرزا صاحب کی طباعی اور ذکاوت ان کے نتائج افکار سے پیدا ہے، بات سے بات پیدا کرنا تمام کلام سے ہویدا ہے۔ اس سرکار فیض آثار کے نمکخوار قدیم ہیں۔ جناب غفران مآب نواب محمد یوسف علیخاں صاحب بہادر فردوس مکاں طاب ثراہ کو ان سے تلمذ ہے۔ اُس عہد میں بھی وظیفہ خوار رہے۔ بندگان ولی نعمت ابد اللہ ظلال اجلالہم کے عہد دولت میں بھی جب تک زندہ رہے مورد پرورش بے شمار رہے۔ ۷۰ برس کی عمر پائی۔ بارہ سو پچاسی ہجری میں ذیقعدہ کی دوسری تاریخ وفات پائی سلطان نظام الدین حضرت محبوب الٰہی قدس سرہ العزیز کی درگاہ میں دفن ہوئے۔ یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے جسکا ہر حرف لاجواب ہے"

---

[1] جناب امیر کو غلط معلوم ہوا کہ ماہ نیم ماہ بھی لکھی جا چکی ہے۔ مرزا غالب نے خود اپنے ایک خط میں لکھا ہے کہ اسکا نام ہی نام ہے۔ اور تاریخی واقعات لکھنے کی نوبت نہیں آئی (دیکھو حالات جناب میرزا غالب) ۱۲

انتخاب یادگار میں جس شاعر کا بھی کلام درج کیا گیا ہے وہ اُس کا نہایت عمدہ نمونہ ہے، اور یہ بھی التزام رکھا ہے کہ مذاقِ سخن سے نہ گرنے پائے۔ چنانچہ بعض شعراء کے کلام میں صرف ایک یا دو شعر ہی پسندِ خاطر ہو کر چھاپا گیا ہے۔

خاتمہ

اس دَور کے مصنفین کی تعداد بہت کم ہے لیکن پہلے دَور سے زبان کی عمدگی اور شستگی میں یہ دَور سبقت لے گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ پہلے دَور کی زبان سادہ اور عام فہم ہے اور اس دور میں قافیہ بندی کا بہت زور ہے۔ نئی نئی تراش اور خراش بھائی جاتی ہے، عبارت میں رنگینی بہت زیادہ ہے۔ فارسی کا تتبع بہت کچھ ہے۔ تاہم ہر شخص کا حوصلہ نہیں کہ اہلِ قلم بن جائے۔ اس دَور کے مصنفین اعلیٰ قابلیت کے لوگ ہیں اور سب کے سب فارسی اور عربی سے بہرہ وافی رکھتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔

آزاد آبِ حیات میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ ۱۸۴۳ء میں ایک دہلی کالج سوسائٹی قائم ہوئی، اور انگریزی سے اُردو میں بہت سی کتابیں اس سوسائٹی کے زیرِ اہتمام ترجمہ ہو کر شائع ہوئیں، اس سوسائٹی کا حال ہم کو کچھ نہ معلوم ہو سکا۔ لیکن اس دَور کے شروع میں جو فہرستِ کتب ہم نے دی ہے اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ضرور اس سوسائٹی کا وجود تھا اور ماسٹر رامچند رصاحب اس سوسائٹی کے رُکنِ اعظم تھے علاوہ ازیں جو کتابیں دہلی کی مطبوعہ ہیں وہ یقیناً اسی سوسائٹی کی طرف سے شائع ہوئی ہیں کیونکہ زیادہ تر درسی کتابیں ہیں جو طلبائے کالج کے لیے ترجمہ کی گئی ہیں، اور غالب خیال یہ ہے کہ اس سوسائٹی کے اثر سے تمام اطراف وجوانبِ ہندوستان میں انگریزی سے کتابیں ترجمہ ہونی شروع ہوئیں۔

جس طرح دورِ اوّل میں فورٹ ولیم کالج کے اثر سے ہندوستان میں اُردو نثر نویسی کا رواج ہوا اسی طرح اِس دَور میں دہلی سوسائٹی کے ترجموں کی تقلید دوسرے مقامات میں کی گئی چنانچہ آگرہ میں زیادہ اور دیگر شہروں مثل لکھنؤ بنارس اور کلکتہ میں کچھ کم کتابیں انگریزی سے اُردو میں ترجمہ ہوئیں۔ افسوس ہے کہ مولوی ذکاء اللہ صاحب یا مولوی نذیر احمد صاحب کی حیات کے زمانہ میں یہ خیال نہ پیدا ہوا، ورنہ یہ دونوں بزرگ اس معاملہ پر ضرور کافی روشنی ڈالتے کیونکہ وہ خود دہلی کالج کے تعلیم یافتہ تھے۔ اور اب کوئی شخص ایسا نہیں جو اس بارہ میں ہماری رہبری کر سکے۔ ع

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

تیسرے دور کے مصنفین نے کچھ انگریزی زبان کے زیادہ رائج ہونے کی وجہ سے اور کچھ مرزا غالب کے آخری خطوط کی تقلید میں مسجع اور مقفّیٰ عبارت کو ترک کر کے مصنوعی اور شستہ الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ اگرچہ تیسرے دور کے مصنفین میں تخیّل، طباعی اور جوشیلے اثرات بدرجۂ اتم موجود ہیں، لیکن اُن کا اندازِ بیاں دوسرے دَور کے بزرگوں سے بالکل نرالا اور جداگانہ ہے اور قافیہ پیمائی کا محتاج نہیں ؎

ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالب کا ہے اندازِ بیاں اور

(*)

جلدِ اوّل تمام شد

(تحریر نمود)

(سنہ ۱۹۲۴ء)